اسلام کے فیصلہ کن معرکے

فتح مکہ



نفیس اکیڈمی
اردو بازار - کراچی

Marfat.com

Marfat.com

اسلام کے فیصلہ کن معرکے

فتح مکہ

تالیف

محمد احمد باشمیل

ترجمہ

اختر فتح پوری

DATA ENTERED

نفیس اکیڈمی

اردو بازار، کراچی

Marfat.com

جملہ حقوق طباعت واشاعت دائمی
بحق
چوہدری طارق اقبال گاہندری
مالک نفیس اکیڈیمی
اسٹریچن روڈ کراچی محفوظ ہیں

۲۹۷،۹۱
ب ۲۱۲ ف
۱۸۸۳۲۵

نام کتاب: فتح مکہ

تالیف ــــــــ	محمد احمد باشمیل
مترجم ــــــــ	اختر فتح پوری
تعداد صفحات ــــــــ	۳۵۶ صفحات
ایڈیشن ــــــــ	آفسٹ
طبع اوّل ــــــــ	دسمبر ۱۹۸۴ء

فون ۲۱۳۳۰۳

قیمت روپے

طابع
نفیس اکیڈیمی۔ کراچی

Marfat.com

فہرست

نمبر شمار	عنوانات	صفحہ
۱	پیش لفظ	
۲	تقدیم	۲۵
۳	عرض مؤلف	۳۵
	فصل اوّل	۴۷
۴	غزوۂ موتہ اور فتح مکہ کے درمیان ہونے والے فوجی، سیاسی اور قانونی واقعات کا مختصر بیان۔	۴۷
۵	عیص میں کمزوروں کا حملہ	۴۸
۶	صلح حدیبیہ کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک اور امتحان کا سامنا۔	۴۸
۷	مشرکین مکہ پر پہلا حملہ آور	۴۹
۸	آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوبصیر کو قریش کے سپرد کرنا۔	۵۲
۹	ایمان راسخ کیا کام کرتا ہے؟	۵۲
۱۰	ابوبصیر کا اپنے دونوں نگرانوں کو قتل کرکے مدینہ واپس آنا	۵۳
۱۱	قریش کے خلاف انقلاب کا قلعہ	۵۶
۱۲	عیص میں کمزور مسلمانوں کا بیسے انقلابی کے ساتھ شامل ہونا۔	۵۷
۱۳	عیص کے انقلابیوں کی تعداد میں تین سو کا اضافہ۔	۵۹

۱۴	انقلابیوں کا لیڈر ابوبصیر۔	۵۹
۱۵	قافلوں کے راستہ پر انقلابیوں کی نگرانی۔	۶۰
۱۶	عیص کے انقلابیوں کے مقابل مدینہ کا موقف۔	۶۰
۱۷	عیص میں انقلابیوں کی آزادی۔	۶۱
۱۸	عیص کی آزاد حکومت۔	۶۱
۱۹	شرط کا وبال اہل مکہ پر۔	۶۲
۲۰	عیص کے انقلاب کے متعلق قریش کی پارلیمنٹ کی تحقیق۔	۶۴
۲۱	قریش کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس کرنا کہ اس شرط کو باطل قرار دیا جائے جس کا انہوں نے اصرار کیا تھا۔	۶۵
۲۲	قریش کا پیامبر ابوسفیان مدینہ میں۔	۶۵
۲۳	انقلاب کی انتہا اور انقلابیوں کا مدینہ کی طرف آنا۔	۶۶
۲۴	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب گرامی پڑھتے ہوئے انقلابی لیڈر کی وفات۔	۶۷
۲۵	زیادہ سے زیادہ انکشاف حقیقت۔	۶۸
۲۶	مسلمان، مہاجر کمزور عورتوں کی شان۔	۷۰
۲۷	حدیبیہ کے بعد عورتوں کی ہجرت۔	۷۰
۲۸	ایمان والی مہاجر کیسے امتحان ہوتا ہے؟	۷۲
۲۹	صلح حدیبیہ کے بعد ہجرت کرنے والی پہلی مسلم خاتون۔	۷۳
۳۰	مشرکین کی طرف سے ام کلثوم کی واپسی کا مطالبہ۔	۷۵
۳۱	عورتوں کے معاملہ میں قریش کے ساتھ باہمی رضامندی۔	۷۶
۳۲	قریش عورتوں کے واپس نہ کرنے پر کیسے رضامند ہوئے؟	۷۷

Marfat.com

۳۳	مُشرک عورتوں کو طلاق۔	۷۸
۳۴	کتابی عورتوں سے شادی۔	۷۸
۳۵	سریۂ خبط رجب ۸ھ۔	۸۰
۳۶	ایک انصاری کی سخاوت۔	۸۰
۳۷	سریہ خبط میں ایک عظیم مچھلی کا قصہ۔	۸۴
۳۸	شعبان ۸ھ میں نجد کی طرف ابو قتادہ کا سریہ۔	۸۵
۳۹	اسلام کی قوت پذیری اور اس کے دشمنوں کا زوال۔	۸۷
	فصل دوم	۸۹
۴۰	اجمالی خاکہ۔	۸۹
۴۱	خزاعہ کا مسلمانوں کے ساتھ اور بنو بکر کا قریش کے ساتھ شامل ہونا۔	۹۱
۴۲	مسلمانوں کا پاس عہد۔	۹۲
۴۳	قریش کی عہد شکنی اور ان سے مسلمانوں کی جنگ۔	۹۳
۴۴	خیانت اور عہد شکنی کے جرم میں قریش کا اشتراک۔	۹۵
۴۵	سرداران مکہ میں سے عہد شکنی میں اشتراک کرنے والے۔	۹۷
۴۶	صلح حدیبیہ کے معاہدہ کو توڑنے کی تاریخ۔	۹۸
۴۷	اپنے کیے پر قریش کی ندامت۔	۱۰۱
۴۸	فساد کی اصلاح کے لیے قریش کا مدینہ کی طرف خاص نمائندہ بھیجنے کا فیصلہ	۱۰۲
۴۹	قریش کو مقتولوں کی دیات کی برداشت کا مشورہ	۱۰۳
۵۰	قریش کا خرابی کی اصلاح کے لیے ایک خاص نمائندے کا تقرر کرنا۔	۱۰۴
۵۱	قریش کے نمائندہ ابو سفیان کا مدینہ کی طرف سفر۔	۱۰۴

Marfat.com

۵۲	خزاعہ کا اپنے حلیف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مدد طلب کرنا۔	۱۰۵
۵۳	خزاعہ کا بڑا وفد مدینہ میں۔	۱۰۸
۵۴	خزاعہ کے وفد کی اپنے گھروں کو واپسی۔	۱۰۹
۵۵	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قریش سے خزاعہ کے مقتولوں کی دیت طلب کرنا اور ان کا انکار۔	۱۰۹
۵۶	نقض عہد، قریش کے لیے بھلائی کا موجب بنا۔	۱۱۲
۵۷	ابوسفیان کا مدینہ میں تجدید صلح کا مطالبہ کرنا۔	۱۱۳
۵۸	ابوسفیان کی خزاعہ کے وفد کے ساتھ ملاقات۔	۱۱۳
۵۹	ابوسفیان مدینہ میں۔	۱۱۵
۶۰	ابوسفیان کی بیٹی کا اپنے باپ کو دھتکارنا۔	۱۱۵
۶۱	کبار صحابہ کے ساتھ ابوسفیان کی دہری ملاقاتیں۔	۱۱۸
۶۲	ابوسفیان کا سعد بن معاذ سے مدد طلب کرنا۔	۱۲۱
۶۳	ابوسفیان کا حضرت علی رض سے تجدید دوستی کا مشورہ طلب کرنا۔	۱۲۲
۶۴	ابوسفیان کا ـــــ ناکام ہو کر مکہ میں واپس آنا۔	۱۲۳
۶۵	جنگ مکہ کا پہلا صریح اشارہ۔	۱۲۳
۶۶	قریش کا ابوسفیان پر قبول اسلام کی تہمت لگانا۔	۱۲۴
۶۷	ہندہ کا اپنے خاوند سے تحقیق کرنا۔	۱۲۴
۶۸	ابوسفیان کا قریش کو اپنے سفر کے حالات سے آگاہ کرنا۔	۱۲۵

فصل سوم

۶۹	اجمالی خاکہ	۱۲۷

Marfat.com

۷۰	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے خاص اصحاب سے جنگ مکہ کے متعلق مشورہ لینا۔	۱۲۹
۷۱	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایلچیوں کا قبائل کو جمع کرنے کے لیے جانا۔	۱۳۱
۷۲	مجلس مشاورت میں حضرت ابوبکرؓ کا قریش کے ساتھ نرمی اور حضرت عمرؓ کا سختی کرنے کا مطالبہ۔	۱۳۳
۷۳	منصوبہ کو پوشیدہ رکھنے کا شدید التزام۔	۱۳۴
۷۴	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اشتباہ پیدا کرنے کے لیے سریہ کو روانہ کرنا۔	۱۳۵
۷۵	مشتبہ افراد اور راستوں کی نگرانی اور مکہ کی طرف سفر۔	۱۳۶
۷۶	ملٹری پولیس کا راستوں پر سخت نگرانی کرنا۔	۱۳۶
۷۷	ایک صحابی کا جنگ کی خبر قریش کو پہنچانا اور ناکام ہونا۔	۱۳۷
۷۸	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حاطب بن ابی بلتعہ سے تحقیق کرنا۔	۱۴۱
۷۹	حضور علیہ السلام کا اس معاملے کو ختم کرنے کا حکم دینا اور حاطب کو معاف کرنا۔	۱۴۲
۸۰	مکہ پر حملے کے منصوبے کے اخفاء پر استمرار۔	۱۴۳
۸۱	مدینہ سے چلنے والی فوج نبوی کی تعداد۔	۱۴۵
۸۲	مدینہ سے چلنے والی فوج میں انصار و مہاجرین کی تعداد کی نسبت	۱۴۵
۸۳	مارچ کے دوران فوج نبویؐ میں شامل ہونے والے۔	۱۴۶
۸۴	جیش نبویؐ کے شہسواروں کے ہتھیار۔	۱۴۷
۸۵	فوج کے ساتھ لیجایا جانے والا اسلحہ۔	۱۴۷

Marfat.com

۸۶	مدینہ میں نائب حاکم کا تقرر۔	۱۴۸
۸۷	مدینہ سے فوج کے مارچ کرنے کی تاریخ۔	۱۴۸
۸۸	بغیر تیاری کے فوج کا نکلنا۔	۱۴۹
۸۹	فوج کو رمضان میں روزہ کے افطار کی رخصت	۱۴۹
۹۰	فوج نبوی کا ہراول دستہ۔	۱۵۰
۹۱	مدینہ سے مارچ کرنے کے بعد غطفان کے سردار کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنا۔	۱۵۰
۹۲	اقرع بن حابس کا فوج کے ساتھ شامل ہونا۔	۱۵۲
۹۳	نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد اور آپ کے دشمن ابوسفیان بن الحارث کا قصہ۔	۱۵۳
۹۴	ابوسفیان کے دل میں اسلام کیسے داخل ہوا؟	۱۵۵
۹۵	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کے قتل سے منع کرنا۔	۱۵۹
۹۶	دوران سفر فوج نبویؐ میں شامل ہونے والے قبائل۔	۱۶۱
۹۷	غفار کی فوج جیش نبویؐ میں۔	۱۶۱
۹۸	جیش نبوی میں قبیلہ اشجع کی فوج کی تعداد۔	۱۶۲
۹۹	بنوسعد، ضمرہ اور بنوبکر کی فوجیں جیش نبویؐ میں۔	۱۶۲
۱۰۰	حملہ آور فوج کے ساتھ بنولیث سے شامل ہونے والے۔	۱۶۳
۱۰۱	بنوکعب میں سے جیش نبویؐ میں شامل ہونے والے۔	۱۶۳
۱۰۲	جیش نبویؐ میں شامل ہونے والی سب سے ناقتور قبائلی فوج بنوسلیم کی تھی۔	۱۶۳
۱۰۳	قدید میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فوج کا کھڑا ہونا۔	۱۶۴

۱۰۴	جنگ میں غطفان کی عدم شمولیت پر عینیہ بن حصن فرازی کا افسوس۔	۱۶۵
۱۰۵	سلیم اور غطفان کے دو سرداروں کے درمیان جھگڑا۔	۱۶۵
۱۰۶	بنو سلیم کے شہسوار ہراول دستہ میں۔	۱۶۷
۱۰۷	قدید کی لشکرگاہ میں پوری فوج کا اجتماع۔	۱۶۸
۱۰۸	جیش نبوی میں شامل ہونے والی فوجوں کی تعداد اور قبائل کے ناموں کی تفصیل۔	۱۶۸
۱۰۹	قدید میں فوج کی تیاری اور سالاروں کا تعیین۔	۱۶۹
۱۱۰	تیاری قبائلی بنیاد پر ہوئی۔	۱۷۰
۱۱۱	انصاری دستے اور ان کے آفیسرز	۱۷۰
۱۱۲	اوس کے دستوں اور ان کے افسروں کی تعداد۔	۱۷۱
۱۱۳	خزرج کے افسروں اور دستوں کی تعداد۔	۱۷۳
۱۱۴	مہاجرین کے دستوں کی تعداد اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۵
۱۱۵	قبیلہ مزینہ کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۶
۱۱۶	جہنیہ کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۷
۱۱۷	سلیم کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۷
۱۱۸	خزاعہ کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۸
۱۱۹	اسلم کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۸
۱۲۰	غفار کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام۔	۱۷۹
۱۲۱	سعد اور ضمرہ کے دستے۔	۱۷۹
۱۲۲	بنو لیث کے دستے۔	۱۷۹
۱۲۳	اشجع کے دستے اور ان کے افسر۔	۱۸۰

Marfat.com

١٢٤	بنو تمیم کی ٹکڑی اور اساس کا کمانڈر۔	١٨٠
١٢٥	مارچ کا مسلسل اخفاء۔	١٨٢
١٢٦	جیش نبویؐ کا قدید کی طرف مارچ۔	١٨٣
١٢٧	ہراول دستے اور مقدمۃ الجیش۔	١٨٣
١٢٨	جیش نبوی کے ہراول دستے کا کمانڈر خالد بن ولید رضی اللہ عنہ۔	١٨٤
١٢٩	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن کو دھوکا میں ڈالنے کے لیے طائف کی طرف جاکر مکہ کی طرف مڑنا۔	١٨٤
١٣٠	مسلمانوں سے تصادم کے لیے ہوازن کی تیاری۔	١٨٥
١٣١	قریش اور ہوازن مسلمانوں سے جنگ کے لیے حلیف کیوں نہ بنے؟	١٨٥
١٣٢	ہوازن کا جاسوس، جیش نبوی کے تحقیقاتی دستوں کے ہاتھ میں۔	١٨٧
١٣٣	حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوازنی جاسوس سے جواب طلب کرنا	١٨٩
١٣٤	تحقیقاتی شعبوں سے استفادہ۔	١٩١
١٣٥	رمضان کی وجہ سے حضور خود بھی افطار کرتے تھے اور فوج کو بھی روزہ نہ رکھنے کا حکم دیتے تھے۔	١٩١
١٣٦	قریش کا عدم مزاحمت کا فیصلہ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان طلب کرنے کے لیے ابوسفیان کا تقرر۔	١٩٢
١٣٧	خدا تعالیٰ کا قریش سے بھلائی کا ارادہ کرنا۔	١٩٤
١٣٨	عباس بن عبد المطلبؓ کا قریش کے متعلق خوف اور ان کے سرداروں کو ڈرانا اور تابعداری اختیار کرنے کا مشورہ دینا۔	١٩٥
١٣٩	حضرت عباسؓ کا قریش کو ہلاکت سے بچانے کی کوشش کرنا۔	١٩٦
١٤٠	اراک کے پاس عباسؓ کی اپنے دوست ابوسفیان سے ملاقات۔	١٩٧

Marfat.com

۱۴۱	ابوسفیان کا حضرت عباسؓ سے مشورہ طلب کرنا۔	۲۰۰
۱۴۲	ابوسفیان کا قتل سے ڈرنا اور حضرت عباسؓ کا انہیں تسلی دینا اور نچرِ رسولؐ پر اپنے پیچھے بٹھانا۔	۲۰۲
۱۴۳	حضرت عمرؓ کا ابوسفیان کو قتل کرنے کی کوشش کرنا اور اس کا عباسؓ کی پناہ میں ہونا۔	۲۰۳
۱۴۴	ابوسفیان کے متعلق معافی کا حکم لینے میں حضرت عباس کی کامیابی۔	۲۰۵
۱۴۵	ابوسفیان کی زندگی کی کٹھن گھڑی۔	۲۰۵
۱۴۶	خیمۂ رسولؐ میں حضرت عباسؓ اور حضرت عمرؓ کی نوک جھونک۔	۲۰۶
۱۴۷	ابوسفیان نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان کیسے حاصل کی؟	۲۰۸
۱۴۸	ابوسفیان کا خیمۂ عباس میں حراست میں رات گزارنا۔	۲۱۰
۱۴۹	مکہ میں قلق و اضطراب اور خبروں کی تشہیر۔	۲۱۲
۱۵۰	اصل مضمون کی واپسی۔	۲۱۳
۱۵۱	ابوسفیان پر قریش کا غصہ۔	۲۱۴
۱۵۲	حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحیمانہ سوچ۔	۲۱۵
۱۵۳	ابوسفیان کو برضا و رغبت حلقۂ بگوشِ اسلام کرنے کی کوشش۔	۲۱۶
۱۵۴	اہل مکہ کے کھچاؤ میں اضافہ۔	۲۱۷
۱۵۵	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کو دعوت اسلام دینا اور اس کا تردد کرنا۔	۲۱۸
۱۵۶	ابوسفیان کا اسلام لانا سلامتی کا موجب کیسے بنا؟	۲۲۲
۱۵۷	مکہ کو جیشِ نبویؐ کے سپرد کرنے کا معاہدہ۔	۲۲۲
۱۵۸	حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب کی ڈپلومیسی۔	۲۲۳

۱۵۹	حضورؐ کا جیش کے سرداروں کو آرڈر دینا کہ وہ مکہ میں دفاع جان کے سوا ہتھیار استعمال نہ کریں۔	۲۲۴
۱۶۰	مکہ ایک کھلا شہر۔	۲۲۴
۱۶۱	ابوسفیان کا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ پر قبضہ کرنے میں تاخیر کرنے اور ہوازن سے جنگ کرنے کا مشورہ دینا۔	۲۲۴
۱۶۲	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کو تنبیہ کرنا۔	۲۲۵
۱۶۳	ابوسفیان کے سامنے فوجی مظاہرہ۔	۲۲۶
۱۶۴	ابوسفیان کا فوجی مظاہرہ دیکھنے کے لیے کچھ دیر رکنا۔	۲۲۶
۱۶۵	ابوسفیان کے دل میں فوجی مظاہرہ کا اثر۔	۲۲۷
۱۶۶	سب سے پہلے حضرت خالدؓ کے سواروں نے فوجی مظاہرہ کا آغاز کیا	۲۲۹
۱۶۷	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فوجی مظاہرہ کو ختم کرنا۔	۲۳۲
۱۶۸	سعد بن عبادہ کا قریش کو مکہ کی حرمت کے مباح کرنے سے ڈرانا	۲۳۲
	اور ابوسفیان کا اس کی شکایت کرنا۔	۲۳۵
۱۶۹	ابوسفیان کی مکہ میں واپسی۔	۲۳۶
۱۷۰	جذباتی لوگ مقابلہ کرنا چاہتے تھے۔	۲۳۶
۱۷۱	ابوسفیان کا مکہ میں اپنی قوم کو ہتھیار ڈالنے کی دعوت دینا۔	۲۳۷
۱۷۲	اہل مکہ کا ابوسفیان کی بات مان کر ہتھیار ڈالنا۔	۲۳۷
۱۷۳	ابوسفیان کا اہل مکہ کو دعوت اسلام دینا۔	۲۳۸
۱۷۴	ابوسفیان سے معانقہ کرنے والے قریش۔	۲۳۸
۱۷۵	ہندہ کا جمہور قریش کو اپنے خاوند ابوسفیان کے قتل کی دعوت دینا	۲۳۹
۱۷۶	اہل مکہ کا ہتھیار ڈالنا اور اسلام قبول کرنے کے لیے تیاری کرنا۔	۲۴۰

Marfat.com

۱۷۷	چند لوگوں کا مقابلہ اور شکست۔	۲۴۱
۱۷۸	مکہ میں داخل ہونے کے لیے تیاری کے وقت قیادت کی تقسیم۔	۲۴۲
۱۷۹	جن اطراف سے یہ دستے مکہ میں داخل ہوئے۔	۲۴۳
۱۸۰	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں کہاں سے داخل ہوئے؟	۲۴۴
۱۸۱	مکہ میں داخل ہوتے وقت ہتھیار استعمال نہ کرنے کے متعلق سخت احکامات۔	۲۴۵
۱۸۲	ذی طویٰ میں فوجی مظاہرہ۔	۲۴۶
۱۸۳	تاریخ کا میزان اعتدال۔	۲۴۷
۱۸۴	عقیدہ پر ثابت قدمی کے ثمرات کس طرح ملتے ہیں؟	۲۴۸
۱۸۵	فتح مکہ کے دن	۲۵۰
۱۸۶	جیش نبوی مکہ میں کیسے داخل ہوا؟	۲۵۲
۱۸۷	مکہ میں کرفیو آرڈر کا نفاذ	۲۵۲
۱۸۸	تاریخ مکہ کی فیصلہ کن گھڑی۔	۲۵۳
۱۸۹	مکہ میں معرکہ آرائی کا ایک مقام	۲۵۴
۱۹۰	حضرت خالدؓ کا مزاحمت کرنے والوں کو انتباہ اور پھر انہیں کچل دینا۔	۲۵۵
۱۹۱	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جنگ کو ناپسند کرنا اور اس کے روکنے کا حکم دینا۔	۲۵۷
۱۹۲	معرکۂ خندمہ کے مقتولوں کی تعداد۔	۲۵۷
۱۹۳	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت خالدؓ بن ولید سے جواب طلب کرنا۔	۲۵۹

Marfat.com

۱۹۴	حماس دیلی کا ایک عجیب قصہ۔	۲۵۹
۱۹۵	جن لوگوں کے خون کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح قرار دیا۔	۲۶۱
۱۹۶	مکہ میں فوج نے جن آدمیوں کو قتل کیا ان کی تعداد۔	۲۶۲
۱۹۷	کعبہ کے پردوں کے ساتھ لٹکے ہونے کی حالت میں ابن خطل کا قتل۔	۲۶۳
۱۹۸	مقیس بن صبابہ کا قتل۔	۲۶۵
۱۹۹	جن بقیہ لوگوں کا خون مباح قرار دیا گیا تھا انہیں معاف کر دیا گیا۔	۲۶۵
۲۰۰	حجون کے پاس رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑاؤ۔	۲۶۶
۲۰۱	دوسرے دستے کے سالار سے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات	۲۶۷
۲۰۲	فتح مکہ کے روز رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اللہ تعالےٰ کے حضور عاجزی۔	۲۶۸
۲۰۳	مکہ میں داخلہ کے وقت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سورہ فتح کی تلاوت کرنا۔	۲۶۹
۲۰۴	رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بغیر احرام کے مکہ میں داخلہ۔	۲۶۹
۲۰۵	میں اس عورت کا بیٹا ہوں جو خشک گوشت کے ٹکڑے کھاتی تھی۔	۲۶۹
۲۰۶	رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ میں بطحاء سے داخل ہونا۔	۲۷۰
۲۰۷	فاتح فوج کے دستوں کے ملنے کی جگہ "حجون"	۲۷۱
۲۰۸	رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے قریب ہوئے تو آپ نے کیا کہا؟	۲۷۲
۲۰۹	حضرت ام ہانی کا دو مشرکوں کو پناہ دینا۔	۲۷۴
۲۱۰	کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی گھر چھوڑا ہے؟	۲۷۵
۲۱۱	مسجد حرام کی طرف آخری پیش قدمی۔	۲۷۶

۲۱۲	مشرکین پہاڑوں کی چوٹیوں پر۔	۲۷۶
۲۱۳	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی فوج کا شہر میں داخل ہونا۔	۲۷۷
۲۱۴	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ناقہ قصویٰ پر بیت اللہ کا طواف کرنا۔	۲۷۹
۲۱۵	فتح کے روز ایک آدمی کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر طواف کے دوران اچانک حملہ کرنے کی کوشش کرنا اور اسلام لانا۔	۲۸۰
۲۱۶	سیاسی اور عسکری وجود کے خاتمہ کے بعد بتوں کو توڑنا اور بت پرستی کو ختم کرنا۔	۲۸۲
۲۱۷	کعبہ سے تصویروں کا مٹانا۔	۲۸۴
۲۱۸	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کعبہ میں نماز پڑھنا۔	۲۸۵
۲۱۹	نبوت کی نشانیوں کا پورا ہونا۔	۲۸۵
۲۲۰	کعبہ کی چابی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کرنے میں تردد	۲۸۷
۲۲۱	حضرت عباسؓ کا مطالبہ کہ حجابت بنو ہاشم کو دی جائے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار۔	۲۸۸
۲۲۲	مکہ سے کرفیو آرڈر کی پابندی کا خاتمہ۔	۲۸۹
۲۲۳	مکہ میں ہمیشہ کے لیے شعار توحید۔	۲۸۹
۲۲۴	تب اللہ تعالیٰ تجھ کو ذلیل کرے گا۔	۲۹۰
۲۲۵	فتح کی رات مسلمانوں نے طواف و تکبیر میں گزاری۔	۲۹۱
۲۲۶	فتح مکہ پہ ابلیس کا غم	۲۹۲
۲۲۷	فتح کے روز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا تاریخی خطبہ۔	۲۹۲
۲۲۸	تمہارے خیال میں میں تم سے کیا سلوک کرنے والا ہوں؟ نبی کریم	۲۹۲

	صلی اللہ علیہ وسلم کا قریش مکہ سے سوال۔	۲۹۲
۲۲۹	اہل مکہ کو عام معافی۔	۲۹۳
۲۳۰	نئے قانونی فرامین۔	۲۹۵
۲۳۱	سود کی حرمت۔	۲۹۵
۲۳۲	غلطی سے قتل ہونے والے کی دیت کا تقرر۔	۲۹۶
۲۳۳	جنس بشر کی وحدت اور حقوق میں مساوات کا اعلان۔	۲۹۶
۲۳۴	ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مکہ کی حرمت کا اعلان۔	۲۹۷
۲۳۵	مسلمانوں کی وحدت و مساوات۔	۲۹۸
۲۳۶	حرم میں شکار کرنے اور درخت کاٹنے کی حرمت۔	۲۹۹
۲۳۷	شرک و بت پرستی کا خاتمہ۔	
۲۳۸	محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے بڑے فاتح اور جانباز	۳۰۰
۲۳۹	اضطراب کے بعد سکون۔	۳۰۲
۲۴۰	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوہِ صفا پر۔	۳۰۳
۲۴۱	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں رہیں گے اور مدینہ کو چھوڑ دیں گے، انصار کا خدشہ۔	۳۰۳
۲۴۲	اہل مکہ کی بیعت اسلام۔	۳۰۵
۲۴۳	عورتوں کی بیعت اور ہند بنت عتبہ کے قبولِ اسلام کا قصہ۔	۳۰۶
۲۴۴	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہند بنت عتبہ کو معاف کرنا۔	۳۰۶
۲۴۵	مکہ میں عورتوں کی بیعت۔	۳۰۷
۲۴۶	اسلام پہلے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔	۳۰۹
۲۴۷	ہند بنت عتبہ کا اپنے گھر کے بت کو توڑنا۔	۳۱۰

Marfat.com

۲۴۸	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہند سے ہدیہ قبول کرنا اور اس کے لیے دعا کرنا۔	۳۱۱
۲۴۹	فتح مکہ کے روز روپوش ہونے والے لوگ۔	۳۱۲
۲۵۰	فتح مکہ کے روز راہِ فرار اختیار کرنے والے۔	۳۱۳
۲۵۱	سہیل بن عمرو کی روپوشی اور اسلام لانے کا واقعہ۔	۳۱۴
۲۵۲	عبداللہ بن سعد بن ابی سرح اور اس کی سزائے قتل کی معافی کا واقعہ۔	۳۱۶
۲۵۳	ذات الصواری کا بحری معرکہ۔	۳۱۹
۲۵۴	صفوان بن اُمیّہ کا فرار ہونا اور پھر اسلام قبول کرنا۔	۳۲۰
۲۵۵	عکرمہ بن ابی جہل کے اسلام کا قصّہ۔	۳۲۵
۲۵۶	عکرمہ کا یمن کی طرف فرار۔	۳۲۶
۲۵۷	اُم حکیم کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عکرمہ کے لیے امان حاصل کرنا۔	۳۲۷
۲۵۸	عکرمہ کے قبول اسلام کی خوشی میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کھڑا ہونا۔	۳۳۰
۲۵۹	عکرمہ مہاجر، مجاہد۔	۳۳۰
۲۶۰	مفرور ہبار بن الاسود کا قصّہ۔	۳۳۱
۲۶۱	ابن الزبعریٰ کا قبول اسلام۔	۳۳۴
۲۶۲	حویطب بن عبدالعزیٰ کا بھاگنا اور اسلام قبول کرنا۔	۳۳۷
۲۶۳	کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام قبول کرنے والے لوگوں اور ان کی بیویوں کے نئے نکاح کیے؟	۳۳۸

Marfat.com

۲۶۴	حضرت حمزہؓ کے قاتل وحشی کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معاف کرنا	۳۳۹
۲۶۵	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ کے مالداروں سے صحابہ کی تنگی کو کم کرنے کے لیے قرض لینا۔	۳۴۰
۲۶۶	فتح کے روز ہذیل کے ایک مشرک کے قتل پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ناراض ہونا۔	۳۴۲
۲۶۷	خاتمہ	۳۴۵
۲۶۸	فتح مکہ کا تجزیہ۔	۳۴۵

Marfat.com

فتح مکہ

از: طارق اقبال گاھندری

اسلام اور کفر اور حق و باطل کے درمیان معرکہ آرائی تو روزِ اوّل سے جاری ہے چنانچہ عہدِ رسالت میں بھی مکہ کی تیرہ سالہ زندگی اس معرکہ آرائی سے خالی نہیں رہی لیکن اُس دَور کے معرکوں کی نوعیت دُوسری تھی۔ اُس وقت تک مسلمانوں کو نہ وہ شوکت و قوت حاصل ہوئی تھی جس کی بنا پر وہ کفار کے مقابلہ میں صرف جنگ آراستہ کرتے اور نہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُن کو اذنِ جنگ ملا تھا۔ لہٰذا مسلمان مقاومت بلا مزاحمت سے کام لیتے رہے۔ پھر جب احکامِ خداوندی کے مطابق ہجرت کر کے مدینہ پہنچ گئے تو پہلا سال دیگر انتظامات میں گزارا اُس کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف سے اذنِ جنگ عطا ہوا تو مسلمانوں نے مدافعت کے لیے تیاریاں شروع کر دیں۔ اس کے لیے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۲۷ غزوات فرمائے اور متعدد سرایہ مرتب کیے۔ یہ سب جدوجہد اپنی طاقت میں اضافہ کے لیے تھی۔ بعض غزوہ یا سریہ کا مقصد قبائل عرب کے ساتھ حلیفی کے تعلقات پیدا کرنا تھا۔ بعض کا مقصد دشمن کی تیاریوں اور اُن کے عزائم کے بارے میں معلومات بہم پہنچانا تھا اور بعض سے دُشمن پر یہ اثر قائم کرنا تھا کہ اب مسلمان اس قابل ہو گئے ہیں کہ وہ کفار کی سختیوں کا قوت سے مقابلہ کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اگر کفار آئندہ مسلمانوں کے خلاف کوئی قدم اٹھائیں

تو وہ سوچ سمجھ کر ایسا کریں۔ ان تدابیر کا یہ اثر ہوا کہ دشمنانِ دین کا وہ زور تو باقی نہ رہا کہ جب چاہا مسلمانوں کے خلاف محاذِ جنگ کھول دیا تاہم اس خیال سے کہ ابتداء ہی میں اگر اُن کی طاقت کو نہ توڑ دیا گیا۔ تو پھر اُن سے مقابلہ دشوار ہو جائے گا انہوں نے قوت استعمال کرنے سے کلی طور پر اجتناب بھی نہیں کیا۔ نتیجتاً کئی مرتبہ قتال کی نوبت آئی۔ ۹ غزوات اور کئی سرایہ میں معرکہ آرائی ہوئی۔ دورِ رسالت کے ان معرکوں میں سب سے پہلا اور اہم معرکہ "بدر" کا تھا دنیا کی بڑی بڑی جنگوں کو سامنے رکھا جائے تو یہ معرکہ بہت معمولی نظر آئے گا ایک طرف ساڑھے نو سو کا لشکر اور دوسری جانب مدافعت کے لیے تین سو تیرہ مجاہدین جن کے پاس نہ سواریاں اور نہ مناسب جنگی سامان۔ جنگ ہوئی اور ایک دن میں نمٹ گئی۔ مجاہدینِ اسلام میں جامِ شہادت نوش کرنے والوں کی تعداد ۱۴ تھی اور کفّار کے مقتولین ۷۰ تھے۔ اسیرانِ جنگ کی تعداد بھی محض ستر تھی ان اعداد کی روشنی میں دیکھیں تو یہ ایک مقامی قسم کی معمولی سی لڑائی معلوم ہوگی۔ لیکن نتائج اور اثرات کے اعتبار سے دیکھا جائے تو اس کو دنیا کی فیصلہ کن جنگوں میں شمار کرنا پڑے گا۔ دورِ رسالت کا دوسرا اہم معرکہ خیبر کا تھا۔ اس سے جزیرہ نمائے عرب کے یہودیوں کا زور بالکل ٹوٹ گیا۔ اس کے بعد فتح مکہ ایک عظیم معرکہ ثابت ہوا اس لیے کہ عرب کے دوسرے قبائل جو قریش مکہ پر نظریں جمائے ہوئے تھے مسلمانوں کی اس کامیابی کو دیکھ کر مخالفت کا خیال چھوڑ بیٹھے اور نہایت تیزی سے حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ چنانچہ ۹ھ میں بارگاہِ رسالت میں اتنے وفود آئے اور بیعت سے سرفراز ہوئے کہ یہ سال تاریخ میں عام الوفود کے نام سے ہے۔

عہدِ رسالت کے بعد دورِ صدیقی میں جنگِ یمامہ اہم ترین معرکہ تھا۔ کیونکہ اس سے مدعیانِ نبوت اور ارتداد کا سارا زور ختم ہو گیا۔ عہدِ فاروقی میں بے شمار جنگیں اور فتوحات ہوئیں لیکن جنگِ قادسیہ کو جو اہمیت حاصل ہے وہ دوسری جنگوں کو نصیب نہیں۔ اس جنگ سے سلطنت ایران کی سینکڑوں سالہ عظمت کو خاک میں

ملا دیا۔ دوسرا معرکہ یرموک کا ہے جس نے رومیوں کی قوت کو بے حد کمزور کر دیا۔ اندلس میں وادی لکہ کی جنگ جس میں نوجوان طارق بن زیاد ایک لشکر گراں کے مقابلہ میں کامیاب ہوا ایک ایسی ہی فیصلہ کن جنگ تھی۔ یہ جنگ اندلس میں مسلمانوں کی آٹھ سو سالہ حکومت کا سنگ بنیاد ثابت ہوئی۔ پھر اکیس، بائیس سال بعد فرانس میں ٹورس کے مقام پر مسلمانوں کی شکست تاریخ اسلام کا ایک اہم واقعہ ہے۔ اس جنگ نے یورپ میں مسلمانوں کے بڑھتے ہوئے قدموں کو روک دیا۔

کئی صدیوں کے بعد حروب صلیبیہ میں عمادالدین، نورالدین اور صلاح الدین کے عیسائیوں کے خلاف کئی معرکے بے انتہا اہمیت کے حامل ہیں۔ ان معرکوں نے ایک طرف مسلمانوں کو اس خواب غفلت سے چونکا دیا جس میں وہ گذشتہ ایک دو صدیوں سے پڑے ہوئے تھے۔ دوسرے انہوں نے عیسائی دنیا کو متنبہ کر دیا کہ اب بھی وہ مسلمانوں کو لقمہ تر نہ سمجھیں بلکہ اچھی طرح جان لیں کہ اس شیر کو اگر نیند کی حالت میں بھی چھیڑا گیا تو وہ اُن کے لیے اشدّ علی الکفار کا نمونہ ہی ثابت ہوگا۔

بعد کی صدیوں میں بھی مسلمانوں کو ایسے معرکے پیش آتے رہے جن کو نہ صرف ملت مسلمہ کے لیے بلکہ اقوام عالم کے لیے اہم اور فیصلہ کن کہا جائے گا۔ لیکن عہد رسالت کے معرکوں کو اس لیے زیادہ اہمیت و فوقیت حاصل ہے کہ اُن سے کفر کی ظلمتیں چھٹیں اور آفتاب اسلام کی ابتدائی کرنیں تمام جزیرہ نمائے عرب میں پھیل گئیں۔ اور پھر یہاں سے اس نور کو اقصائے عالم میں پھیلنے کا موقع ملا۔ ان معرکوں کی اہمیت اس لیے بھی ہے کہ موجودہ زمانہ میں "حق و باطل" کی جو آویزش چل رہی ہے اور بمصداق "الکفر ملۃٌ واحدۃ" کفار و مشرکین اپنے سیاسی اور اعتقادی اختلاف کے باوجود اسلام سے نبرد آزما ہوتے، مسلمانوں کو ذلیل کرنے اور ان کے عقائد و اخلاق کو بگاڑنے میں باہم متفق ہیں مسلمانوں کو ان سے پنجہ آزمائی میں ان معرکوں

سے رہبری ملے گی اور ملت مسلمہ میں تازہ ولولہ اور جوش پیدا ہوگا اور بقول تقدیم نگار استاذ احمد محمد جمال۔

"تاریخ اسلام کے ان فیصلہ کن معرکوں میں، مسلمانوں کے لیڈروں اور عوام کے لیے عملی تطبیقی اسباق اور شاندار سچے نمونے پائے جاتے ہیں، خصوصاً ان جنگجو قوموں کے لیے جو آج صلیبی، صیہونی اور اشتراکی دشمنوں سے برسر پیکار ہیں۔ مختصر یہ کہ مسلمان آج اپنے دشمنوں پر، اپنے اسلاف کی طرح ایمان، اخلاق اور تیاری کے ذریعہ ہی کامیاب ہو سکتے ہیں۔"

اسی ضرورت واہمیت کے پیش نظر استاذ محمد احمد باشمیل نے اسلام کے فیصلہ کن معرکوں کی اشاعت کا سلسلہ عربی زبان میں جاری کیا۔ اور عہد رسالت کے کئی معرکوں کو نہایت شرح وبسط سے لکھا۔ یہ مقالہ اُسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اس میں صرف فتح مکہ کو بیان کیا گیا ہے۔ لیکن جو تفصیلات اس ایک مقالہ میں دے دی گئی ہیں وہ دوسری کتابوں میں نظر نہیں آتیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مصنف نے اصل تصویر پیش کرنے کے لیے تمام گوشوں پر روشنی ڈالی ہے اور اس کے جو علل واسباب ہو سکتے تھے وہ سب تفصیل سے بیان کر دیے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حکمت عملی، عسکری صلاحیت اور تدبیر جنگ کو واضح کر دیا ہے واقعات ونتائج کو کھول کر سامنے رکھ دیا ہے اور یہ بھی بتا دیا ہے کہ یہ صرف حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تدبر، عزم بلند اور یقین محکم کا نتیجہ تھا کہ آپ نے بغیر خوں بہائے نہ صرف ایک شہر فتح کر لیا بلکہ اُس کے نتیجہ میں پورے ملک پر اسلام کا پرچم لہرا دیا۔

عہد رسالتؐ کے معرکوں کے مطالعہ سے ہمیں یہ بھی فائدہ ہوتا ہے کہ زندگی کے دوسرے شعبوں کی طرح رزم آرائی میں بھی ہمیں براہ راست شمع رسالتؐ سے اکتساب نور

صلی اللہ علیہ وسلم
۱۱۴۳۲۵

Marfat.com

کرنے کا موقع مل جاتا ہے۔ اور یہ وہ نور ہے کہ اس کی موجودگی میں کسی راہ میں بھی بھٹکنے کا کوئی امکان نہیں رہتا۔

یہ مقالہ اتنا مکمل اور جامع ہے کہ اس کی اشاعت پوری دنیائے اسلام میں ہونی چاہیے تاکہ تمام مسلمان اس سے رہبری حاصل کر سکیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ مختلف زبانوں میں اس کے ترجمے کیے جائیں۔ اور ہر دردمند کلمہ گو تک اس کو پہنچانے کا سروسامان کیا جائے خصوصاً جنگی حلقوں اور فوجوں میں اس کو زیادہ پھیلایا جائے۔

اُردو داں طبقہ کی خوش قسمتی ہے کہ ایک ایسی مفید تحریر اُن کی زبان کا جامہ پہن کر منظرِ عام پر آئی اور اُنہیں اس سے استفادہ کا موقع ملا۔ اُمید ہے کہ وہ اس کا بغور مطالعہ کریں گے اور اس سے خاطر خواہ فائدہ اُٹھائیں گے۔

ترجمہ نہایت سلیس، رواں اور بامحاورہ ہے۔ ژولیدگی، تعقید اور اہمال سے اس کا دامن پاک ہے اور معمولی پڑھا لکھا بھی اس کو سمجھ سکتا ہے۔ اس کے لیے لائق مترجم اُردو داں حلقہ کی جانب سے تشکر و اطمینان کے مستحق ہیں۔ اللہ تعالیٰ اُن کو جزائے خیر دے۔

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

تقدیم

(از قلم: احمد محمد جمال استاذ ثقافت اسلامیہ جامعہ ملک عبد العزیز)

استاد محمد احمد باشمیل اس لحاظ سے ہمارے شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اپنی قیمتی کتب (اسلام کے فیصلہ کن معرکے) کی اشاعت کا سلسلہ چودھویں صدی ہجری کی دوسری تہائی سے بڑے صبر و استقلال کے ساتھ جاری رکھا ہوا ہے، ان کے لیے دُعا کرنی چاہیے کہ اللہ تعالیٰ ان کو توفیق مزید اور اجر جزیل عطا فرمائے ——

اس دوران میں اپنے لیجرط دشمنوں یعنی صلیبی استعماریوں، یہودی غاصبوں اور اشتراکی ملحدوں سے جو اُن پر پل پڑے ہیں اپنی زندگی اور موت کی جنگ میں مصروف رہے ہیں، اور وہ اپنے سیاسی اور اعتقادی اختلاف کے باوجود اسلام سے نبرد آزما ہوئے، مسلمانوں کو ذلیل کرنے، ان کی دولت و ثروت کو لوٹنے، ان کی اراضی اور علاقہ جات پر قبضہ کرنے اور ان کے عقائد و اخلاق کو بگاڑنے میں باہم متفق ہیں۔

بے شک —— مسلمان، آج سے بلکہ تقریبًا تیس سال سے اپنے کینہ توز اور حاسد دشمنوں سے اسی طرح فیصلہ کن معرکے میں مصروف رہے ہیں، جیسے ان کے اسلاف و اجداد، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بہادر صحابہ کی قیادت میں، صلیبیوں، یہودیوں، مشرکوں اور ملحدوں کے گزشتہ اجداد سے

Marfat.com

معروف پیکار رہے تھے، جب استاذ باشمیل مسلمانوں کی زندگی کے اس کٹھن اور خوفناک دور میں اسلام کے پہلے فیصلہ کن معرکوں کے تاریخی سلسلہ کی اشاعت کرنے لگے تو انہوں نے قائدین اور عوام کے لیے بیک وقت جانوں، مالوں اور علاقوں کے دفاع و قتال کے لیے مصور اور متحرک اسباق اور حق و باطل، خیر و شر اور نور و ظلمت کے معرکوں میں صالح اور کامیاب قیادت کے روشن نمونے پیش کیے۔

مسلمانوں کے اسلاف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے بہادر صحابہ کی قیادت میں اپنے پہلے دشمنوں کے مقابلہ میں کیسے اور کس طرح کامیاب ہوئے؟ اور وہ کون سے نفسیاتی اور مادی اسباب تھے جن کی وجہ سے وہ تمام معرکوں اور غزوات و سرایا میں مسلسل کامیابی سے ہمکنار ہوتے رہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے جس دین کو ان کے لیے پسند کیا اسی کو تمکنت بخشی اور ان کے خوف کو امن سے، ان کے ضعف کو قوت سے، ان کی ذلت کو عزت سے اور ان کے انتشار کو ہمہ گیر وحدت کاملہ سے بدل دیا۔

ان باتوں کا مصور متحرک اور ناطق جواب آپ کو استاذ باشمیل کے سلسلہ کتب میں ملے گا جو انہوں نے اسلام کے فیصلہ کن معرکوں کے متعلق لکھی ہیں یعنی غزوہ بدر، غزوہ احد، غزوہ احزاب، غزوہ بنی قریظہ، صلح حدیبیہ، غزوہ خیبر، غزوہ موتہ اور فتح مکہ جس کے لیے یہ مختصر تقدیم لکھی گئی ہے۔

تاریخ اسلام کے ان فیصلہ کن معرکوں میں مسلمانوں کے لیڈر اور عوام کے لیے عملی تطبیقی اسباق اور شاندار سچے نمونے پائے جاتے ہیں، خصوصاً ان جنگجو نوجوں کے لیے جو آج صلیبی، صیہونی اور اشتراکی دشمنوں سے برسر پیکار ہیں۔

مختصر یہ کہ مسلمان آج اپنے دشمنوں پر، اپنے اسلاف کی طرح ایمان، اخلاق اور تیاری کے ذریعہ ہی کامیاب ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

اس کتاب کا موضوع فتح مکہ ہے جس کا معاملہ بڑا حیرت انگیز اور باتیں بڑی فرحت افزا ہیں اس لیے کہ یہ فتح بغیر جنگ کے ہوئی ہے اور یہ عظیم ترین قائد صلی اللہ علیہ وسلم کی دُور اندیشی، حسنِ قیادت اور مکارمِ اخلاق کی حکمت کا پختہ پھل ہے اور قرآن کریم نے فتح سے قبل ہی اس کا نام فتح مبین رکھا ہے اور اس کے وقوع سے ایک سال قبل اس کی خوشخبری دی، یہ خوشخبری اس وقت دی گئی جب مسلمانوں کی پوزیشن ایک جلد باز استاذ کے خیال میں نہایت خستہ اور ذلیل تھی۔ جب مسلمانوں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سرکردگی میں عمرہ کی ادائیگی کے لیے مکہ جانے کا ارادہ کیا تو مشرکین نے انہیں مسجد الحرام میں داخل ہونے سے روک دیا اور انہیں مکہ میں عمرہ کی اجازت دینے سے انکار کر دیا اور یہ معاملہ صلح حدیبیہ پر اختتام پذیر ہوا۔

یہ استاد موصوف کے سلسلۂ ہائے کتب "تاریخ کے فیصلہ کن معرکے" کی گزشتہ کتاب کا موضوع ہے، اس کتاب کے مطالعہ سے قبل قاری کو اس کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیے۔ کیونکہ صلح حدیبیہ کے واقعات ہی اس فتح مبین کے مقدمات ہیں بلکہ درحقیقت وہی فتح مبین ہے، بظاہر صحابۂ رسول کی نظر میں صلح حدیبیہ مسلمانوں کی ذلت نظر آتی ہے اس لیے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے مطالبات اور شرائط سے قبل اپنی دُور اندیشی، افکارِ صحیح اور خونریزی سے بچنے کی چاہت اور مشرکین مکہ کے گروہ میں لڑنے والے قریبیوں سے نیکی اور صلہ رحمی کرنے کے آرزومند تھے اور یہ ذلت اس طرح ہوئی کہ آپ کو اس شرط پر کہ آپ آئندہ سال عمرہ کے لیے آئیں، مکہ میں داخل ہوئے بغیر، مدینہ واپس آنا پڑا اور یہ کہ مشرکین میں سے جو شخص مسلمان ہو کر آپ کے پاس آئے آپ اُسے واپس کریں اور جو مسلمانوں سے مرتد ہو کر مشرکین کے پاس جائے گا وہ اُسے آپ کی طرف واپس نہیں کریں گے اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ ہی سے ابوجندل بن سہیل بن عمرو کو واپس

کر دیا، ابن سہیل صلح حدیبیہ کے مذاکرات میں قریشی وفد کا لیڈر تھا، آپ نے ابو جندل کو، عہد کی پاسداری کرتے ہوئے اس کے باپ کی طرف لوٹا دیا حالانکہ وہ آپؐ کے پاس مسلمان ہو کر پا بجولاں آیا تھا۔

اس کے باپ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی آنکھوں کے سامنے اُسے تھپیڑ مارا اور وہ اس وقت غیظ و غضب سے برافروختہ ہو رہے تھے کیونکہ وہ اس کی مدد نہیں کر سکتے تھے۔

صلح حدیبیہ میں قریش نے جو کڑی شرائط پیش کیں اس کی وجہ سے صحابہ نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے موافقت کرنے اور صلح کی دستاویز پہ دستخط کرنے پہ اعتراض کیا کیونکہ اس میں انہیں اپنی ذلت نظر آتی تھی یہاں تک کہ حضرت عمرؓ بن الخطاب نے کہا، یا رسول اللہ ہم اپنے دین میں اس ذلت سے کیوں راضی ہوں؟ اور جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلمؐ نے صحابہ کو عمرہ سے حلال ہونے کے لیے بال کترانے یا منڈانے کا حکم دیا تو انہوں نے آپ کی بات نہ مانی تو آپ نہایت غمزدہ حالت میں حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئے اور صحابہ کے متعلق بتایا کہ آج اُنہوں نے کیا کیا ہے، حضرت ام سلمہؓ نے آپ کو مشورہ دیا کہ آپ باہر نکل کر صحابہؓ کے سامنے اپنا سر منڈوا دیں آپؐ نے ایسے ہی کیا تو صحابہؓ نے بھی پشیمان ہو کر آپؐ کی بات پہ عمل کر لیا، ہم نے بتایا ہے کہ صلح حدیبیہ ہی فتح مبین تھی کیونکہ یہ فتح کا مقدمہ تھی اس لیے کہ اس مبارک صلح کے جو پختہ پھل اور روشن نتائج تھے انہیں ہم سطور ذیل میں خلاصۃً پیش کرتے ہیں۔ جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے ہیں قریش اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان اس صلح کا ہونا اس بات کا واضح اعتراف تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے اصحاب کو ایک سیاسی پوزیشن حاصل ہے۔

Marfat.com

★ حدیبیہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ساتھ مسلمانوں کے اقامت گزیں ہونے کے دوران، قریش کے شرفاء اور ان کے حلیفوں نے جنہیں وہ آپ کی مفادمت کے لیے بھیجا کرتے تھے، دعوتِ اسلامی کی حقیقت کو، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کے اخلاق و سلوک میں اس صورت کے بالکل خلاف جلوہ گر پایا جس صورت میں قریش دروغ گوئی کر کے اُسے پیش کرتے تھے۔

★ قریش کے حلیفوں میں سے جو لوگ بصورت وفد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ قریش کے متعصبانہ موقف اور عمرہ اور طواف بیت الحرام سے انہیں واپس کرنے کو بُرا خیال کیا: تاآنکہ بنو ثقیف کے سردار عروہ بن مسعود نے قریش کو مسلمانوں سے جنگ کی صورت میں ہزیمت کی پیشگوئی کی۔

★ اس صلح کے بعد، جب مسلمانوں اور مشرکوں کو ایک دوسرے کے ساتھ ملنے جلنے کا موقع ملا تو مشرکین پر مسلمانوں کا مقام، ان کا معتدل سلوک اور بلند اخلاق ہونا واضح ہو گیا اور اس کے نتیجے میں بہت سے لوگ حلقہ بگوش اسلام ہو گئے یہاں تک کہ فتح مکہ کے روز مسلمانوں کی تعداد دس ہزار تک پہنچ گئی۔ حالانکہ صلح حدیبیہ کے روز وہ دو ہزار سے بھی کم تھے۔

★ پھر قریش نے اپنے حلیف بنی بکر کے ساتھ مل کر بنی خزاعہ کے ساتھ جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف تھے، جنگ کر کے اس عہد کو توڑ دیا، اس بات نے مسلمانوں کے لیے موقع مہیا کر دیا کہ وہ اس عہد سے الگ ہو جائیں اور فتح مکہ کے لیے تیاری کریں اور خدا تعالیٰ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور تمام مسلمانوں کی محبوب ترین زمین کی طرف واپس جائیں۔

★ قریش کا صلح حدیبیہ کے معاہدے کو توڑنا فتح مبین کی بھلائیوں میں سے وہ بھلائی ہے جس کی بشارت قرآن نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دی ہے، حضرت

عائشہ رضی اللہ عنہا نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، آپ کے خیال میں کیا قریش اس معاہدے کو توڑنے کی جرأت کریں گے جو آپ کے اور ان کے درمیان ہوا ہے؟ فرمایا وہ ارادہ الٰہی کے مطابق عہد کو توڑیں گے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کیا یہ بات خیر ہوگی یا شر، فرمایا، خیر ہے اور یہ خیر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس دعا "اللّٰھم اھد قومی فانھم لا یعلمون" (اے اللہ! میری قوم کو ہدایت دے یہ نہیں جانتے) کی قبولیت کے نتیجہ میں ہوئی یہ دعا آپ نے ان دنوں میں کی تھی جب وہ مکہ میں آپ کو شدید اذیت دیا کرتے تھے یہاں تک کہ جبریلؑ نے یہ امر الٰہی آپ سے دریافت کیا کہ وہ آپ کے انتقام اور ان سے نجات حاصل کرنے کے لیے ان پر مکہ کے پہاڑوں کو گرا دے گا مگر آپ کی دعا اور خواہش یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ ان لوگوں کی پشتوں سے ایسے لوگوں کو پیدا کرے گا جو اس پر ایمان لائیں گے اور کسی کو اس کا شریک نہ بنائیں گے۔ اور اللہ تعالیٰ نے ان کو مخاطب کرتے ہوئے سچ فرمایا ہے "لقد جاءکم رسول من انفسکم عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم بالمومنین رءُوف رحیم (ترجمہ: اے لوگو تمہارے پاس ایسے رسول تشریف لائے ہیں جو تمہاری جنس سے ہیں جن کو تمہاری تکلیف نہایت گراں گزرتی ہے جو تمہارے فائدے کے بہت خواہش مند رہتے ہیں، ایمان داروں کے ساتھ بڑے شفیق، مہربان ہیں (توبہ آیت ۱۲۸)

ہم فتح مکہ کی بات کو طول نہیں دینا چاہتے جو ہجرت کے آٹھویں سال رمضان المبارک میں ہوئی بلکہ ہم ان قرآنی آیات کے بیان کرنے پر ہی اکتفا کریں گے جو اس طرف اشارہ کرتی ہیں یہ آیات سورۃ فتح اور سورۃ نصر کی ہیں جن میں پند و نصیحت کے لیے کافی مواد ہے اور صاحبان نظر اس سے عبرت حاصل کر سکتے ہیں۔

★ انا فتحنا لک فتحًا مبینا ۝ لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک

Marfat.com

وما تاخر ویتم نعمتہ علیك ویھدیك صراطًا مستقیمًا ۝ وینصرك اللہ نصرًا عزیزًا ۝ (الفتح آیت ۱ تا ۳) (ترجمہ: بے شک ہم نے آپ کو ایک واضح فتح عطا فرمائی، تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کی سب اگلی پچھلی خطائیں معاف فرما دے اور آپ پر اپنے احسان کی تکمیل کر دے اور آپ کو سیدھے رستہ پر لے چلے اور اللہ آپ کو ایسا غلبہ دے جس میں عزت ہی عزت ہے) یہ وہ خوشخبری ہے جس کا نزول صلح حدیبیہ کے موقع پر ہوا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے وعدے کو اگلے سال فتح مکہ کے روز اپنی غالب مدد کے ساتھ پورا فرمایا جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے ہیں۔

"ھم الذین کفروا وصدوکم عن المسجد الحرام والھدی معکوفًا أن یبلغ محلہ ۝ ولولا رجال مؤمنون ونساء مؤمنات لم تعلموھم ان تطؤھم فتصیبکم منھم معرۃ بغیر علم لیدخل اللہ فی رحمتہ من یشاء لو تزیلوا لعذبنا الذین کفروا منھم عذابًا الیمًا" (الفتح آیت ۲۵) (ترجمہ: یہ وہ لوگ ہیں جنھوں نے کفر کیا اور تم کو مسجد حرام سے روکا نیز قربانی کے رکے ہوئے جانور کو اس کے موقع پر پہنچنے سے روکا، اور اگر بہت سے مسلمان مرد اور بہت سی مسلمان عورتیں نہ ہوتیں جن کی تم کو خبر بھی نہ تھی یعنی ان کے پس جانے کا احتمال نہ ہوتا جس پر ان کی وجہ سے تم کو بے خبری میں نقصان پہنچتا، تو سب قصہ طے کر دیا جاتا لیکن ایسا اس لیے نہیں کیا گیا تاکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت میں جس کو چاہے داخل کر دے اگر یہ ٹل گئے ہوتے تو ان میں جو کافر تھے ہم ان کو دردناک سزا دیتے) اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے فتح کو آئندہ سال تک مؤخر کرنے کی حکمت بیان فرمائی ہے۔ بلاشبہ صلح حدیبیہ بالکل صحیح اور درست واقع ہوئی تھی تاکہ فتح قریب کے لیے راہ ہموار کرے، مکہ میں کچھ مومن مرد اور عورتیں اپنے ایمان کو چھپائے ہوئے تھے، اگر مسلمان مکہ میں زبردستی داخل ہو جاتے اور ان کے اور

Marfat.com

مشرکین کے درمیان جنگ چھڑ جاتی تو مومنین بھی مشرکین کے ساتھ پامال ہو جاتے اور انہیں ان سے گناہ لازم آتا۔

★ لقد صدق اللہ رسولہ الرویا بالحق ج لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ آمنین لا محلقین رؤسکم ومقصرین لاتخافون ط فعلم مالم تعلموا فجعل من دون ذلک فتحا قریبا ○ (الفتح آیت ۲۷)

(ترجمہ: بے شک اللہ تعالٰے نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھلایا جو مطابق واقع کے ہے کہ تم لوگ مسجد حرام میں انشاء اللہ ضرور جاؤ گے امن و امان کے ساتھ، کہ تم میں کوئی سر منڈاتا ہو گا اور کوئی بال کترا تا ہو گا، تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہ ہو گا، اللہ تعالیٰ کو وہ باتیں معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں، پھر اس سے پہلے لگے ہاتھ ایک فتح دے دی۔)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس خواب کی تصدیق کرنے اور فتح مبین کی بشارت کو پورا کرنے اور اللہ تعالٰے کے خالد وارشد دین کی تمکین کے لیے مسجد الحرام میں داخل ہوئے جیسے اللہ تعالٰے نے ان کو امان دی ایسے ہی انہوں نے اہل مکہ کو امان عطا فرمائی، ارشاد فرمایا جو مسجد الحرام میں داخل ہو جائے گا اُسے امان دی جائے گی اور جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو گا اُسے بھی امان دی جائے گی اور جو اپنے گھر میں داخل ہو کر دروازہ بند کر لے گا اُسے بھی امان دی جائے گی" اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ امان سب کو دی خصوصًا ان دشمنوں کو بھی آپؐ نے معاف فرمایا جو بڑے لیچڑ تھے آپؐ نے انہیں فرمایا، تمہارے خیال میں، میں تم سے کیا سلوک روا رکھوں گا؟ انہوں نے جواب دیا آپ درگزر کرنے والے بھائی ہیں اور درگزر کرنے والے بھائی کے بیٹے ہیں۔ تو آپؐ نے فرمایا "جاؤ تم آزاد ہو۔"

Marfat.com

اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم، اللہ تعالیٰ کی حمد کرتے رہے کہ اس نے خاندان اور اقرباء کا خون بہائے بغیر اس فتح مبین کو متحقق کر دکھایا ہے بلکہ ان کی تالیف قلب بھی فرمائی ہے اور انہیں اسلام میں بھی داخل کیا ہے، پس سورہ نصر نازل ہوئی "اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح ٥ ورأیت الناس یدخلون فی دین اللّٰہ افواجا ٥ فسبح بحمد ربك واستغفرہ انہ کان توابًا ٥ (ترجمہ: (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) جب خدا کی مدد اور فتح آ پہنچے اور آپ لوگوں کو اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہوتے دیکھ لیں تو اپنے رب کی تسبیح و تحمید کریں اور اس سے استغفار کی درخواست کریں، وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے (سورۂ نصر)

اور ہم لوگ جو آج مسلمان کہلاتے ہیں ہمیں بھی کثرت سے حمد الٰہی کی تسبیح کرنی چاہیے اور طویل استغفار کرنا چاہیے، قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں بھی ہمارے کھلے دشمنوں پہ فتح مبین عطا فرمائے۔

بیروت ۱۳۹۲ھ ——— احمد جمال

۷/۲۰

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

عرض مؤلف

اے اللہ ہم تیری حمد کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد اور ہدایت کے طالب ہیں اور تجھ سے ہی سوال کرتے ہیں تیرے سوا کوئی مسئول اور اُمید گاہ نہیں، ہمارے پاؤں کو راستی پر قائم رکھ اور ہمیں ان لوگوں میں سے بنا جو قول و عمل میں تجھ سے مخلص ہیں اور ہمارے دلوں کو ایسی غیرت اور عزت سے معمور فرما جس میں غرور اور تکبر شامل نہ ہو۔

اے اللہ ہم تجھ سے دُعا کرتے ہیں کہ تو ہمیں جہلاء کے ذلیل کرنے سے بچا اور ہمیں گمراہ کرنے والوں کا دست و بازو نہ بنا اور ہمیں اپنی ہدایت سے ہدایت یافتہ لوگوں میں سے بنا اور اپنے راستے کی طرف راہنمائی کرنے والے بنا۔

اے اللہ تو اپنی مخلوق کے مخلص دوست، اپنے حبیب اور نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کی آل طاہرہ وطیبہ اور ان کے روشن رو صحابہ پر رحمت نازل فرما۔

اس کے بعد قارئین پر واضح ہو کہ یہ ہمارے تاریخی سلسلہ "اسلام کے فیصلہ کن معرکے" کی آٹھویں کتاب ہے اس کا نام "فتح مکہ" ہے ہم نے اس کی تالیف میں بڑی جدوجہد کی ہے جس کی انتہا کو خدائے واحد ہی جانتا ہے ہم اُمید کرتے ہیں کہ یہ کتاب قارئین کرام کو پسند آئے گی۔

اس تاریخی سلسلہ میں ہماری جدوجہد کا مقصد، رضائے الٰہی کے علاوہ یہ بھی ہے کہ ہم قارئین کے سامنے تاریخ اسلامی کے لیے گراں قدر خزینے پیش کریں جو

Marfat.com

ہمارے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام کی سیرت کے حیرت انگیز واقعات سے پُر ہوں جو انصاف پسند پوری کوشش کرنے والے اور ہدایت یافتہ قارئین کو ان بہترین اور مخلص لوگوں کی اقتدا و پر آمادہ کر دیں جنہوں نے ہمارے لیے یہ روشن تاریخ بنائی ہے، افسوس ہمیشہ ہی اس تاریخ کے نشانات کو درآمد شدہ قبیح اور بدبودار اصولوں کے زنگ و روغن سے مٹانے کی کوشش کی جاتی رہی ہے جوں جوں ہم اسلام کو چھوڑتے رہے ہیں توں توں یہ تیر ہم پر برستے رہے ہیں ۔ اور ہمیں بیس سال کے طویل عرصہ میں جو گزند پہنچا ہے اس کا بڑا سبب یہی ہے نیز ہمیشہ ہی ہمیں ذلت و رسوائی اور ہلاکت پہنچتی رہے گی اور ہم پر مصائب و آلام نازل ہوتے رہیں گے ان سے نجات اور خلاصی کی ایک ہی صورت ہے کہ ہم اسلام کو ایک حاکم، قانون ساز اور جسٹس کے طور پر قبول کر لیں ۔

(۴)

یہ کتاب (فتح مکہ) ایک عقل مند اور دانا کے لیے خواہ وہ حاکم ہو یا محکوم اپنے اندر بہترین سبق اور بڑی عبرتیں لیے ہوئے ہے کہ وہ رسول اعظم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام کے طریقوں میں سے جسے چاہے پسند اور یاد کرے خواہ وہ طریق عدل و انصاف، حسن سے متعلق ہو یا ایفائے عہد اور حسن قول کے بارے میں ہو، پھر طاقت اور کامل طور پر وافر قوت کے ہوتے ہوئے معاف کر دینے کا سبق ہے تاکہ اس کا دشمن جو کچھ چاہتا ہے کر لے ۔ خواہ وہ اس کی تعذیب اور تباہی کا ارادہ ہی کیوں نہ رکھتا ہو ۔

مسلمانوں کے دس ہزار جانباز مکہ پر چھا گئے جو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خسیس دشمنوں کا عظیم قلعہ تھا اس کے رہنے والوں نے مغلوب ہو کر ہتھیار ڈال دیے تو فاتح قائد رسول ؐ نے سب کو اپنے دامنِ عفو میں لے لیا یہ وہی لوگ تھے جنہوں نے

Marfat.com

آپ کے متعلق کانفرنس کر کے آپ کے خون کو مباح قرار دیا تھا اور آپ کو آسمان کے نیچے ہر جگہ سے دھتکار دیا تھا اور آپ کے لیے کوئی جگہ نہ چھوڑی تھی انہیں یہ گمان بھی تھا کہ وہ آپ کو ختم کر دینے کی قدرت رکھتے ہیں، انہوں نے آپ سے جنگیں کیں، ان سب باتوں کے باوجود دشمن سرداروں کے سروں پر پہنچ کر آپ کے اندر انتقام کی وہ مستی پیدا نہیں ہوئی جو اذیت دینے والوں اور کمزوری کے وقت آپ کے اصحاب کو ذلیل کرنے والوں کے خون کو چاٹتی پھرتی۔ فتح عظیم کے روز بھی اس مستی نے فاتح نبی اور قائد کو متاثر کرنے کی کوئی راہ نہیں پائی اس تاریخی دن میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے شفقت و رحمت اور عفو و درگزر کا وہ یکتا نمونہ دکھایا جو آپ کی فطرت اور مزاج کے مطابق تھا، ارشاد فرمایا:۔

اے گروہِ قریش تمہارے خیال میں، میں تم سے کیا سلوک کروں گا؟

انہوں نے جواب دیا: آپ درگذر کرنے والے بھائی ہیں اور درگذر کرنے والے بھائی کے بیٹے ہیں (کریم ابن کریم ہیں)

فرمایا جاؤ تم آزاد ہو۔

یہ وہ کلمات نبویہ ہیں جن کا تاج پہن کر آپ نے اہل مکہ سے انتقام لیا اور کعبہ کے دروازہ کے پاس کھڑے ہو کر آپ نے انہیں عام معافی دے دی جب کہ سردارانِ مکہ کے دل، ان کے پہلوؤں میں اس خوف سے دھڑک رہے تھے کہ آپ ان سے اپنا انتقام لے کر انہیں شہرِ خاموشاں کو روانہ کر دیں گے لیکن اخلاقِ نبوّت نے مکہ کے دشمن سرداروں اور لیڈروں سے عفو و درگذر کر کے ان پر احسان کیا پس وہ خوشی خوشی اپنی مرضی سے دین کی طرف آئے اور انہوں نے اپنی زندگیاں اسلام کے لیے وقف کر دیں وہ اسلام کے حامی اور اس کی حکومت کے عظیم بانی بن گئے اور انہوں نے ایسی ایسی فیصلہ کن کامیابیاں حاصل کیں۔

Marfat.com

جن سے اسلام کو شام، عراق، فارس، مصر اور افریقہ میں بڑی قوت حاصل ہوئی جیسے صفوان بن اُمیہ، عکرمہ بن ابوجہل اور عبداللہ بن سعد بن ابی سرح۔

صفوان بن اُمیہ نے معرکہ یرموک میں کمانڈوز کے لشکر کی قیادت کی اور چار سو کمانڈوز کے ساتھ رومی لشکر کے اس حملے کو جو اسلام کے چھوٹے سے لشکر کو پیس دینے لگا تھا۔ روکنے کے لیے اپنی زندگی کا نذرانہ پیش کیا، اور عبداللہ بن سعد بن ابی سرح نے اسلامی بحری بیڑے کی قیادت کی اور سب سے عظیم بحری کامیابی حاصل کی جسے آج تک بحرابیض دیکھ رہا ہے اور یہ کامیابی صواری کے مشہور معرکہ میں حاصل ہوئی فتح مکہ سے قبل ان دونوں کے متعلق مار دینے کا حکم صادر ہو چکا تھا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں کو معاف فرما دیا اور انہیں جنگ کے سالار کے طور پر چن لیا کیونکہ یہ نصرت اسلام کے لیے گھمسان کے معرکوں میں اپنے آپ کو دے مارتے تھے ان دونوں کی مانند، آزاد ہونے والوں میں سے اور بھی بہت سے آدمی تھے جو فتح کے روز مارے جانے کے مستحق تھے مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے خون کو گرنے سے بچا لیا۔

(۲)

ہجرت کے چھٹے سال، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیبیہ کی پتھریلی زمین میں قریش کے ساتھ تاریخی صلح کا معاہدہ کیا اور آپ نے اس صلح کے کسی فقرے کے بُرے نتائج کے متعلق سوچا بھی نہ تھا جس نے ایک طرف قریش اور کنانہ اور دوسری طرف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خزاعہ کے درمیان ہونے والی جنگ کو دس سال کی مدت کے لیے ختم کر دیا تھا اس دوران میں مسلمان اور مشرکین ایک دوسرے کے ساتھ صلح اور امن و امان سے زندگی بسر کرتے تھے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صلح کے فقرات کا انتہائی باریک بینی

Marfat.com

سے التزام کیا۔ اور اس کی عبارت پر دل وجان سے عمل کیا اور عملاً وفاداری کے اصول کا التزام کر کے اخلاق اسلامی کی اصالت پر دلیل پیش کر دی اور دو مسلمانوں کو ان کے مشرک اہل کے سپرد کر کے ان کے اخلاق کریمہ سے اپنی وابستگی کو واضح کر دیا۔ حالانکہ ابھی تک صلح کی دستاویز کی سیاہی بھی خشک نہیں ہوئی تھی، آپ نے یہ کام اس قاتل غم کے علی الرغم کیا جو آپ کے عام صحابہ پر چھایا ہوا تھا۔ بظاہر یہ تصرف مسلمانوں کی ذلت کا سامان لیے ہوئے تھا جیسا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک وزیر کبیر عمرؓ بن خطاب نے اس کی صراحت کی ہے [1]

(۴)

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ صلح حدیبیہ کے اس قول و قرار پر جو انہوں نے اس موقع پر کیا تھا دل وجان سے عمل پیرا تھے اور ان کے نفوس قدسیہ ایفائے عہد پر کاربند تھے تو کیا قریش اور ان کے کنانی حلیفوں نے بھی اسی طرح اس کا التزام کیا تھا جیسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور

---

[1] ابوجندل بن سہیل بن عمرو کو اس کے مشرک باپ کے سپرد کرنے کے قصے کی تفاصیل کو ہماری کتاب "صلح حدیبیہ" میں دیکھیے، اور آپؐ کے ابوبصیر کو دشمنوں (مشرکین) کے سپرد کرنے کا قصہ اس کتاب میں بیان ہو چکا ہے اور ان ستر نوجوانوں کو جو قریش میں سے مسلمان ہو چکے تھے، مدینہ میں پناہ دینے سے روک دینے کا قصہ جو مکہ کے خوفناک قید خانوں سے بھاگ کر مدینہ میں پناہ لینے کی سوچ رہے تھے آپ نے یہ سب کارروائی صلح حدیبیہ کی تاریخی دستاویز کی تحریر پر التزاماً عمل پیرا ہونے کے لیے کی۔

Marfat.com

آپ کے خزاعی حلیفوں نے کیا تھا اور صلح حدیبیہ کی تاریخی دستاویز کے قول و قرار پر کاربند رہے تھے ؟ نہیں ہزار بار نہیں۔

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے خزاعی حلیفوں نے صلح حدیبیہ کی دستاویز کو ایک عظیم دستاویز خیال کرتے ہوئے اس کے مطابق دس سال کا عرصہ ایک دوسرے کے ساتھ امن و امان کے ساتھ گزارنے کا عزم کیا لیکن قریشی مشرکوں اور ان کے کنانی حلیفوں نے اس تاریخی صلح کو خیانت کے نقطہ نگاہ سے دیکھا اور صلح کے زمانے کو ایک سنہری موقع خیال کیا (وہ بہادری اور شجاعت سے خزاعہ کے ساتھ خیانت کا موقع نہیں پا رہے تھے) تاکہ وہ خیانت اور دھوکے سے امن و امان اور صلح کی حالت میں ان سے اپنے جاہلیت کے بدلے لے لیں، جن کو وہ جنگ، تیاری، محاذ آرائی اور بیداری کی حالت میں لینے سے عاجز آ چکے تھے،

کنانہ نے اپنے قریشی حلیفوں کی مدد سے خیانت اور عہد شکنی کا یہ بھیانک جرم کیا اور خزاعہ کے پچیس سے زائد آدمیوں پر اچانک حملہ کر کے انہیں حدودِ حرم کے اندر صلح حدیبیہ کے زمانے میں قتل کر دیا جس کے دستخطوں پر ابھی تیس ماہ بھی نہیں گزرے تھے۔ انہیں تہجد کی حالت میں رکوع و سجود کرتے ہوئے قتل کر دیا گیا وہ بے ہتھیار تھے اور حرم میں پناہ لیے ہوئے تھے، (وہ انہیں کھینچ کر مکہ کے اندر (امن دینے والے حرم میں) لے گئے۔ اور انہیں نہایت بری طرح قتل کر دیا یہ کام انہوں نے صلح اور امن و امان کے زمانے میں کیا۔

(۴)

اس کارروائی سے قریش اور ان کے کنانی حلیفوں نے معاہدہ صلح کو توڑ دیا اور اس صلح حدیبیہ کی تحریر کی دھجیاں اڑا دیں جس کا مطالبہ خود قریش۔ نے کیا تھا، جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مجرمانہ کارروائی کی جو آپ کے حلیفوں سے خیانت

Marfat.com

اور غداری کی ایک مثال تھی خبر پہنچی (حالانکہ صلح کے بموجب جو ذمہ داری آپ کی تھی وہ ان کی بھی تھی اور خلاف ورزی کی صورت میں جو سزا آپ کے لیے تھی وہ ان کے لیے بھی تھی) تو آپ نے اپنے حلیفوں پر ظلم کرنے والوں سے بدلہ لینے کے لیے مکہ پر چڑھائی کے لیے جلدی نہیں کی حالانکہ معاہدہ حدیبیہ کی رُوح سے آپ اس بات کے پابند تھے آپ طبعاً خونریزی کو ناپسند کرتے تھے اور خون کی حفاظت میں رغبت رکھتے تھے خواہ وہ خون آپ کے ان دشمنوں کا ہو جنھوں نے آپؐ کا اور آپؐ کے صحابہ کا خون بہانے کی تمام وسائل سے کوشش کی ہو۔ قبل اس کے کہ آپؐ قریش کی برابری میں اس عہد کو توڑتے آپ نے قریش کے سامنے ایک تجویز پیش کی جو فریقین کو جنگ کی ہلاکتوں سے بچانے والی تھی۔ وہ تجویز انتہائی درگزر کرنے والی اور مخلصانہ طور پر خونریزی سے دُور رہنے والی تھی، آپ نے مکہ پر حملہ کرنے سے قبل یہ تجویز ایک خاص نمائندے کے ذریعے قریش کی طرف بھجوائی جو صلح حدیبیہ کی تحریر کی تنفیذ کے بڑے ذمہ دار تھے جس میں قریش کو تین امور کے درمیان اختیار دیا گیا تھا۔

۱۔ یا تو قریش اور ان کے کنانی حلیف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف خزاعہ کو مقتولوں کی دیت دیں اس طرح صلح حدیبیہ پر مسلسل عمل ہوتا رہے گا اور فریقین کے درمیان دس سال تک صلح فعال طور پر قائم رہے گی اور فریقین کے خون محفوظ ہو جائیں گے۔

۲۔ یا قریش، کنانہ کے بڑے عہد شکنوں سے بیزاری کا اظہار کریں تاکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے ہی ان سے حساب چکالیں، نیز انہوں نے آپ کے حلیفوں کے ساتھ خیانت کا جو گھناؤنا جرم کیا ہے اس کے بدلے میں وہ ان کو عادلانہ سزا دیں جس کے وہ مستحق ہو چکے ہیں۔

۳۔ یا وہ اپنے غارت گردں کو اور خود کو برابری کے طور پر قریش کے سپرد

Marfat.com

کر دیں کیونکہ وہ اس معاہدہ صلح کی تنفیذ کے بڑے ذمہ دار ہیں، جسے بعض سرداران مکہ کی موافقت اور رضامندی سے بنو بکر نے توڑ دیا ہے۔

(۵)

قریش نے پہلی دو مثبت پیشکشوں کے قبول کرنے سے انکار کر دیا اور تیسری پیشکش کو تکبر، ریاکاری اور لاف و گزاف کرتے ہوئے قبول کر لیا، اور وہ جنگ کرنا تھا انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو پیغام بھیجا کہ وہ جنگ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور آپ کے حلیفوں کے مقتولوں کی دیت دینے یا اپنے بنو بکری قاتلوں سے برأت کا اظہار کرنے سے جنگ کو بہتر سمجھتے ہیں (جیسا کہ اس کتاب میں مفصل طور پر بیان ہوا ہے۔)

اس مقام پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ ضروری ہو گیا تھا کہ وہ اپنے خزاعی حلیفوں سے جن سے خیانت کی گئی تھی اپنے معاہدہ کی پابندی کا وعدہ پورا کریں اور یہ بات اس صلح کی تاریخی دستاویز کے مطابق تھی جس کا عہد آپ نے ان سے کیا تھا[۱]

(۶)

قریش اور ان کے حلیفوں کی عہد شکنی کے باعث صلح حدیبیہ کے بے کار ہو جانے کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں مشرکین پر چڑھائی کا فیصلہ کر لیا کیونکہ ان کے معاہدہ صلح کو توڑ دینے کے بعد آپ اپنے آپ کو ان کے ساتھ حالت جنگ میں تصور کرتے تھے جیسے کہ اس صلح کے انعقاد سے پہلے کی حالت تھی اور ضروری تھا کہ آپ برابری میں ان کی طرف جائیں پس آپ نے ان کے جنگ شروع کرنے سے

---

[۱] اس دستاویز کی تفصیل ہماری اس سلسلہ کی پانچویں کتاب "صلح حدیبیہ" میں دیکھیے۔

Marfat.com

قبل ہی جنگ کا آغاز کر دیا کیونکہ وہ معاہدہ صلح کو توڑنے اور بنو بکر ی ظالموں کی جوان کے حلیف تھے، تائید کرنے سے خیانت کے مرتکب ہو چکے تھے بلاشبہ یہ بات ان مسلمانوں پر جنگ مسلط کرنے کا مقدمہ تھا جو قریشی نہ تھے، جب کہ بُت پرست اپنے وجود کا مفہوم سمجھتے تھے مگر ان کے نزدیک مسلمانوں کا نہ کوئی وجود تھا نہ غلبہ، پھر خود قریش نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلانِ جنگ سے قبل آپ کے خلاف اعلانِ جنگ کر دیا، انہوں نے آپ کے نمائندے ضمرہ کو پیغام دیا کہ وہ خزاعہ کے مقتولوں کی دیت دینے سے جن کے ساتھ بنو بکر نے خیانت کی ہے یا بنو بکر سے الگ ہو جانے سے یا اپنے حلیفوں سے برأت کا اظہار کرنے سے، جنگ کو ترجیح دیتے ہیں، یہ قریش کی ایک سوچی سمجھی خیانت تھی جس پر مسلمانوں نے بہت پیچ و تاب کھایا۔

اللہ تعالیٰ نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کامل صلاحیتوں سے نوازا تھا بلکہ صریح بات یہ ہے کہ کسی بھی پارٹی کے متعلق اظہار کیے بغیر اس سے خیانت کی بُو کو سونگھا جا سکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وَاِمَّا تَخَافَنَّ مِنْ قَوْمٍ خِيَانَةً فَانْبِذْ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَاءٍ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْخَائِنِيْنَ [1] وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَاِنْ يُّرِيْدُوْا خِيَانَتَكَ فَقَدْ خَانُوا اللّٰهَ مِنْ قَبْلُ فَاَمْكَنَ مِنْهُمْ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ [2]

ان وجوہاتِ جواز، بلکہ جنگ کو لازم کرنے والے اسباب کی بناء پر، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے اپنے عظیم لشکر کے ساتھ حرکت میں آئے جو دس ہزار

---

[1] الانفال ۵۸، [2] الانفال ۸۱

Marfat.com

جانبازوں پر مشتمل تھا تاکہ وہ خائنوں اور عہد شکنوں کی تادیب کریں۔ آپ انہیں اس وقت مکہ میں لے گئے جب وہاں کے مشرکین غفلت میں پڑے تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان کو اس ہمہ گیر جنگ کی خبروں سے بھی بے خبر رکھا ہوا تھا یہاں تک کہ لشکرِ نبوی کے ہراول دستے مکہ کے اطراف میں پہنچ گئے پس انہوں نے اپنے آپ کو ان لیڈروں کے سامنے کیا جنہوں نے خیانت اور غداری کے بدلے میں اسلامی تلواروں کو چمکتے اور ہر جانب سے انہیں احاطہ کرتے دیکھا پس انہیں بغیر کسی قابل ذکر مقاومت کے لشکرِ نبوی کو مکہ سپرد کر دینے کے سوا، کوئی چارہ کار نظر نہ آیا، فتح مکہ، اس کے لیڈروں کے تصورات کے برعکس ان کے لیے خیر و برکت کا موجب ہوئی جیسے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں لشکرِ نبوی کے حرکت کرنے سے قبل واضح طور پر بتا دیا تھا، جب آپ کی زوجہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو، قریش مکہ سے جنگ کرنے کی خبر ملی تو انہوں نے آپ سے دریافت کیا کیا ان کے بارے میں اس جنگ کے ذریعے خیر کا ارادہ کیا گیا ہے یا شر کا، تو حضور علیہ السلام نے جواب دیا، خیر کا۔

فتح مکہ کے بعد اہالیانِ مکہ خوشی خوشی اور بادلِ نخواستہ اسلام میں داخل ہو گئے۔ اور بعد میں انہیں بڑا اطمینان حاصل ہو گیا، فتح مکہ کے بعد بُت پرستی کے نشانات کو خوفناک سرعت کے ساتھ مٹایا جانے لگا، یہاں تک کہ ایک سال بھی نہ گزرا تھا کہ تمام اہل جزیرہ اسلام میں داخل ہو گئے، یہ فتح ہجرت کے آٹھویں سال ہوئی اور نویں سال بلا استثناء تمام جزیرہ پر حاوی ہو گیا، نویں سال کو وفود کا سال بھی کہتے ہیں کیونکہ اہل عرب کے وفود مدینہ میں آکر اللہ کے دین میں داخل ہوتے تھے پھر اللہ تعالیٰ یہ سورت نازل فرمائی۔ اذا جاء نصر اللّٰه والفتح ○ ورایت الناس یدخلون فی دین اللّٰه افواجًا ○ فسبح بحمد ربك واستغفره انه

کان توابا ۵ ^ل^

(ترجمہ: جب خدا کی مدد اور فتح آ پہنچی اور آپ لوگوں کو اللہ کے دین میں جوق در جوق داخل ہوتا دیکھ لیں تو اپنے رب کی تسبیح و تحمید کیجیے اور اس سے استغفار کی درخواست کریں، وہ بڑا توبہ قبول کرنے والا ہے۔)

فتح مکہ ہر لحاظ سے بہت بڑی فتح تھی۔ والحمد للہ اولاً و آخراً وھو حسبنا و نعم الوکیل۔

محمد احمد باشمیل

جدہ - المملکۃ العربیۃ السعودیۃ ـــ ۱۳۹۲ھ ـــ ۱۹۸۲م

ل سورۃ النصر

Marfat.com

Marfat.com

فصل اوّل

غزوہ موتہ اور فتح مکہ کے درمیان ہونیوالے فوجی، سیاسی اور قانونی واقعات کا مختصر بیان

★

- غزوہ موتہ کے بعد اور فتح مکہ سے قبل کی فوجی نقل وحرکت۔
- مشرکین مکہ کے خلاف عیص کی بغاوت۔
- قریشی مسلم نوجوانوں کا مشرکین مکہ کے خلاف انقلاب بپا کرنا۔
- عیص کی بغاوت کا لیڈر، ابوبصیر۔
- صلح حدیبیہ کی وجہ سے عیص کے مقابل مدینہ کی غیر جانبداری۔
- عہد کی پاسداری کی خاطر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انقلابی نوجوانوں کو پناہ دینے سے انکار۔
- انقلابیوں کا قافلوں کے رستے کی نگرانی کرنا اور مکہ کی تحریک تجارت کو شل کر دینا۔
- قریش کا اپنے دشمن، رسولِ رحیم سے اپیل کرنا کہ وہ درمیان میں پڑ کر ان کے مخالف انقلابیوں کو روکیں۔
- انقلاب کے توقف کے بعد، انقلابیوں کے لیڈر کی اپنے قلعے میں وفات
- صلح حدیبیہ کے دوران مہاجرات کا مسئلہ۔

Marfat.com

عیص میں کمزوروں کا حملہ [1]

ہجرت کے چھٹے سال کے آخر میں، مشرکین قریش سے تاریخی صلح حدیبیہ کی پختگی کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک شدید امتحان کا سامنا کرنا پڑا جس سے مسلمانوں کو بھی بہت دکھ ہوا وہ یہ کہ رسول کریمؐ (جو ابھی تک حدیبیہ کی زمین میں تھے) کو اپنی اور صحابہ کی ناپسندیدگی کے باوجود ابوجندل بن سہیل بن عمرو کو جو ایک صالح مسلم نوجوان تھا، مجبوراً اس کے مشرک باپ کے سپرد کرنا پڑا، کیونکہ صلح حدیبیہ کی تحریر آپ سے اس بات کا تقاضا کرتی تھی [2] اور اسلام میں ایفائے عہد اخلاق کی اہم بنیادوں میں سے ہے۔ پس اسی وقت مسلم ابوجندل کو اس کے مشرک باپ کے سپرد کر دیا گیا (جس سے مسلمانوں کے دلوں پر رنج والم کے بادل چھا گئے) کیونکہ صلح حدیبیہ کے معاہدہ کو پورا کرنے کے لیے جو آپ نے مشرکین سے کیا تھا، ایسا کرنا ضروری تھا۔

صلح حدیبیہ کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک اور امتحان کا سامنا

صلح حدیبیہ کا امتحان کوئی آخری امتحان نہ تھا، جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صلح حدیبیہ کی پختگی کے بعد مدینہ پہنچے اور اس صلح کے بعد ابھی ٹک کر بیٹھے بھی نہ تھے کہ آپ کو ایک اور امتحان کا سامنا کرنا پڑا جو سرزمین حدیبیہ کے امتحان سے صعوبت میں کم نہ تھا۔

مکہ کے قید خانے ان درجنوں قریشی نوجوانوں سے گونج رہے تھے جنہوں نے

---

[1] عیص، عین کی زیر کے ساتھ ہے وہ جگہ جہاں درخت بہت گھنے اور آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ پیوست ہوں، یاقوت اپنی معجم میں کہتا ہے۔ بحر احمر کے ساحل پر کنکریلی جانب ایک جگہ ہے۔

[2] ابوجندل کے قصہ کی تفاصیل کو ہمارے اس سلسلہ کی پانچویں کتاب "صلح حدیبیہ" میں دیکھو۔

Marfat.com

دین اسلام کو اختیار کر لیا تھا جس کی وجہ سے ان کے اہل ان سے ناراض تھے، انہوں نے انہیں اسلام سے مرتد کر کے بُت پرستی کی طرف لے جانے سے عاجز آکر انہیں باندھ کر جیلوں میں دھکیل دیا تھا۔

مشرکین مکہ پر پہلا حملہ آور

ابو بصیر (عتبہ بن اسید الزھری[1]) اُن قریشی نوجوانوں میں سے ایک تھا جنھوں نے شروع شروع میں اسلام قبول کیا تھا، اس کی قوم بنی زہرہ نے بُت پرستی چھوڑنے اور حلقہ بگوش اسلام ہونے کی وجہ سے اُسے جیل میں ڈال دیا تھا جب صلح حدیبیہ طے ہوگئی اور قریش مسلمانوں کے قومی وجود کو تسلیم کرنے پر مجبور ہوگئے حالانکہ وہ

---

[1] عتبہ بن اُسید ابن جاریہ ابن عبداللہ الثقفی (ابو بصیر) یہ بنی زہرہ کا حلیف تھا اور اور سابقین الاسلام نوجوانوں میں سے تھا اس کے اہل نے اسے اسلام قبول کرنے کی وجہ سے بنی زہرہ کے قید خانے میں جو مکہ میں تھا، اذیت دینے کے لیے قید کر دیا تھا اس نے صبر سے کام لیا۔ یہاں تک کہ بھاگ گیا یہ پہلا قریشی مسلم نوجوان تھا جو صلح حدیبیہ کے بعد مکہ والوں کی قید سے بھاگا تھا امام بخاری نے اپنی صحیح میں اس کا اور ابوجندل کا واقعہ بیان کیا ہے .... ابو بصیر عیص کے انقلابیوں کا لیڈر تھا اس نے قریش سے دشمنی کے لیے عہد نبوی میں ساحل سمندر پر اپنی آزاد حکومت قائم کی ہوئی تھی جو صلح حدیبیہ کی شرائط کی وجہ سے مسلمانوں سے مرتبط نہ تھی لیکن وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے اصحاب سے پوری محبت رکھتی تھی، ابو بصیر، مشرکین مکہ کے خلاف انقلاب کی قیادت کرتا اور ساحل میں ان کے قافلوں پر قبضہ کر لیتا یہاں تک کہ حضورؐ کے احکام اس کے پاس پہنچے کہ وہ کفار مکہ کے خلاف اپنی کاروائیوں کو بند کر دے اس نے اپنی کاروائیوں کو بند کر دیا پھر اس کی عیص ہی میں وفات ہوگئی اس حال میں کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بھیجا ہوا خط پڑھ رہا تھا۔

اس سے پہلے انہیں رہزنوں اور قانون کے باغیوں کی طرح دیکھتے تھے ـــــ تو مقہور مسلم نوجوانوں کی اُمیدوں نے مکہ کے قیدخانوں میں انگڑائی لی اور یہ نوجوان اس صلح کے فوائد سے مستفید ہونے کی تمنائیں کرنے لگے، ان میں سے بعض قریش کی مکی جیلوں سے بھاگنے کے متعلق سوچنے لگے تاکہ مدینہ میں اسلامی سوسائٹی کے ممبران کی طرح جا شامل ہوں۔

سب سے پہلے مکہ میں جس مسلم نوجوان نے اپنے اہل کے قیدخانے سے نجات پائی وہ ابوبصیر تھا، یہ مدینہ کی طرف چل پڑا جب وہاں پہنچا تو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا اور آپ سے اسلامی سوسائٹی کے درمیان رہنے اور پناہ لینے کے حق کا مطالبہ کیا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے مطالبہ کو ماننا چاہتے تھے لیکن اُسے مدینہ میں قیام کی اجازت دینا صلح حدیبیہ کے معاہدہ کی خلاف ورزی تھی جس کی ایک شق یہ بھی تھی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کسی قریشی کو مدینہ میں پناہ نہ دینے کی پابندی کریں گے خواہ وہ مسلمان ہو کر ہی آیا ہو جب تک اس کا ولی اسے اجازت نہ دے آپ پر لازم ہوگا کہ آپ مطالبہ پر اس آدمی کو واپس کریں۔ اس طرح نوجوان ابوبصیر کا مدینے میں پناہ کے لیے آنا دوسرا امتحان بن گیا جو حضور علیہ السلام اور آپ کے اصحاب کے لیے بڑا سخت تھا، بنوزہرہ کو جو ابوبصیر کی قوم تھی انہیں اس بات کا علم نہیں تھا کہ ابوبصیر ان کے قیدخانے سے بھاگنے کے بعد مدینہ میں پناہ کا طالب ہوا ہے، انہوں نے اس کی تلاش میں آدمی بھیجے، یہ بات ان کے ان خطوط میں پائی جاتی ہے جو انہوں نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے لکھتے ہیں بنوزہرہ کے دو سردار، اخنس بن شریق اور ازہر بن عبد عوف[1]، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے

---

[1] ازہر بن عبد عوف کے متعلق ابن حجر نے اصابہ میں کہا ہے کہ وہ (باقی ص ۵۱ پر)

Marfat.com

پاس مطالبہ کرتے ہوئے آئے کہ آپ صلح حدیبیہ کے معاہدہ کی پابندی کرتے ہوئے ان کے بیٹے ابو بصیر کو واپس کر دیں[۵۱] اور انہوں نے بنی عامر بن لوی میں سے دو

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۰) عبد الرحمن بن عوف زہری کا چچا ہے اور اس کے اسلام لانے کی کوئی تفصیل بیان نہیں کی ہاں یہ ذکر کیا ہے کہ وہ ان لوگوں میں شامل تھا جنہوں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو استقایہ عباس بن عبد المطلب کو دیتے دیکھا تھا، یہ ان چار آدمیوں میں سے چوتھا آدمی تھا جن کی حضرت فاروق اعظم ؓ نے حرم کے نشانات لگانے کی ڈیوٹی لگائی تھی اور وہ یہ تھے حویطب بن عبد العزیٰ، مخرمۃ بن نوفل، سعید بن یربوع اور ازہر بن عبد عوف، یہاں سے یہ بات مفہوم ہوتی ہے کہ یہ فتح مکہ کے مسلموں میں سے تھا۔ واللہ اعلم۔

۵۱ واقدی نے مغازی جلد ۲ صفحہ ۶۲۴ اور اس کے بعد ابو بصیر کی واپسی کے واقعہ کی تفاصیل بیان کی ہیں اور اس خطاب کی عبارت بھی لکھی ہے جو قریش نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کام سے روکنے کے لیے بھیجا تھا وہ کہتا ہے کہ اخنس بن شریق اور ازہر بن عبد عوف زہری نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف خط لکھا اور اسے بنی عامر بن لوی کے ایک آدمی کے ہاتھ بھیجا، جسے انہوں نے ایک جوان اونٹ کے عوض کرایہ پر لیا تھا اس کا نام خنیس بن جابر تھا ____ اور عامری کے ساتھ اس کا غلام کوثر نام بھی نکلا اور ان دونوں نے خنیس بن جابر کو اونٹ پر سوار کرا دیا اور دونوں نے اپنے درمیان ہونے والی صلح کو یاد کراتے ہوئے لکھا کہ ابو بصیر کو واپس کر دیں یہ دونوں آدمی ابو بصیر کے پہنچنے کے تین دن بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے، خنیس نے کہا اے محمدؐ یہ خط لیجیے، حضور علیہ السلام نے ابی بن کعب کو بلایا اس نے خط کا مضمون سنایا جو یہ تھا ہم نے جو شرط آپ سے کی تھی آپ اسے جانتے ہیں اور ہم نے اپنے اور تمہارے درمیان گواہی دی ہے کہ آپ ہمارے اس آدمی کو جو آپ کے پاس آئے گا واپس کریں گے پس ہمارے ساتھی کو واپس کیجیے تو رسولِ کریم ؐ نے ابو بصیر کو ان کے ساتھ جانے کا حکم دیا اور اسے ان کے سپرد کر دیا۔

آدمی خط دے کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف بھیجے جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ وہ ابوبصیر کو ان کے سپرد کر دیں تاکہ وہ اُسے اپنی نگرانی میں مکہ واپس لے جائیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوبصیر کو قریش کے سپرد کرنا

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی زہرہ کے دونوں سرداروں کا خط لے لیا اور اس کے مضمون سے آگاہی حاصل کر لی تو آپ کو قریش کے دونوں پیغامبروں کے پاس ابوبصیر کو سپرد کرنے کے سوا، کوئی چارہ نظر نہ آیا، آپ نے یہ کام معاہدہ حدیبیہ کی پابندی کے لیے کیا۔ آپ نے ابوبصیر کو بلا کر فرمایا کہ میرے لیے ضروری ہے کہ میں تجھے قریش کے پیغامبروں کے سپرد کر دوں تاکہ وہ تجھے مکہ لے جائیں تو ابوبصیر نے بڑی بے چینی اور تکلیف سے عرض کیا یا رسول اللہ کیا آپ مجھے مشرکین کے حوالے کریں گے جو مجھے میرے دین کے متعلق فتنہ میں ڈال دیں گے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا اے ابوبصیر! تجھے معلوم ہی ہے کہ ہم نے ان لوگوں سے عہد کیا ہوا ہے اور ہمارا دین خیانت کی اجازت نہیں دیتا اور اللہ تعالیٰ یقیناً تیرے اور تیرے کمزور ساتھیوں کے لیے رہائی اور کشائش کی سبیل بنائے گا پس اپنی قوم کی طرف چلا جا۔[1]

ایمان راسخ کیا کام کرتا ہے

ابوبصیر کے ایمان راسخ نے اُسے اس بات کی اجازت نہیں دی کہ وہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے بارے میں مناقشہ و مجادلہ کرے بلکہ آپ نے اُسے جدا کر کے مشرک قوم کے دونوں نمائندوں کو اس کے ہاتھ پکڑا دیے تاکہ وہ اس کے

---

[1] سیرۃ ابن ہشام ج ۲ ص ۳۲۳

Marfat.com

علم کے بغیر اُسے کندھوں سے جکڑلیں اس کا مفہوم یہ ہے کہ وہ اُسے مکہ کے قیدخانوں میں مارنا چاہتے تھے ، ابوبصیر نے دونوں عامری مشرکوں کی نگرانی میں مدینے کو چھوڑ دیا ، اس بات نے اس کے اور مسلمانوں کے دلوں کو کاٹ کر رکھ دیا ۔ اور اس میں شبہ بھی کیا ہے ۔ لیکن یہ ایفائے عہد کی بات تھی اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ہے کہ اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان لانے والے مومن کے لیے جائز نہیں کہ وہ آپ کے حکم سے سرتابی کرے ۔

ابوبصیر کا اپنے دونوں نگرانوں کو قتل کر کے مدینہ واپس آنا

ابوبصیر بڑا شجاع اور قوی نوجوان ہونے کے ساتھ ساتھ ذہین وفطین بھی تھا اور اس میں ایمان راسخ کے ساتھ قوت وشجاعت اور ذہانت وفطانت بھی اکٹھی ہوگئی تھی جس کے نتائج بڑے حیرت انگیز ہوتے ہیں ۔

جب سے ابوبصیر نے اپنے نبی کے حکم کی اطاعت کی اور اپنے آپ کو اپنی قوم کے دو مشرک پیغامبروں کے سپرد کر دیا ۔ وہ کسی ایسے طریق کو اختیار کرنے کے بارے میں سوچتا رہا جس سے وہ اپنے نبی کو اس کی ذمہ داری سے بری کرنے کے بعد اور نقضِ عہد کی تہمت سے دُور رکھتے ہوئے اپنے دونوں مشرک نگرانوں سے رہائی حاصل کر سکے کیونکہ اس نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخلصانہ اطاعت کرتے ہوئے اور صلح حدیبیہ کی تحریر کی پابندی کرتے ہوئے اپنے آپ کو ، اپنی قوم کے بھیجے ہوئے دونوں نمائندوں کے سپرد کر دیا تھا ابوبصیر نے اس چھٹکارا حاصل کرنے والی سوچ کو یوں پورا کیا کہ اُسے ایک نگران کو قتل کرنے کی قوت حاصل ہوگئی جب وہ دوسرے پر حملہ کرنے چلا تو وہ مدینہ کی طرف بھاگ گیا تفصیل یوں ہے کہ اس مومن قریشی نوجوان کے دل پہ یہ بات گراں گزری کہ وہ

شرک اور بت پرستی کے بے ہودہ اور جان گسل ماحول میں واپس جائے جب کہ اللہ تعالیٰ نے اُسے مکہ سے بھاگنے کے بعد نجات دے دی تھی تاکہ لوگ اُسے نئے سرے سے پھر شرک کے اندھیرے قید خانوں میں نہ پھینک دیں، لیکن اُسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کے مطابق مدینہ کو بہر حال چھوڑنا ضروری تھا اور اس کی رغبت سے یہ بات ہویدا تھی کہ وہ اس عہد کو پورا کرنے کا خواہش مند ہے جو آپ نے معاہدہ میں مشرکین مکہ سے کیا تھا چنانچہ ابو بصیر نے اپنے دونوں مسلح عامری نگرانوں کی معیت میں مدینہ کو چھوڑا اور وہ اس کی مشکیں کس کر اُسے مکہ کی طرف لے کر چلے، مدینہ سے قریباً سات میل دور ایک مقام ذوالحلیفہ آتا ہے (جسے آج کل ابیار کہا جاتا ہے) جہاں یہ دونوں مشرک نگران اور ان کا مسلمان قیدی ابو بصیر کچھ سستانے کے لیے بیٹھ گئے، ابو بصیر اپنے ایک نگران سے ملاطفت سے پیش آنے لگا۔ نگران تلوار سے مسلح تھا، لمبی گفتگو کرنے کے بعد اس نے نگران سے بڑی ذہانت اور نرمی سے کہا اے عامری بھائی! کیا یہ تیری تلوار کاٹتی بھی ہے، عامری نے جواب دیا ہاں اور پھر اُسے غرور سے ہلا کر کہنے لگا کہ میں اس تلوار سے اوس و خزرج میں رات تک شمشیر زنی کروں گا، ابو بصیر نے تلوار کا جائزہ لینے کے لیے اس سے اجازت طلب کی اور کہا، کیا میں اسے دیکھ سکتا ہوں؟ نگران نے کہا اگر تم دیکھنا چاہو تو دیکھ سکتے ہو، اس موقع پر اس نے ابو بصیر کے بندھن کو کھول دیا جونہی اس کا ہاتھ تلوار کے قبضے پر پڑا اس نے اپنے عامری نگران پر تلوار سے وار کر کے اُسے ڈھیر کر دیا پھر اس نے دوسرے نگران پر بھی حملہ کیا کہ اُسے بھی اس کے ساتھ ملا دے مگر وہ خوفزدہ ہو کر، بچاؤ کا خواستگار ہوتا ہوا مدینہ کی طرف بھاگ گیا اور مسجد میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو تیز دوڑنے کی وجہ سے سنگریزے اس کے پاؤں تلے سے اُڑ رہے

Marfat.com

تھے آپ نے فرمایا اس آدمی کو کوئی خوف لاحق ہے پھر فرمایا تیرا برا ہو تجھے کیا ہوا ہے؟ اس نے کہا آپ کے ساتھی نے میرے ساتھی کو قتل کر دیا ہے اور میں اُس سے بھاگ آیا ہوں اگر میں تیز نہ دوڑتا تو ضرور قتل ہو جاتا۔ پھر اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے استدعا کی کہ وہ اُسے ابوبصیر سے بچائیں جو اس کے پیچھے پیچھے آ رہا ہے آپ نے اُسے زندگی کی امان دی۔ ابھی عامری مشرک مسجد میں اپنی بات مکمل نہیں کر پایا تھا کہ ابوبصیر اپنے مشرک مقتول نگران کی تلوار لٹکائے ہوئے نمودار ہوا۔ پھر اونٹ کو مسجد کے دروازے پر بٹھانے کے بعد حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہو کر آپ کو واقعات کی تفاصیل بتانے لگا۔ پھر کہنے لگا یا رسول اللہ آپ کا عہد پورا ہو گیا ہے اور اللہ تعالٰے نے آپؐ کی طرف سے یہ ذمہ داری پوری کر دی ہے آپؐ نے مجھے لوگوں کے سپرد کر دیا تھا اور میں اپنے دین کے متعلق فتنہ میں پڑنے اور اپنی توہین سے محفوظ ہو گیا ہوں، ابوبصیر کے اس قول سے واضح ہے کہ وہ اس بات سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس امر پر راضی کرنے کی کوشش کر رہا تھا کہ آپ اُسے مدینہ میں قیام کرنے کی اجازت دے دیں اور دوبارہ اُسے مکہ واپس جانے پر مجبور نہ کریں، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابوبصیر کی رغبت کے پیش نظر راضی ہو گئے اور اُسے دوبارہ مکہ واپس جانے پر مجبور نہ کیا لیکن اُس وقت آپ نے اُسے مدینہ میں قیام کرنے کی اجازت نہ دی کیونکہ یہ بات معاہدہ حدیبیہ کے خلاف تھی یہی وجہ ہے کہ آپ نے ابوبصیر کے نقطہ نظر کو سُننے کے بعد اُسے فرمایا تو جہاں جانا چاہتا ہے چلا جا[1]

ابوبصیر نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے استدعا کی کہ آپ مقتول

---

[1] سیرت جلد ۲ صـ ۱۵۱

Marfat.com

مشرک عامری کے کپڑوں اور اُونٹ کو غنیمت قرار دیں اور غنائم کی طرح اس سے خمُس لیں لیکن آپ نے ایسا نہ کیا تاکہ قریش یہ نہ سمجھ لیں کہ آپؐ نے صلح حدیبیہ کے عہد کو توڑ دیا ہے آپؐ نے ابو بصیر سے فرمایا جب میں اس کا خمُس[۱] لگاؤں گا تو قریش میرے بارے میں یہ خیال کریں گے کہ میں نے جن شرائط پر ان سے معاہدہ کیا تھا انہیں پورا نہیں کیا، لیکن تو اپنے ساتھی کے کپڑوں کے ساتھ جو کچھ کرنا چاہتا ہے کر لے۔ پھر آپ نے ابو بصیر کی شجاعت و بسالت پر اظہار تعجب کرتے ہوئے فرمایا اس کی ماں ہلاک ہو یہ جنگ کی آگ کو بھڑکانے والا ہے کاش اس کے ساتھ شجاع اور بہادر آدمی ہوتے[۲]

قریش کے خلاف انقلاب کا قلعہ

جب ابو بصیر کو پتہ چلا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے مدینہ میں قیام کی اجازت نہیں دیں گے تو اس کے ذہن میں ایک انقلابی بہادر مسلمان کا، جو دوبارہ شرک اور غلامی کی ذلت کو قبول کرنے سے انکار کرتا ہے، نظریہ چھا گیا اور اس نے اسی وقت اس نظریہ کا نفاذ کر دیا۔ اس نے مقتول مشرک کی تلوار کو اُٹھایا اور غنیمت میں حاصل ہونے والے اُونٹ پر بیٹھ گیا اور مغرب میں عیص کی طرف ساحل سمندر کو چل پڑا جہاں بکثرت دریائی جانور اور درختوں کی جھنگیاں ہوتی تھیں جن میں ایک انقلابی جس وقت چاہے چھُپ سکتا ہے، عیص کی جانب سے ابو بصیر کا مقصد یہ نہیں تھا کہ وہ وہاں اقامت کے لیے جگہ پسند کر کے لوگوں کی نظروں

---

[۱] یعنی آیت غنیمت پر عمل کرتے ہوئے خمُس لے لیں، (واعلموا انما غنمتم من شئ فان للّٰہ خمُسَہٗ وللرسول ولذی القربیٰ والیتامیٰ والمساکین وابن السبیل) الانفال، ۴۱ [۲] تاریخ طبری جلد ۲ ص ۶۳۹

نظروں سے پوشیدہ رہے بلکہ اس کا مقصد اس سے بہت ارفع و اعلیٰ تھا وہ یہ کہ وہ اپنی مشرک قوم کے خلاف بغاوت کا اعلان کر دے اور ان کے بڑے بڑے تجارتی قافلوں کے اس راستے پر غارت گری کرے جس کو ابو بصیر نے اپنے لیے بطور قلعہ کے پسند کیا تھا۔

پہلے انقلابی نے اپنے آپ کو آزاد کر لیا اور صلح حدیبیہ کی وجہ سے اس کا مسلمانوں کے ساتھ کوئی انتظامی تعلق نہ تھا اور وہ عیص میں اپنے قلعے سے قریش کے تجارتی قافلوں پر غارت گری کرنے لگا اور مشرکین کے ان قافلوں کے آدمیوں پر اچانک حملے کرنے لگا۔ اور جو مال یہ قافلوں والے لے جا رہے ہوتے وہ اس میں سے اپنی ضرورت کی چیزوں کو قبضے میں کر لیتا اور پھر عیص میں اپنے قلعے میں واپس آ جاتا، ابو بصیر چونکہ دلیر اور شجاع آدمی تھا اس نے قریش کو سخت خوفزدہ کر دیا مکہ والے اپنے قافلے کو شام کی طرف سخت پہرے میں بھیجتے مگر اس کے باوجود یہ قافلے پہلے دلیر انقلابی ابو بصیر کی دستبرد سے بچ نہ سکتے۔

عیص میں کمزور مسلمانوں کا پہلے انقلابی کے ساتھ شامل ہونا

جب قافلوں کے خلاف قریش اور خصوصاً اہل مکہ کے درمیان ابو بصیر کی انقلابی کاروائیوں کا چرچا ہونے لگا تو مکہ کے مشرکوں کے قید خانوں میں مقید کمزور مسلمانوں کی امیدیں پہلے انقلابی ابو بصیر سے مل کر ان قید خانوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے انگڑائیاں لینے لگیں، اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ابو بصیر کی جوانمردی اور شجاعت کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا (جب اس نے اپنے دونوں نگرانوں میں سے ایک کو قتل کر کے نجات پائی تھی) "اس کی ماں ہلاک ہو یہ جنگ کی آگ کو بھڑکانے والا ہے، کاش اس کے ساتھ بہادر آدمی ہوتے۔"

Marfat.com

ابوبصیر کے حق میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ان کلمات میں یہ صریح اشارہ پایا جاتا ہے کہ آپ ابوبصیر کی حربی کارروائیوں سے آگاہ تھے اور جب تک صلح حدیبیہ کا معاہدہ مسلمانوں اور قریش کے درمیان قائم رہا اور مکہ کے قید خانوں سے جو مقہور مسلم نوجوان نکل کر ابوبصیر کے ساتھ شامل ہوتے رہے اور انہوں نے غیر جانبداری کا موقف اختیار کیے رکھا، آپ نے انہیں ہرگز سیاسی پناہ کا حق نہیں دیا (اگر یہ تعبیر صحیح ہے) تو دوسری جانب جو وہ مشرکین کے خلاف فوجی کارروائیاں کرتے تھے آپ اس کے ہرگز ذمہ دار نہیں ہو سکتے تھے جب مکہ کے قید خانوں میں مقید قریشی نوجوانوں کو ابوبصیر کے قصہ کا علم ہوا اور اس کی شجاعت وبسالت کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حیرانگی کا پتہ چلا کہ آپ نے اس کے متعلق فرمایا ہے کہ "اس کی ماں ہلاک ہو وہ جنگ کی آگ کو بھڑکانے والا ہے کاش اس کے ساتھ بہادر آدمی ہوتے" اور یہ کہ ابوبصیر عیص میں، مشرکین مکہ کے خلاف براہِ راست مسلح کارروائی کرتا ہے تو ان نوجوانوں نے یکے بعد دیگرے مشرکین مکہ کے قید خانوں سے بھرپور جدوجہد کر کے رہائی حاصل کر لی جب کوئی شخص مشرک کے قید خانوں سے بھاگ کر رہائی حاصل کرتا تو وہ عیص میں پہلے انقلابی ابوبصیر کے ساتھ جا ملتا، ابھی چند ماہ بھی نہیں گزرنے تھے کہ ابوبصیر کے پاس ستر قریشی نوجوان اکٹھے ہو گئے جو سب کے سب مکہ کے جیل خانوں سے بھاگے تھے ان سب کا سردار ابوجندل بن سہیل بن عمرو تھا[1]

---

[1] اس کی کنیت ابوجندل ہے اور اس کا نام عبداللہ بن سہیل بن عمرو ہے، اصابہ میں ابن حجر نے اسے سابقین الاسلام میں سے قرار دیا ہے بدر میں یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر تھا کیونکہ یہ مشرکین کی فوج کے ساتھ آیا تھا پھر مسلمانوں کے ساتھ مل گیا اور پھر اس کے بعد قید ہو گیا اور اسے دین سے (باقی صفحہ ۵۹ پر)

عیص کے انقلابیوں کی تعداد میں تین سو کا اضافہ

عیص کے قریشی انقلابیوں میں غفار،

جہنیہ اور دیگر قبائل سے لوگ آملے یہاں تک کہ ان کی تعداد تین سو تک پہنچ گئی ان سب نے عیص کی پناہ گاہ کو اپنا مرکز بنالیا، باوجودیکہ ان کا دین اسلام تھا مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ان کے انتظامی تعلقات نہ تھے۔

انقلابیوں کا لیڈر ابوبصیر

جب عیص کے انقلابیوں کی تعداد تین سو جانبازوں تک پہنچ گئی تو انہوں نے اپنا معاملہ پہلے انقلابی ابوبصیر کے سپرد کر دیا اور اسے اپنا عمومی قائد منتخب کر لیا اور اس کے حکم کے مطابق عمل پیرا ہوتے تھے، ابوبصیر نے یہ ذمہ داری قبول کر لی اور مشرک قریشیوں کے خلاف انقلاب کی قیادت کے لیے ابوجندل بن سہیل بن عمرو کو اپنا نائب مقرر کیا پھر ابوبصیر نے ان انقلابیوں کی تنظیم کی اور ان میں سے حربی فوج اور منظم پارٹیاں بنائیں جو مشرکین مکہ کے ساتھ جماعتوں کی طرح مسلسل جنگ جاری رکھیں لہٰذا یہ پارٹیاں مسلسل مکہ سے شام جانے والے اور وہاں سے مکہ واپس آنے والے قافلوں کی نگرانی کرتی رہتی تھیں۔

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۸) برگشتہ کرنے کے لیے اذیتیں دی گئیں جب مکہ فتح ہوا تو اس نے اپنے باپ سہیل بن عمرو کے لیے امان طلب کی اس کا مفصل قصہ ہماری پانچویں کتاب صلح حدیبیہ میں بیان ہوا ہے، ابوجندل مخلص نوجوانان اسلام میں سے تھا اور خدمت اسلام میں فنا تھا، جنگ یمامہ میں ابوجندل نے شہادت پائی اس وقت اس کی عمر ۳۸ سال تھی، یہ خلیفہ اور ابن اسحاق کی روایت ہے۔

Marfat.com

قافلہ کے راستہ پر انقلابیوں کی نگرانی

عیص کے انقلابیوں نے مکہ اور شام کے راستہ کے درمیان اپنی نگرانی کو مضبوط کر لیا۔ مشرکین قریش میں سے جو بھی ان کے پاس سے گزرتا وہ اُسے قتل کر دیتے اور قریش کا جو قافلہ ان کے پاس سے گزرتا اس پر قبضہ کر لیتے یہاں تک کہ قریش کی تجارت کو جو ان کی غربت زدہ زندگی کا ستون تھی، تباہ کن ضرب لگی، جس سے مکہ کی اقتصادی حالت خراب ہوتی گئی اور غذائی ذخائر میں کمی واقع ہونے لگی یہاں تک کہ بھوک کے سائے اہل مکہ کو ڈرانے لگے، تجارت کے لیے تیار کیے ہوئے ان کے اکثر اموال، عیص کے مسلمان انقلابیوں کے ہاتھ لگ گئے جن کی قیادت وہ ابنائے مکہ کر رہے تھے جن کو انہوں نے قید کیا تھا اور اسلام کی اتباع کی وجہ سے اذیتیں دی تھیں۔

عیص کے انقلابیوں کے مقابل مدینہ کا موقف

قریشی قافلوں پر غارت گری کرنے والے ان انقلابیوں کے مقابل، مدینہ نے مکمل غیر جانب داری کا موقف اختیار کیا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح حدیبیہ کی پابندی میں اس بات کا التزام کیا کہ وہ مدینہ میں کسی قریشی کو اس کے اہل کی اجازت کے بغیر پناہ نہیں دیں گے خواہ وہ آدمی مسلمان ہی ہو آپ نے ابوبصیرؓ کو قریش کی طرف واپس لوٹا کر اور اُسے دو عامری نگرانوں کو سپرد کر کے اس شرط کی پوری پوری پابندی کی جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے یہاں تک کہ ابوبصیر اپنے نگرانوں سے بھاگ آیا اور ایک کو مدینہ سے باہر ہی قتل کر کے واپس آیا تو آپؐ نے اُسے مدینہ میں قیام کی اجازت نہیں دی کیونکہ ایسا کرنا معاہدہ حدیبیہ کی رُوح کے منافی تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ممکن ہی نہیں تھا کہ ان سے کوئی ایسا عمل سرزد ہو جو اس کو توڑ دے اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان فوجی کاروائیوں کے بھی

ذمہ دار نہیں تھے جو خود قریشی مسلمان یا ان کے سوا دوسرے لوگ کر رہے تھے جنہوں نے ہجرت نہیں کی تھی اور نہ ہی انہوں نے مدینہ کو اپنا گھر بنایا تھا اور وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بن گئے تھے آپؐ نے حدیبیہ میں قریش کو اپنے اور مدینہ میں رہنے والے اپنے اصحاب کے متعلق عہد دیا تھا، مگر وہ قریشی جو مشرکوں کے اہل میں سے ان کے خلاف انقلاب کے لیڈر بنے ہوئے تھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان کی حربی کارروائیوں کے ذمہ دار نہیں تھے جو وہ اپنے اہل کے خلاف کر رہے تھے۔

عیص میں انقلابیوں کی آزادی

عیص کے مسلمان انقلابی ابو بصیر اور اس کے نائب ابو جندل کی قیادت میں خود ہی اپنے حالات کا انتظام کرتے — ان کا مدینہ کے ساتھ صلح حدیبیہ کی وجہ سے کوئی انتظامی تعلق نہ تھا اس معاہدہ صلح کی پابندی مشرکین کی طرح مسلمان بھی کرتے تھے وہ یہ کہ طرفین میں سے کوئی بھی دوسرے کے خلاف دس سال تک کسی حربی کارروائیوں کی وجہ سے جو وہ قریش کے خلاف کر رہے تھے، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تعلق پیدا کرنے سے یا ان اموال کے متعلق جو وہ غنیمت کے طور پر حاصل کرتے تھے کبھی سوچا بھی نہیں تھا خصوصاً پہلے انقلابی ابو بصیر کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ آپؐ کا عامری مقتول کے کپڑوں اور اس کے اونٹ کو غنیمت قرار دے کر اس کا خمس لگانا معاہدہ صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی کرنا ہے یہی وجہ ہے کہ آپؐ نے اس کی بات کو قبول نہیں کیا۔

عیص کی آزاد حکومت

ہمارے لیے یہ کہنا ممکن ہے کہ عیص کے انقلابیوں نے اپنے لیے ایک ایسی حکومت بنائی جو آزاد حکومت کے مشابہ تھی، جس کی فوج کے تین سو آدمی ان کے قبیلے سے تعلق رکھتے تھے انہوں نے مکہ کے قریشیوں کی نیندیں حرام کر دیں اور انہیں خطرناک

Marfat.com

مالی اور جانی نقصان پہنچا کر ان کی تجارتی تحریک کو شل کر کے رکھ دیا اس کے ساتھ ساتھ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مدنی حکومت سے بھی کامل دوستی رکھتے تھے۔ مدینہ نے بھی دحکومت کی تدبیر کے بغیرا فوجی اور سیاسی طور پر عیص کے انقلابیوں کی سرگرمیو سے استفادہ کیا کیونکہ وہ ان انقلابیوں سے عقیدۃً ارتباط رکھتا تھا اور فی الواقع وہ انقلابی جب کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کفارِ مکہ سے وہ عہد پورا کر رہے تھے جسے آپ نے حدیبیہ میں ان کے ساتھ پختہ کیا تھا، مدینہ میں آئے اور پناہ حاصل کیے بغیر مسلمان ہی شمار ہوتے تھے مکہ کی قریشی چھاؤنی بے انتہا نقصان اٹھا چکی تھی اور خطرناک مالی اور جانی نقصانات کے بعد اس کی گھبراہٹ میں بہت اضافہ ہو چکا تھا۔

شرط کا وبال اہل مکہ پر

حدیبیہ کی تاریخی صلح کے مقدمات اور اس صلح نے جو مسلسل عناد اور ناراضگی پیدا کی جس کا اظہار مذاکرات میں قریشی جانب سے ہوا، اس کی طرف، اور اس صلح کی شرائط کی طرف رجوع کرتے ہوئے، جس کی پختگی کی تکمیل ہجرت کے پانچویں سال مسلمانوں اور مشرکین قریش کے درمیان ہوئی تھی، ہم قریش کو ایک شرط کے لکھانے پر مصر پاتے ہیں انہوں نے اس شرط کو اپنی فتح خیال کیا اور مسلمانوں نے حضور علیہ السلام کے اس شرط کے قبول کرنے کو اپنی عزت کے خلاف خیال کیا جس کی وجہ سے وہ بہت مغموم ہوئے اور انہوں نے صلح کے متعلق شدید معارضہ کیا مگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے برعکس اس شرط کو قبول کر لیا جس کی وجہ سے مسلمانوں پر یہ پابندی لازم آتی تھی کہ اگر کوئی قریشی ان کے پاس مدینہ میں آئے تو وہ نہ اُسے قبول کریں اور نہ اُسے پناہ دیں اور اُسے مشرک اہل کی طرف لوٹا دیں خواہ وہ مسلمان ہو کر ہی آیا ہو اس بنیاد اور اس فقرہ کے بموجب حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

ابوبصیر کو، جب وہ مکہ کے شرک کے قید خانوں سے بھاگ کر اور مسلمان ہو کر مدینہ آیا تو آپ نے اُسے وہاں قیام کی اجازت نہیں دی بلکہ جب قریش نے اس کی تلاش میں آدمی بھیجے تو آپ نے اُسے واپس کر دیا مگر اُس نے اپنے ایک نگران کو قتل کر دیا (جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے) پھر جب دوبارہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے مدینہ میں پناہ دینے سے انکار کیا تو وہ اپنے مشرک اہل کے خلاف عیص میں ایک انقلابی بن گیا اور مکہ کے قید خانوں میں جو کمزور مسلمان قید تھے وہ اس کے ساتھ مل گئے، اس موقع پر قریش کے لیڈروں کو سمجھ آئی کہ یہ شرط ان کے جاہلی تکبر و عناد نے لکھوائی تھی اور انہوں نے اسے صلح حدیبیہ کی شرائط کے ضمن میں داخل کر دیا تھا[1]۔ اس شرط نے ان کو ناخوشگوار عواقب سے دوچار کیا، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس شرط کی پابندی کرنا اور اس کی تنفیذ کرنا، مشرکین مکہ کے خلاف مسلح انقلاب کی آگ کو باہر لانے کا سبب بن گیا، جسے عیص میں خود قریش کے مسلمان نوجوان بپا کیے ہوئے تھے اور جن لوگوں کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں پناہ دینے سے انکار کیا اور اعلان کر دیا کہ قریش میں سے جو شخص ان کے پاس آئے گا وہ اُسے اس شرط پر عمل کرتے ہوئے واپس کر دیں گے، جسے قریش نے حدیبیہ میں لکھایا تھا اور آپ نے سے قبول کیا تھا تو مکہ کے قید خانوں سے بھاگنے کے بعد، یہ کمزور مسلمان مجبور ہوئے کہ وہ کسی ایسی جگہ میں پناہ لیں جو انھیں دوبارہ اُن مشرکین کے تسلط میں آنے سے بچائے جنہوں نے انہیں اذیتیں دی تھیں اور دین اسلام کی اتباع کرنے اور بت پرستی چھوڑنے کی وجہ سے ان کی اہانت کی تھی۔

---

[1] اس صلح کی شرائط اور فقرات کو ہمارے اس سلسلہ کی پانچویں کتاب "صلح حدیبیہ" میں دیکھیے۔

عیص کے انقلاب کے متعلق قریش کی پارلیمنٹ کی تحقیق

جب مشرکین مکہ کے خلاف عیص کے انقلابیوں کی کاروائیاں بڑھ گیئں تو مکہ کی پارلیمنٹ نے ایک اجلاس منعقد کیا جس میں اس کمزور پوزیشن کا مطالعہ کیا گیا جس سے ان کے خلاف عیص کا انقلاب بپا ہوا تھا انہوں نے اس بحث و مشاورت میں اس مسلح انقلاب کی مشکل کو بھی حل کرنے کی کوشش کی مگر تمام راہیں مسدود پائیں، یہ انقلاب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حکومت کے دائرہ میں نہ آتا تھا کہ قریش اس کی ذمہ داری آپ پر ڈال دیں اور صلح حدیبیہ کی شرائط کی روشنی میں آپؐ سے اُسے روکنے کا مطالبہ کریں بلکہ اس انقلاب کے شعلے مشرکین مکہ کے خلاف صرف انہی کی ایک شرط کی وجہ سے بھڑکے تھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کی اس شرط کو پورا کرتے ہوئے ان نوجوانوں کو قبول کرنے اور انہیں مدینہ میں پناہ دینے سے انکار کر دیا حالانکہ وہ مسلمان تھے اور انہوں نے مکہ سے اپنے دین سمیت بھاگ کر ہجرت کی تھی، اور قریش کے بس میں نہ تھا کہ وہ ان انقلابیوں کے انقلاب کا قلع قمع کرنے کے لیے عیص میں اپنے بیٹوں کو بھیجیں، تو پھر کیا ہوگا؟ دارالندوہ میں قریش کے زعماء نے اس معاملہ پر بار بار غور کیا اور اس امر پر متفق ہو گئے کہ جن عظیم مصائب کو وہ برداشت کر رہے ہیں ان کا سبب صرف اور صرف وہ ظالم شرط ہے جسے ان کے جاہلی تکبر نے لکھوایا تھا اور انہوں نے اصرار کیا تھا کہ اسے صلح حدیبیہ کی شرائط کے ضمن میں لکھا جائے یعنی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے یہ پابندی عائد کی تھی کہ اگر ان کے پاس قریش کا کوئی بچہ مدینہ آئے تو وہ نہ اُسے قبول کریں اور نہ اُسے پناہ دیں اور وہ ان کے طلب کرنے پر اُسے واپس کر دیں خواہ وہ مسلمان ہی کیوں نہ ہو۔

قریش کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے التماس کرنا کہ اس شرط کو باطل قرار دیا جائے جس پر انہوں نے اصرار کیا تھا

انہوں نے بالاتفاق یہ فیصلہ کیا کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ التماس کریں کہ وہ ان پر مہربانی کرتے ہوئے معاہدہ حدیبیہ کی آٹھویں شرط کے باطل قرار دینے کو قبول فرمالیں جسے انہوں نے ازرہ عناد معاہدہ میں درج کرواتے پر اصرار کیا تھا کہ مدینہ میں ان کے بیٹوں کو خواہ وہ مسلمان ہو کر آئیں پناہ نہ دی جائے اور انہوں نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رحم کی اپیل کریں کہ وہ عیص کے انقلابیوں سے مطالبہ کریں کہ وہ اپنے ساحلی مقامات کو چھوڑ کر مدینہ واپس آ جائیں اس لیے کہ ان کے سرکش بچوں نے ان کے خلاف جو انقلاب برپا کیا تھا اُسے روکنے کی یہی ایک سبیل تھی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان انقلابیوں کو مدینہ بلالیں۔

قریش کا پیغامبر ابوسفیان مدینہ میں

مکہ کی پارلیمنٹ کے فیصلہ کے مطابق قریشی قبائل کے زعماء نے اس امر پہ اتفاق کیا کہ وہ ایک خط لکھیں اور اپنے میں سے ایک بڑے آدمی کو وہ خط دے کر مدینہ بھجوائیں تاکہ وہ اُسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچا دے یہ نمائندگی ابوسفیان بن حرب بنے کی وہ قریش کے اس خط کو لے کر مدینہ گیا جو اس اُمید پہ مشتمل تھا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم عیص کے انقلابیوں کو مدینہ بلالیں۔ اور وہ اپنے ساحلی مقامات کو چھوڑ دیں، اس خط میں یہ بات بھی درج تھی کہ قریش اس تکلیف دہ شرط کے ساقط کرنے کو قبول کرتے ہیں جو ان کے عناد اور نخوت کا منہ بولتا ثبوت تھی۔

اس خط میں قریش نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کرتے ہوئے یہ

Marfat.com

اس غفلت کو دُور کر دیا جو وہ ایذا دینے والے مشرکین کے ساتھ رکھتے تھے ان مشرکین نے مکہ کے قید خانوں اور پناہ گاہوں میں انہیں بڑی طرح اذیتیں دیں کہ انہوں نے شرک پر توحید کو فضیلت دی تھی اس طرح مشرکین مکہ نے اپنے جبر و تشدد کے پھل، شر اور مصیبت کی صورت میں چکھے اور صابر مومنوں نے اپنے صبر و احتساب کا پھل دنیاوی عزت اور اخروی فلاح کی صورت میں چنا، اور یہ پھل انہیں اللہ تعالیٰ کے فضل پھر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اوامر کی اطاعت اور پاک وصاف عقیدہ توحید کی حفاظت کے لیے مصائب پر صبر کرنے کے نتیجہ میں ملا۔

مسلمان، مہاجر کمزور عورتوں کی شان

فتح مکہ سے قبل اور اس تاریخ میں جس کی ہم حد بندی نہیں کر سکتے، لیکن صلح حدیبیہ کے بعد اور فتح مکہ سے قبل اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ قانون نازل ہوا کہ مسلمان عورت اور اس کے کافر خاوند کے درمیان تفریق کر دی جائے اور یہ حکم بھی نازل ہوا کہ مسلمان عورت اور کافر مرد کے درمیان خواہ وہ کسی بھی خاندان سے تعلق رکھتا ہو، نکاح کو حرام قرار دیا گیا ہے۔

حدیبیہ کے بعد، عورتوں کی ہجرت

اس ہجرت کی وجہ یہ ہوئی کہ اُم کلثوم[1] بنت عقبہ بن ابی معیط مکہ میں مسلمان ہوگئی

---

[1] ام کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط اموی تھیں ان کی ماں اروی بنت کریز ابن ربیعہ بن حبیب بن عبد شمس تھی یہ حضرت عثمان رضؓ کی ماں جائی بہن تھی اور مومن عورتوں میں سے بڑی شریف راسخ الایمان اور سابقۃ الاسلام تھی اور یہ عجیب بات ہے کہ اس کا باپ رؤسائے کفر میں سے تھا اور جو لوگ ہجرت سے قبل آزمائش کے دنوں میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حد سے بڑھ کر اذیتیں دیا کرتے تھے ان میں وہ بھی شامل تھا، ام کلثوم کا باپ

(باقی صفحہ پر)

Marfat.com

داس نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے قبل
پ کی بیعت کر لی وہ بڑی صاحب کمال عورت تھی اس کے برعکس اس کا باپ قتل
ہونے تک کفر کے سرداروں میں سے تھا جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح
حدیبیہ کا معاہدہ کیا اور اس صلح کے بعد قریش کی جانب سے امن ہوا تو اس ام کلثوم نے
مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کی، صلح حدیبیہ کے بعد ہجرت کرنے والی یہ پہلی عورت ہے
اور ام کلثوم حضرت عثمانؓ بن عفان کی ماں جائی بہن ہے یہ نوجوان صالح عورت

(بقیہ حاشیہ صف) جنگ بدر میں قید ہوا اور مدینہ کے راستہ میں جنگی مجرم کی طرح
اس کو مارنے کا فیصلہ ہوا، ام کلثوم نے شادی سے قبل نوجوانی میں مدینہ کی طرف ہجرت
کی اور پاپیادہ گئی صحیحین اور سنن ثلاثہ میں اس کی احادیث موجود ہیں، مدینہ میں زید بن حارثہ
نے اس سے شادی کی، اس کی فوتیدگی کے بعد زبیرؓ بن العوام نے اس کو اپنی زوجیت میں
لے لیا پھر چھوڑ دیا تو عبدالرحمٰنؓ بن عوف نے اس سے شادی کرلی تو اس کے ہاں ابراہیم
اور حمید پیدا ہوئے عبدالرحمٰن کے مرنے کے بعد عمروؓ بن العاص نے اس سے شادی کی
ابھی وہ ان کے حبالۂ عقد میں تھی کہ عمرو کی وفات ہوگئی، ابن سعد کہتا ہے کہ حضرت
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہجرت کرنے کے بعد یہ ہجرت کرنے والی پہلی عورت ہے
اور ہم قریشی والدین کی کسی لڑکی کو نہیں جانتے جس نے ام کلثوم کے سوا، خدا
اور رسول کی طرف ہجرت کی ہو۔

؎ عقبہ بن ابی معیط بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف جنگ بدر کے
روز مشرک ہونے کی حالت میں قید ہوا یہ ان دو قیدیوں میں سے تھا جن کو مار دینے کا
حکم ہوا تھا اس کی تفصیل ہماری کتاب "غزوہ بدر الکبریٰ" میں بیان ہوچکی ہے۔

Marfat.com

تو تو صرف ایک اُنگلی ہے جو زخمی ہوئی ہے اور جو تکلیف تجھے پہنچی ہے وہ اللہ کے راستے میں پہنچی ہے ؎۱

زیادہ سے زیادہ انکشافِ حقیقت

عیص میں کمزور انقلابیوں کو جو قوت و شوکت حاصل ہو چکی تھی اس نے کفار قریش کی نیندوں کو حرام کر دیا تھا اور انہوں نے نہایت ذلت کے ساتھ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رحم کی اپیل کرتے اور واسطے ڈالتے ہوئے یہ استدعا کی تھی کہ آپ اس شرط کو ساقط قرار دے دیں جو حدیبیہ میں انہوں نے تکبر و نخوت سے لکھوائی تھی اس شرط کی وجہ سے ان کا قافیہ بہت تنگ ہو گیا تھا اور انہیں اس صلح سے شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑا ۔ عیص کے انقلابیوں نے بُت پرستی کے طوفان کے خلاف بہت اچھے فوائد حاصل کیے ، جس سے بُت پرستی ذلیل ہو کر جُھک گئی اور اس کے محافظوں نے جس شرط کو کبر و نخوت اور لوگوں کو دکھاوے کے لیے حدیبیہ میں لکھوایا تھا اُسے باطل قرار دینے کی استدعا کی ، حقائق زیادہ سے زیادہ ظاہر ہونے لگے ۔ اور صحابہ پر بھی یہ بات منکشف ہو گئی کہ حضور علیہ السلام نے جو اس شرط کو قبول کیا تھا تو آپ کا فہم اس حد تک پہنچا ہوا تھا ، ہمارے حواس جس کی حدود کو سمجھنے سے قاصر تھے اور ان لوگوں کے یقین میں اضافہ ہو گیا کہ حدیبیہ کے روز ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو مان لینا اس سے بہتر تھا جس کو وہ پسند کرتے تھے کہ قریش کی اس شرط کو نہ مانا جائے اگر حدیبیہ کے معاہدۂ صلح میں قریش اس شرط کو برقرار رکھنے پر اصرار نہ کرتے تو عیص میں کمزوروں کا انقلاب برپا نہ ہوتا اور ان بہادر انقلابیوں نے قریشی چھاؤنی کو جس خطرناک مالی اور جانی نقصانات سے دوچار کر دیا تھا یہ انقلاب مدینہ میں رہنے والے مسلمانوں

؎۱ مغازی الواقدی ج ۲ ص۶۲۹

Marfat.com

کے لیے بہت فائدہ مند ثابت ہوا انہوں نے بغیر اس میں شامل ہوئے اور بغیر کوئی اہتمام لیے اس سے بہت فائدہ حاصل کیا کیونکہ صلح حدیبیہ میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شرائط قبول کی تھیں انہوں نے ان میں ابتری ڈال دی۔

انقلاب کے نائب قائد ابوجندل بن سہیل بن عمرو اور اس کے مسلمان قریشی بھائیوں کی آنکھیں ٹھنڈی ہوگئیں عیص میں ان کے انقلاب نے وہ فوائد حاصل کیے جن سے انہوں نے ظالم مشرکوں سے اپنے دین اور اپنی جانوں کا بدلہ لے لیا، ابوجندل اور اس کے ساتھی سربلند ہوکر عیص سے مدینہ آئے مجھے یوں محسوس ہوتا ہے کہ میں ابوجندل کو شاداں وفرحاں مدینہ میں داخل ہوتے دیکھ رہا ہوں اور وہ حدیبیہ کی دردناک یادوں کو بیان کر رہا ہے اور خاص کر اس بات کا تذکرہ کر رہا ہے جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوہے کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے اُسے اپنے مشرک باپ کی طرف واپس کرتے ہوئے کہی تھی جو آپ نے مشرکین سے کیا تھا آپؐ نے فرمایا تھا • ہمارے اور ان لوگوں کے درمیان صلح ہوئی ہے اور ہمارا باہمی معاہدہ ہوا ہے:-

> ہم ان سے خیانت نہیں کرسکتے ابوجندل صبر سے کام لو، اور جان لو کہ اللہ تعالےٰ تیرے اور تیرے کمزور ساتھیوں کے لیے فراخی اور رہائی کا راستہ بنانے والا ہے۔

پس یہ ہے وہ صابر، مومن اور نوجوان ابوجندل جس نے حدیبیہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کیے ہوئے وعدے کو حقیقت واقعی کی شکل میں دیکھا، اور اللہ تعالےٰ نے ابوجندل اور اس کے مظلوم نوجوان ساتھیوں کے لیے رہائی کی سبیل پیدا فرمادی اور دیکھو یہ ہیں وہ لوگ، جو مکہ کے قیدخانوں سے نجات حاصل کرنے کے بعد، شاداں وفرحاں عیص سے مدینہ آرہے ہیں، انہیں اپنی عظیم اسلامی سوسائٹی میں شمولیت کی اجازت مل گئی ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں سے

بات بھی کہی کہ وہ آپ سے مہربانی اور رحم کے طلب گار ہیں نیز ہم نے شرائط صلح میں سے اس شرط کو ساقط کر دیا ہے لہٰذا جو کوئی قریشی مسلمانوں میں سے آپ کے پاس آئے آپ اُسے بغیر کسی تنگی کے اپنے پاس رکھیں وہ امن میں ہوگا ، عیص کے انقلابیوں نے ہم پر وہ دروازہ کھول دیا ہے جس کا برقرار رہنا ٹھیک نہیں ؎۱ ہم آپ کو رشتوں کا واسطہ دیتے ہیں کہ ان کو پناہ دیں ۔ ہمیں ان کی ضرورت نہیں ؎۲

انقلاب کی انتہا اور انقلابیوں کا مدینہ کی طرف آنا

جب ابوسفیان نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی قوم کا خط دیا اور آپ اس کے مضمون سے آگاہ ہوئے تو آپ اپنی اس قوم کی اُمید کو قبول کرنے میں بالکل متردد نہیں ہوئے جس نے آپ سے رحم کی اپیل کی تھی اور نہ ہی آپ نے تکلیف محسوس کی اور نہ ہی قوم کے رحم طلب کرنے کے مقابلہ میں کسی تشدد کا اظہار کیا جب کہ اس کے برعکس عیص کے انقلابیوں کا اپنی پناہ گاہوں میں رہنا ان قریشیوں کے لیے خطرناک مالی اور جانی نقصان کا سبب بن رہا تھا جنہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کو اذیت دینے کا کوئی طریقہ نہیں چھوڑا تھا ، مگر کینے اس شخص کے دل میں کیسے راہ پا سکتے ہیں جسے اللہ تعالیٰ نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہو جس کا مقصد ، اپنی قوم کو ہدایت دینا اور اُسے گمراہی سے بچانا ہو نہ کہ انھیں عذاب دینا ، کیا یہ وہی ہادی برحق نہیں ہے جو مکہ میں اپنی قوم کے ہاتھوں سخت آزمائش میں بھی کہتا تھا کہ ” اے اللہ میری قوم کو ہدایت دے کہ وہ نہیں جانتے ۔“

؎۱ سیرت حلبیہ ج ۲ ص ۱۵۱

؎۲ سیرت ابن ہشام ج ۲ ص ۳۲۴

Marfat.com

درگزر کرنے کی رُوح کے مطابق اور کینہ پروری سے کنارہ کشی کرتے ہوئے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی قوم کی اُمید کو قبول کیا اور انقلابیوں کے لیڈر ابوبصیر اور اس کے نائب ابوجندل کو عیص میں لکھا کہ وہ دونوں اپنی جگہوں کو چھوڑ دیں اور اپنے آدمیوں سمیت دونوں میرے پاس مدینہ میں آجائیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکتوب گرامی پڑھتے ہوئے انقلابی لیڈر کی وفات

کہتے ہیں جب انقلابی لیڈر ابوبصیر کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ خط موصول ہوا تو اس وقت وہ مرض کی وجہ سے حالت نزع میں تھا اس نے خط کھول کر پڑھنا شروع کیا تو اس کی رُوح پاک کے اس خال میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط اس کے ہاتھ میں تھا اللہ کے حضور حاضر ہوگئی معلوم ہوتا ہے کہ خط پڑھنے سے قبل ہی اس کی وفات ہوگئی تو اس کے نائب ابوجندل نے وہ خط لے کر پڑھا پھر تمام انقلابی عیص کی پناہ گاہ میں اس پہلے بہادر انقلابی کو دفن کرنے کی تیاری کرنے لگے اس کے بعد ابوجندل نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تنفیذ کی ذمہ داری لے لی اور اس نے مشرکین مکہ کے خلاف مسلح کارروائیوں کو روک دینے کا حکم دے دیا اور اپنی فوج کو یہ پیغام دیا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہی منشا ہے، سب نے حکم کی اطاعت کی پھر ابوجندل قریشی نوجوانوں کے ساتھ جو ستر کی تعداد میں تھے مدینہ میں آیا اس دوران میں بعض غیر قریشی انقلابیوں نے اپنے اپنے صحرائی ٹھکانوں کو واپس جانے کا فیصلہ کر لیا، عیص کے نوجوان انقلابیوں میں ولید بن ولید مخزومی، حضرت خالد بن ولید کا بھائی بھی شامل تھا جو مدینہ پہنچتے ہی ایک زخم کے سبب وفات پاگیا، وہ پتھریلی زمین میں پھسل کر گرا تھا تو اس کی اُنگلی کٹ گئی تھی تب اس نے اپنا پاؤں باندھ کر یہ شعر پڑھا:۔

Marfat.com

صلح حدیبیہ کی اس شرط کے مفہوم سے بھی آشنا تھی جس میں صراحت سے یہ بات موجود تھی کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے کسی بچے کو، خواہ وہ مسلمان ہو کر آئے مدینہ میں پناہ نہ دینے کی پابندی کریں گے سوائے اس کے کہ اس کے اہل اُسے اجازت دے دیں ام کلثوم کو یہ خدشہ ہوا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کہیں اس شرط کی پابندی کرتے ہوئے اُسے مشرکین کی طرف واپس ہی نہ کر دیں اس نے اپنے اس خدشے کا اظہار ام المومنین حضرت ام سلمہ سے کیا کیونکہ وہ مکہ سے اپنے دین کو لے کر بھاگی تھی، جب حضرت ام سلمہؓ نے حضور علیہ السلام کے پاس اس کا قصہ بیان کیا تو آپ نے اُسے تسلی دی۔

ایمان دل پر کیسے اثر انداز ہوتا ہے

نوجوان اُم کلثوم کا قصہ اور اللہ اور اس کے رسول ؐ کی طرف اس کی ہجرت اور اس راہ میں اس کا مصائب وخطرات کو برداشت کرنا اور تنہا ہجرت کا عزم کرنا اور تین سو میل سے زیادہ پا پیادہ سفر کرنا جب کہ راستے میں خطرات بھی تھے اور وہ ایک کمزور عورت تھی (اور تمام عورتیں طبعی طور پر کمزور ہوتی ہیں) فی الواقعہ ایک اشتیاق انگیز قصہ ہے اس میں اس مجسم قربانی کا بیان ہے جو دل میں راسخ عقیدہ کی حفاظت کے لیے خطرات پر سوار ہو کر کی جاتی ہے جو عقیدہ اپنے رب کے نور سے چمک اُٹھتا ہے اور اپنے حلقہ بگوشں کو ایک نئی مخلوق بنا دیتا ہے، یہ نوجوان لڑکی جو ابھی نو عمر تھی، جب اسلام نے اس کے دل کو مس کیا اور عقیدہ صافیہ اس کے دل میں راسخ ہوگیا تو وہ اپنے اہل وعیال اور وطن کو فراموش کر بیٹھی اور اُسے دار الکفر کو چھوڑنے اور مدینہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملنے کے سوا، کوئی غم دامن گیر نہ تھا، اُسے اپنے عقیدہ کی حفاظت کا شوق تھا جیسے کہ اس نے مدینہ پہنچ کر اس کی صراحت کی ہے وہ اس بات سے خائف تھی کہ اگر اذیتوں کا سلسلہ دراز ہوگیا تو وہ اپنی کمزوری کی وجہ سے فتنہ میں پڑ کر اسلام کو نہ چھوڑ بیٹھے، اُسے اسلام

Marfat.com

چھوڑنے سے، مرجانا آسان معلوم ہوتا تھا یہی وجہ ہے کہ اس نے مکہ کو چھوڑا اور تنہا پا پیادہ مدینہ جانے کا فیصلہ کر لیا اور عملاً ہجرت میں مشغول ہو گئی جب مناسب وقت پر اس نے مکہ کو چھوڑا تو وہ مصمم ارادہ کیے ہوئے تھی کہ وہ اس طویل و بعید راستہ کو جو عظیم خطرات سے گھرا ہوا تھا یکہ و تنہا طے کرے گی اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے ایک دلیر، شریف اور کریم خاندانی آدمی کو مقدر کر دیا جس جیسے مرد کم ہی ہوتے ہیں، نہ یہ اُسے جانتی تھی اور نہ وہ اسے جانتا تھا مگر وہ اس کے لیے ایک بہترین محافظ بن گیا اور اُسے مدینہ پہنچا کر بغیر اس کے کہ یہ اس کے نام سے آگاہ ہو، واپس اس مقام پر آ گیا جہاں سے چلا تھا یہ آدمی خزاعہ قبیلہ سے تعلق رکھتا تھا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف تھے اس نیک، صالح اور راست باز خاتون کی ہجرت کے قصہ میں عقیدہ پر ثابت قدمی کے بہت سے سبق موجود ہیں اور خزاعی مرد کے قصہ میں دلیری، شرافت اور افعال حسنہ پر اُبھارنے والی بات پائی جاتی ہے جس سے مردانگی کے راستوں میں روشنی حاصل کی جا سکتی ہے ہم اس قصہ کو واقدی کی روایت کے مطابق مکمل طور پر بیان کرتے ہیں۔

صلح حدیبیہ کے بعد ہجرت کرنے والی پہلی مسلم خاتون

واقدی کا بیان ہے مؤرخین کہتے ہیں کہ ہم اُمّ کلثوم بنت عقبہ بن ابی معیط کے سوا، کسی مسلمان قریشی خاتون کو نہیں جانتے جس نے اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کی ہو وہ خود بیان کرتی ہے کہ ہمارا ایک جنگل تھا جہاں میرے رشتہ دار مقیم تھے، میں وہاں تین تین چار چار دن رہا کرتی تھی، یہ جنگل تنعیم یا حصاص کی جانب تھا پھر میں اپنے گھر والوں کے پاس واپس آ جایا کرتی تھی۔ وہ میرے جانے پر بُرا نہ مناتے تھے یہاں تک کہ میں نے ایک دن سفر ہجرت کی نیت کر لی، پس میں ایک روز مکہ سے نکلی گویا میں اس جنگل میں جانا چاہتی

Marfat.com

موضوعات پر حاوی تھا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُم کلثوم قرشیہ کی شادی زید بن حارثہ سے کر دی۔

مشرک عورتوں کو طلاق

اس قانون کے نزول سے قبل بعض صحابہ نے مشرک عورتوں سے شادی کی ہوئی تھی جو مکہ میں مقیم تھیں اس قانون کے نازل ہونے کے بعد اس نکاح کا فسخ ہو جانا واجب ہو گیا اور مسلمان مرد اور مشرکہ عورت کے درمیان کوئی قانونی جواز باقی نہ رہا، تمام مسلمان مردوں نے اپنی مشرکہ بیویوں کو طلاقیں دے دیں، ان صحابہ میں حضرت عمرؓ بن خطاب بھی تھے آپ نے اپنی دو بیویوں کو طلاق دے دی۔

اُم کلثوم بنت جرول الخزاعیہ ام عبید اللہ بن عمرؓ کے ساتھ ابو جہم بن حذیفہ بن غانم نے شادی کر لی یہ دونوں مشرک تھے، اور قریبہ بنت ابی امیہ بن المغیرہ سے اسلام قبول کرنے سے قبل، حضرت معاویہ بن ابی سفیان نے شادی کی۔

کتابی عورتوں سے شادی

اس قانون پہ عملدرآمد ہوتا رہا اور کسی مسلمان عورت کا کسی کافر مرد سے شادی کرنا ابد الآباد کے لیے حرام ہو گیا خواہ وہ کسی بھی قبیلے سے تعلق رکھتی ہو، اسی طرح کسی مسلمان مرد کا غیر مسلم عورت سے سوائے کتابیہ عورت کے شادی کرنا حرام ہو گیا (کتابیہ سے یہودیہ یا نصرانیہ عورت مراد ہے) ایک دوسری آیت میں اس تحریم عالم کی تخصیص کر دی گئی ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

الیوم احل لکم الطیبات وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم وطعامکم حل لھم والمحصنات من المومنات والمحصنات من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم اذا اتیتموھن اُجورھن محصنین غیر مسافحین ولا متخذی اخدان ؕ [1] (ترجمہ: آج تمہارے

---

[1] المائدہ آیت ۶

لیے حلال چیزیں حلال کی گئیں اور جو لوگ کتاب دیے گئے ہیں ان کا ذبیحہ تم کو حلال ہے اور تمہارا ذبیحہ ان کو حلال ہے اور پارسا عورتیں بھی جو مسلمان ہوں اور پارسا عورتیں ان لوگوں میں سے بھی جو تم سے پہلے کتاب دیے گئے ہیں جب کہ تم ان کو معاوضہ دے دو اس طرح سے کہ تم بیوی بناؤ نہ تو علانیہ بدکاری کرو اور نہ خفیہ آشنائی کرو۔

Marfat.com

انہیں مشرک خاوندوں کے ساتھ ملا کر رکھیں یہ بات جدید قانون کے مطابق حرام ہے کہ کوئی مشرک کسی مسلمان عورت سے نکاح کرے یا کوئی مسلمان کسی مشرکہ سے نکاح کرے، ام کلثوم کی ہجرت کے بعد جو آیت قرآنی نازل ہوئی اس نے اُم کلثوم کی مشکل کو حل کر دیا اور وہ یہ ہے: یا ایها الذین امنوا اذا جاءکم المومنات مهاجرات فامتحنوهن ط الله اعلم بایمانهن ج فان علمتموهن مومنات فلا ترجعوهن الی الکفار ط لاهن حل لهم ولا هم یحلون لهن ط [1] (ترجمہ: اے ایمان والو! جب تمہارے پاس مسلمان عورتیں ہجرت کر کے آئیں تو تم ان کا امتحان کر لیا کرو، ان کے ایمان کو اللہ ہی خوب جانتا ہے، پس اگر ان کو مسلمان سمجھو تو ان کو کفار کی طرف مت واپس کرو، نہ تو وہ عورتیں ان کافروں کے لیے حلال ہیں اور نہ ہی وہ کافر ان عورتوں کے لیے حلال ہیں"

عورتوں کے معاملہ میں قریش کے ساتھ باہمی رضامندی

اس جدید قانون کے نزول کے علاوہ قرآن نے اہل مکہ کے ہر مشرک مرد کو، جس کی مسلمان بیوی اُسے چھوڑ کر ہجرت کر گئی ہو، راضی کرنے کا حکم دیا کہ حکومت صلح حدیبیہ کے قیام کی وجہ سے وہ تمام اخراجات اُسے واپس کرے جو اس نے اپنی بیوی کے مہر میں، جو اسلام کے جدید قانون کے تحت مطلقہ ہو کر اس پر حرام ہو گئی ہے، برداشت کیے ہیں اللہ تعالیٰ اس باہمی رضامندی کے متعلق فرماتا ہے: واتوهم ما انفقوا ط ولا جناح علیکم ان تنکحوهن اذا اتیتموهن اجورهن ط [2] (ترجمہ: اور ان کافروں نے جو کچھ خرچ کیا ہو وہ ان کو ادا کر دو اور تم کو ان عورتوں سے نکاح کر لینے میں کچھ گناہ نہ ہوگا جب کہ تم ان کے مہران کو دے دو)

---

[1] الممتحنہ، ۱۰ [2] الممتحنہ، ۱۰

اور جدید قانون کے ضمن میں جو سورہ ممتحنہ میں بیان ہوا ہے، اللہ تعالیٰ نے ہر مسلمان پر ہر اس بیوی کو حرام قرار دے دیا ہے جو اپنے شرک پر قائم ہے جس طرح اس نے کسی بھی مشرکہ عورت سے شادی کرنے کو حرام قرار دیا ہے فرماتا ہے۔ ولا تمسکوا بعصم الکوافر[1] (ترجمہ: اور تم کافر عورتوں کے تعلقات کو باقی مت رکھو)

قریش عورتوں کے واپس نہ کرنے پر کیسے رضامند ہوئے | مؤرخین نے بیان کیا ہے

کہ اس نئے قانون کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ام کلثوم کے دونوں بھائیوں عمارہ اور ولید کو اس جدید ضابطے کی اطلاع دی اور صلح حدیبیہ میں شامل مشرکین کی بیویوں کو عوضانہ دینے کے بارے میں جو حکم نازل ہوا اس کے متعلق بھی بتایا وہ دونوں مکہ گئے اور قریش کو اس بات کی اطلاع دی انہوں نے اس برابری کو قبول کر لیا اور اس حکم سے راضی ہوجانے کے بعد وہ عورتوں کی واپسی کے مطالبہ سے دست بردار ہو گئے۔

اُم کلثوم کے قصہ پر ابھی تھوڑے ہفتے ہی گزرے تھے کہ خود قریش رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بتلانے آئے کہ وہ قریشی بچوں کی واپسی کی اس شرط سے بھی دست بردار ہوتے ہیں جو معاہدہ میں شامل تھی۔

یہ عیص میں کمزور قریشی مسلمانوں کی مسلح کارروائیوں کا پھیلا ہوا اثر تھا، اس کے بعد اہل مکہ کی طرف ان کے مردوں اور عورتوں کو واپس نہ کرنے پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے ملزم نہیں بن سکتے تھے اور اُم کلثوم (جس کی وجہ سے یہ قانون نازل ہوا) ابھی تک شادی شدہ نہ تھی لیکن یہ قانون عام تھا اور کئی۔

---

[1] الممتحنہ، ۱۰

Marfat.com

ہوں جہاں جا کر میں رہا کرتی تھی جب وہ شخص جو میرے پیچھے پیچھے آ رہا تھا واپس لوٹ گیا تو میں نکل کر ایک راستہ پر پہنچی کیا دیکھتی ہوں کہ خزاعہ قبیلہ کا ایک آدمی سامنے کھڑا ہے اس نے مجھ سے دریافت کیا تو کہاں جانا چاہتی ہے؟ میں نے جواب دیا مجھے کوئی اپنی منزل ہے تو کیوں پوچھتا ہے اور تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا میں خزاعہ قبیلہ سے تعلق رکھتا ہوں جب اس نے خزاعہ کا ذکر کیا تو مجھے تسلی ہوئی کیونکہ خزاعہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدہ میں شامل تھا، میں نے کہا میں ایک قریشی عورت ہوں اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنا چاہتی ہوں اور مجھے راستے کا کوئی پتہ نہیں اس نے جواب دیا ہم شب و روز ان راستوں پر چلنے والے ہیں اور ان سے خوب آگاہ ہیں، میں مدینہ تک تمہارا ساتھ دوں گا، پھر وہ اپنے اُونٹ کو میرے پاس لایا اور میں اس پر سوار ہو گئی اور وہ میرے اُونٹ کو چلاتا تھا۔ خدا کی قسم اس نے مجھ سے ایک بات تک نہ کی، جب وہ اُونٹ کو بٹھاتا تو مجھ سے دُور ہٹ جاتا اور جب میں اُونٹ سے اُتر جاتی تو وہ اُونٹ کے پاس آکر اُسے درخت کے ساتھ باندھ دیتا اور مجھ سے پرے ہٹ جاتا۔ یہاں تک کہ جب شام ہو جاتی تو اُونٹ کو چارہ کھلائے بغیر اُسے اپنے قریب کر لیتا اور مجھ سے پیٹھ پھیر لیتا اور جب میں اس پر سوار ہو جاتی تو وہ اُس کی مہار پکڑ لیتا اور اترنے تک پیچھے کی طرف متوجہ نہ ہوتا ہم اسی طرح چلتے رہے یہاں تک کہ مدینہ آ گئے اللہ تعالیٰ اس ساتھی کو جزائے خیر دے، ام کلثوم کہا کرتی تھی کہ خزاعہ کیا ہی اچھا قبیلہ ہے اس کے بعد میں ام المومنین حضرت ام سلمہ کے پاس گئی اور میں نقاب اوڑھے ہوئے تھی آپ نے مجھے نقاب اتارنے تک بالکل نہ پہچانا وہ مجھ سے چمٹ گئیں اور فرمانے لگیں کیا تو نے خدا اور اس کے رسولؐ کی طرف ہجرت کی ہے؟ میں نے جواب دیا ہاں، لیکن مجھے یہ خوف دامن گیر ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے مشرکین کی طرف واپس لوٹا دیں گے جیسے انہوں نے میری طرح

آنے والے مردوں ابوجندل اور ابوبصیر کو واپس لوٹا دیا ہے اور اے اُم سلمہ، مردوں کا حال عورتوں جیسا نہیں ہوتا، لوگ مجھے تلاش کر رہے ہوں گے اور مجھے ان سے جُدا ہوئے آٹھ دن ہو چکے ہیں، جس قدر میں مفقود الخبر ہوتی گئی ہوں گی اسی قدر وہ میری تلاش کر رہے ہوں گے یہاں تک کہ وہ مجھے پالیں گے، واقدی کہتا ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت اُم سلمہ کے پاس آئے تو انہوں نے آپؐ کو ام کلثوم کے حالات بتائے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے خوش آمدید کہا ام کلثوم نے عرض کیا، یارسول اللہ میں اپنے دین کو لے کر آپؐ کے پاس بھاگ کر آئی ہوں میری حفاظت کیجیے اور مجھے ان کی طرف واپس نہ لوٹائیے وہ مجھے فتنہ میں ڈالیں گے اور اذیت دیں گے اور مجھ سے اذیت پر صبر نہیں ہوسکتا، میں ایک عورت ہوں اور عورتوں کی کمزوری سے آپ واقف ہیں، میں نے آپ کو دو آدمیوں (ابوجندل اور ابوبصیرؓ) کو مشرکین کی طرف واپس کرتے دیکھا ہے یہاں تک کہ ایک تو ان سے محفوظ ہوگیا ہے اور میں ایک عورت ہوں۔

مشرکین کی طرف سے اُم کلثوم کی واپسی کا مطالبہ

جب اُم کلثوم مکہ سے پوشیدہ طور پر نکلی اور اس کے اہل کو پتہ چلا کہ وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف ہجرت کر گئی ہے تو انہوں نے اُسے واپس لانے کے لیے اس کے دو بھائیوں ولید اور عمارہ بن عقبہ کو بھیجا تاکہ صلح حدیبیہ کی شرائط کی تنفیذ ہوسکے، اگر قرآن پاک کا نیا قانون نازل نہ ہوتا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ام کلثوم کو اس کے اہل کے پاس واپس بھجوانے کا عزم کیے ہوئے تھے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آگاہ کیا گیا کہ معاہدہ کے بموجب مردوں کو ان کے اہل کی طرف واپس کرنا ضروری ہے مگر مومن مستورات کو مطلقاً واپس کرنا جائز نہیں خصوصاً ان مستورات کو جن کی واپسی کا قریش مطالبہ کرتے ہیں تاکہ

Marfat.com

سریۂ خبط[1] رجب ۸ھ

غزوہ موتہ کے بعد اور فتح مکہ سے قبل، اسلامی فوج نے جو عسکری کارروائیاں کیں، ان میں وہ سریہ بھی ہے جس کی قیادت حضرت ابوعبیدہ بن الجراحؓ نے بحر احمر کے ساحل پر دیار جہنیہ تک کی، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوعبیدہؓ بن الجراح کو بُلا کر تین سو انصار و مہاجرین کے دستہ کی قیادت عطا کی ان میں حضرت عمرؓ بن الخطاب بھی شامل تھے آپ نے ابوعبیدہ کو حکم دیا کہ وہ اپنے سریہ کو لے کر جہنیہ پر حملہ کریں جو ابھی تک بُت پرستی پر قائم تھا، ان کے حملہ کی منازل مدینہ سے پانچ راتوں کے فاصلہ کے بعد شروع ہوتی تھیں یہ بات قابل ذکر ہے کہ اس سریہ کے تمام آدمی پیادہ تھے اور ان کے پاس گھوڑے یا ہتھیاروں کو لے جانے کے لیے چند اونٹوں کے سوا اور کچھ نہیں تھا، جن پر اُنھوں نے اپنا زادِ راہ لادا ہوا تھا۔[2]

---

[1] خبط، پہلے اور دُوسرے حرف کی زبر کے ساتھ ہے قاموس المحیط میں ہے کہ درخت کے پتوں کو سوٹی سے جھاڑ کر خشک کر کے پیس لیا جاتا ہے اور آٹے وغیرہ میں ملا دیا جاتا ہے اور پانی سے گوندھ لیا جاتا ہے اس سریہ کا نام سریہ خبط اس لیے رکھا گیا ہے کہ فوج کو بھوک کی تکلیف ہوئی تو وہ خبط کے پتے کھانے لگی۔ [2] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۷۴

Marfat.com

جہاں تک مجھے معلوم ہے کسی مؤرخ نے بیان نہیں کیا کہ ابو عبیدہؓ کا سریہ قبیلہ جہنیہ کے خلاف کسی جنگ میں شامل ہوا ہو ہاں مؤرخین کے سیاق کلام سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ حضرت ابو عبیدہؓ اپنے آدمیوں کے ساتھ دیار جہنیہ تک پہنچے، جہاں بحر قلزم کے ساحلی علاقوں میں گھوم پھر کر آپ نے حالات کا جائزہ لیا یہ علاقے جہنیہ کے تابع تھے، مورخین بیان کرتے ہیں کہ منازل جہنیہ تک پہنچنے سے قبل ہی سریہ مذکورہ کا زادِ راہ ختم ہو گیا یہاں تک کہ انہوں نے فاقہ کشی سے تنگ آکر خبط کے پتے کھائے، جس کے باعث اس کا نام سریہ خبط رکھا گیا۔ مورخین کہتے ہیں کہ انہوں نے خبط کو کھایا اور وہ ان دنوں گھٹھوں کی صورت میں تھا حتیٰ کہ ان میں سے بعض کی باچھیں اُونٹ کے ہونٹ کی مانند ہو گئیں راوی کہتے ہیں ہم وہاں کچھ عرصہ ٹھہرے یہاں تک کہ لشکر میں موجود ایک آدمی نے کہا کہ اگر ہمارا دشمن سے مقابلہ ہوتا تو جو تکلیف ہمیں پہنچی تھی اس کے باعث ہم ہل بھی نہ سکتے [1]

ایک انصاری کی سخاوت

اس غزوہ میں اسلامی فوج بھوک کے باعث ہلاک ہونے کے قریب ہو گئی تھی تو ایک انصاری کی سخاوت کا شہرہ ہوا، اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے اصحاب کے ذکر کو اپنے اس قول کے ذریعے دوام بخشا ہے (ویؤثرون علیٰ انفسھم ولو کان بھم خصاصۃ) اس فوج میں خزرج کا سردار قیس بن سعد بن عبادہ بھی شامل تھا جو جاہلیت اور اسلام میں اپنی سخاوت کی وجہ سے مشہور تھا جب قیس بن سعد نے (جو ایک بے مال نوجوان تھا) بھوک کے باعث سریہ کے

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۷۵

جوانوں کی حالت زار کو دیکھا تو وہ ایک بدو کے پاس گیا جو جہنیہ کے ایک چھوٹے سے قبیلے سے تعلق رکھتا تھا، اور اُسے کہا کہ وہ دشمنی چھوڑ کر مسلمانوں سے صلح کرلے اور میرے پاس کچھ اُونٹ فروخت کردے تاکہ میں انہیں فوج کے لیے ذبح کردوں اور میں ان اونٹوں کی قیمت مدینہ میں جاکر کھجوروں کی صورت میں دوں گا، جہنیہ قبیلے کے آدمی نے قیس بن سعد سے کہا خدا کی قسم مجھے تو یہ بھی پتہ نہیں کہ تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا میں قیس بن سعد بن عبادہ بن دلیم ہوں، جہنیہ قبیلے کے آدمی نے کہا تو نے مجھے اپنے نسب کے متعلق نہیں بتایا مگر اہل یثرب کے سردار سعد کے ساتھ میری دوستی ہے قیس نے اس سے پانچ اونٹ خریدے، بدو نے تمام اونٹوں کی قیمت دو وسق (بارہ من) آل دلیم کی خشک کھجوریں لگائی، قیس نے کہا بہت اچھا، جہنیہ قبیلہ کے آدمی نے کہا مجھے گواہ دو تو انصار کی ایک جماعت نے جن کے ساتھ مہاجرین کی ایک جماعت بھی تھی آپ کی گواہی دی قیس نے کہا، کیا وہ شخص گواہی دے جس کو تو پسند کرتا ہے، گواہی دینے والوں میں حضرت عمرؓ بھی شامل تھے حضرت عمرؓ نے کہا، میں گواہی نہیں دوں گا یہ شخص خالی ہاتھ ہے اس کے پاس کوئی مال نہیں، مال تو اس کے باپ کا ہے تو جہنیہ قبیلے کے آدمی نے کہا خدا کی قسم سعد اپنے بیٹے کے ساتھ چند وسق کھجوروں کی وجہ سے عہد شکنی نہیں کرسکتا اور میں اس کے خوب صورت چہرے اور اچھے کاموں کو دیکھ رہا ہوں تو قیس نے تین اونٹوں کو پکڑ کر تین جگہوں پہ ذبح کردیا، جب چوتھا دن آیا تو اس کے امیر نے اُسے روک دیا اور کہا، کیا تو اپنے عہد کو توڑنا چاہتا ہے اور تیرے پاس کوئی مال بھی نہیں ہے؟ میں تجھے قسم دیتا ہوں کہ آئندہ اُونٹ ذبح نہ کرنا، قیس نے جواب دیا اے ابوعبیدہ! کیا آپ ابوثابت (سعد بن عبادہ کی کنیت ہے) کو جانتے ہیں وہ لوگوں کے قرضے ادا کرتا ہے اور بوجھ برداشت کرتا ہے اور بھوک میں کھانا کھلاتا ہے وہ راہِ خدا میں جہاد کرنے والوں کے لیے

Marfat.com

چند وسق کھجوریں نہ دے گا، قریب تھا کہ ابو عبیدہ اس سے نرمی اختیار کرتے اور اُسے چھوڑ دیتے یہاں تک کہ حضرت عمرؓ کہنے لگے اسے قسم دیجیے اُنہوں نے اُسے قسم دی اور اُسے اونٹ ذبح کرنے سے روک دیا اس کے پاس دو اونٹ باقی رہ گئے انہی پر قیس سوار ہوکر مدینے آیا، صحابہ ان پر باری باری سوار ہوتے تھے۔

مؤرخین کا بیان ہے کہ جب سعد کو پتہ چلا کہ لوگوں کو وہاں اس طرح بھوک کا سامنا کرنا پڑا ہے تو اس نے کہا اگر قیس وہاں ہوتا تو ضرور لوگوں کے لیے اُونٹ ذبح کرتا جب قیس آیا اور اس کی سعد سے ملاقات ہوئی تو انہوں نے کہا، بھوک کی تکلیف میں تو نے لوگوں کے لیے کیا کیا؟ اس نے جواب دیا میں نے اُونٹ ذبح کیے سعد نے کہا تو نے ٹھیک کیا، سعد نے کہا پھر تو نے کیا کیا؟ قیس نے جواب دیا مجھے ایسا کرنے سے روک دیا گیا، سعد نے کہا تجھے کس نے روکا؟ اس نے جواب دیا میرے امیر ابو عبیدہ بن الجراح نے، سعد نے کہا کیوں؟ قیس نے جواب دیا اس نے خیال کیا کہ میرے پاس تو کوئی مال نہیں، مال تو میرے باپ کا ہے میں نے کہا کہ میرا باپ دُور والوں کا قرض ادا کرتا ہے، بوجھ اُٹھاتا ہے، بھوک میں کھانا کھلاتا ہے میرے لیے وہ یہ بھی نہ کرے گا، سعد نے کہا، میں تجھے چار باغ دیتا ہوں قیس کہتا ہے کہ سعد نے اس کے لیے ایک تحریر لکھی اور سعد وہ تحریر لے کر ابو عبیدہ کے پاس گواہی کے لیے آیا تو انہوں نے گواہی دی اور وہ حضرت عمرؓ کے پاس آیا تو انہوں نے گواہی دینے سے انکار کر دیا۔ مؤرخین کہتے ہیں کہ اُن باغات میں سے سب سے کمتر باغ پچاس وسق کھجوریں دیتا تھا، بدو، قیس کے ساتھ آیا تو سعد نے اس کے وسق اُسے پورے کر دیے اور اسے سواری کے لیے اُونٹ اور لباس دیا، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قیس کی کاروائی کا علم ہوا تو فرمایا قیس ایک سخی گھرانے کا فرد ہے۔

Marfat.com

سریۂ خبط میں ایک عظیم مچھلی کا قصہ

ابوعبیدہ کی فوج میں شامل ہونے والے بعض صحابہ نے بیان کیا ہے کہ جب وہ بھوک سے لاچار ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے ان کے لیے ایک چھوٹے پہاڑ جتنی مچھلی نکالی فوج نے اُسے کھانا شروع کر دیا، حضرت عبادہ بن الصامت کہتے ہیں کہ ہم اُسے بیس راتوں تک کھاتے رہے یہاں تک کہ ہم موٹے اور تروتازہ ہو گئے۔

اصحاب سیر و مغازی نے بیان کیا ہے کہ یہ مچھلی اس قدر بڑی تھی کہ پانچ صحابی اس کی ایک آنکھ میں داخل ہو کر سما جاتے تھے اور پانچ آدمی اس کے حلق میں کھڑے ہو کر بیلچوں کے ساتھ چربی اتارتے تھے، بعض نے اس مچھلی کا نام عنبر بیان کیا ہے۔

اصحاب سیر کا بیان ہے کہ امیر جیش حضرت ابوعبیدہؓ نے حکم دیا کہ اس عظیم مچھلی کی ایک پسلی کو نصب کیا جائے جب اُسے نصب کیا گیا تو اُس کے نیچے سے فوج کا سب سے طویل آدمی قیس بن سعد بن عبادہ، سب سے طویل ترین اُونٹ پہ سوار ہو کر گزر گیا اور اس نے اپنا سر بھی نہ جھکایا، اس غزوہ میں حاضر ہونے والے بعض آدمیوں نے بیان کیا کہ ہم اس مچھلی کی آنکھوں سے لکڑیوں کے ساتھ چربی اتارتے تھے [1]

جب ابوعبیدہ اپنے سریہ کے ساتھ واپس آئے تو انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مچھلی اور اس میں سے کھانے کی اطلاع دی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو

---

[1] تاریخ طبری جلد ۲ صفحہ ۳۳-۳۲، سیرۃ حلبیہ جلد ۲ صفحہ ۳۱۵، مغازی الواقدی جلد ۲ صفحہ ۷۷۴، امتاع الاسماع صفحہ ۳۵۵، طبقات ابن سعد الکبریٰ جلد ۲ صفحہ ۱۳۲

Marfat.com

اس مچھلی اور اس میں سے کھانے کی اطلاع دی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
جس رزق کو خدا تعالیٰ نے تمہارے لیے نکالا ہے اُسے کھاؤ۔ پھر دریافت فرمایا کیا اس
مچھلی میں سے تمہارے پاس کچھ ہے؟ حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ ہمارے پاس
کچھ مچھلی تھی تو بعض لوگوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس سے کچھ
بھجوایا جسے آپ نے تناول فرمایا۔[1]

ماہ شعبان ۸ھ میں خضرہ نجد کی طرف ابوقتادہؓ کا سریہ

جیساکہ پہلے بیان ہو چکا ہے غطفان کے قبائل اسلام کے دشمن تھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے منطقہ خضرہ کی طرف چودہ افراد پر مشتمل ایک جنگی گشتی دستہ بھجوایا اور انھیں حکم دیا کہ وہ ان پر حملہ کریں اس گشتی دستے کا لیڈر ابوقتادہ انصاری تھا۔[2]

ابن ابی حدرد اسلمی کا بیان ہے کہ ہم چودہ آدمی تھے ابوقتادہ ہمارے امیر تھے، ہمیں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے غطفان کی طرف بھیجتے ہوئے فرمایا رات کو چلنا اور دن کو چھپ جانا، حملہ کرنا، مگر عورتوں اور بچوں کو قتل نہ کرنا، ہم نکلے یہاں تک کہ غطفان کے قریب پہنچ گئے۔

ابوقتادہؓ نے ہمارے سامنے تقریر کی اور ہمیں تقویٰ اللہ کی وصیت کی اور تمام آدمیوں کو جوڑا جوڑا بنا دیا اور کہا کوئی آدمی قتل ہونے تک اپنے ساتھی کو نہ چھوڑے یا میرے پاس آکر اس کی اطلاع دے اور میرے پاس کوئی ایسا آدمی نہ آئے کہ میں اس سے اس کے ساتھی کے متعلق دریافت کروں تو وہ کہے کہ

---

[1] تاریخ طبری جلد ۳ صفحہ ۳۳

[2] ابوقتادہ کے حالات ہماری کتاب غزوۂ احد میں دیکھیے۔

Marfat.com

مجھے اس کا کوئی علم نہیں، اور جب میں تکبیر کہوں تو تم بھی تکبیر کہو اور جب میں حملہ کروں تو تم بھی حملہ کرو اور تلاش میں مبالغہ نہ کرو، پس ہم نے ان کے ایک بڑے قبیلے پر حملہ کر کے اس کا گھیراؤ کر لیا تو میں نے ایک آدمی کو چلاتے سُنا اے خضرہ (ہم ان پر رات کو حملہ آور ہوئے تھے) ابو قتادہؓ نے تلوار سونتی تو ہم نے بھی تلواریں سونت لیں اس نے تکبیر کہی تو ہم نے اس کے ساتھ تکبیر کہی، ہم نے قبیلے سے سختی کی تو ان میں سے کچھ آدمیوں نے لڑائی کی۔ اچانک میں کیا دیکھتا ہوں کہ ایک طویل آدمی تلوار سونتے اُلٹے قدم پیچھے چل رہا ہے اور کہہ رہا ہے اے مسلم کیا تو جنت کو جانا چاہتا ہے میں اس کے پیچھے پیچھے چلا تو اس نے مجھے کہا تمہارا نبی بڑا مدبر ہے اور اس کی بات ہی اصل بات ہے وہ ہم سے مذاق کرتے ہوئے جنت جنت کہہ رہا تھا مجھے معلوم ہو گیا کہ وہ سامنے آنے والا ہے، میں اس کے پیچھے لگ گیا تو میرے ساتھی نے مجھے آواز دی کہ دُور نہ جانا ہمارے امیر نے ہمیں تلاش میں مبالغہ کرنے سے منع کیا ہے، میں نے اس کی گدی کے وسط میں تیر مارا پھر اس نے کہا اے مسلم جنت کے قریب ہو جا تو میں نے اُسے تیر مار مار کر ہلاک کر دیا پھر وہ مُردہ ہو کر گر پڑا تو میں نے اس کی تلوار لے لی اور میرا دوست مجھے آواز دے کر کہنے لگا تو کہاں جا رہا ہے؟ خدا کی قسم اگر میں ابو قتادہ کے پاس گیا اور اس نے تمہارے بارے میں پوچھا تو میں اسے سب بات بتاؤں گا، راوی کہتا ہے کہ میں اُسے ابو قتادہ سے قبل ملا تو میں نے کہا کیا امیر نے میرے متعلق پوچھا ہے؟ اس نے جواب دیا: ہاں! اور امیر ہم دونوں پر ناراض ہوا ہے اور اس نے مجھے بتایا کہ انہوں نے غنائم کو اکٹھا کر لیا ہے اور ان کے سردار کو قتل کر دیا ہے، پس میں ابو قتادہؓ کے پاس آیا تو اس نے مجھے ملامت کی میں نے عرض کیا کہ میں نے اس قسم کے ایک آدمی کو قتل کیا ہے اور میں نے ابو قتادہؓ کو اس کا سارا حال سُنایا پھر ہم نے اُونٹ ہانکے اور عورتوں کو

Marfat.com

سوار کرایا جب کہ تلواروں کے نیام پالانوں سے لٹکے ہوئے تھے ابن ابی حدرد (راوی) کے حصے میں ہرنی کی مانند ایک خوب صورت لڑکی آئی [۱] وہ پیچھے کی طرف بہت التفات کرتی تھی میں نے اس سے پوچھا تو کیا دیکھتی ہے ؟ اس نے جواب دیا خدا کی قسم میں ایک آدمی کو دیکھ رہی ہوں اگر وہ زندہ ہوا تو وہ ہمیں تم سے ضرور چھڑائے گا، تو میرے دل میں خیال آیا کہ یہ وہی شخص ہے جسے میں نے قتل کیا ہے، میں نے اُسے کہا خدا کی قسم میں نے اُسے قتل کر دیا ہے اور یہ تلوار جو نیام سمیت پالان کے ساتھ لٹکی ہوئی ہے اُسی کی ہے، اس نے کہا اگر تو سچا ہے تو خدا کی قسم یہ نیام اُسی کی تلوار کا ہے اور اُسے سونگھا۔

راوی کہتا ہے کہ اس نے سُونگھ کر اُسے بند کر دیا اور مایوس ہو کر رونے لگی، ابن ابی حدرد بیان کرتا ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اونٹ اور بکریاں لے کر آئے۔

ابو قتادہؓ کی گشتی پارٹی نے اس حملہ میں دو سو اُونٹ[۲] اور ایک ہزار بکریاں غنیمت میں حاصل کیں اور اپنے مقصد کو پورا کرنے کے بعد یہ چھوٹی سی مسلح گشتی پارٹی مسلسل پندرہ[۳] دن تک غائب رہنے کے بعد مدینہ واپس آگئی۔

اسلام کی قوت پذیری اور اس کے دشمنوں کا زوال

یہ بات معلوم ہو چکی ہے کہ چودہ مسلمانوں نے غطفان کے علاقے کے قلب میں حملہ کیا۔ جس کے اسلام دشمن جنگبازوں

---

[۱] قیدیوں اور جنگی غلاموں کے متعلق اسلام کے نقطہ نگاہ کی تفاصیل ہماری کتاب "غزوہ بنی قریظہ"

[۲] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۷۸ [۳] طبقات ابن سعد الکبریٰ ج ۲ ص ۱۳۳

Marfat.com

کی تعداد کئی لاکھ تھی، اس سے اس بات کا بھی پتہ چلتا ہے کہ ہیبتِ اسلام اور مسلمانوں کی حربی قوت کے رُعب نے مشرکوں کو دل برداشتہ کر دیا تھا اور وہ مسلمانوں کی چھوٹی سی گشتی پارٹی کے بھی پیچھے نہیں پڑتے تھے جیسے کہ ابوقتادہؓ کی چھوٹی سی پارٹی نے دیارِ غطفان کے قلب میں جاکر بغیر کسی مقابلہ کے انہیں روند ڈالا حالانکہ اس کے آدمی چودہ سے زیادہ نہ تھے دیارِ غطفان میں ابوقتادہ اور اس کی گشتی پارٹی کے قیام اور اس کی حربی قوت کا اندازہ لگانے کی مدت، نبض کے چھونے کے برابر تھی حالانکہ جاہلیت میں دیارِ غطفان کو قوت و طاقت اور اس کے جنگ بازوں کی وجہ سے نیبر کی کچھار کہا جاتا تھا، دیارِ غطفان سب سے بڑی حربی قوت تھی اور مسلمان مشرقی جانب سے خائف رہا کرتے تھے مگر اب یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ یہ قبائل ضعف اور کمزوری کا شکار ہو چکے ہیں۔

یہ قبائل جن کی فوجیں غزوۂ احزاب (۵ھ) میں مدینہ کو بیخ و بن سے اُکھاڑ پھینکنے لگی تھیں وہ صحرائے نجد میں اپنے دفاع کی قدرت بھی نہیں رکھ سکیں گی، یہ کہ وہ پہلے کی طرح مدینہ سے جنگ کرنے کا سوچیں۔

فصل دوم

- فتح مکہ کے اسباب۔
- قریش کا معاہدہ صلح حدیبیہ کو توڑنا۔
- رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مظلوم حلفاء خزاعہ۔
- بنو بکر اور قریش کا صلح حدیبیہ کو غنیمت سمجھنا اور اس کے تحت خزاعہ کو خیانت سے قتل کرنا۔
- خزاعہ کا اپنے حلیف رسول ؐ سے قریش کے خلاف مدد طلب کرنا۔
- خزاعہ کے ساتھ خیانت کرنے میں شریک ہونے کی وجہ سے قریش کو شدید قلق کا شعور ہونا۔
- ابوسفیان کا مدینہ میں قریش کی خرابیوں کی اصلاح کی کوشش کرنا اور شکستہ صلح کی تجدید کا مطالبہ کرنا۔
- رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کے ساتھ مذاکرات سے انکار کرنا۔
- ابوسفیان کا اپنی مہم میں ناکام ہو کر مکہ واپس آنا۔
- جنگ سے بچنے کے لیے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خزاعہ کے مقتولوں کی دیت طلب کرنا اور قریش کا ادائیگی سے انکار کرنا۔
- رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا خزاعی حلیفوں کے مدد طلب کرنے پر مکہ پر چڑھائی کا فیصلہ کرنا۔

Marfat.com

صلح حدیبیہ کا تاریخی واقعہ مسلمانوں کے نقطہ نگاہ سے جو مقاصد رکھتا تھا وہ یہ تھے کہ تمام منطقہ حجاز میں امن وامان کا دور دورہ ہو اور علاقہ کے تمام مسلمانوں اور مشرکوں کو کامل آزادی سے سرفراز کیا جائے تاکہ وہ ایک دوسرے سے باہم مل جل کر رہیں، اس آزادی کے سایہ میں، عام مشرکین کو اسلام کی حقیقت سے تعارف پیدا کرنے کا موقع مل جائے گا اور یہ وہی حقیقت ہے جسے شرک اور بت پرستی کے لیڈروں نے علاقہ میں اس لیے بگاڑ کر پیش کیا تھا کہ عام لوگوں کو اسلام سے متنفر کر دیا جائے جو واقعتہً اس علاقہ میں اور خصوصاً مکہ میں، بت پرستی کے لیڈروں کے اقتدار کے لیے عظیم خطرہ پیدا کر رہا تھا۔

صلح حدیبیہ (جو بظاہر قریش کی سیاسی فتح نظر آتی ہے) قریشی سرداروں کی ناپسندیدگی کے باوجود طے پا گئی اور انہیں قریب الوقوع جنگ کے بدل کے طور پر اسے مضبوط کرنے کی طرف مجبور ہونا پڑا نیز قریش، مسلمانوں سے اپنے عددی تفوق کے علی الرغم جنگ سے خائف تھے جب کہ مسلمان مکہ کے قریب حدیبیہ میں پڑاؤ کیے ہوئے تھے۔

بنوبکر کنانی کے دونوں قبیلے اور خزاعہ یمانی کا قبیلہ، حرم کے ان باشندوں میں سے جو حرم کو گھیرے ہوئے تھے اور علاقے میں مختلف سطحوں پہ بڑے اثر ورسوخ کے مالک تھے اور دونوں کے درمیان خونریز مخالفت پائی جاتی تھی جس کا باقی رہنا منطقہ کے امن کے لیے دعوتِ غور وفکر دے رہا تھا اور یہ مخالفت صلح حدیبیہ کو غیر مکمل بنا رہی تھی جس سے صلح کے مقاصد پورے نہیں ہوئے تھے (ہمہ گیر صلح کے مقاصد، جن کی وجہ سے یہ صلح پختہ ہوئی) مذاکرات کرنے والے دونوں فریقوں (مسلمانوں اور مشرکوں) نے اس بات پر اتفاق کیا کہ وہ دونوں قبیلوں (بنوبکر اور بنوخزاعہ) کے سرداروں سے استدعا کریں کہ وہ

Marfat.com

بھی حدیبیہ کے میدان میں جہاں دو بڑے فریقوں (مسلمانوں اور قریش) کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے وہ بھی شرائط صلح تیار کریں تاکہ یہ دونوں قبیلے بھی دس سال تک جنگ کو روکنے کے لیے بالالتزام اس میں شامل ہوں، اس صلح میں ان کا مقام بھی مسلمانوں اور قریش جیسا ہو گا۔

حدیبیہ میں خزاعہ اور

خزاعہ کا مسلمانوں اور بنو بکر کا قریش کے ساتھ شامل ہونا

بنو بکر کے لیڈروں کی موجودگی میں مسلمانوں اور قریش کے درمیان یہ معاہدہ طے پایا کہ وہ دس سال کے عرصہ تک جنگ کو روکیں گے اور صلح پر قائم رہیں گے، پھر دونوں بڑے فریقوں (مسلمانوں اور قریش) نے خزاعہ اور بنو بکر کے لیڈروں کو کامل آزادی دی کہ وہ دونوں بڑے فریقوں میں سے جس کے ساتھ چاہیں مل کر اس معاہدہ میں شامل ہو جائیں اور وہ جس فریق کے حلیف بن کر اس معاہدہ میں شامل ہوں گے اس فریق کے نفع نقصان میں شامل ہوں گے اور مسلمانوں اور قریش کی طرح صلح کی شرائط پر عمل کرنے کے پابند ہوں گے اس اختیار ملنے کے نتیجے میں خزاعہ نے اعلان کیا کہ اس قبیلے کے مسلمان اور کافر سب کے سب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے معاہدہ میں داخل ہوں گے، دوسری جانب سے بنو بکر نے اعلان کیا کہ وہ قریش کے معاہدہ میں داخل ہوں گے اور معاہدہ صلح حدیبیہ کی رجسٹریشن مکمل ہو گئی[1]، اس طرح بنو خزاعہ، مسلمانوں کے اور بنو بکر قریش کے حلیف بن گئے اور دونوں قبیلوں میں سے کسی ایک قبیلے کا دوسرے پر زیادتی کرنا معاہدہ صلح کو توڑنا اور خیانت کرنا متصور ہو گا اور اس کی ذمہ داری اس فریق پر ہو گی جس کا یہ دونوں قبیلوں میں سے حلیف ہو گا۔ واضح الفاظ میں اس کا مفہوم یہ ہو گا کہ شرائط صلح کی صراحت کے مطابق، معاہدہ صلح کی کسی شرط کو اگر بنو بکر بن کنانہ

---

[1] ہماری پانچویں کتاب صلح حدیبیہ میں، صلح حدیبیہ کی شرائط دیکھیے۔

توڑیں گے تو قریش اس کی ذمہ داری قبول کریں گے اور اگر بنو خزاعہ توڑیں گے تو مسلمان اس کی ذمہ داری قبول کریں گے۔

مسلمانوں کا پاسِ عہد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب اپنی طبائع اور اخلاق کے مطابق اس عہد کو جو انہوں نے معاہدہ حدیبیہ میں کیا تھا پورا کرنے کے نہایت ہی خواہش مند تھے اور اس پر اسلامی اخلاق عالیہ کے مطابق دل وجان سے عمل کرنا چاہتے تھے، کیونکہ سچے مسلم کا جوہر اخلاق، دشمنوں اور دوستوں کے ساتھ معاملہ کرنے میں ایک جیسا ہوتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

(۱) "واوفوا بعهد الله اذا عاهدتم ولا تنقضوا الايمان بعد توكيدها وقد جعلتم الله عليكم[۱] (ترجمہ: اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جب کہ تم اس کو اپنے ذمہ کرلو اور قسموں کو بعد ان کے مستحکم کرنے کے مت توڑو اور تم اللہ تعالیٰ کو گواہ بھی بنا چکے ہو۔)

(۲) الا الذين عاهدتم من المشركين ثم لم ينقصوكم شيئا ولم يظاهروا عليكم احداً فاتموا اليهم عهدهم الى مدتهم ان الله يحب المتقين[۲] (ترجمہ: ہاں مگر وہ مشرکین مستثنیٰ ہیں جن سے تم نے عہد لیا، پھر انہوں نے تمہارے ساتھ ذرا کمی نہیں کی اور نہ تمہارے مقابلہ میں کسی کی مدد کی سو ان کے معاہدہ کو ان کی مدت تک پورا کرو، واقعی اللہ تعالیٰ احتیاط رکھنے والوں کو پسند کرتا ہے)

(۳) واوفوا بالعهد ان العهد كان مسئولا[۳] (ترجمہ: اور وعدہ پورا کرو بے شک عہد کی بازپرس ہونے والی ہے)

---

[۱] النحل، ۹۰ [۲] التوبہ، ۴ [۳] الاسراء، ۳۰

Marfat.com

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کو پاس عہد کی عملی دلیل دی (ابوجندل رضؓ کو واپس کر دیا) اس وقت تک صلح حدیبیہ کی سیاہی بھی خشک نہیں ہوئی تھی۔

ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو معاہدہ صلح کی تنفیذ کرتے ہوئے دیکھا کہ کس طرح آپ نے مسلمان نوجوان ابوجندل کو اس کے مشرک باپ کے سپرد کر دیا جب وہ مسلم نوجوان مسلمانوں کے پاس اپنے دین کے ساتھ بھاگ کر آیا تھا[1] اسی طرح ہم اس کتاب کے گزشتہ صفحات پڑھ آئے ہیں کہ کس طرح آپؐ نے ابوبصیر کو مشرکین کے سپرد کر دیا اور جب وہ مسلمان ہو کر اپنے دین کے ساتھ بھاگ کر مدینہ پناہ لینے آیا تو آپ نے اُسے واپس لوٹا دیا اور ہم نے یہ بھی دیکھا کہ جب ابوبصیر اپنے دونوں محافظوں سے نجات پاکر مدینہ میں اقامت اختیار کرنے کے لیے آیا تو آپ نے اُسے اس کی اجازت نہ دی، اس لیے کہ مدینے میں اس کو قبول کر لینا معاہدہ صلح حدیبیہ کی خلاف ورزی متصور ہوتا تھا۔

قریش کی عہد شکنی اور ان سے مسلمانوں کی جنگ

جب مسلمانوں نے مشرکین سے کیے ہوئے عہد کو پورا کیا اور معاہدہ پر نصاً اور روحاً عمل کیا۔ تو کیا قریش نے بھی معاہدہ حدیبیہ میں کیے ہوئے عہد کی پاسداری کی اور کیا قریش نے اس تاریخی عہد کا احترام کیا؟ ہرگز نہیں، قریش نے اس عہد کے باوجود بدترین قسم کی خیانت سے کام لیتے ہوئے اس عہد کو پس پشت دے مارا۔ اس بات نے صلح کو باطل کر دیا۔ قریش نے اپنے تصرف سے صلح کو توڑ دیا تو معاہدہ صلح حدیبیہ کو پورا کرنے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے مظلوم حلیفوں کا بدلہ لینے اور صلح حدیبیہ والے عہد کو پورا کرنے

---

[1] ابوجندل کا قصہ کی تفصیل ہمارے اس سلسلہ کی پانچویں کتاب صلح حدیبیہ میں دیکھیے۔

Marfat.com

اور اپنے حلیف بنو بکر کے ساتھ خیانت اور عہد شکنی میں موافقت کرنے پر قریش کو تادیب کرنے اور مکہ کو ان کے ہاتھوں سے چھیننے کے لیے مجبوراً قریش سے برسرپیکار ہونا پڑا، اس خیانت اور عہد شکنی سے انہوں نے صلح حدیبیہ کے تحت پُر امن طور پر رہنے والے خزاعہ کے بیس سے زیادہ آدمی قتل کر دیئے.........

جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا ہے صلح حدیبیہ نے ایک طرف مسلمانوں اور خزاعہ اور دوسری طرف قریش اور بنو بکر کے درمیان دس سال کی مدت کے لیے جنگ کی حالت کو ختم کر دیا تھا، بنو خزاعہ اپنے مسلمان حلیفوں کی طرح عہد کے پابند تھے اس نے اس میں خلل اندازی کے متعلق کبھی سوچا بھی نہ تھا، یہی وجہ ہے کہ خزاعہ کے مسلمان اور کافر، قریش اور ان کے حلیف بنو بکر سے اس صلح کی حرمت کے تحت ملتے جلتے رہتے تھے وہ کسی پر ظلم کرنے کے متعلق سوچ بھی نہ سکتے تھے اور نہ ہی یہ تصور کر سکتے تھے کہ کوئی بکری یا قریشی صلح کی موجودگی میں ان پر زیادتی کرے گا، یہی انداز فکر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے اصحاب کا تھا۔

بنو خزاعہ حرم کے پڑوسی تھے اور مسلمانوں کے حلیف، وہ پاسداریٔ عہد کو گہری نظر سے اور معاہدہ حدیبیہ کی رُو سے دیکھتے تھے، اسی دوران میں قریش اور ان کے حلیف بنو بکر، صلح حدیبیہ کے تحت امور کو اُلٹے اور تاریک زاویے سے دیکھنے لگے، وہ دیکھتے تھے کہ صلح کی حالت قائم ہے جس سے مسلمان اور ان کے حلیف بنو خزاعہ، قریش اور ان کے حلیفوں سے امن میں ہیں اور ان سے لڑنے یا ان پر ظلم کرنے کے متعلق سوچتے تک بھی نہیں۔ جب کہ بنو بکر اس حالت کو ایک ایسا موقع خیال کرتے تھے جس میں ممکن ہے کہ وہ اس بات کو محقق کر دکھائیں جس کو وہ حربی محاذ آرائی میں ثابت نہیں کر سکے یعنی بنو خزاعہ کو شکست نہیں دے سکے، بنو بکر ہمیشہ ہی جاہلی قبائلی لڑائیوں میں خزاعہ قبیلے پر غالب آنے سے عاجز آتے رہے۔

Marfat.com

جب کبھی دونوں قبیلوں کے درمیان جنگ ٹھن جاتی تو بنو بکر میں خوب قتلام ہوتا، چنانچہ بنو بکر نے خزاعہ سے بہت سے بدلے لینے تھے، لیکن صلح حدیبیہ میں دونوں فریق شامل ہو گئے اور دونوں نے دس سال کی مدت تک جنگ نہ کرنے کی شرائط کی تنفیذ کا التزام کیا، صلح حدیبیہ پر دستخط کرنے کے بعد یہی حالت رہی یہی وجہ تھی کہ خزاعہ امن پسندوں کی طرح مصروف کار رہے اور سفر و حضر میں جنگی احتیاطیں نہیں کرتے تھے اس دوران میں قبیلہ بنو بکر، خزاعہ کے ساتھ جب کہ وہ صلح حدیبیہ کے تحت پُر امن طور پر رہ رہے تھے، جنگ برپا کر کے اس سے خیانت کرنے کا جہنمی پروگرام وضع کر رہا تھا یہ پروگرام ان انتقامات کا حساب چکانے کے لیے بنایا جا رہا تھا جو بنو بکر نے خزاعہ سے لینے تھے انہوں نے اپنے قریشی حلیفوں کی مدد سے عملاً یہ قتلام شروع کر دیا، نوفل بن معاویہ جو بنو بکر بن کنانہ کا سردار اور لیڈر تھا، خزاعہ کی تاک میں تھا اور کسی مناسب موقع کی تلاش میں تھا جس میں وہ ان پر اچانک حملہ کر دے اور بنو بکر کو کوئی نقصان بھی نہ پہنچے، جونہی بنو بکر اور ان کے حلیف قریش کو یہ موقع میسر آیا وہ اپنے جرم کے ارتکاب کے لیے تیار ہو گئے اور خیانت سے خزاعہ پر ایک جگہ ٹوٹ پڑے جس کو الوتیر کہا جاتا ہے یہاں صلح حدیبیہ میں کیے گئے معاہدہ کے مطابق بنو خزاعہ پُر امن طور پر رہ رہے تھے۔

خیانت اور عہد شکنی کے جرم میں قریش کا اشتراک

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ نوفل بن معاویہ[1]

---

[1] نوفل بن معاویہ بن عروہ النفاثی ثم البکری ثم الکنانی، اصابہ میں ابن حجر نے کہا ہے کہ یہ فتح مکہ کے سال مسلمان ہوا اور اس نے ہجرت کے نویں سال حضرت ابو بکر کے ساتھ حج کیا یہ معمر لوگوں میں سے تھا، جاہلیت اور اسلام میں (باقی صفحہ ۹۶ پر)

بکری نے قریش کے لیڈروں کو یہ بات پہنچائی کہ وہ موقع پاکر خزاعہ پر حملہ کی نیت کیے ہوئے ہے اور وہ فریقین کے درمیان صلح کی موجودگی میں خزاعہ کے خلاف اپنے ارادے کو پورا کرے گا اس لیے اس نے قریش سے مال اور آدمیوں کی مدد طلب کی تاکہ وہ اپنے عزم میں کامیاب ہو جائے، محدثین اور اصحاب سیر نے باوثوق طریق سے بیان کیا ہے کہ قریش کے سرداروں نے نوفل بن معاویہ کے اس خیال کو سراہا اور خزاعہ پر حملہ کرنے کے لیے بنوبکر کو عملی طور پر مال، ہتھیاروں اور آدمیوں سے مدد دی یہاں تک کہ انہوں نے خزاعہ پر شب خون مار کر اور تاریکی میں ان پر حملہ کر کے اپنے بھیانک جرم کا ارتکاب کیا۔ انہوں نے خزاعہ کے آدمیوں پر الوتیر میں حملہ کیا جب کہ وہ نیند کے مزے لے رہے تھے ان میں بڑا قتلام ہوا اس لیے کہ وہ غیر مسلح تھے اور اچانک قابو میں آگئے تھے، بنوبکر اور ان کے شریک کار قریشیوں نے سوئے ہوئے خزاعیوں کے قتل پر ہی اکتفا نہ کیا بلکہ بچ جانے والوں پر حملہ کر کے انہیں قتل کرنے لگے یہاں تک کہ وہ اس حرم میں داخل ہو گئے جس میں سب عرب خواہ کیسے ہی حالات، اسباب اور جوازہوں، جنگ کرنا حرام سمجھتے تھے۔ بنوبکر اور قریش نے یہ اقدام تو کر لیا مگر یہ

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۵۹) ساٹھ سال زندہ رہا اس کا باپ معاویہ اپنے قبیلے الدئل کا حرب فجار میں سردار تھا، نوفل مدینہ آیا اور وہیں فوت ہو گیا، بخاری، مسلم اور نسائی میں اس کی احادیث موجود ہیں جنہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عراک بن مالک، عبدالرحمٰن بن مطیع، ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن الحرث نے روایت کیا ہے نوفل، یزید بن معاویہ کی خلافت میں فوت ہوا۔

لہ الوتیر واؤ کی زبر اور تاؤ کی زیر کے ساتھ، واصد الاطلاع میں ہے کہ یہ مکہ کی ترائی میں خزاعہ کے پانی کی جگہ ہے بعض محدثین بسا اوقات اسے الوتین بھی کہہ دیتے ہیں۔

Marfat.com

نہ سوچا کہ وقت گذر جانے کے بعد تمام لوگ ان پہ نفرین کریں گے اس خیانت کا حتمی نتیجہ یہ ہوا کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم دس ہزار جانبازوں کے ساتھ مدینہ سے چلے اور ان کے ساتھ اپنے خزاعی حلیفوں کا بدلہ لینے کے لیے جن کے ساتھ فریقین کے درمیان صلح کی موجودگی کے باوجود میں خیانت کی گئی تھی) قریش کی بُت پرستانہ حکومت کو روندتے ہوئے مکہ میں فاتحانہ داخل ہو گئے۔

سرداران مکہ میں سے عہد شکنی میں اشتراک کرنے والے

قریشی سرداروں میں سے جن لوگوں نے معاہدہ حدیبیہ کے توڑنے میں بنو بکر کا ساتھ دیا اور الوتیر میں خزاعہ کے ساتھ خیانت کے جرم میں اپنے ہتھیاروں اور جانوں کے ساتھ شریک ہوئے ان کے نام یہ ہیں صفوان بن اُمیہ اور سہیل بن عمرو العامری (جس نے قریش کے نمائندے کی حیثیت میں صلح حدیبیہ کی تکمیل میں حصہ لیا تھا) عکرمہ بن ابو جہل، مکرز بن حفص اور حویطب بن عبد العزیٰ یہ دونوں عامری ہیں (اسی طرح یہ دونوں حدیبیہ میں قریش کی طرف سے گفتگو کرنے والے وفد کے ممبر تھے۔ اور یہ ان لوگوں میں بھی شامل تھے جنہوں نے قریش کی طرف سے صلح پہ دستخط ثبت کیے تھے) مؤرخین باوثوق طریقہ سے بیان کرتے ہیں کہ خزاعہ کے ساتھ جو خیانت ہوئی اس میں ابوسفیان بن حرب جو بنو عبد شمس کا سردار اور قریشی فوجوں کا سالار عام تھا، کے سوا تمام قریشی سردار شامل تھے، اس سے کوئی مشورہ نہیں لیا گیا بعض کا کہنا ہے کہ انہوں نے اس کو اپنی نیتوں سے آگاہ کر کے خیانت میں شمولیت کی استدعا کی تو اس نے انکار کیا اور انہیں اس کے انجام سے ڈرایا، لیکن وہ اپنے جرم کے منصوبے پہ چلتے ہوئے اس کے مرتکب ہو گئے اور انھوں نے قریش پہ جنگ مسلط کر دی جس نے ان کی حکومت کو ہمیشہ کے لیے تباہ کر دیا، یہ بات قابل ذکر ہے کہ کنانہ میں سے بنو مدلج[1]

---

[1] بنو مدلج کا نسب یہ ہے:۔ بنو مدلج ابن مرہ بن عبد مناۃ بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

Marfat.com

اپنی قوم کے ساتھ خیانت اور عہد شکنی کے جرم میں شریک نہیں ہوئے اللہ تعالیٰ نے ان کو محفوظ رکھا۔

صلح حدیبیہ کے معاہدہ کو توڑنے کی تاریخ

واقدی بیان کرتا ہے کہ جب صلح حدیبیہ کے بائیس ماہ بعد ماہِ شعبان آیا تو بنو نفاثہ نے جو بنی بکر میں سے تھے قریش کے اشراف سے بات کی۔ اور بنو مدلج نے علیحدگی اختیار کر لی اور انہوں نے عہد شکنی نہیں کی۔ کہ وہ ان کی اپنے خزاعی دشمنوں کے خلاف ہتھیاروں اور آدمیوں سے مدد کریں۔ انہوں نے ان کو ان کے مقتول بھی یاد دلائے جو خزاعہ کے ہاتھوں مارے گئے تھے اور ان کو ان کی رشتہ داریاں بھی یاد دلائیں اور یہ بھی بتایا کہ وہ ان کے ساتھ معاہدے میں شامل ہیں اور خزاعہ اپنے عہد میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل ہیں، تو انہوں نے دیکھا کہ ابوسفیان کے سوا، تمام قوم اس بارے میں جلد کارروائی کرنے کی خواہاں ہے، ابوسفیان نے کوئی مشورہ نہیں دیا اور نہ اُسے علم تھا، یہ بھی کہا جاتا ہے کہ انہوں نے اُسے یہ بات یاد دلائی تو اس نے انکار کر دیا تو بنو نفاثہ اور بنو بکر کہنے لگے یہ ہم ہی ہیں جنہوں نے تمہاری ہتھیاروں اور گھوڑوں اور جوانوں سے مدد کی تھی انہوں نے یہ بات پوشیدہ رکھی کہ کہیں خزاعہ کو پتہ نہ چل جائے، کیونکہ اس وقت وہ صلح کی حالت کی وجہ سے نیز اسلام نے ان کے درمیان جو روک ڈالی ہوئی تھی اس کی وجہ سے غفلت میں تھے پھر قریش نے الوتیر اور ساتھ کی جگہوں کا تقرر کیا اور مقررہ میعاد پر قریش کے بڑے بڑے آدمی بھیس بدل کر اور نقاب ڈال کر ان سے جا ملے اور یہ صفوان بن امیہ، مکرز بن حفص بن الاخیف اور حویطب بن عبدالعزیٰ تھے اور یہ اپنے ساتھ اپنے غلاموں کو بھی لائے تھے بنو بکر کا سردار نوفل بن معاویہ الدولی تھا، انہوں نے خزاعہ پر شب خون

Marfat.com

مارا جو اپنے دشمنوں سے مطمئن ہو کر غافل پڑے تھے اگر انہیں کوئی خدشہ ہوتا تو وہ تیار اور چوکس ہوتے یہ ان کا مسلسل قتلام کرتے رہے یہاں تک کہ انہوں نے ان کو حرم کے ارد گرد نصب کردہ پتھروں تک پہنچا دیا[ل1] حرم میں بے ہتھیار خزاعیوں کے بچنے کے برعکس بنو بکر کے سردار نوفل بن معاویہ نے انہیں حرم کے اندر قتل کرنے پر اصرار کیا۔

اور جب اس کی قوم کے بعض آدمیوں نے اُسے قتل سے اس لیے رُکنے کا مشورہ دیا کہ وہ اس حرم کے اندر ہے جس میں عرب قتل کو جائز نہیں سمجھتے تو اس نے اس جرم میں مزید آگے بڑھنے پر اصرار کیا اور جب اُسے اس کے بعض رفقاء نے کہا کہ ہم حرم میں داخل ہو چکے ہیں نوفل اپنے خدا سے ڈر، تو اس نے ایک عظیم کفریہ کلمہ کہا کہ

"آج میرا کوئی خدا نہیں" پھر اس نے اپنی قوم کو لگاتار موقع سے فائدہ اٹھانے کا حکم دیتے ہوئے کہا، اے بنو بکر اپنا بدلہ لے لو مجھے میری زندگی کی قسم، تم حرم میں حاجیوں کی چوری کیا کرتے ہو کیا تم اس میں اپنا بدلہ نہیں لے سکتے پھر اس نے خزاعہ کو لگاتار قتل کرنے کے شدید احکام صادر کرتے ہوئے بنی بکر سے کہا، تم میں سے کوئی آدمی آج کے بعد تک اپنے بدلہ کو مؤخر نہ کرے[ل2] پس بنو بکر نہتے خزاعیوں پر مسلسل حملے کرتے، یہاں تک کہ انہیں مکہ تک لے آئے، اور خزاعہ نے بدیل بن ورقہ الخزاعی اور رافع، جو اِن کا دوست تھا، کے گھروں میں طلوعِ فجر کے وقت پناہ لی اور قریش میں سے جو لوگ، نوفل کے آدمیوں کے

ل1 مغازی الواقدی جلد ۲ ص۷۸۳

ل2 سیرت ابن ہشام جلد ۴ ص۳۲، مغازی الواقدی جلد ۲ ص۷۸۳

Marfat.com

ساتھ مل کر اس جرم میں شریک تھے وہ بھی خزاعیوں پر حملے کرتے رہے یہاں تک کہ وہ مکہ میں بدیل اور رافع کے گھروں میں داخل ہو گئے وہاں پر حملہ میں شمولیت کرنے والے قریشی سمٹ سمٹا کر اپنے اپنے گھروں میں داخل ہو گئے ان کا خیال تھا کہ ان کے جنگ میں شامل ہونے کو کوئی آدمی بھی نہ جان سکے گا اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی ان باتوں کا پتہ نہ چلے گا جو انہوں نے بنی بکر کے ساتھ مل کر خیانت اور نقض عہد کے متعلق کی ہیں۔

تاہم بنو بکر نے طلوع فجر کے بعد بھی مکہ کے اندر، خزاعہ پر اپنا حملہ جاری رکھا اور بدیل بن ورقاء اور رافع کے دروازوں پر، بغیر اس کے کہ قریش کا کوئی آدمی ان کی راہ میں حائل ہوا ہو، خزاعہ کے بیس آدمیوں کو قتل کر دیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس حملہ میں قریش، بنی بکر کے ساتھ متفق تھے ہاں قریش کے بعض افراد جب اس بات سے آگاہ ہوئے تو وہ اس خیانت کے انجام سے خوف زدہ ہوئے اور سمجھ گئے کہ قریش اور ان کے حلیف بنی بکر نے جو کچھ کیا ہے دراصل اس عہد کو توڑنے کے لیے کیا ہے جو ان کے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بین ہوا تھا چنانچہ حارث بن ہشام اور عبداللہ بن ابی ربیعہ نے سہیل بن عمرو اور عکرمہ بن ابوجہل اور مکرز بن حفص اور حویطب بن عبدالعزیٰ کے پاس آ کر انہیں اس فعل پر جو بنی بکر نے ان کی مدد سے کیا تھا، ملامت کی اور انہیں یاد دلایا کہ ان کے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان مدت مقررہ تک ایک معاہدہ طے پایا ہوا ہے اور جو کچھ انہوں نے کیا ہے اس سے مدت کی خلاف ورزی ہوئی ہے ـــــ مگر نوفل بن معاویہ اور اس کی قوم بنو بکر مکہ میں موجود خزاعیوں کو فنا کر دینے کا پختہ ارادہ کیے ہوئے تھے ـــــ ہاں سہیل بن عمرو اور صفوان بن اُمیہ اور ان کے قریشی ساتھی جو اس جرم میں ان کے ساتھ شریک تھے، حارث کی گفتگو سے متاثر ہوئے اور اپنے نقض عہد کے ساتھی نوفل بن معاویہ کے پاس گئے

Marfat.com

اور اُسے خزاعیوں کے لگاتار قتلام سے روکتے ہوئے کہا ،ہم نے تیرے اور تیرے اصحاب کے ساتھ مل کر جو کچھ کیا ہے تو اُسے دیکھ چکا ہے اور جو قتلام تو نے کیا ہے وہ بھی تیری نگاہوں کے سامنے ہے اب تو ان کے باقی ماندہ لوگوں کو بھی قتل کرنا چاہتا ہے ہم تیری اس بات کو نہیں مانیں گے ان کو ہماری خاطر چھوڑ دے۔ اس نے جواب دیا بہت اچھا ، اور اس نے قتلام بند کرا دیا اور پھر اپنی قوم کے ساتھ مکہ[1] چھوڑ کر چلا گیا۔

اپنے کیے پر قریش کی ندامت ..... لیکن

خزاعہ کے ساتھ خیانت کے ارتکاب کے بعد بنو بکر اور ان کے معاونین قریشی سرداروں کو جب یہ بات سمجھ آئی کہ انہوں نے جو کاروائی کی ہے اس سے معاہدہ حدیبیہ کی صریح خلاف ورزی ہوئی ہے تو انہیں ندامت اور خوف دامن گیر ہوا ، خصوصاً ان لوگوں کو جنہوں نے قریش کی طرف سے صلح حدیبیہ کی دستاویز پہ دستخط کیے تھے (یعنی سہیل بن عمرو ، مکرز بن حفص اور حویطب بن عبد العزیٰ) اور صلح حدیبیہ سے فائدہ اُٹھاتے ہوئے خزاعہ کے ساتھ خیانت کرنے میں یہ بھی شریک تھے۔

مؤرخین کہتے ہیں کہ حارث بن ہشام اور عبد اللہ بن ابی ربیعہ[3] ابو سفیان کے

---

[1] مغازی الواقدی جلد ۲ ص ۷۸۵ - ۷۸۴

[2] حارث بن ہشام کے حالاتِ زندگی ہماری کتاب صلح حدیبیہ میں دیکھیے۔

[3] عبد اللہ بن ابی ربیعہ کے متعلق اصابہ میں ابن حجرؒ کہتے ہیں کہ اس کا نام عمرو ہے بعض حذیفہ بھی کہتے ہیں ، اس کا لقب ذو الرمحین ہے ، ابن المغیرہ بن عبد اللہ بن مخزوم جاہلیت میں قریش کا ایک سردار تھا اور ابو جہل کا (باقی ص ۱۰۲ پر)

Marfat.com

پاس اس واقعہ کی مذمت کرتے ہوئے گئے اور کہا کہ اس معاملے کی اصلاح ضروری ہے خدا کی قسم اگر یہ معاملہ درست نہ ہوا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ تمہیں خوف زدہ کر دیں گے جب ابو سفیان نے اس امر کی بڑائی کو دیکھا تو کہنے لگا خدا کی قسم یہ وہ امر ہے جس میں میں شامل نہیں اور نہ اس سے غائب ہوں اس کی ذمہ داری تو مجھ پہ ہی ڈالی جائے گی، خدا کی قسم جب مجھے اس امر کی اطلاع ہوئی تو نہ میں نے مشورہ دیا اور نہ اس کو پسند کیا، خدا کی قسم اگر میرا گمان درست ہے اور وہ درست ہی ہے تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم ضرور ہم سے نبرد آزما ہوں گے۔

فساد کی اصلاح کے لیے قریش کا مدینے کی طرف خاص نمائندہ بھیجنے کا فیصلہ

جس جرم کے ارتکاب میں قریش نے شرکت کی تھی اس کی روک تھام کے لیے قریش دارالندوہ میں بحث و مشورہ کے لیے اکٹھے ہوئے، انہوں نے اس بات پہ اتفاق رائے کیا کہ جو کچھ ان سے اور بنو بکر سے ہوا ہے وہ صریح عہد شکنی ہے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم لازماً فیصلہ کن فوجی کارروائی کریں گے جو اس بدعہدی کا رد ہو گی جو فریقین کے درمیان طے پا جانے

(بقیہ حاشیہ صلنا) ماں جایا بھائی تھا اور قریش کے اس وفد کا ایک ممبر تھا جو حبشہ کی طرف گیا تھا تاکہ نجاشی سے مطالبہ کرے کہ وہ مہاجر مسلمانوں کو ان کے سپرد کر دے یہ فتح مکہ کے روز مسلمان ہو گیا تھا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کی طرف جاتے ہوئے اس سے دس ہزار سے زیادہ قرض لیا جو اس نے آپ کو دیا جب آپؐ حنین سے واپس آئے تو فرمایا جو تو نے قرض دیا تھا وہ لے لے اللہ تیرے مال اور اولاد میں برکت دے قرض کی جزا حمد و وفا ہی ہے حضرت عمرؓ نے اسے فوج کی سالاری دی تھی حضرت عثمانؓ کے عہد میں جب کہ وہ حضرت عثمانؓ کی مدد کے لیے جا رہا تھا مکہ کے قریب اپنی سواری سے گر کر مر گیا۔

Marfat.com

والی صلح حدیبیہ کی رسوا کن خلاف ورزی کے طور پہ بروئے کار لایا گیا ہے۔

قریش کو مقتولوں کی دیات کی برداشت کا مشورہ

کا فرو مرتد عبداللہ بن ابی سرح بھی قریش کی دار الندوہ کی ان میٹنگوں میں حاضر ہوا کہ تا نخاجوان تبدیلیوں پہ بحث کے لیے منعقد ہوتی تھیں جن کے بارے میں نقضِ عہد کے بعد قریش کو ان کے رُو نما ہونے کی توقع تھی، عبداللہ بن سعد نے انہیں کہا میری رائے یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اتمام حجت کے بغیر تم سے جنگ نہیں کریں گے اور تمہیں کچھ باتوں کا اختیار دیں گے اور وہ تمام باتیں تمہارے لیے ان کی جنگ سے آسان ہوں گی انہوں نے پوچھا وہ کیا ہیں؟ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کو جانتا تھا کیونکہ وہ آپ کا کاتب وحی تھا (بعد میں مرتد ہو گیا تھا) کہنے لگا وہ پیغام بھیجیں گے کہ خزاعہ کے مقتولوں کی دیت ادا کر دیا جو ہمارے درمیان ہونے والے عہد کی عہد شکنی ہوئی ہے اس کی وجہ سے بنو نفاثہ سے برأت کا اعلان کرو ورنہ وہ (حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور مسلمان) بر سرِ پیکار ہوں گے ان باتوں کے متعلق تمہارا کیا خیال ہے؟ لوگوں نے کہا کہ ابن ابی سرح نے حتمی بات کہی ہے کیونکہ یہ شخص آپ سے خوب واقف تھا، سہیل بن عمرو نے کہا کہ بنی نفاثہ سے برأت کے اعلان سے اور کوئی بات ہم پہ زیادہ آسان نہیں، شیبہ بن عثمان العبدری نے کہا تو نے اپنے ماموؤں کا بچاؤ کیا ہے اور بنو نفاثہ سے ناراض ہو گیا ہے سہیل نے جواب دیا خزاعہ، قریش کی اولاد نہیں، شیبہ نے جواب دیا، نہیں، لیکن ہم خزاعہ کے مقتولوں کی دیت دیں گے اور یہ ہمارے لیے سب سے زیادہ آسان بات ہے، قرظہ بن عبد بن عمرو نے کہا، خدا کی قسم نہ ہم دیت دیں گے اور نہ بنو نفاثہ کی دوستی سے برأت کا اعلان کریں گے بلکہ ہم ان (مسلمانوں) سے نبرد آزمائی کریں گے، ابو سفیان نے کہا یہ تو کوئی بات نہ ہوئی ہماری رائے یہ ہے کہ ہم

Marfat.com

اس بات سے ہی انکار کر دیں کہ قریش عہد شکنی میں شامل ہیں اگر کچھ لوگوں نے ہماری مرضی اور مشورہ کے بغیر عہد شکنی کی ہے تو اس کی ذمہ داری ہم پر عائد نہیں ہو سکتی، لوگوں نے کہا اس رائے کے سوا، اور کوئی رائے نہیں ہونی چاہیے کہ جو کچھ ہوا ہے اس سے کلیتہً انکار کر دیا جائے ابوسفیان نے کہا میں نے اس میں کوئی مشورہ نہیں دیا اور میں اس بات میں سچا ہوں لیکن جو کچھ تم نے کیا ہے میں اُسے پسند نہیں کرتا اور مجھے یہ بھی علم ہے کہ ایک روز اس وجہ سے سخت جنگ ہوگی، قریش نے ابوسفیانؓ سے کہا تو ہی جا کر یہ کام کر تو ہی اس کا اہل ہے۔[۱]

قریش کی خرابی کی اصلاح کے لیے ایک خاص نمائندے کا تقرر،

طویل مشوروں کے بعد دار الندوہ مکّہ میں قریش کے سرداروں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ وہ نقض عہد میں اشتراک کا انکار کر دیں کہ یہی شگاف کو درست کرنے اور صلح کے معمول کو جاری رکھنے کا کارگر وسیلہ ہے اور وہ یوں کریں کہ قریش حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اعلیٰ سطح پر ایک نمائندہ بھیجیں جو قریش کی اس خواہش کا اظہار کرے کہ آپ صلح کی مدت میں اضافہ کر دیں اور جب وہ ان کی اس خواہش کو قبول کر لیں گے تو جو کچھ ہو چکا ہے اس کی سزا سے وہ بچ جائیں گے اور قریش کو اس صلح کی تجدید کا حق حاصل ہو جائے گا جو بنی بکر کے ساتھ خزاعہ پر ظلم میں مشارکت کی وجہ ٹوٹ چکی ہے۔

قریش کے نمائندہ ابوسفیان کا مدینہ کی طرف سفر

دار الندوہ میں قریش نے اس امر پر بھی اتفاق کیا کہ

---

[۱] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۸۸

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ میں تجدید صلح کے لیے مذاکرات کرنے والا قریش کا نمائندہ ابوسفیان ہو جو قریش کی فوجوں کا سالارِ عام بھی ہے قریش کا خیال تھا کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے خاص نمائندے ابوسفیان کے مدینہ پہنچنے سے قبل ہمارے جرم میں شریک ہونے کے متعلق پتہ نہیں چلے گا، ابوسفیان نے کہا کہ اب میرے لیے کوئی چارہ کار نہیں کہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر یہ بات کروں کہ وہ صلح کی مدت میں اضافہ کر دیں اور اس واقعہ کی اطلاع پہنچنے سے قبل تجدید عہد کر دیں، پس ابوسفیان اپنے غلام کے ساتھ دو سواریوں پر نہایت سرعت کے ساتھ چلتا ہوا نکلا، اس کا خیال تھا کہ مکہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف جانے والا میں ہی پہلا شخص ہوں [1]

خزاعہ کا اپنے حلیف رسول ؐ سے مدد طلب کرنا

ابوسفیان اور اس کی قوم کا خیال درست نہ تھا، خزاعہ والے قریش سے بھی زیادہ تیز تھے انہوں نے ابوسفیان کے مدینہ پہنچنے سے کئی دن پہلے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس ظالمانہ کاروائی کی تفاصیل پہنچا دی تھیں، اس ظلم و زیادتی کے بعد خزاعہ نے اپنے خاص پیغامبر عمرو بن سالم الخزاعی کو جو بڑا مشہور شہسوار تھا، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک اس واقعہ کی اطلاع دینے کے لیے بھیجا کہ خزاعہ کو بنی بکر اور ان کے حلیف قریش سے صلح حدیبیہ کی موجودگی میں قتل و غارت سے کیا نقصان پہنچا ہے، جس وقت قریش کے شیوخ (اپنی قبائلی پارلیمنٹ میں) دار الندوہ میں بنی بکر کے ساتھ مل کر خزاعہ پر حملہ کرنے کی مشکل میں پھنس جانے پر بحث کر رہے تھے اس وقت عمرو بن سالم مدینہ میں

---

[1] دیکھیے مغازی الواقدی، سیرۃ ابن ہشام، طبقات ابن سعد اور تاریخ طبری۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے خزاعہ کی داستانِ ظلم وستم سُنا رہا تھا، عمرو بن سالم نے مسجد نبوی میں ظلم کے واقعات کو اشعار میں بیان کرتے ہوئے کہا۔

اے اللہ میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اس دوستی کے نام پر اپیل کرتا ہوں جو ہمارے اور اس کے قدیم آباؤ اجداد کے زمانے سے پائی جاتی ہے تم اولاد تھے اور ہم والدین بعد ازاں ہم نے اسلام قبول کر لیا پھر بھی ہم نے اپنا ہاتھ نہیں کھینچا پھر عمرو نے قریش کے صلح حدیبیہ کے توڑنے کے متعلق بتایا اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مطالبہ کیا کہ آپ خائنوں اور عہد شکنوں کی تادیب اور ان کے وجود کو ختم کرنے کے لیے ہماری مدد کریں پھر اس نے یہ شعر پڑھے :-

"قریش نے آپ سے وعدہ خلافی کی ہے اور آپ کے پختہ عہد کو توڑا ہے، اللہ تعالیٰ آپ کی راہنمائی کرے خوب مدد کیجیے اور بندگانِ خدا کو مدد کے لیے پکار دیجیے کہ وہ مدد کے لیے آئیں، رسول اللہ عظیم لشکر میں نمایاں ہیں وہ لشکر جھاگ دار سمندر کی طرح رواں ہے جس میں بڑے بڑے سردار، سرداروں سے جنگ کریں گے" پھر عمرو بن سالم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تفصیل سے بتایا کہ بنو بکر اور قریش نے انہیں کیسے خیانت سے قتل کیا جب کہ وہ مکہ کے اندر الوتیر میں اطمینان اور امن سے رہ رہے تھے اور نماز و تلاوت میں مصروف تھے پھر اس نے یہ شعر پڑھے :-

"انہوں نے ہم پر جب کہ ہم الوتیر میں سوئے ہوئے تھے شب خون مارا ہم رکوع و سجود میں قرآن پڑھتے تھے، وہ کداء میں گھات لگائے بیٹھے تھے انہوں نے خیال کیا کہ میں کسی کو آواز نہیں دوں گا اور وہ کمزور اور کم تعداد میں تھے جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خزاعہ کے لیڈر عمرو بن سالم سے یہ مؤثر شعر سنے جن میں اس نے اس بات کی وضاحت کی تھی کہ خزاعہ کو اس خیانت اور ظلم سے کیا کیا نقصانات پہنچے ہیں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش اور بنو بکر کی کاروائی

Marfat.com

پر ناراض ہوئے اور خزاعہ کے نمائندے کو خائنوں سے انتقام لینے کے لیے اپنی بھرپور امداد کا یقین دلاتے ہوئے فرمایا:۔

اے عمرو بن سالم تجھے مدد دی جائے گی۔

اس کے بعد جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد سے باہر نکلے تو آپ کے چہرے پر غصے کے آثار نمایاں تھے اور آپ بار بار فرما رہے تھے کہ وہ ظالم قریش کے خلاف خزاعہ مظلوم کی ضرور مدد کریں گے، عبدالحمد بن جعفر بن عمران بن ابی انس حضرت ابن عباس[1] سے بیان کرتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی چادر کا پلو گھسیٹتے ہوئے

---

[1] عبداللہ بن عباس بن عبدالمطلب حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کے بیٹے ہیں۔ ان کی ماں ام الفضل لبابہ بنت الحارث الہلالیہ ہے آپ کی پیدائش اس وقت ہوئی جب بنو ہاشم ہجرت سے تین سال قبل شعب ابی طالب میں محصور تھے رسول کریم کی وفات کے وقت ابن عباسؓ دس[2] سال کے تھے آپ سب سے پہلے افریقہ کے اس معرکہ میں شامل ہوئے جو عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کی قیادت میں ۲۷ھ میں تونس میں ہوا آپ سفید رنگ طویل القامت اور خوب صورت چہرے والے تھے جب بیٹھتے تو دو آدمیوں کی جگہ گھیر لیتے روایت ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے سر پر ہاتھ پھیر کر فرمایا اے اللہ اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور اسے تاویل کا علم دے آپ صحابہ سے زیادہ علم رکھتے تھے آپ کا لقب حبر امت ہے کہتے ہیں کہ افریقہ کی جنگ میں آپ رومی لیڈر گریگوری کے سامنے (باقی ص۱۰۸ پر)

---

[2] مصنف نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کی عمر کا غلط حساب لگایا ہے اس روایت کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت آپ کی عمر تقریباً چودہ سال بنتی ہے (فیضی)

Marfat.com

کھڑے ہوئے اور فرمایا اگر میں خزاعہ کی اتنی مدد نہ کروں جتنی میں خود اپنی کر سکتا ہوں تو میری مدد بھی نہ ہو[1]

خزاعہ کا بڑا وفد مدینہ میں

عمرو بن سالم کو جلد جلد بھیجنے کے بعد خزاعہ نے اس کے پیچھے ایک اور بڑا وفد بھیجا جو چالیس آدمیوں پر مشتمل تھا جس کی قیادت ان کا ایک لیڈر بدیل بن ورقاء کر رہا تھا اس نے مدینہ جا کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کر کے آپ کو قریش کے مزید ظالمانہ واقعات سے آگاہ کیا اور وفد نے دوبارہ آپ سے مدد کی استدعا کی تاکہ وہ قریش اور ان کے حلیف بنو بکر سے اپنے تیئں مقتولوں کا حق وصول کریں جنہیں انہوں نے خیانت سے قتل کیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خزاعہ کو وثوق سے بتایا کہ وہ ان کا حق ان کے دشمنوں سے لیں گے، حضرت عائشہؓ فرماتی

(بقیہ حاشیہ صـ۱۰۷) ہوئے تو وہ بہت متعجب ہو کر کہنے لگا آپ کو تو حبرِ عرب ہونا چاہیے معجم لبغوی میں عطاء سے روایت ہے کہ میں نے ابن عباس کی مجلس سے زیادہ کوئی اچھی چیز نہیں دیکھی آپ بڑے فقیہ اور بڑے صاحب خشیت تھے طاؤس کہتے ہیں میں نے ستر صحابہ رسولؐ کو دیکھا ہے جب وہ کسی بات پر غور کرتے تو ابن عباسؓ کے قول کو اختیار کرتے، حضرت علیؓ نے انہیں بصرہ کا حاکم بنایا اور صفین میں آپ کے میسرہ میں تھے، آپ ترجمان القرآن ہیں جب ابن عباسؓ کی وفات ہوئی تو عمرو بن دینار نے کہا اس امت کا ربانی فوت ہو گیا ہے آپ کی وفات ۶۸ھ میں طائف میں ہوئی اس وقت آپ کی عمر ۷۱ سال تھی۔

[1] مغازی الواقدی ج ۲ صـ۷۹۱

Marfat.com

ہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اندر داخل ہو کر پانی طلب فرمایا اور غصّے کی حالت میں پانی اپنے اُوپر ڈال رہے تھے اور فرما رہے تھے " اگر میں بنی کعب یعنی خزاعہ کی مدد نہ کروں تو میری مدد بھی نہ ہو۔"

خزاعہ کے وفد کی اپنے گھروں کو واپسی

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نصرت کا وعدہ لینے کے بعد خزاعہ کا وفد اپنے گھروں کو واپس چلا گیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خزاعی وفد کے آدمیوں سے فرمایا کہ وہ اکٹھے واپس نہ ہوں، آپ نے فرمایا: واپس چلے جاؤ اور وادیوں میں منتشر ہو جاؤ لیکن ان میں سے بعض کی ملاقات ابواء میں ابوسفیان سے ہو گئی جب کہ وہ مدینہ کی طرف آ رہا تھا اس نے ان سے پوچھا کہ وہ مدینہ سے آئے ہیں؟ انھوں نے اُسے کچھ نہ بتایا لیکن وہ ان کے طور طریقوں سے سمجھ گیا کہ وہ مدینہ سے آئے ہیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا قریش سے خزاعہ کے مقتولوں کی دیت طلب کرنا اور ان کا انکار کرنا۔

بلاشبہ قریش اور بنی بکر نے خزاعہ کے ساتھ الوتیر اور مکہ میں جو خیانت اور ظلم کیا وہ صریحًا اس صلح کی خلاف ورزی تھی جس کی تکمیل ہجرت کے چھٹے سال حدیبیہ میں ہوئی تھی جس کے بموجب ایک طرف سے قریش اور بنو بکر نے اور دوسری جانب سے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور خزاعہ نے اس بات پر اتفاق کیا تھا کہ دس سال تک وہ جنگ نہیں کریں گے اور لوگ ایک دوسرے کے ساتھ پُرامن طور پر رہیں گے، اب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ حق حاصل تھا کہ آپ اس صلح کے پرخچے اُڑا دینے والے ظلم پر قریش کے خلاف فیصلہ کُن کارروائی کریں مگر اس کے باوجود رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے خلاف کسی قسم

Marfat.com

کی فوجی کارروائی کرنے سے قبل اور جانوں کی سلامتی کی آرزو کے مطابق (خواہ وہ خون آپ کے ان دشمنوں کے ہی ہوں جن کی ہدایت کے آپ خواہاں تھے) فیصلہ کیا کہ قریش کی طرف ایک خاص نمائندہ خط دے کر بھیجا جائے جو انھیں تین امور کے درمیان اختیار دے، یا تو وہ خزاعہ کے مقتولوں کی دیت دیں یا نفاثہ کی دوستی سے برأت کا اعلان کریں (یہ بنی بکر کا ایک چھوٹا سا قبیلہ ہے اور یہی خیانت اور عہد شکنی کا مسئول اوّل تھا) یا پھر آپ ان قریش کے حلیفوں کے خلاف ہمہ گیر جنگ کا اعلان کر دیں گے آپ نے اس عادلانہ تخییر (اختیار دینے) کے ساتھ پیغامبر کو قریش کی طرف بھیجا لیکن انہوں نے دونوں عادلانہ حل مسترد کر کے جنگ کو قبول کر لیا۔

تخییر کی اس روایت کو واقدی کے سوا اصحاب سیر و مغازی میں سے کسی نے بیان نہیں کیا وہ اپنی کتاب مغازی جلد ۲ صـ۷۸۶ میں کہتا ہے کہ ہم نے خزاعہ کے معاملہ میں ایک ایسے پہلو کے متعلق سنا ہے جس پر میں نے اپنے سے پہلے لوگوں کو نہیں پایا اور نہ ہی وہ اسے جانتے تھے اسے ثقہ آدمیوں نے بیان کیا ہے اس کے مخرج کی طرف تسلی بخش ثقہ آدمی رجوع کرتا ہے میں نے ابن جعفر، محمد بن صالح اور ابو معشر وغیرہ سے جو سیرت کے موضوع کے عالم ہیں اس کا ذکر کیا مگر سب نے اس کا انکار کیا مگر اس کی وجہ کوئی نہ بتا سکے، ہاں واقدی اس روایت کی صحت کی تاکید کرتے ہوئے کہتا ہے کہ مجھ سے ایک ثقہ آدمی نے بیان کیا ہے کہ اس نے عمرو بن دینار سے سنا وہ ابن عمرؓ سے بیان کرتے تھے کہ جب خزاعہ کا وفد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کو اپنے مقتولوں کے متعلق بتایا تو رسول کریم ------- نے فرمایا تمہارا مطلوب کون ہے انہوں نے جواب دیا، نہیں، بلکہ ہمارا مطلوب بنو نفاثہ ہے جو ایک چھوٹا سا قبیلہ ہے جس کا

Marfat.com

سردار نوفل بن معاویہ النفاثی ہے آپ نے فرمایا یہ بنی بکر کے بطن سے ہے ، میں اہل مکہ کے پاس آدمی بھیج کر اس بارے میں دریافت کرتا ہوں اور ان کو تین باتوں کے متعلق اطلاع دیتا ہوں آپ نے ان کی طرف ضمرہ[1] کو بھیجا کہ وہ ان کو تین باتوں میں سے ایک کے اختیار کرنے کے متعلق کہے ، یا تو وہ خزاعہ کو دیت دیں یا نفاثہ کی دوستی سے اعلانِ برأت کریں یا جنگ کے لیے تیار ہو جائیں ۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغامبر ضمرہ نے انہیں بتایا کہ مذکورہ تین باتوں میں سے ایک کو اختیار کر لو ، اس پر قرظہ بن عبد عمرو الاعجمی نے کہا[2] اگر ہم خزاعہ کے مقتولوں کی دیت دیں تو نفاثہ ایسی قوم ہے جس کے افراد میں بدخلقی پائی جاتی ہے لہٰذا ہم ان کی دیت نہیں دیں گے حتیٰ کہ ہمارے لیے کچھ بھی باقی نہ رہے اور اگر ہم نفاثہ کی دوستی سے برأت کا اعلان کریں تو عرب میں کوئی ایسا قبیلہ موجود نہیں جو میں نفاثہ سے بڑھ کر بیت اللہ کی تعظیم کرتا ہو ، پھر وہ ہمارے حلیف بھی ہیں پس ہم ان کی دوستی سے براءت کا اعلان نہیں کریں گے جب تک ہمارے پاس کچھ موجود ہے ہاں ہم محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کریں گے ، ضمرہ ان کی یہ باتیں سن کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آ گیا ، پھر قریش نے ابو سفیان کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تجدید عہد کے لیے بھیجا اور قریش پیغامبر کو اس طرح واپس کرنے پر

---

[1] ضمرہ کا نام کئی صحابہ پر اطلاق پاتا ہے اس جگہ واقدی نے بھی نہیں لکھا کہ کس کا بیٹا ضمرہ مراد ہے ۔

[2] قرظہ بن عبد عمرو بن نوفل بن عبد مناف القرشی جس کی بیٹی فاختہ نے حضرت معاویہ کے ساتھ شادی کی ، ابن حجر نے اصابہ میں کہا ہے کہ صحابہ کے حالات بیان کرنے والوں نے قرظہ کا ذکر صحابہ میں نہیں کیا ۔

Marfat.com

پشیمان ہوئے واقدی کہتا ہے ہمارے تمام اصحاب نے اس حدیث کا انکار کیا ہے یہاں تک کہ میں نے اس کا ذکر حزام بن ہشام الکعبی سے کیا تو اس نے کہا جس نے تجھے یہ بات بتائی ہے اس نے کچھ ضائع تو نہیں کیا لیکن بات وہ ہے جو میں تجھے بتاتا ہوں کہ قریش نفاثہ کی مدد کرنے پر پشیمان ہوئے اور کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہم سے جنگ کرنے والے ہیں پھر واقدی کہتا ہے کہ میں نے حزام کی بات کا ذکر ابن جعفر وغیرہ دوستوں سے کیا تو انہوں نے اس کا انکار نہ کیا اور کہا کہ ایک صورت یہ بھی ہے اور عبداللہ بن جعفر نے مجھ سے یہ روایت لکھ لی۔

نقضِ عہد، قریش کے لیے کیسے بھلائی کا موجب بنا

عبداللہ بن عامر اسلمی اعطاء بن ابی مروان سے روایت کرتے ہیں وہ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضؓ سے فرمایا کہ میں خزاعہ کے معاملہ میں حیران رہ گیا ابن واقدی کہتا ہے حضرت عائشہ رضؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کے خیال میں قریش اس عہد کو جو آپ کے اور ان کے درمیان ہوا ہے توڑنے کی جرأت کریں گے حالانکہ تلوار نے انہیں فنا کر دیا ہوا ہے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ارادۂ الٰہی کے مطابق عہد کو توڑیں گے ، حضرت عائشہ رضؓ نے عرض کیا اس میں خیر ہو گی یا شر ؟ فرمایا خیر[۱]

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تعلق میں جو بات فرمائی تھی وہ پوری ہو گئی قریش کا نقضِ عہد کرنا مکہ پر مسلمانوں کے غالب آنے کا سبب بن گیا اور مسلمانوں کا مکہ پر غالب آنا ، ان کو ظلمتِ شرک سے بچانے کا سبب بن گیا اور وہ سب کے سب اسلام میں داخل ہو گئے یہ تھی وہ خیر جس کا ارادہ اللہ تعالیٰ نے ان کے متعلق

---

[۱] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۷۸

Marfat.com

کیا تھا اور یہی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد تھی۔

ابوسفیان کا مدینہ میں تجدید صلح کا مطالبہ کرنا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو توقع تھی کہ سردارانِ قریش نے بنی بکر کے ساتھ اشتراک واتفاق کر کے خزاعہ پر جو ظلم کیا ہے اس کے نتیجے میں انہیں خوف لاحق ہو گا اور وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے تجدید صلح کے حصول کے لیے کوشش کریں گے تاکہ مسلمانوں کو اس ظلم کے خلاف جو انہوں نے خزاعہ کے بارے میں روا رکھا تھا، کسی حربی کارروائی کے بروئے کار نہ لانے کا پابند کر دیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا معلوم ہوتا ہے کہ ابو سفیان معاہدہ کو پختہ کرنے اور مدت میں اضافہ کرنے کے لیے تمہارے پاس آئے گا[1]

ابوسفیان کی خزاعہ کے وفد کے ساتھ ملاقات

اسی دوران میں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ تصریح کر رہے تھے ابوسفیان عملاً مکہ سے مدینہ آنے والے راستے پر قریش کی ذمہ داری نبھانے آرہا تھا جب کہ خزاعہ کا وفد ابوسفیان کے مدینہ پہنچنے سے پہلے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ظلم و زیادتی کی تمام داستان سُنا کر وہاں سے واپس بھی آگیا تھا اصحاب مغازی و سیر بتاتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خزاعی وفد کو حکم دیا کہ وہ واپسی کے وقت متفرق ہو جائیں اور اپنے گھروں کو اکٹھے واپس نہ جائیں تو انہوں نے ایسے ہی کیا یہ وفد اکتالیس آدمیوں پر مشتمل تھا۔ ان میں سے ایک گروہ تو شاہراہ سے ہٹ کر ساحل کی طرف چلا گیا اور دوسرے بھی مختلف راستوں پر متفرق ہو گئے مگر بدیل ابن ام اصرم

---

[1] سیرت ابن ہشام ج ۴ صـ ۳۷

Marfat.com

شاہراہ پر ہی چلتا رہا جب وہ ابواءؔ[1] سے گزر گیا تو اسے ابو سفیان ملا تو اُسے یہ ڈر پیدا ہوا کہ بدیل بن اصرم اور اس کے ساتھی مدینہ سے آئے ہیں ابو سفیان نے لوگوں سے کہا مجھے بتاؤ کہ تم یثرب میں کب گئے تھے وہ اس طرح یہ معلوم کرنا چاہتا تھا کہ انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو کب مل کر حالات سے آگاہ کیا ہے انہوں نے جواب دیا ہمیں تو یثرب کا کچھ پتہ نہیں پھر ابو سفیان نے مزید کریدنے کے لیے سوال کیا اے بدیل کیا تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے آئے ہو؟ اس نے جواب دیا نہیں، میں تو اس ساحل پر رہنے والے کعب اور خزاعہ کے علاقے میں گیا تھا ان کا ایک مقتول کے متعلق جھگڑا تھا میں نے ان کی صلح کرا دی ہے تو ابو سفیان نے کہا وہ ہر فاء تھا خدا کی قسم میں تجھ سے نیک اور صلہ رحمی کرنے والے شخص کو نہیں جانتا پھر ابو سفیان نے ان کے ساتھ قیلولہ کیا مگر شک اس پر غالب آگیا اور وہ حقیقت تک پہنچنے کے لیے گہری تحقیق کرنے لگا، اس نے کہا کیا تمہارے پاس ہمارے کھلانے کے لیے یثرب کی کھجوروں میں سے کچھ ہے کیونکہ یثرب کی کھجوریں تہامہ کی کھجوروں سے بہتر ہوتی ہیں انہوں نے جواب دیا ہمارے پاس کوئی کھجور نہیں، مگر شکوک اس پر حملہ کرنے لگے اس لیے وہ ان کے انکار کے باوجود مطمئن نہ ہوا اور ان کے چلے جانے کے بعد سب سے پہلے ان کی فرودگاہ میں آیا اور ان کے اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ سے مینگنیاں اٹھا کر اور انہیں پھاڑ کر دیکھنے لگا۔ تو ان میں سے اس نے کھجور کی گٹھلیوں کو پایا۔

---

[1] ابواء، مراصد الاطلاع میں ہے کہ یہ مدینہ کے مضافات میں سے ایک بستی ہے اس کے اور جحفہ کے درمیان ۲۳ میل کا فاصلہ ہے بعض نے کہا ہے کہ آرہ اور مصعد کی دائیں جانب مکہ کی طرف ایک پہاڑ ہے ابواء میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ آمنہ کی قبر ہے۔

Marfat.com

پھر جہاں وہ خود اُترے تھے اس جگہ اس نے عجوہ کھجور کی گٹھلیاں دیکھیں جو یثرب کی زبان کی طرح ہوتی ہیں۔ اُسے یقینی طور پر پتہ چل گیا کہ یہ لوگ مدینہ سے آئے تھے اور اس نے کہا کہ میں حلفاً کہتا ہوں کہ یہ لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے آئے ہیں اس وقت ابوسفیان کی اُس اُمید پر اوس پڑ گئی کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں توثیق معاہدہ اور اضافۂ مدت کی کوشش میں کامیاب نہیں ہو سکتا۔

ابوسفیان مدینہ میں

اپنی مساعی میں کامیابی کی اُمید کے ماند پڑ جانے کے باوجود بھی ابوسفیان نے مدینہ کی طرف مسلسل سفر جاری رکھا تاکہ وہ قریش کی استدعا کے مطابق اپنی کوشش صرف کرے یہاں تک کہ وہ مدینہ پہنچ کر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا مگر وہ اپنی مہم میں بری طرح ناکام ہوا کیونکہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ساتھ تجدید صلح اور اضافۂ مدت کے متعلق کسی قسم کی گفتگو کرنا قبول نہ کیا ابوسفیان نے محسوس کر لیا کہ مدینہ کی فضا مسلمانوں کے حلیف خزاعہ پر ظلم کرنے میں مشارکت کے باعث معاہدہ صلح کو توڑنے کی وجہ سے قریش کے خلاف انتقام اور غیض و غضب سے بھرپور ہے اور خزاعہ کے وفد نے مدینہ آکر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس ظلم کی تفاصیل بتا کر مسلمانوں کے خلاف اس درجہ تک بھڑکا دیا تھا کہ ابوسفیان نے باوجود کنانہ کا سردار ہونے کے اپنے آپ کو مدینہ میں ایسے لاوارث بچے کی طرح پایا جسے کوئی بھی کشادہ رُوئی سے نہیں ملا۔

ابوسفیان کی بیٹی کا اپنے باپ کو دھتکارنا

مدینہ میں داخل ہونے کے فوراً بعد ابوسفیان کو سب سے پہلے جو صدمہ پہنچا وہ اس کی مسلمان بیٹی حضرت اُم حبیبہؓ کا وہ سلوک تھا جو اس نے ابوسفیان سے روا رکھا، یہ سیدہ فاضلہ امہات المومنین میں سے ایک ہیں چونکہ ابوسفیان کی بیٹی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر میں تھی اس لیے اس نے اس کے حجرہ میں

جانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر جانے کا ارادہ کیا اور بیٹی کے ہاں جاتے ہی اس نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پہ بیٹھنے کی کوشش کی تو حضرت اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا نے اس کو بیٹھنے سے منع کر دیا اور بستر کو لپیٹ دیا کہ کہیں یہ اس پہ بیٹھ ہی نہ جائے اس کو یہ بات بری لگی اور اس نے بڑے دُکھ اور تلخی سے کہا،

اے بیٹی مجھے معلوم نہیں کہ تو نے اس بستر کو میرے لیے اچھا نہیں سمجھا یا مجھے اس بستر کے قابل نہیں سمجھا ؟ تو اُم المومنین نے ایک راست باز مومن کے لہجے میں جو عقیدے اور اصول کو ہر چیز سے بلند خیال کرتا ہے کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر ہے اور تو ایک مشرک اور نجس آدمی ہے اور میں پسند نہیں کرتی کہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بستر پہ بیٹھے، ابوسفیان نے کہا:۔

اے بیٹی، خدا کی قسم تجھے میرے بعد غلط روش نے پا لیا ہے[1]۔ حضرت اُم حبیبہؓ نے جواب دیا اللہ تعالیٰ نے اسلام کی طرف میری رہنمائی کی ہے اور آپ قریش کے سردار اور بڑے آدمی ہیں۔ کیا تیرا اسلام میں داخل ہونا تجھے ہیچ کر دے گا ؟ حالانکہ تو بتوں کو پوجتا ہے جو نہ سُنتے ہیں نہ دیکھتے ہیں تو ابوسفیان نے کہا تعجب ہے کہ تو بھی ایسی باتیں کرتی ہے، کیا میں ان بتوں کو چھوڑ دوں جن کی پرستش میرے آباؤ اجداد کرتے تھے ؟ اور دین محمدؐ کی پیروی کروں اس کے بعد وہ باہر چلا گیا[2]۔

ابوسفیان نے جب حضرت اُم حبیبہؓ کے حجرہ کو چھوڑا تو جو سلوک اس کی مسلمان بیٹی نے اس سے کیا کہ اُسے صراحت کے ساتھ کہہ دیا کہ تو مشرک اور نجس ہے اور میں تجھے (باوجود باپ ہونے کے) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے

---

[1] سیرت ابن ہشام جلد ۴ صفحہ ۳۸

[2] امتاع الاسماع صفحہ ۳۵۹

Marfat.com

بستر پر بیٹھنے کی اجازت نہیں دے سکتی نیز اُسے حق و صواب کے واضح ہو جانے کے بعد بھی اب تک بتوں کی پرستش کرنے پر ملامت کی حالانکہ وہ قریش کا سردار اور بڑا آدمی تھا، تو اس کی ٹانگوں میں چلنے کی سکت نہ رہی۔ اس شدید نفسیاتی صدمہ کے بعد جو اُسے اس کی مسلمان بیٹی سے پہنچا اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو رضامند کرنے کی ایک مایوسانہ کوشش کی آپ اس کے ساتھ قریش کے لیے صلح حدیبیہ کو معمول کے مطابق جاری رکھنے اور توثیق صلح کی مدت میں اضافہ کرنے کے مذاکرات میں شامل ہو جائیں کیونکہ اگر یہ بات ہو جاتی تو قریش جو آپ کے حلیفوں سے ظلم و زیادتی کر چکے تھے یہ ان کے لیے عفو عام کے قائم مقام ہو جاتی، ابوسفیان نے ملمع سازی سے مغالطہ دینے کی کوشش کی تاکہ قریش کے حق میں یہ ضمانت حاصل کر لیں جس کے حصول کے قریش بڑے آرزومند تھے اس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ وہ مدینہ میں اپنی ذاتی حیثیت سے آیا ہے اور ذاتی حیثیت سے وہ صلح حدیبیہ میں موجود نہ تھا اس لحاظ سے اس کی پوزیشن قریش کے ایک سردار کی سی ہے جو اس صلح کی توثیق کے لیے آیا ہے جس میں وہ ان لیڈروں کے ساتھ شامل نہ تھا جنہوں نے صلح پر دستخط کیے تھے، اس نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہا اے محمدؐ، میں صلح حدیبیہ میں موجود نہ تھا اس لیے عہد کی توثیق کیجیے اور اس کی مدت میں اضافہ فرمائیے مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریشی سردار کی بات پر دشمنی کی لکیر ڈال کر ختم کر دیا اور فرمایا اے ابوسفیان کیا تو اسی لیے آیا ہے؟ اس نے جواب دیا ہاں! تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کسی نے صلح کو توڑا ہے تو ابوسفیان نے حقیقت کا اعتراف نہ کیا بلکہ حیرت انگیز جرأت سے اس کا انکار کرتے ہوئے کہا ہم اپنے عہد امد صلح پر قائم ہیں ہم اس میں تغیر و تبدل نہیں کریں گے، اس موقعہ پر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان کو وہ باتیں

Marfat.com

سنائیں جو بڑی ٹھوس، وزنی، تجربہ کارانہ اور اس آدمی کو اشتباہ میں ڈال دینے والی تھیں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دشمنوں کا لیڈر تھا۔ جب وہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فی البدیہہ باتوں کے مقابل کامیاب نہ ہوسکا تو اس کی حیرت میں مزید اضافہ ہوگیا اور وہ بغلیں جھانکنے لگا، ابوسفیان قریش کے اطمینان کے لیے کسی چیز کو حاصل کرنا چاہتا تھا تاکہ وہ اُس عادلانہ سزا سے محفوظ ہوجائیں جو انہیں خزاعہ کے ساتھ خیانت میں مشارکت کرنے اور بنوبکر کے بے وقوفوں کے الوتیر کے جرم میں موافقت کرنے کی وجہ سے مسلمانوں کے ہاتھوں سے ملنے کی توقع تھی، جب ابوسفیان نے کہا کہ ابھی تک قریش کی طرف سے کوئی ایسی بات نہیں ہوئی جو صلح کو توڑنے والی ہو۔ ہم تو حدیبیہ کی مدت اور صلح پر قائم ہیں ہم اس میں تغیر و تبدل نہیں کریں گے [1] تو اس نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس معاملے میں ان صاف اور کھری باتوں کے سوا اور کوئی بات نہ سنی اور وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس سے خالی ہاتھ باہر نکل گیا۔

کبار صحابہؓ کے ساتھ ابوسفیان کی دُہری ملاقاتیں

ابوسفیان ایک تجربہ کار سیاسی آدمی تھا

جس کام کی وجہ سے وہ مدینہ آیا تھا اس میں کامیابی حاصل کرنے سے ابھی مایوس نہیں ہوا تھا اس نے قریش کے کبار مہاجر صحابہ سے ملاقاتیں کرنے کا فیصلہ کیا کہ شاید وہ اپنے مقام و مرتبہ کی وجہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اثر انداز ہوں اور آپؐ ابوسفیان کی توثیق صلح اور اس کی مدت میں اضافہ والی بات مان لیں۔

مہاجرین میں سے سب سے پہلے اس نے حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے

---

[1] امتاع الاسماع ص ۳۵۸، سیرۃ حلبیہ، واقدی، ابن ہشام

ملاقات کی اور گفتگو کر کے ان سے استدعا کی کہ وہ بیچ میں پڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہیں کہ آپ مذاکرات اور مدت صلح میں اضافہ کی بات مان لیں۔ لیکن حضرت صدیق قریش کے اس گھناؤنے جرم سے واقف ہو چکے تھے جس کا ارتکاب انہوں نے کیا تھا انہوں نے ابوسفیان کے مطالبہ کو رد کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سے یہ کام نہیں ہو سکتا[1]

جب ابوسفیان رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے قریبی صحابی سے مایوس ہو گیا تو وہ حضرت عمرؓ بن الخطاب کے پاس گیا، آپ مشرکین مکہ سے شدید عداوت کی وجہ سے مشہور تھے اس نے حضرت عمرؓ سے بھی حضرت ابوبکرؓ کی طرح استدعا کی کہ آپ بیچ میں پڑ کر تجدید صلح اور اضافہ مدت کی بات کروا دیں تو حضرت عمرؓ نے اُسے وہ بات سنائی جس نے اس کے دل کو مایوسی سے لبریز کر دیا آپ نے کہا کیا میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تمہاری سفارش کروں خدا کی قسم اگر مجھے چیونٹی کے سوا[2] کوئی چیز نہ ملے تو میں اس کے ساتھ لڑتا پاؤں تو میں تمہارے خلاف اس کی مدد کروں گا تو ابوسفیان نے بڑے دکھ سے کہا، تو نے ایک رشتہ دار کو بُری جزا دی ہے[3]

بعد ازاں وہ اس کوشش میں حضرت عثمانؓ کے پاس جا کر کہنے لگا، لوگوں میں رشتہ کے لحاظ سے کوئی شخص آپ سے بڑھ کر میرا قریبی نہیں، حضرت عثمانؓ بنی امیہ میں سے تھے جو ابوسفیان کا خاندان ہے ــــ صلح میں اضافہ اور تجدید عہد کرا دو،

---

[1] سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۳۸

[2] سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۳۸

[3] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۲

Marfat.com

آپ کا صاحب آپ کی بات کبھی رد نہیں کرے گا۔ خدا کی قسم میں نے اصحاب محمدؐ میں سے کسی صاحب کو تجھ سے زیادہ صاحب اکرام کبھی نہیں دیکھا تو حضرت عثمانؓ نے اُسے کوئی جواب نہ دیا بلکہ اُسے یہ کہہ کر میری پناہ رسول اللہ کی پناہ میں ہے، نرمی سے دفع کر دیا[1]۔ ان ناکام کوششوں کے بعد وہ حضرت علیؓ اور ان کی اہلیہ محترمہ حضرت فاطمہؓ بنت رسولؐ کے پاس گیا اس وقت ان کے بیٹے حضرت حسن چھوٹے بچے تھے وہ حضرت علیؓ کو اپنی قرابت کے باعث وسیلہ بناتے ہوئے کہنے لگا اے علیؓ! آپ رشتہ اور قرابت کے لحاظ سے سب قوم سے میرے زیادہ قریبی ہیں، میں آپ کے پاس ایک ضرورت کے لیے آیا ہوں، میں جس طرح ناکام آیا ہوں اس طرح ناکام واپس نہیں جاؤں گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس میری سفارش کیجیے، حضرت علیؓ نے جواب دیا ابوسفیان تیرا بُرا ہو، خدا کی قسم رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ایسی بات پہ قائم ہیں جس کے بارے میں ہم ان سے گفتگو نہیں کر سکتے[2]، تو اس نے کہا اے ابوالحسن! لوگوں کے درمیان پناہ دو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کرو کہ وہ مدت میں اضافہ کر دیں تو حضرت علیؓ نے مکرر عذر کرتے ہوئے کہا ابوسفیان تیرا بُرا ہو، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کو نہ کرنے کا عزم کیے ہوئے ہیں اور کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس چیز کے بارے میں گفتگو نہیں کر سکتا جس کو وہ ناپسند کرتے ہوں[3] اس موقع پر ــــ آخری کوشش کرتے ہوئے ــــ ابوسفیان حضرت فاطمۃ الزہرا کی طرف متوجہ ہوا اور آپ سے بیچ میں پڑنے کی استدعا کر کے کہنے لگا، اپنے باپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بات کریں تاکہ ابوسفیان تجدید صلح

---

[1] امتاع الاسماع ص ۳۵۹

[2] سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۳۸

[3] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۴

Marfat.com

در اضافۂ مدت کے حصول میں کامیاب ہو جائے حضرت فاطمۃ الزہرا نے یہ کہہ کر معذرت کی، کہ میں ایک عورت ہوں تو اس نے اصرار کرتے ہوئے کہا آپ کی بہن نے ابو العاص کو پناہ دی تھی تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اُسے پناہ دے دی تھی تو حضرت فاطمہ رض نے فرمایا یہ بات تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تعلق رکھتی ہے[۱]، پھر اس نے دوبارہ اصرار کرتے ہوئے کہا کہ اپنے کسی بیٹے کو کہیں کہ وہ لوگوں کے درمیان پناہ دیں حضرت فاطمہ رض نے جواب دیا کہ یہ دونوں تو بچے ہیں اور ان جیسا پناہ نہیں دے سکتا ہے[۲]

ابوسفیان کا سعد بن معاذ سے مدد طلب کرنا

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ جب ابوسفیان کبار مہاجرین صحابہ کو بیچ میں ڈال کر تجدید صلح کروانے میں ناکام ہوگیا تو وہ اوس کے سردار سعد بن عبادہ کو بیچ میں ڈالنے کی طرف متوجہ ہوا کہ شاید وہ بیچ میں پڑ جائے اور اس طرح وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تجدید صلح کروا لے، ابن ابی حبیبہ، واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ سے بیان کرتا ہے کہ ابوسفیان بن حرب سعد بن عبادہ کے پاس آکر کہنے لگا اے ابوثابت میرے اور آپ کے درمیان جو تعلقات ہیں آپ انہیں جانتے ہیں اور میں حرم میں تمہارا پڑوسی تھا اور یثرب میں تو میرے لیے اسی کی مانند ہے اور تو اس شہر کا سردار ہے پس لوگوں کے درمیان پناہ دے اور مدت میں اضافہ کروا دے تو حضرت سعد نے کہا اے ابوسفیان میری پناہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پناہ میں ہے کوئی شخص رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

---

[۱] سیرت الحلبیہ ج ۲ ص ۱۹۷

[۲] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۴

Marfat.com

خلاف پناہ نہیں دے سکتا [1]

ابوسفیان کا حضرت علیؓ سے تجدید دوستی کا مشورہ طلب کرنا

مورخین بیان کرتے ہیں کہ جب ابوسفیان تمام مایوسانہ کوششوں میں جو اس نے تجدید صلح اور صلح حدیبیہ کی فعالیت کے استمرار کے لیے کیں (جس صلح کی قریش صریح خلاف ورزی کر چکے تھے) اور تمام راہیں مسدود پائیں اس کا مقصد یہ تھا قریش اس تجدید سے اس سزا سے بچ سکیں جس کا خیانت اور نقضِ صلح کی وجہ سے انہیں مسلمانوں کی طرف سے ملنا متوقع تھی) تو وہ دوبارہ حضرت علیؓ کے پاس اس قرابت کا واسطہ دیتا ہوا گیا جو دونوں کو مربوط کیے ہوئے تھی اور آپ سے مشورہ طلب کرتے ہوئے کہنے لگا اے ابوالحسن میں دیکھ رہا ہوں کہ امور کو طے پانے کا راستہ مجھ پر بند ہو چکا ہے مجھے مشورہ دو [2]، حضرت علیؓ نے فرمایا تو قریش کا سردار اور ان کا بڑا طاقتور آدمی ہے تو اپنے خاندان کے درمیان پناہ دے دے [3]۔ کہنے لگا آپ کی نظر میں یہ بات مجھے کچھ سود مند ہو گی حضرت علیؓ نے فرمایا: خدا کی قسم میرا خیال تو یہ نہیں ہے [4]، لیکن اس کے سوا میں تیرے لیے اور کوئی راستہ نہیں پاتا [5]۔ مورخین کہتے ہیں کہ یہ بات سن کر ابوسفیان باہر نکل گیا اور چلا کر کہنے لگا لوگو سنو! میں نے

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۶

[2] سیرت حلبیہ ج ۳ ص ۱۹۸

[3] البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۸۳

[4] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۴

[5] البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۸۲

Marfat.com

لوگوں کے درمیان پناہ دی اور خدا کی قسم میں نہیں خیال کرتا کہ کوئی مجھ سے عہد شکنی کرے گا اور وہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گیا اور کہنے لگا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں نے لوگوں کے درمیان پناہ دے دی ہے اور خدا کی قسم میں نہیں خیال کرتا کہ کوئی مجھ سے عہد شکنی کرے گا اور نہ میری پناہ کو رد کرے گا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابوسفیان کیا تو یہ بات کہتا ہے [1] اور ابوسفیان کی یہ بات آخری مایوسانہ کوشش تھی کہ شاید وہ اس طرح قریش کو اس جنگ سے بچا دے جس کی توقع میں وہ راتیں گزار رہے تھے لیکن یہ ایک ناکام کوشش تھی۔

ابوسفیان کا ناکام ہوکر مکّہ میں واپس آنا

ابوسفیان نے قریش کو حلفائے رسولؐ کے ساتھ خیانت کرنے اور نقضِ عہد کی سزا سے بچانے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تجدید صلح کروانے میں اپنے ترکش کو تمام تیروں، کوششوں اور واسطوں سے خالی کردیا.... اور تمام کوششوں واسطوں میں ناکام ہونے کے بعد، اس نے مدینہ کو چھوڑ دیا اور قریش کے پاس اس متوقع جنگ کے انتباہ کو لے گیا جس کے فیصلے کو خود انہوں نے اپنے خائن ہاتھوں سے آگ دکھائی تھی۔

جنگ مکّہ کا پہلا صریح اشارہ

موسیٰ بن عقبیٰ بیان کرتے ہیں کہ جب ابوسفیان مدینہ کو چھوڑ کر مکہ چلا گیا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بدلی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ یہ بدلی بنی کعب یعنی خزاعہ کی مدد کے لیے تھوڑا تھوڑا برسے گی پھر فرمایا اے اللہ ان کی آنکھوں اور کانوں کو کام کرنے سے روک دے وہ ہمیں اچانک ہی دیکھیں اور ہمارے متعلق

---

[1] امتاع الاسماع صد ۳۶۰

دفعتہً ہی سُنیں ملہ

قریش کا ابوسفیان پر قبولِ اسلام کی تہمت لگانا

جس وقت سے قریش نے اپنے نمائندے ابوسفیان کو مدینے بھیجا تھا اس وقت سے وہ شدید قلق سے دوچار تھے کیونکہ انہیں یہ خوف دامن گیر تھا کہ قریش اور بنی کنانہ کے فعل کے بعد صلح حدیبیہ ٹوٹ گئی ہے اس لیے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جنگ کریں گے اور قریش کے قلق و اضطراب میں مزید اضافہ اس وجہ سے ہوگیا کہ ابوسفیان کی غیر حاضری طویل ہوگئی یہاں تک کہ مکہ میں مشرکین کے سرداروں پر شکوک غالب آگئے اور انہوں نے ابوسفیان پر اسلام قبول کرنے کی تہمت تراش دی اور ان میں سے ایک نے کہا خدا کی قسم ہم نے اُسے دیکھا ہے کہ وہ صابی ہوگیا ہے اور پوشیدہ طور پر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پیروکار بن گیا ہے اور اپنے اسلام کو چھپاتا ہے ملہ

ہند کا اپنے خاوند ابوسفیان سے تحقیق کرنا

جب ابوسفیان مکہ میں واپس آیا اور اپنے گھر میں داخل ہوا تو اس کی بیوی ہند نے اُسے اطلاع دی کہ قریش اس پر تہمت تراشتے ہیں پھر جو کچھ اس نے مدینہ میں قریش کے لیے کہا تھا اُسے پوچھتے ہوئے کہنے لگی، تجھے قید کر لیا گیا تھا حتیٰ کہ تیری قوم نے تجھ پر اتہام لگایا اگر اتنے طویل قیام کے بعد تو ان کے پاس کامیاب ہو کر آیا ہے تو تو فی الواقع مرد ہے پھر ابوسفیان اس کے پاس ایسے بیٹھ گیا جیسے مرد عورت کے پاس بیٹھتا ہے اور

ملہ البدایہ والنہایہ ج ۴ صـ ۲۸۲

ملہ مغازی الواقدی ج ۲ صـ ۷۹۵

Marfat.com

وہ اس سے حالات پوچھنے لگی اور کہنے لگی تو نے کیا کچھ کیا ہے تو ابو سفیان نے اُسے سارے حالات بتائے اور کہا کہ مجھے جو کچھ حضرت علیؓ نے کہا تھا وہی ہوا ہے تو ہند نے اس کے سینے پر اپنی دونوں ٹانگیں دے ماریں اور کہا تو قوم کا بڑا ایلچی ہے۔

ابو سفیان کا قریش کو اپنے سفر کے حالات سے آگاہ کرنا

ابو سفیان نے قریش کے ان سرداروں کے ساتھ میٹنگ کی جنہوں نے اس سے سفر مدینہ کے نتائج کے متعلق ایک جامع تقریر کرنے کا مطالبہ کیا تھا اس نے صراحت کے ساتھ اپنی ناکام کوششوں کے تمام مراحل کو بالتفصیل بیان کیا، موسیٰ بن عقبہ نے کہا ہے کہ ابو سفیان مکہ میں آیا تو قریش نے اُسے کہا تیرے پیچھے کیا ہے کیا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی تحریر یا عہد لایا ہے؟ ابو سفیان نے جواب دیا خدا کی قسم کچھ نہیں لایا انہوں نے میری بات ماننے سے انکار کر دیا ہے پھر میں نے ان کے اصحاب کا پیچھا کیا تو میں نے کسی بادشاہ کی قوم کو بھی ان سے زیادہ فرماں بردار نہیں پایا۔ ہاں حضرت علیؓ بن ابی طالب نے مجھے کہا تھا کہ تو لوگوں کو پناہ دینے کا التماس کر اور اپنی قوم کی پناہ کا التماس کر اور تو خود قریش کا بڑا سردار ہے اور ان سب سے اس امر کا زیادہ حق دار ہے کہ تیرے پناہ دینے کے عہد کو نہ توڑا جائے تو میں پناہ دینے کے لیے کھڑا ہو گیا پھر میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر انہیں بتایا کہ میں نے لوگوں کے درمیان پناہ دے دی ہے اور میں نے یہ بھی کہا میرا خیال ہے کہ آپ میرے عہد کو نہیں توڑیں گے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا اے ابو حنظلہ کیا تو یہ بات کہتا ہے؟ تو قریش نے ابو سفیان سے کہا تو بغیر رضا مندی کے راضی ہو گیا تھا

اور ہمارے پاس وہ بات لے کر آیا جو نہ تجھے کوئی فائدہ دے سکتی ہے نہ ہمیں، اللہ کی قسم حضرت علیؓ نے تجھ سے مذاق کیا ہے تیرا پناہ دینا جائز نہیں اور تیری پناہ کو توڑ دینا ان پر بہت آسان ہے تو ابوسفیان نے کہا خدا کی قسم اس کے سوا مجھے وہاں سے کچھ نہیں ملا، اس طرح ابوسفیان مدینہ سے غمزدہ ہو کر واپس آ گیا اور تم بھی کہتے ہو کہ جس مقصد کے لیے قریش نے اُسے بھیجا تھا اس میں اُسے کچھ بھی کامیابی نہیں ہوئی اور جب ابوسفیان کو مدینہ میں سردارانِ مکہ کے مطلب کی بات یعنی تجدید صلح حدیبیہ کے متعلق کوئی کامیابی نہ ہوئی اور نہ وہ کوئی ایسی معلومات حاصل کر سکا جن سے وثوق اور صراحت سے پتہ چلتا کہ آپ نے مکہ میں مشرکین سے جنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، بلکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمداً قریش کو بے خبر رکھا اور جب ابوسفیان آپ کے پاس تجدید صلح کا مطالبہ کرتا ہوا آیا تو آپ نے اُسے یہ کہہ کر قریش کو حیرت میں ڈال دیا کہ ہم حدیبیہ کے روز کی جانے والی صلح اور مدت پہ قائم ہیں۔

فصل سوم

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ پر حملہ کا فیصلہ کرنا۔
- حملے سے قبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاص اصحاب اور جنگی بورڈ کے ارکان سے مشورہ طلب کرنا۔
- حملے کے فیصلہ کے بعد اس منصوبہ کو خفیہ رکھنا۔
- جنگ کے لیے شہری اور دیہاتی مسلمانوں کو جمع کرنا۔
- کبار صحابہ میں سے ایک کا غداری کر کے قریش کو انتباہ کرنے کی کوشش کرنا اور اس کے بعد توبہ کرنا۔
- فوج کا مدینے سے حرکت کرنا اور پتہ نہ چلنا کہ وہ کہاں جانا چاہتی ہے۔
- مدینہ سے دس ہزار جانبازوں کا چلنا۔
- قدید میں فوج کی تیاری، جھنڈوں کی تقسیم اور اُمراء کا تعین۔
- اخفاء کے منصوبہ میں مکمل کامیابی ہونا۔
- حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے دروازوں پر۔
- قریش کا جنگ کے لیے جوش میں آنا اور بیٹھ جانا۔
- ابوسفیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بڑاؤ میں، آپ کا مکہ کو مسلمانو

کے سپرد کر دینے کی شرائط پر ابوسفیان سے گفتگو کرنا۔

- مکہ کا مفتوح شہر ہونا۔
- ابوسفیان کا فتح سے پہلے مسلمان ہونا۔
- رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی فوج کو دفاعِ نفس کے سوا جنگ نہ کرنے کے شدید احکام دینا۔
- قریش کا ہتھیار ڈالنا۔
- مکہ پر مسلمانوں کا قبضہ ہو جانا۔
- حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل مکہ کو عام معافی دینے کا اعلان کرنا۔

★ جب مشرکین کا نقضِ عہد، آپؐ کے حلیف خزاعہ کے ساتھ خیانت کرنے کی حد تک پہنچ گیا[1]، تو آپؐ نے مشرکین مکہ کے ساتھ جنگ کرنے کی ٹھان لی انہوں نے اس صلح سے نہایت بُرے انداز میں فائدہ اُٹھایا تھا۔ ہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے باوجود اس پختہ عزم جنگ کے اخفاء کا التزام رکھا کہ قریش کو اس وقت تک اس کا پتہ نہ چلے جب تک آپؐ اچانک اپنی فوج کے ساتھ ان پر نہ آ پڑیں اور کم از کم جانی نقصان کے ساتھ مکہ پر قابض ہو جائیں اسی لیے آپؐ نے فرمایا تھا جس کو آپؐ کے بعض خاص اصحاب نے سُنا۔ کہ اے اللہ ان کے کانوں اور آنکھوں کو کام کرنے سے بند کر دے وہ ہمیں اچانک ہی دیکھیں اور ہمارے متعلق دفعتہً ہی سُنیں[2]، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کے شدید آرزومند تھے کہ جنگ کی خبروں کو مشرکین مکہ سے پوشیدہ رکھا جائے آپ نے اس کے لیے

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۲۔

[2] البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۸۲

Marfat.com

تمام ضروری اقدامات کیے اور آپ نے جنگ کی خبر کو اپنے عام مہاجر اور انصار صحابہ سے بھی خفیہ رکھا اور جنگ کی تیاری کا اعلان کر دیا مگر یہ نہ بتایا کہ آپ کس طرف جانا چاہتے ہیں یہاں تک کہ آپ کے اصحاب نے مختلف قسم کے اندازے لگانے شروع کر دیے ان میں سے بعض نے خیال کیا (جب انہوں نے آپؐ کو اسلامی فوجوں کو جمع کرتے دیکھا) کہ آپ رومیوں سے جنگ کرنا چاہتے ہیں اور بعض نے یہ خیال کیا کہ آپ نجد سے جنگ کرنا چاہتے ہیں، باوجود اس کے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو اپنے نقطہ نظر سے آگاہ نہیں کیا تھا پھر بھی اسلام کی تمام فوجیں اکٹھی ہو گئیں اور آپ نے دیہاتی باشندوں اور ان مسلمانوں کو جو مدینہ کے گردو پیش میں رہتے تھے آدمیوں کے ذریعہ یہ پیغام بھیجا کہ وہ انہیں کہیں کہ جو اللہ تعالیٰ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ رمضان شریف میں مدینہ میں حاضر ہو جائے[1] دیہاتیوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات کو قبول کیا۔ اور قبائل عرب میں سے غفار، مزنیہ، اشجع، جہنیہ اور اسلم مدینہ میں آ گئے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنے خاص اصحاب سے جنگ مکہ کے متعلق مشورہ لینا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل کو حکم دیا کہ وہ جنگ کی خبر کو ہر شخص سے پوشیدہ رکھیں خواہ وہ کوئی بھی ہو، مورخین کہتے ہیں کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عائشہ رضؓ کو حکم دیا کہ وہ آپ کا سامان تیار کرے مگر اس بات کو مخفی رکھے حضرت ابوبکر رضؓ اپنی بیٹی حضرت عائشہ رضؓ کے پاس آئے اس وقت وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے گندم، ستو، آٹا اور کھجوریں تیار کر رہی تھیں

---

[1] السیرۃ الحلبیہ ج ۲ ص ۱۹۹

Marfat.com

حضرت ابوبکر رضؓ نے فرمایا اے عائشہ رضؓ کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ کا ارادہ کرلیا ہے، حضرت عائشہ رضؓ نے جواب دیا مجھے کچھ پتہ نہیں، حضرت ابوبکر رضؓ نے فرمایا اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کا ارادہ کرلیا ہو تو ہمیں بتا دے ہم بھی تیاری کرلیں، حضرت عائشہ رضؓ نے جواب دیا مجھے کچھ پتہ نہیں پھر حضرت ابوبکر رضؓ نے پوچھا کیا آپؐ بنی الاصفر یعنی رومیوں سے جنگ کرنا چاہتے ہیں تو حضرت عائشہ رضؓ خاموش رہیں پھر حضرت ابوبکر رضؓ نے پوچھا شاید آپؐ اہل نجد سے جنگ کرنا چاہتے ہیں اس پر بھی حضرت عائشہ رضؓ نے خاموشی اختیار کی پھر حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا شاید آپ قریش سے جنگ کرنا چاہتے ہیں پھر بھی حضرت عائشہ رضؓ خاموش رہیں اور آپ پر یہ باتیں گراں گزریں یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں داخل ہوئے حضرت ابوبکر رضؓ نے آپؐ سے پوچھا یا رسول اللہ! آپؐ نے سفر کا ارادہ کیا ہے؟ آپؐ نے جواب دیا ہاں! حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا کیا میں بھی تیاری کروں، فرمایا ہاں! حضرت ابوبکر رضؓ نے دریافت کیا یا رسول اللہ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں؟ فرمایا قریش کے پاس، اے ابوبکر رضؓ اس بات کو پوشیدہ رکھنا حضرت ابوبکر رضؓ نے کہا، کیا ہمارے اور ان کے درمیان مدت مقرر نہیں؟ فرمایا انہوں نے خیانت اور عہد شکنی کی ہے۔ اور میں ان سے جنگ کرنے والا ہوں نیز آپؐ نے حضرت ابوبکر رضؓ سے فرمایا جو باتیں میں نے آپ سے کی ہیں انہیں افشا نہیں کرنا، جب کہ بعض نے یہ گمان کیا کہ آپؐ شامیوں سے جنگ کرنا چاہتے ہیں بعض نے ثقیف سے اور بعض نے خیال کیا کہ آپؐ ہوازن سے جنگ کرنا چاہتے ہیں[1]

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۷۹۶

Marfat.com

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایلچیوں کا قبائل کو جمع کرنے کے لیے جانا۔

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ پر حملہ کرنے کا فیصلہ کر لیا تو آپ نے اپنے بارہ مخلص صحابہ کو، قبائل کے جمع کرنے کے لیے جنگلات کی طرف بھیجا ان نمائندوں کے نام یہ ہیں :-

۱- اسماء بن حارثہ[۱] اسلم قبیلہ کی طرف۔
۲- ہند بن حارثہ[۲] " " " "
۳- رافع بن مکیث[۳] الجہنی - جہنیہ کی طرف
۴- جندب[۴] بن مکیث الجہنی۔ " " "
۵- ایماء بن رحضہ[۵] - غفار، بنی ضمرہ اور بنی الحصین کی طرف۔

۱ے اسماء بن حارثہ بن سعید بن عبداللہ بن غیاث اسلمی، ان کی کنیت ابوہند تھی آپ اصحاب صفہ میں سے تھے اور ان لوگوں میں سے تھے جو خدمت رسول میں فنا تھے آپ کی وفات حضرت معاویہؓ کی خلافت میں ۸۰ سال کی عمر میں ہوئی۔

۲ے یہ اسماء بن حارثہ کے بھائی تھے دونوں اصحاب حدیبیہ میں سے تھے بغوی نے بیان کیا ہے کہ ہند اپنے سات بھائیوں کے ساتھ بیعت رضوان میں شامل تھے۔

۳ے رافع بن مکیث کے حالات کے لیے دیکھیے ہماری کتاب "صلح الحدیبیہ"

۴ے جندب بن مکیث بن عمرو بن حراد الجہنی، رافع بن مکیث کے بھائی تھے۔ آپ غالب بن عبداللہ اللیثی کے زیر قیادت نکلنے والے سریہ میں شریک تھے۔

۵ے حافظ ابن حجر "الاصابہ" ص ۱۰۲ ج ۱ میں فرماتے ہیں آپ ایماء بن رحضہ (رخصار نہیں) بن خزعہ بن خفاف بن حارثہ بن غفار ہیں، قدیم الاسلام ہیں (باقی ص ۱۳۲ پر)

۶ - ابو رُہم کلثوم بن الحصین	غفار، بنی ضمرہ اور بنی الحصین کی طرف۔
۷ - معقل بن سنان [۱]	اشجع کی طرف۔
۸ - نعیم بن مسعود	″ ″ ″
۹ - بلال بن الحارث [۲]	مزنیہ کی طرف

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۳۱) مسلم کی روایت کے مطابق حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مدینہ ہجرت سے قبل آپ اپنی قوم کی امامت کراتے تھے۔ لیکن ابن اسحاق کا کہنا ہے، ایماء غزوہ بدر میں مشرکوں کے ساتھ تھے۔ آپ غزوہ بدر کے بعد اسلام لائے (تفصیلات کے لیے دیکھیے ہماری کتاب غزوۂ بدر الکبریٰ صفحہ ۱۵۰)

[۱] معقل بن سنان بن منظہر الاشجعی، آپ قدیم الاسلام تھے جب آپ حضور علیہ السلام کے پاس آئے تو آپؐ نے انھیں جاگیر دی نہایت خوبصورت تھے مؤرخین کہتے ہیں کہ جب یہ خلافت عمر میں مدینہ آئے تو ایک شاعر نے کہا:۔

میں معقل کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ چاہتا ہوں جب وہ پاپیادہ بقیع کی طرف جاتا ہے بعض کہتے ہیں کہ یہ شعر ایک عورت نے کہا تھا جب حضرت عمرؓ کو اس کی اطلاع ہوئی تو آپ نے معقل کو بصرہ کی طرف جلاوطن کر دیا (اصابہ جلد ۳ صفحہ ۴۴۵) جنگ حنین اور فتح مکہ کے روز معقل اپنی قوم اشجع کا علم اُٹھائے ہوئے تھے، آپ کو ابن عقبہ المری نے ۶۳ھ میں مدینہ پہ قابض ہو کر قتل کر دیا۔

[۲] بلال بن حارث بن عصم المزنی، قدیم الاسلام تھے، فتح مکہ سے قبل مدینہ میں سکونت اختیار کر لی فتح مکہ کے روز مزنیہ کا ایک جھنڈا ایک کے پاس تھا۔ بعد ازاں بصرہ میں رہائش پذیر ہوئے اور ۶۶ھ میں اسی سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

Marfat.com

۱۰ - عبداللہ بن عمرو المزنی[۱] ـــــ مزنیہ کی طرف۔
۱۱ - الحجاج بن علاط اسلمی ـــــ بنی سلیم کی طرف۔
۱۲ - عرباض بن ساریہ[۲] ـــــ " " " "
۱۳ - بشر بن سفیان ـــــ بنی کعب کی طرف۔
۱۴ - بدیل بن ورقا ـــــ " " " "

مجلس مشاورت میں حضرت ابوبکرؓ کا قریش کے ساتھ نرمی، اور حضرت عمرؓ کا سختی کرنے کا مطالبہ

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں قریش سے جنگ کرنے کا فیصلہ کر لیا تو آپ نے ایک مجلس اعلیٰ کا انعقاد کیا تاکہ آپ اپنے بعض خاص اصحاب سے جن کا نام جنگی بورڈ کے ارکان اور وزراء میں آنے کا امکان تھا، تبادلہ خیال کریں، ان اصحاب کے سرخیل حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ تھے حضرت ابوبکرؓ مکہ پہ چڑھائی نہ کرنے کے حق میں تھے، ان کا کہنا تھا کہ کچھ دیر انتظار کیا جائے جیسا کہ آپ نے مجلس میں یہ کہہ کر اشارہ کر دیا تھا کہ یا رسول اللہ وہ لوگ آپ کی قوم سے ہیں، مگر حضرت عمرؓ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

---

[۱] عبد بن عمرو (بن رویم یا ملیک یا ھلال؟) ابن حجر نے اصابہ ج ۲ ص ۳۴۴، ۳۴۵ میں سب کا ذکر کیا ہے یہ نہیں لکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے کس کو مزنیہ کی طرف بھیجا تھا؟

[۲] عرباض بن ساریہ بن نجیح اسلمی، مشہور راوی حدیث صحابی ہیں، اصحاب صفہ میں سے ہیں ۷۵ھ میں فوت ہوئے، حمص شام میں رہائش تھی آیت کریمہ "ولا علی الذین" الخ - آپ کے بارے میں نازل ہوئی۔

Marfat.com

کو انہیں سزا دینے اور انہیں صفحۂ ہستی سے مٹانے کی ترغیب دی اور نبی کریم صلی اللہ
کو صراحت سے کہہ دیا کہ جب تک تمام قریش کا کانٹا نہ نکال دیا جائے اس وقت تک
جزیرہ میں بت پرستوں کو جھکانے اور اسلام کو قرار حاصل ہونے کی کوئی سبیل نہیں ہو
سکتی، حضرت عمرؓ نے کہا وہ کفر کے سردار ہیں انہوں نے آپ کو ساحر اور کذاب
خیال کیا ہے خدا کی قسم اس وقت تک عرب مطیع نہیں ہو سکتے جب تک اہل مکہ
مطیع نہ ہو جائیں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ کی رائے کو
درست قرار دیتے ہوئے فرمایا، ابوبکرؓ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرح ہیں
وہ خدا تعالیٰ کی راہ میں نہایت نرم تھے اور عمرؓ حضرت نوح علیہ السلام کی طرح
ہے وہ خدا تعالیٰ کی راہ میں پتھر سے بھی زیادہ سخت تھے اور جس رائے پر عمل ہونا
چاہیئے وہ رائے عمرؓ ہی کی ہے اور وہ یہ ہے کہ مکہ میں بتوں کا وجود نیست و
نابود کر دینا چاہیے بالآخر یہ فیصلہ ہو گیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کی تادیب
کے لیے ان سے جنگ کریں کیونکہ انہوں نے صلح کی موجودگی میں خزاعہ کے ساتھ
نہایت گھناؤنی خیانت کر کے عہد شکنی کی ہے اور ان کے ۲۳ بے گناہ آدمیوں
کو قریش اور ان کے بکری حلیفوں نے مکہ کے اندر کعبہ کے قریب قتل کیا ہے۔

منصوبہ کو پوشیدہ رکھنے کا شدید التزام

باوجودیکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خاص
اصحاب سے مکہ پر حملہ کرنے کے عزم کا اظہار کر دیا تھا مگر آپ اس منصوبہ کو
پوشیدہ رکھنے کا سخت التزام کرتے رہے شہروں اور دیہات میں رہنے
والے مسلمان قبائل کے درمیان نفیر عام کے بعد، اسلام کے دس ہزار جانبازوں
کی فوج جمع ہو گئی جن کو ساتھ لے کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے روانہ
ہوئے فوج کے عام لوگوں کو بھی یہ علم نہ تھا کہ وہ کہاں جا رہے ہیں اور کس پر

Marfat.com

حملہ کرنے والے ہیں مگر جب وہ مرالظہران پہنچے تو وہاں پر انہیں پتہ چلا کہ بتوں کے وجود کو ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے واسطے وہ مکہ مکرمہ جا رہے ہیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اشتباہ پیدا کرنے کے لیے سریہ کو روانہ کرنا۔

دشمن پر اپنے منصوبہ کے اخفاء کو زیادہ مضبوط بنانے کے لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے آٹھویں سال پہلی رمضان کو ریہ وہی مہینہ ہے جس میں فتح مکہ کی تکمیل ہوئی تھی) ایک فوجی سریہ نجد کی طرف بھیجا جو مدینہ سے مشرق میں واقع ہے اور سریہ کو حکم دیا کہ وہ بطن اضم تک جائے (یہ اشجع کی وادی ہے جو قبیلہ غطفان میں سے ہے یہاں پر پانی ہے جس میں چلنے والا یمامہ سے مکہ تک اس میں چلا آتا ہے[1]) اس فوجی دستہ کو اعلانیہ صورت میں مشرق کی طرف بھیجنے کا مقصد، سب لوگوں کو اس وہم میں ڈالنا تھا کہ جو فوج مدینہ سے چلی ہے اس کا مقصود منطقہ نجد ہے نہ کہ مکہ مکرمہ، جو مدینہ سے جنوب میں واقع ہے۔ مؤرخین کہتے ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ سے جنگ کرنے کی ٹھان لی تو آپؐ نے ابو قتادہ بن ربعی کو ایک سریہ کا سردار بنا کر بطن اضم کی طرف بھیجا جو ذی خشب اور ذی المروہ کے درمیان واقع ہے اور اس کے اور مدینہ کے درمیان ۳۰ میل کا فاصلہ ہے تاکہ آدمی یہ خیال کرے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس طرف جانے کا ارادہ رکھتے ہیں اور اس کی خبریں بھی پھیل جائیں پس سریہ اعلانیہ طور پر طے شدہ پروگرام کے مطابق چلا گیا اور اس وقت واپس آیا جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عظیم فوج کے ساتھ مدینہ سے مکہ

---

[1] معجم البلدان ج ۱ ص ۲۱۴

Marfat.com

کی طرف روانہ ہو چکے تھے یہ سریہ آپ کو راستے میں اس جگہ پہ ملا، جسے السقیا
کہا جاتا ہے (طبقات ابن سعد ج ۲ ص ۱۳۳)

مشتبہ افراد اور راستوں کی نگرانی اور مکہ کی طرف سفر کی رکاوٹ

جس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین مکہ سے اپنی فوج کی روانگی کی خبروں کو پوشیدہ رکھا ایسے ہی آپؐ نے ان راستوں کی نگرانی کرنے کا حکم دے دیا جو مکہ کی طرف آتے ہیں اور ہر اس آدمی کو روکنے کا آرڈر جاری کر دیا جو مشکوک نظر آئے، راستوں کی نگرانی کا کام حضرت عمرؓ بن الخطاب کے سپرد کیا گیا، مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمرؓ، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق، بطور نگران راستوں پہ گھومتے پھرتے تھے اور محافظوں سے کہتے تھے کہ جو مشتبہ آدمی تمہارے پاس سے گزرے اُسے میرے پاس لانا، باقی تمام راستے پُرامن تھے سوائے اس راستے کے جو مکہ کو جاتا تھا اس کی حفاظت ہو رہی تھی اور اس پہ چلنے والے سے بازپرس کی جاتی تھی۔

ملٹری پولیس کا راستوں پہ سخت نگرانی کرنا

راستوں کی سخت نگرانی کی وجہ سے پوشیدگی کا منصوبہ نہایت کامیاب ہوا، اسلامی محافظوں نے کسی بھی مشتبہ فرد کو مکہ کی طرف سفر نہیں کرنے دیا، اس وجہ سے مشرکین کو مکہ میں خبروں کا بالکل پتہ نہیں چل سکا، ان کو اس وقت ہی پتہ چلا جب لشکر نبویؐ مکہ کے قریب چھاؤنی ڈالے ہوئے تھا وہ بہت پشیمان ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں رعب ڈال دیا۔
تو انہوں نے فرماں برداری اور اطاعت کرنے کا فیصلہ کر لیا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ بغیر کسی قابلِ ذکر مزاحمت کے فاتحانہ

Marfat.com

شان سے مکہ میں داخل ہو گئے۔

★ ایک صحابی کا جنگ کی خبر قریش کو پہنچانا اور ناکام ہونا۔

ایک مہاجر صحابی سے ایک ایسی غلطی کا ارتکاب ہوا، قریب تھا کہ اس سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ منصوبۂ اخفاء تلپٹ ہو جاتا جو آپ اپنی عسکری چالوں میں اختیار فرمایا کرتے تھے اس صحابی (حاطب بن ابی بلتعہ) نے خفیہ طریق سے قریش کو یہ خبر دینی چاہی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جنگ کا عزم کیے ہوئے ہیں۔ یہ صحابی بدری صحابہ اور سابقون الاولون اور ان مشہور جنگجوؤں میں سے تھا جو جنگ اُحد کے روز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلو میں ثابت قدم رہے تھے۔ جب اُسے اپنے خاص طریق سے پتہ چل گیا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ مشرکین مکہ کی طرف جانا چاہتے ہیں تو ضعفِ بشری نے — جس کا منشا اپنے اہل اور اقارب پر مہربانی کرنا تھا — اُسے ایک عظیم خطا کے ارتکاب پر آمادہ کیا، اگر وہ سابق الاسلام اور اہل بدر میں سے نہ ہوتا تو اُسے سخت سزا دی جاتی، یعنی وہ سزا جو ایک جاسوس کی ہوتی ہے اور موت کی حد تک پہنچتی ہے —

اصحابِ حدیث، مغازی اور سیر نے بیان کیا ہے کہ حاطب بن ابی بلتعہ نے مکہ کے تین مشرک سرداروں صفوان بن اُمیہ، سہیل بن عمرو اور عکرمہ بن ابوجہل کی طرف لکھا اور انہیں بذریعہ خط یہ اطلاع دی، کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریش سے جنگ کرنے کے لیے فوج کو جمع کر رہے ہیں نیز مشرکین کے ان لیڈروں کو خط میں لکھا کہ "رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں میں جنگ کا اعلان کر دیا ہے اور میرے خیال میں وہ آپ لوگوں کے سوا، اور کسی سے

Marfat.com

جنگ نہیں کرنا چاہتے اور میں چاہتا ہوں کہ میرا یہ خط تم پر ایک احسان ہو۔"
اور اس خط کو قریش تک پہنچانے کے لیے اس نے ایک عورت کو کرائے پر حاصل کیا جسے سارہ[1] کہا جاتا تھا اور قریش کی طرف خط پہنچانے پر اُسے ایک دینار دینا کیا اور اُسے کہا، اس کو مقدور بھر پوشیدہ رکھنا اور معروف راستے پر نہ جانا، وہاں محافظ کھڑے ہیں تو وہ متروک راستوں پر چلی جن پر محافظ نہ تھے راستے کی بائیں جانب سیاہ پتھروں کی دراڑوں میں، یہاں تک کہ عقیق سے بڑی شاہراہ پر چل پڑی، یہی وجہ ہے کہ راستے کے محافظوں میں سے کسی کو اس کا پتہ نہ چلا اور وہ ذوالحلیفہ پہنچ گئی (یہاں حضرت علی رض کے کنوئیں ہیں) جو مدینہ سے سات میل کے فاصلہ پر ہے۔ حاطب نے سارہ کو جس مہم کے لیے منتخب کیا تھا اس نے اس پر عملدرآمد شروع کر دیا اور اس خط

---

[1] یہ سارہ بنی عبدالمطلب بن عبد مناف میں سے کسی کی باندی تھی اور مکہ میں گلوکارہ تھی، سیرۃ الحلبیہ میں ہے کہ یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ میں آئی اور اسلام قبول کر لیا اور آپ سے غلہ طلب کیا اور ضرورت کی شکایت کی، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے فرمایا تمہارے لیے گلوکاری کی آمدنی کافی نہیں ہوتی، کہنے لگی جب سے بدر میں قریش کے آدمی مارے گئے ہیں انہوں نے گانا سننا چھوڑ دیا ہے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے صلہ رحمی کی اور اُسے کھانے کا ایک اونٹ بوجھ دیا وہ قریش کے پاس واپس آکر اسلام سے مرتد ہو گئی، اسی لیے یہ بھی ان لوگوں میں شامل تھی، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جن کے قتل کا حکم دیا تھا۔

Marfat.com

کو جو حاطب نے قریش کی طرف لکھا تھا اس طرح چھپانے لگی کہ انسان اس کا سوچ بھی نہیں سکتا تھا اس نے مدینہ چھوڑنے سے قبل، اپنے سر کے بالوں کو گوندھا پھر ان میں خط کو چھپایا پھر اس پہ اپنی ایک مینڈھی بٹ دی پھر دونوں مینڈھلو کو کھلا چھوڑ دیا جن میں خط اچھی طرح چھپ گیا پھر وہ اپنی مہم کو مکمل کرنے کے لیے مکہ کی جانب چل پڑی جو لوگ راستوں کی نگرانی اور گزرنے والوں کی دیکھ بھال کرنے پہ مقرر تھے ان میں سے کسی نے بھی اس کو مدینہ چھوڑتے وقت نہ دیکھا اس لیے وہ مدینہ چھوڑنے میں کامیاب ہو گئی، ہاں ابھی یہ جاسوسہ ذوالحلیفہ پہنچنے نہ پائی تھی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اس کے اور اس کے بھیجنے والے کا معاملہ کا منکشف ہو گیا، آپ کو بذریعہ وحی الہی انتباہ کیا گیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی سے حضرت علی رضؓ اور حضرت زبیرؓ بن العوام کو بلا کر فرمایا کہ وہ اس جاسوس عورت کو مل کر اس سے حاطب کا وہ خط لے لیں جو اس نے اُسے قریش کے لیڈروں تک پہنچانے کے لیے دیا ہے، آپ نے فرمایا تم دونوں اس عورت کو ملو، جس کو حاطب نے خط دے کر قریش کی طرف بھیجا ہے جس میں انہیں اس بات کے متعلق انتباہ کیا گیا ہے جو ہم نے ان کے بارے میں متفقہ طور پہ پاس کی ہے [1]

حضرت علی رضؓ اور حضرت زبیر رضؓ بڑی برق رفتاری سے اس جاسوسہ کے پیچھے چل پڑے ابھی انہوں نے کوئی لمبی تحقیق نہیں کی تھی کہ اس کو شہر کے قریب ایک جگہ پہ اپنے اونٹ پہ سوار دیکھا اس جگہ کو خلیفہ کہا جاتا ہے یعنی خلیفہ بنی ابی احمد [2]

---

[1] سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۴۱

[2] البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۸۳

Marfat.com

ان دونوں نے اُسے ٹھہرنے کو کہا پھر اس کو اونٹ سے اُترنے کے متعلق کہا تو وہ اُتر پڑی، ان دونوں حضرات نے اس کے کجاوے کی بڑی باریک بینی سے تفتیش کی مگر اس خط کا کوئی نشان نہ پایا جس کا ذکر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا، انہوں نے اس سے مذکورہ خط کے متعلق پوچھا تو اس نے انکار کرتے ہوئے کہا کہ مجھے تو اس کے متعلق کچھ علم نہیں تو انہوں نے اس پر سختی کی اور قسم کھا کر کہا کہ نہ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جھوٹ بولا ہے اور نہ ہی ہم جھٹلائے جائیں گے، پھر انہوں نے اُسے ڈرایا کہ اگر تو ہمیں وہ خط نہ دے گی جو تیرے پاس ہے تو پھر ہم تیری تلاشی لیں گے خواہ اس کے لیے تیرے کپڑے اتارنے پڑیں، جب اس نے ان کی سنجیدگی کو دیکھا تو ہمت جواب دے گئی اور اس نے خط کا اعتراف کر لیا پھر اس نے ان دونوں حضرات سے مطالبہ کیا کہ میری طرف نہ دیکھو ——— تاکہ وہ اس کے سر کے بالوں کو نہ دیکھ لیں ——— ان دونوں نے اس سے منہ پھیر لیا تو اس نے اپنے سر کی مینڈھیوں کو کھولا اور خط نکال کر ان کو دے دیا اور وہ یہ خط لے کر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس واپس آ گئے، سیرت کی کتابوں میں اس جاسوس عورت کے متعلق لکھا ہے کہ حضرت علی رضؓ اور حضرت زبیر رضؓ نے اس کا راستہ چھوڑ دیا اور اُسے گرفتار نہیں کیا، یہ سب کچھ ہدایاتِ رسولؐ کے مطابق تھا[1]، اس طرح جاسوسی کی یہ عظیم کاروائی ناکام ہوئی جس کے ارتکاب کا آغاز حاطب بن ابی بلتعہ نے اپنے نبی اور اس کی اُمت کے خلاف کیا، اگر یہ کاروائی کامیاب ہوجاتی تو قریش

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص۷۹۸ صحیح البخاری، سیرت حلبیہ ج ۲ ص ۱۹۹، البدایہ والنہایہ ج ۴ ص ۲۸۳

Marfat.com

مطلع ہو جاتے اور اس جنگ کے مقابلہ کے لیے تیار ہو جاتے جس کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ یہ تھا کہ قریش کو اچانک اس کا سامنا کرنا پڑے، اصل بات یہ ہے کہ فریقین کے درمیان ہونے والے زبردست معرکوں اور کثیر جانی نقصان نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا آرزومند بنا دیا تھا کہ کسی کا خون نہ گرایا جائے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حاطب بن ابی بلتعہ سے تحقیق کرنا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاطب بن ابی بلتعہ سے جواب طلبی اور اس خط کی تحقیق کرنے کے لیے بلایا جو اس نے قریش کو لکھا تھا اور حضرت علیؓ اور زبیرؓ نے جسے سارہ نامی جاسوسہ سے پکڑا تھا، جب حاطب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کھڑا ہوا تو آپ نے حاطب کا وہ خط نکال کر اس سے پوچھا، کیا آپ اس خط کو پہچانتے ہیں تو اس نے انکار نہ کیا ہاں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا تجھے اس بات پر کس نے آمادہ کیا؟ تو اس نے جواب دیا خدا کی قسم میں اللہ اور اس کے رسول کا ماننے والا ہوں مجھ میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی لیکن میں ایک ایسا آدمی ہوں کہ قوم (یعنی قریش مکہ) میں میرا کوئی اصل اور خاندان نہیں ہے اور ان کے درمیان میرے اہل اور بچے ہیں اور آپؐ کے ساتھ جو مہاجرین ہیں ان کے وہاں رشتہ دار ہیں جو مکہ میں ان کے اموال اور اہل کی حفاظت کرتے ہیں اور میری کوئی رشتہ داری نہیں ہے تو میں نے چاہا کہ میں ان پر احسان کر دوں تاکہ اپنے اہل کو بچا لوں، میں نے اسلام کے بعد کفر نہیں کیا اور مجھے معلوم ہے کہ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی جنگ مسلط کرنے والا ہے میرا خط انہیں کچھ فائدہ نہیں دے سکتا [1]

---

[1] سیرت حلبیہ ج ۲ ص ۳

Marfat.com

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اس معاملے کو ختم کرنے کا حکم دینا اور حاطب کو معاف کرنا

حضرت عمرؓ بھی بوقت تحقیق حاضر تھے انہیں حاطب پر غصہ آ گیا

اور انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہہ کر اس کو مارنے کا مطالبہ کیا کہ یا رسول اللہ مجھے چھوڑ دیجئے میں اس کی گردن مار دوں کیونکہ اس نے منافقت کی ہے[1] مگر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عمرؓ کی تجویز سے متفق نہ ہوئے بلکہ حاطب سے عفو و درگزر کیا کیونکہ اسلام کی طرف سبقت کرنے اور اس کا دفاع کرنے میں اس نے عظیم کارنامے سرانجام دیے تھے اس لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معاملہ کو ختم کرنے کا حکم دیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حاطب کو معاف فرما کر تحقیق کو انتہا تک پہنچاتے ہوئے فرمایا، اس نے تم سے سچ کہا ہے اس کے متعلق اچھی باتیں کرو[2]، پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے روئے سخن حضرت عمرؓ کی طرف کیا اور حاطب کی معافی کی تاکید کی کیونکہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بدر میں حاضر تھا ارشاد فرمایا: (اور اے عمرؓ تجھے کون بتائے) اللہ تعالیٰ نے بدر کے روز، اصحاب بدر پر مطلع ہو کر کہا تھا "جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا ہے[3]" اور حاطب بن ابی بلتعہ کے واقعہ کے متعلق اللہ تعالیٰ نے یہ آیات نازل فرمائیں:۔

یاایھا الذین آمنوا لاتتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء تلقون الیھم بالمودۃ[4] (اے مومنو! میرے اور اپنے دشمن کو دوست نہ بناؤ، تم ان کو پیام محبت دیتے ہو)

---

[1] سیرت ابن ہشام ج ۴ ص ۴۱ [2] صحیح البخاری [3] تاریخ طبری ج ۳ ص ۴۹
[4] الممتحنہ۔

Marfat.com

اس آیت میں حاطب بن ابی بلتعہ کے ایمان کی شہادت اور تاکید پائی جاتی ہے کیونکہ یہ تنبیہ خصوصاً اس کے لیے ہے اور عموماً مومنین کے لیے، اس لیے کہ حاطب ہی نے انہیں یہ خط لکھ کر پیام محبت دیا تھا۔

حاطب بن ابی بلتعہ کی کوشش کی ناکامی اور مکہ پر حملے کے منصوبے کے اخفاء پر استمرار

جاسوس سادہ سے اس خط کی واپسی کے بعد جو اس نے قریش کو لکھا تھا، اخفاء کے منصوبے پر معمول کے مطابق عمل ہوتا رہا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وسیع جنگی چالیں قریش سے مخفی رہیں یہاں تک کہ آپ اپنی فوج کے ساتھ مکہ کے قریب مرالظہران میں پہنچ گئے اسی طرح عام صحابہ اور فوج کی بڑی تعداد کو جو دس ہزار جانبازوں پر مشتمل تھی، یقینی طور پر پتہ نہ چلا کہ آپ ان کو کہاں لیے جا رہے ہیں اور ان کے ساتھ کس پر حملہ کرنا چاہتے ہیں، جنگی کارروائیوں میں (سوائے شاذ و نادر کے) ہمیشہ ہی سے کام لینا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول رہا، یہ اسکیم دشمن پر کامیابی حاصل کرنے کے اہم وسائل میں سے ہے۔ بعض قبائل کے لیڈروں (خصوصاً اعراب) نے اس جہت کے متعلق جس کی طرف رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جانا چاہتے تھے، معلوم کرنا چاہا وہ پوچھتے تو انہیں تسلی بخش جواب نہ ملتا۔

جب فوج قدید میں پہنچی تو عیینہ بن حصن الفزاری (جو مسلمان ہو چکا تھا) نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فوج کو تیار کرتے اور دستوں کے سالاروں میں جھنڈے تقسیم کرتے دیکھا تو پوچھا یا رسول اللہ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صرف اتنا جواب دیا "جہاں اللہ چاہے گا۔"[1]

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۳

Marfat.com

کعب بن مالک، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے شہسوار اور اسلام کے نغز گو شاعر تھے انہوں نے کوشش کی کہ وہ صحابہ کے واسطے معلوم کریں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس جہت کا علم حاصل کریں جس کی طرف آپ اس عظیم فوج کو لے کر جانا چاہتے ہیں، مگر انہیں بھی کامیابی نہ ہوئی۔

سیر و مغازی کی کتب سے مستفاد ہوتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خاموشی اختیار کیے رکھی اور آپ کے اصحاب کو کچھ پتہ نہ تھا کہ آپ ان کو کہاں لیے جاتے ہیں یہاں تک کہ حضور، حرم کی حدود کے قریب پہنچ گئے، اس سے پتہ چلتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب فوج کے ساتھ وادی عرجؔ[1] میں فروکش ہوئے (یہ طائف کی وادیوں میں سے ایک وادی ہے) تو کعب بن مالک نے انصار و مہاجرین کے سب سرداروں سے کہا (حالانکہ وہ سب اس جہت کو معلوم کرنے کے شائق تھے، جس پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حملہ کرنا چاہتے تھے، کیا آپ ثقیف یا ہوازن یا قریش پر حملہ کرنا چاہتے ہیں) —— میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاتا ہوں اور تمہارے لیے معلوم کرتا ہوں کہ آپ کس طرف جانا چاہتے ہیں؟

کعب آکر، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا پھر کہنے لگا ؎

ہم نے تہامہ اور خیبر سے تمام شکوک کو ختم کر دیا پھر ہم نے تلواروں کو اکٹھا کیا، ہم ان تلواروں سے پوچھتے ہیں اگر تلواریں بولتی ہوتیں تو وہ دوس اور ثقیف کا نام لیتیں، میں تمہارے گھر کے صحن میں آنے والا نہیں اگر تم ان تلواروں میں سے ہزاروں تلواروں کو نہ دیکھو، ہم وادی وجؔ میں خیمے کھینچ رہے ہیں اور ہم اُن کے

---

[1] طائف کے قریب وادی ہیں بڑی بستی ہے، یہاں بنو نضر بن معاویہ آباد تھے۔ جن کا تعلق ہوازن سے تھا [2] طائف کی مشہور وادی ہے۔ طائف کی آبادی بڑھنے کی وجہ سے اب یہ وادی شہر کے درمیان آگئی ہے اب اس وادی کے دونوں طرف شہر کی نئی عمارتیں بن گئی ہیں۔

Marfat.com

گھروں میں سے ہی ان میں قائم مقام چھوڑ رہے ہیں۔"
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ اشعار سن کر صرف مسکرا دیے تو صحابہ کہنے لگے خدا کی قسم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے سامنے کچھ بھی وضاحت نہیں کی ہم نہیں جانتے کہ وہ قریش سے جنگ کی ابتدا کریں گے یا ثقیف اور ہوازن سے[1]

مدینہ سے چلنے والی فوجِ نبویؐ کی تعداد ★ مؤرخین اور اصحاب سیر کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جو فوج رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ پر حملہ کے لیے لے کر گئے وہ دس ہزار جانبازوں سے کم نہ تھی بعض کہتے ہیں کہ وہ بارہ ہزار تک تھی، ہاں یہ بات وثوق سے کہی جا سکتی ہے کہ مدینہ سے چلنے والی فوج پوری فوج نہیں تھی کیونکہ مدینہ سے دُور رہنے والے بعض مسلم قبائل جیسے سلیم[2] الحجاز، آپؐ کے مدینہ سے نکل آنے کے بعد، جیش نبوی میں شامل ہوئے تھے۔

مدینہ سے چلنے والی فوج میں انصار و مہاجرین کی تعداد کی نسبت جس فوج کے ساتھ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ سے مارچ کیا وہ سات ہزار چار سو جانبازوں پر

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۳
[2] یہ بنو عدنان و بنو قحطان کی نسل سے تعلق رکھنے والے متعدد قبائل کا نام ہے۔ لیکن یہاں خاص طور پر جو مشہور قبیلہ مراد ہے وہ یہ ہے بنو سلیم بن منصور بن عکرمہ ابن خفصہ بن قیس بن غیلان بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔ اس قبیلہ کی شاخیں بالائے نجد سے ہوازن کے بنو نصر بن معاویہ کی حدود ذنلاس تک پھیلی ہوئی تھیں۔

Marfat.com

مشتمل تھی اور اس میں انصار و مہاجرین اور دُوسرے قبائل کی نسبت مندرجہ ذیل تھی۔

انصار	۴۰۰۰
مہاجرین	۷۰۰
مزنیہ	۱۰۰۰
اسلم[1]	۴۰۰
جہنیہ	۸۰۰
بنو کعب بن عمرو[2]	۵۰۰

واقدی کا خیال ہے کہ بنو کعب نے مدینہ سے مارچ نہیں کیا بلکہ یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قدید میں ملے ہیں جو کہ ان کے ٹھکانوں میں سے ایک ٹھکانہ تھا، یہ وہ بڑی فوج تھی جس نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ سے مارچ کیا تھا[3]

مارچ کے درمیان فوج نبوی میں شامل ہونے والے بقیہ اسلامی افواج جن سے جیش نبوی

دس ہزار جانباز دن تک پہنچا وہ مختلف قبائل سے تھیں جو راستے میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل ہوتی رہیں جب کہ آپ فوج کے ساتھ مکہ کی

---

[1] یہ متعدد قحطانی قبائل کا نام ہے لیکن یہاں اسلم بن افصیٰ بن حارثہ بن عمرو بن عامر مراد ہیں، ان کے گھر مدینہ کے قریب وبرہ میں تھے۔

[2] کعب متعدد قحطانی وعدنانی قبائل کا نام ہے یہاں بنو خزاعہ کی شاخ بنو عمرو بن خزاعہ بن ربیعہ بن حارثہ بن عمرو مزیقی بن ماءالسماء شاہ مآرب مراد ہے۔

[3] مغازی الواقدی ج ۲ ص۸۰۰

طرف جا رہے تھے، ان قبائل میں سے ایک قبیلہ سلیم ہے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ہزار جانبازوں کے ساتھ شامل ہوا جب کہ آپ قدید میں اپنے راستے پر مکہ جا رہے تھے نیز غفار اور اشجع وغیرہ بھی دوران سفر آکر ملے۔

جیش نبوی کے شہسواروں کے ہتھیار

مکہ پر حملہ کرنے والی فوج نبوی کے ہتھیاروں کے متعلق مؤرخین کے اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ دس ہزار جانبازوں کی فوج میں تقریباً دو ہزار اسی شہسوار تھے، قبیلوں کے لحاظ سے ان شہسواروں کی نسبت مندرجہ ذیل تھی:۔

۱۔ بنو سلیم	۱۰۰۰
۲۔ انصار	۵۰۰
۳۔ مہاجرین	۳۰۰
۴۔ مزنیہ	۱۰۰
۵۔ جہنیہ	۵۰
۶۔ دیگر قبائل	۱۰۰ تقریباً
۷۔ اسلم	۳۰ [1]

فوج کے ساتھ لیجایا جانے والا اسلحہ

فوج میں لے جایا جانے والا اسلحہ بلاشبہ بہت تھا مگر کسی مؤرخ نے اس کی تعداد کی حد بندی نہیں کی اسی طرح بچاؤ کرنے والے ہتھیاروں یعنی زرہوں وغیرہ کا حال ہے مجھے ان کی کمیت کے شمار کی اطلاع نہیں ہو سکی ہاں

---

[1] سیرت حلبیہ ج ۲ صفحہ ۲۰۱، مغازی الواقدی ج ۲ صفحہ ۸۰۰، امتاع الاسماع صفحہ ۳۶۴۔

Marfat.com

واقدی نے بیان کیا ہے کہ مزینیہ کی فوج ایک سو زرہ پوش جوانوں پر مشتمل تھی۔[۱]

مدینہ میں نائب حاکم کا تقرر

جب مدینہ میں فوج مکمل طور پر اکٹھی ہو گئی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوج کی تیاری اور سامان مکمل کر لیا اور مارچ کی تاریخ مقرر کر دی تو آپ نے حسب دستور ایک نبویؐ سرکلر جاری کیا جس کے بموجب آپ نے حضرت ابن ام مکتومؓ کو امیر مدینہ مقرر کیا جو لوگوں کو نماز پڑھائیں گے اور اس جنگ سے واپسی تک وہ نیابتِ رسولؐ میں مدینہ کے حالات و معاملات کے منتظم ہوں گے، طبری کہتا ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابورُہم کلثوم بن حصین الغفاری کو اپنا نائب مقرر کیا۔

مدینہ سے فوج کے مارچ کرنے کی تاریخ

ہجرت کے آٹھویں سال رمضان المبارک کے اوائل میں گھڑی کی سوئیاں اپنے مدار میں حرکت ہوئی اسلام کی فیصلہ کن تاریخ میں اس نقطہ کی طرف بڑھنے لگیں، جس تک پہنچنے پر اسلام اور بُت پرستی کے درمیان اسلام کی بہتری کے لیے آخری معرکہ آرائی ہوئی تھی اور اس مبارک مہینے کے آخر میں توحید کی فوج کا مکہ پہ مکمل قبضہ ہو جانا تھا، مقدس دار الخلافہ پر مسلمانوں کے قبضے سے جزیرہ عرب میں بُت پرستی کا سب سے بڑا قلعہ پیوندِ خاک ہو گیا اور اس کے سقوط سے جزیرہ میں بُت پرستی کے بقیہ اڈے بھی یکے بعد دیگرے بغیر کسی قابل ذکر حربی مشقت کے ختم ہونے لگے، سوائے اس شدید ٹکراؤ کے جو مسلمانوں اور ہوازن کے درمیان وادی حنین میں شوال ۸ھ میں ہوا۔

۱۰ رمضان المبارک کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم عظیم اسلامی فوج کے ساتھ

---

[۱] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۰

Marfat.com

مدینہ سے روانہ ہوئے، جیسا کہ ہم پہلے بیان کر چکے ہیں، شروع شروع میں صرف سات ہزار جانباز تھے، مارچ کے دوران مسلم قبائل میں سے اور لوگ بھی اس فوج میں آملے جس سے اس کی تعداد دس ہزار جانبازوں تک پہنچ گئی بعض نے کہا ہے کہ بارہ ہزار جانبازوں تک پہنچ گئی تھی [1]

بغیر تیاری کے فوج کا نکلنا

اکثر مؤرخین نے اسی بات کو ترجیح دی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ مدینہ سے بغیر کسی تیاری کے نکلے، آپ نے قدید پہنچ کر جو آپ کے حلیف خزاعہ کا مقام ہے، فوج کے دستے ترتیب دیے اور ان کے سالاروں کو جھنڈے تقسیم کیے اس لیے کہ قدید ہی میں فوج کی تعداد مکمل ہوئی جہاں بنو سلیم ایک ہزار شہسواروں کے ساتھ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملے جن کی قیادت ان کا سردار عباس بن مرداس[2] سلمی کر رہا تھا یہ آخری بدوی فوج تھی جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فوج کے ساتھ اس وقت آکر شامل ہوئی جب آپ مکہ کے راستے پر تھے۔

فوج کو رمضان میں روزہ کے افطار کی رخصت

جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوج کے

---

[1] امتاع الاسماع ص ۳۶۴

[2] عباس بن مرداس بن عامر سلمی، مضر قبیلہ میں سے تھا، زرکلی کہتا ہے کہ اس کی کنیت ابو الہیثم تھی اپنی قوم کے سرداروں میں سے تھا شاعر اور شہسوار تھا اس کی ماں مشہور شاعرہ خنساء تھی، فتح مکہ سے پہلے اسلام لایا اور اپنے گھوڑے عبید کے نام پر اُسے فارس العبید پکارا جاتا خالص بدوی تھا، مکہ اور مدینہ میں نہیں رہا اور جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں حاضر ہوا، بغیر قیام کے جنگل میں اپنی قوم کے رہنے کی جگہ واپس چلا گیا بڑا عقلمند تھا اور وہ ان چند حکمائے عرب میں سے تھا جنہوں نے جاہلیت میں اپنے اوپر شراب کو حرام قرار دیا تھا، حضرت عمرؓ کی خلافت میں اس کی وفات ہوئی۔

Marfat.com

ساتھ مدینہ کو چھوڑا تو فوج کو روزہ افطار کرنے کی رخصت دے دی اور ایک منادی کو حکم دیا کہ وہ اعلان کر دے کہ جو روزہ رکھنا چاہتا ہے، رکھ لے اور جو افطار کرنا چاہتا ہے افطار کر دے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی روزہ رکھا[1] مگر جب آپ مکہ کے قریب مرالظہران میں پہنچے تو فوج کو افطار کرنے کا حکم دے دیا اور روزہ کو افطار نہ کرنے والا خدا تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کا نافرمان قرار دیا گیا۔

فوج نبویؐ کا ہراول دستہ

اگرچہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کے ساتھ مدینہ سے بغیر کسی تیاری کے مارچ کیا تھا (کیونکہ اکثر قبائل جن کے پاس سے آپ کو گزرنا تھا مثلاً غفار، خزاعہ اور سلیم وغیرہ مسلمان ہو چکے تھے) آپ نے دو سو شہسواروں کو منتخب کیا اور انھیں حکم دیا کہ وہ آپ کے آگے آگے چل کر حالات کا جائزہ لیں اور اس ہراول دستے کی قیادت حضرت زبیر بن العوامؓ کو سونپی جو مسلسل فوج کے آگے آگے چلتے رہے یہاں تک کہ مکہ میں داخل ہو گئے، واقدی کہتا ہے کہ دس ہزار مسلمان گھوڑوں اور اونٹوں پر سوار ہو کر نکلے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر کے آگے زبیرؓ بن العوام کو دو سو مسلمانوں کے ساتھ روانہ کیا تھا۔

مدینہ سے مارچ کرنے کے بعد غطفان کے سردار کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ملنا

عیینہ بن حصن الفزاری رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچڑ دشمنوں میں سے تھا اور وہ غطفان کے عظیم قبیلے کا سردار تھا اس نے مسلمانوں اور اسلام کے خلاف لڑی جانے والی جنگوں میں اپنے قبیلے کی قیادت کی،

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۱

Marfat.com

احزاب اور خیبر کے معرکوں میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف اس نے یہود کی مدد کے لیے قبیلے کی قیادت کی اور کئی بار مدینہ پر حملہ کرنے کی کوشش کی .... جب اسلامی فوج نے اس کی قوم غطفان کا کانٹا نکال دیا تو عیینہ مسلمان ہوگیا، ہاں جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ایلچی غزوۂ قریش میں مشارکت کے لیے پڑوس کے قبائل میں بھجوائے تو غطفان کے قبائل میں سے سوائے اشجع کے چھوٹے سے قبیلے کے اور کوئی قبیلہ شامل نہ ہوا، اس میں نعیم بن مسعود اور معقل بن سنان جیسے سابقون الاولون لوگ موجود تھے جن کو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اشجع کے قبیلے کو اکٹھا کرنے کے لیے بھجوایا تھا عیینہ کو جب پتہ چلا کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے مسلمانوں کو اکٹھا کر رہے ہیں تو وہ اپنے علاقے سے بہ سرعت تمام فوج نبوی میں شامل ہونے کے لیے چل پڑا۔ وہ مدینہ آیا تو اُسے پتہ چلا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم دو روز پیشتر اپنی فوج کے ساتھ مدینہ سے روانہ ہوچکے ہیں تو اس نے جلدی سے مختصر راستے کو اختیار کیا اور وادی عرج میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملا۔ حالانکہ آپ ابھی وہاں نہیں پہنچے تھے، جونہی آپؐ وہاں پہنچے تو آپؐ نے غطفان کے ایک دستے کے ساتھ عیینہ کو اپنا منتظر پایا، عیینہ نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور معذرت کرتے ہوئے کہا، یارسول اللہ مجھے آپؐ کے خروج کی اطلاع ملی۔ تو میں نے آنے میں جلدی کی اور یہ بھی خیال نہ کیا کہ اپنی قوم کو جمع کر لوں جس سے ہماری فوج بہت زیادہ ہوجاتی (غطفان کی حربی فوج بڑی خوف ناک تھی جس کی تعداد دس ہزار جانبازوں سے زیادہ تھی لیکن رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیگر قبائل کی طرح اُسے اکٹھا ہونے کو نہیں کہا) پھر عیینہ کہنے لگا میں جنگ کی تیاری کو نہیں دیکھ رہا نہ ہی جھنڈے نظر آرہے ہیں کیا آپؐ عمرہ کرنا چاہتے ہیں۔

Marfat.com

میں احراموں کی تیاری بھی نہیں دیکھ رہا یا رسول اللہ آپ کا ارادہ کہاں جانے کا ہے؟ فر
جہاں اللہ چاہے گا عیینہ ایک اُجڈ اور کم عقل بدو تھا مگر ایک ممتاز جنگ باز بھی تھا
کی کنیت احمق مطاع تھی، چونکہ وہ اپنی قوم کا بڑا سردار تھا اس لیے رسول کریم صلی
علیہ وسلم نے اس کو اپنی مصاحبت میں رکھا اور اس کو اپنے جنگی بورڈ میں بھی شا
کیا، کیونکہ آپ کی حکیمانہ سیاست میں یہ بات بھی شامل تھی کہ اس قسم کے سردارو
کو جو اپنی قوم کے مطاع ہیں، اکٹھا کیا جائے اس لیے کہ اس قسم کے لوگوں کا ملنا
اسلام کی قوت کا باعث ہوگا۔

اقرع بن حابس کا فوج کے ساتھ شامل ہونا

اسی طرح اقرع بن حابس تمیمی بھی اپنی قوم کا عظیم سردار تھا وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ سے چل پڑنے کے بعد اپنے دس ساتھیوں کے ساتھ "السقیاء" میں آکر آپ کے ساتھ شامل ہوا، جن قبائل سے لوگوں کو جمع ہونے کے اپیل کی گئی تھی ان میں بنی تمیم شامل نہ تھے جس سے پتہ چلتا ہے کہ بنی تمیم کلی طور پر سوائے سالِ وفود ۹ھ کے اسلام میں داخل نہیں ہوئے۔ اقرع بن حابس[1] چونکہ اپنی قوم میں ایک عظیم اور مطاع سردار تھا اس لیے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نوعمری کے باوجود اُسے عیینہ بن حصن کی طرح اپنے جنگی بورڈ کا ممبر بنایا

---

[1] اقرع بن عقال المجاشعی الدارمی التمیمی صحابی - اعلام میں ہے دورِ جاہلیت میں عرب کے سرداروں میں شمار ہوتے تھے، بنو تمیم کی شاخ بنو دارم کے وفد میں بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوکر اسلام قبول کیا، غزوہ حنین، فتح مکہ اور طائف میں شریک ہوئے، مؤلفۃ القلوب میں سے تھے، مدینہ میں رہائش پذیر ہوئے، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں دومۃ الجندل گئے اور اکثر جنگوں میں حضرت خالد بن ولید کے ساتھ رہے، جنگ یمامہ میں بھی شرکت کی گورگان میں شہید ہوئے، دانا لوگوں میں شمار ہوتے تھے، انہوں نے خود پر شراب حرام کی

Marfat.com

یہاں تک کہ جب فتح مکہ کے روز رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تو آپ عیینہ بن حصن اور اقرع بن حابس کے درمیان میں تھے۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد اور آپ کے دشمن ابوسفیان بن الحارث کا قصہ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ شاہراہ پہ مسلسل چلتے رہے، آپ نے ہراول دستوں اور جاسوس یونٹوں (جو مقدمہ میں پھیلی ہوئی تھیں) کے آدمیوں کو حکم دیا ہوا تھا کہ راستے میں انہیں جو بھی غیر مسلم ملے اُسے پکڑ لیں یہ اس منصوبے کے عین مطابق تھا جس کا آپ نے چلتے وقت فیصلہ کیا تھا یعنی قریش کو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق کسی قسم کی خبر نہ مل سکے کہ آپ اپنے صحابہ کے ساتھ مارچ کر رہے ہیں تاکہ آپ انہیں اچانک آکر اپنی گرفت میں لے لیں۔ ابوسفیان بن الحارث بن عبدالمطلب آپ کا عم زاد اور حلیمہ سعدیہ سے رضاعی بھائی تھا آپ سے شدید عداوت رکھتا تھا، شاعر بھی تھا اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب کی ہجو کرتا تھا بیس سال مسلسل آپ کی عداوت پر قائم رہا..... اس سے پہلے رسول اللہ کا ہجو لی تھا، جب آپؐ کی بعثت ہوئی تو اس نے آپؐ سے اس قدر شدید عداوت کی کہ اور کسی شخص میں اس قسم کی عداوت کی مثال نہیں ملتی۔ یہ ابولہب کی طرح تھا جب قریش نے مکہ میں آپؐ کا محاصرہ کیا ہوا تھا یہ شعب میں بنی ہشام کے ساتھ داخل ہو جایا کرتا تھا اور آپؐ کو سخت اذیتیں دیتا تھا، آپؐ کے ساتھ قریش کا جو معرکہ بھی ہوا اس میں یہ پیچھے نہیں رہا۔ یہ وہی ابوسفیان ہے جس نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو، جب آپؐ اپنی قوم کو دعوتِ اسلام دے رہے تھے، کہا تھا، اے محمدؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) ہم آپ پر اس

Marfat.com

تک ہرگز ایمان نہیں لائیں گے جب تک آپ آسمان پر نہ چڑھ جائیں یا آپ کے لیے سونے کا گھر ہو اور آپ ہمارے لیے نہریں نکال دیں تو اللہ تعالیٰ نے اس کے شدید کفر و عناد کے بارے میں یہ آیات نازل فرمائیں۔

وقالوا لن نومن لك حتى تفجر لنا من الارض ينبوعًا ۝ او تكون لك جنة من نخيل وعنب فتفجر الانهار خلالها تفجيرًا ۝ او تسقط السماء كما زعمت علينا كسفًا او تاتي بالله والملائكة قبيلًا ۝ او يكون لك بيت من زخرف او ترقى في السماء ولن نومن لرقيك حتى تنزل علينا كتابًا نقرؤه قل سبحان ربي هل كنت الا بشرًا رسولًا ۝[1]

(ترجمہ: اور یہ لوگ کہتے ہیں کہ ہم آپ پر ہرگز ایمان نہ لاویں گے جب تک آپ ہمارے لیے زمین سے کوئی چشمہ جاری کر دیں یا خاص آپ کے لیے کھجور اور انگوروں کا کوئی باغ نہ ہو۔ پھر اس باغ کے بیچ بیچ میں جگہ جگہ بہت سی نہریں آپ جاری کر دیں یا جیسا کہ آپ کہا کرتے ہیں کہ آپ آسمان کے ٹکڑے ہم پر نہ گرا دیں یا آپ اللہ کو اور فرشتوں کو سامنے نہ کھڑا کر دیں یا آپ کے پاس کوئی سونے کا بنا ہوا گھر نہ ہو یا آپ آسمان پر نہ چڑھ جائیں اور ہم تو آپ کے چڑھنے کا کبھی کبھی یقین نہ کریں جب تک کہ آپ ہمارے پاس ایک نوشتہ نہ لاویں جس کو ہم بھی پڑھ لیں، آپ فرما دیں سبحان اللہ میں بجز اس کے کہ آدمی ہوں پیغمبر ہوں اور کیا ہوں؟)

رسول کریمؐ نے مکہ کے جن بڑے بڑے مجرموں کا جو آپ سے شدید عداوت اور عناد رکھتے تھے خون بہانا مباح قرار دیا تھا ان میں ابو سفیان بن الحارث بھی

---

[1] الاسراء ۹۰ - ۹۳

شامل تھا جب اس نے دیکھا کہ اس کے عم زاد محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے دین کا جزیرۃ العرب کی اکثر اطراف میں غلبہ ہوگیا ہے اور مکہ بھی اسلام کے قبضہ میں آنے والا ہے اور یہی اس وقت کا مسئلہ ہے تو وہ اسے برداشت نہ کر سکا اور اپنے بھائی اور عم زاد نبی کی دعوت کی کامیابی نے اسے جلد اسلام لانے پر آمادہ نہ کیا بلکہ اس دین سے اس کی کراہیت اور نفرت میں اضافہ ہوتا گیا، اور جب اسے یقین ہوگیا کہ مکہ پر مسلمانوں کا قابض ہو جانا لازمی ہے تو اس نے تمام جزیرہ عربیہ کو چھوڑنے کا فیصلہ کر لیا اور شاہِ روم کے پاس بھاگ گیا۔[1]

ابو سفیان بن الحارث کے دل میں اسلام کیسے داخل ہوا

جب ابو سفیان بن الحارث نے ہرقل قیصر روم سے پناہ طلب کی اور قیصر سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعض باتیں سنیں تو اسلام اس کے دل میں داخل ہوگیا اور اس نے فیصلہ کیا کہ مکہ واپس جا کر اپنے اسلام کا اعلان کرے ابو سفیان خود بیان کرتا ہے کہ جب وہ مکہ سے بھاگ کر قیصر کے پاس گیا (ابھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ سے مارچ نہیں کیا تھا) تو قیصر نے اس سے پوچھا تم کون ہو؟ اس نے اسے بتایا وہ ابو سفیان بن الحارث بن عبد المطلب ہے تو شاہِ روم نے اسے کہا اگر تو سچ کہہ رہا ہے تو تو محمد بن عبد اللہ کا چچا زاد بھائی ہے میں نے جواب دیا ہاں میں اس کا چچا زاد بھائی ہوں، ابو سفیان کہتا ہے میں نے اپنے دل میں کہا کہ میں اپنے آپ کو شاہِ روم کے پاس دیکھ رہا ہوں اور میں اسلام سے بھاگ کر آیا ہوں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے سوا میں پہچانا ہی نہیں جاتا، پس اس بات نے مجھے

---

[1] مغازی الواقدی جلد ۲ ص۱۱

اسلام میں داخل کر دیا اور مجھے معلوم ہوگیا کہ میں شرک میں باطل پہ تھا، لیکن ہم ایسے لوگوں کے ساتھ تھے جو بڑے عقل مند اور فاضل تھے، لوگ ان کی عقل اور رائے پہ زندگی بسر کرتے تھے اور جس راستے پر وہ چلتے ہم بھی اُسی راستے پہ چلتے اور جب صاحبانِ شرف اور عمر رسیدہ لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اجتناب کرتے اور اپنے معبودوں کی مدد کرتے اور اپنے آباء کے لیے غصے ہوتے تو ہم ان کی پیروی کرتے تھے۔

مؤرخین کہتے ہیں کہ پھر ابو سفیان روم کے علاقے سے واپس مکہ آگیا اور اُسے پتہ چلا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے خون کو مباح کیا ہوا ہے، اس کے باوجود اس نے آپ سے ملنے کا مصمم ارادہ کر لیا تاکہ آپ سے عام معافی نامہ حاصل کر لے کیونکہ اس نے اسلام میں داخل ہونے کا فیصلہ کیا ہوا تھا، عبداللہ بن اُمیہ[1] ابوسفیان بن الحارث کا دوست تھا وہ بھی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی طرح شدید عداوت رکھتا تھا ان دونوں نے متفقہ فیصلہ کیا کہ وہ دونوں اکٹھے موقع پا کر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور حاضر ہو جائیں شاید آپ دونوں کو معاف کر دیں، اس ارادے کو پورا کرنے کے لیے ابوسفیان بن الحارث اور عبداللہ بن اُمیہ مدینہ کی جانب

---

[1] عبداللہ بن ابی اُمیہ بن مغیرہ مخزومی قرشی حضرت نبی کریمؐ کا سالا تھا اور آپؐ کی پھوپھی عاتکہ کا بیٹا اور ام المومنین ام سلمہ کا بھائی تھا۔ فتح مکہ کے روز اسلام لایا۔ مکہ میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شدید عداوت رکھتا تھا اسی نے آپ کو لڑائی میں مقابلہ کرنے کے رنگ میں کہا تھا۔ لن نومن لك حتیٰ تفجرت من الارض ینبوعًا۔ فتح مکہ اور حنین میں آپؐ کے ساتھ شامل ہوا، صحیح ترین قول کے مطابق اس کی وفات محاصرۂ طائف میں ہجرت کے آٹھویں سال ہوئی۔

Marfat.com

نکلے، ابو سفیان قتل کے خوف سے بھیس بدلے ہوئے تھا کیونکہ یہ ان لوگوں میں شامل تھا جن کے خون کو آپؐ نے مباح قرار دیا تھا، یہ دونوں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو نیق العقاب[1] میں ملے ابو سفیان خود یہ قصہ بیان کرتا ہے کہ "میں اور عبداللہ بن امیہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے ہم نے ظاہر ہونے کی اجازت طلب کی تو آپ نے اجازت دینے سے انکار کر دیا، آپ کی زوجہ حضرت ام سلمہؓ نے آپ سے عرض کیا یا رسول اللہ ان میں سے ایک آپؐ کا سالا اور پھوپھی زاد ہے اور دوسرا عم زاد اور رضاعی بھائی ہے اور دونوں مسلمان ہونے کے لیے آئے ہیں یہ دونوں آپ کے لیے دوسرے لوگوں سے زیادہ برے نہ ہوں گے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھے ان دونوں کی ضرورت نہیں، یہی میرا بھائی مکہ میں میرا قاتل تھا، یہ مجھ پر اس وقت تک ایمان لانے کا روادار نہ تھا جب تک میں آسمان پر نہ چڑھ جاؤں، حضرت ام سلمہؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ آپ کی قوم میں سے ہے اس نے باتیں کی ہیں تو سب قریش نے بھی باتیں کی ہیں اس کی بات کے متعلق قرآن بعینہٖ اس طرح نازل ہوا ہے آپؐ نے اس سے بھی بڑے بڑے مجرموں کو معاف کر دیا ہے وہ آپؐ کا عم زاد اور قرابت دار ہے اور آپؐ کے عفو کا زیادہ حقدار ہے، آپؐ نے فرمایا اس نے میری ہتک عزت کی ہے (یعنی مجھے گالیاں دی ہیں اور میری ہجو کی ہے، ابو سفیان شاعر تھا اور رسول اللہ کی ہجو کیا کرتا تھا اور لوگوں کو آپؐ کے خلاف برانگیختہ کرتا تھا) جب ان دونوں کو یہ خبر ملی تو ابو سفیان نے جس کا بیٹا بھی اس کے ساتھ تھا کہا خدا کی قسم یا تو وہ مجھے قبول کریں گے یا میں اپنے بیٹے کا ہاتھ پکڑ کر زمین میں پھرتا

---

[1] نیق العقاب مکہ کی طرف جانے والی قدیمی شاہراہ پر ابواء کے بعد ایک جگہ ہے۔

Marfat.com

رہوں گا یہاں تک کہ بھوک اور پیاس سے مرجاؤں گا اور یارسول اللہ آپؐ تو سب لوگوں سے زیادہ حلیم اور معزز ہیں پھر میرا آپؐ کے ساتھ رشتہ بھی ہے ، جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس کی یہ بات پہنچی تو آپؐ کا دل بھر آیا۔

اور عبداللہ بن اُمیہ نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رحم کی درخواست کرتے ہوئے کہا ، میں آپؐ کے پاس آپؐ کی تصدیق کے لیے آیا ہوں مجھے آپ سے قرابت اور سسرالی رشتہ داری بھی حاصل ہے نیز حضرت اُم سلمہؓ بھی ان دونوں کے بارے میں آپؐ سے گفتگو کرنے لگیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دل ان دونوں کے لیے بھر آیا اور آپؐ نے ان دونوں کو آنے کی اجازت دے دی انہوں نے آپؐ کے پاس آکر اسلام قبول کر لیا اور دونوں ہی حسنِ اسلام سے آراستہ ہوئے ، عبداللہ بن اُمیہ طائف میں شہید ہوئے اور ابو سفیان بن الحارث مدینہ میں حضرت عمرؓ کی خلافت میں فوت ہوئے ، ان پر کسی معاملے میں عیب نہیں لگایا گیا ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ابو سفیان اور اس کے ساتھی عبداللہ کو قبول کر لیا اور معاف کر دیا۔

تو ابو سفیان نے اشعار میں اپنے اسلام کا ذکر کیا اور ماضی میں جو کچھ اس سے ہو چکا تھا اس پر معذرت کی ، وہ بڑا نغز گو شاعر تھا ، کہتا ہے ؎

تیری زندگی کی قسم جس روز میں تغلب کا جھنڈا اُٹھائے ہوئے تھا لات کے شہسوار ، محمدؐ کے شہسوار بن گئے تھے تو کہ مدلج حیران کی طرح جس کی رات نے اندھیرا کر دیا تھا ، یہ میرے ہدایت پانے کا وقت تھا میرا ہادی مجھے لے گیا اور میں نے اللہ کی مدد سے اُسے اچھی طرح دھتکارا تھا - میں کوشش کر کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے دُور رہتا تھا اور مجھے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کر کے بُلایا جاتا تھا ، اُنہوں نے وہ باتیں اپنی خواہشات سے کیں جو آپ نے نہیں کہی تھیں

Marfat.com

اگرچہ ضعف حسب الرائے آدمی بھی مجنون اور احمق ہو سکتا ہے میں انہیں امنی کرنا چاہتا ہوں مگر قوم سے چمٹنے والا نہیں ہوں جب تک میں ہر نشست گاہ پر ہدایت کی بات نہ کروں ثقیف سے کہہ دو کہ میں ان سے لڑنا پسند نہیں کرتا ، اور یہ بھی کہہ دو کہ یہ میری غیرت اور میرا وعدہ ہے اور میں اس فوج میں شامل نہ تھا جس نے عامر کی طرف کوچ کیا اور نہ میں نے اپنی زبان اور ہاتھ کو کھینچا ، قبائل دور دور کے علاقوں سے آئے ہیں اور فساد ڈالنے والے سہام اور سرد سے آئے ہیں"۔

مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ جب ابوسفیان نے اپنے شعر میں یہ بات کہی کہ (مع الله قد طردت کل مطرد) تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سینے پر ہاتھ مارتے ہوئے کہا تو نے مجھے اچھی طرح دھتکارا تھا اور ایک روایت میں ہے کہ (بل طردك الله کل مطرد) خدا تجھے اچھی طرح دھتکار دے تو ابوسفیان کہنے لگا یا رسول اللہ یہ بات میں نے جہالت سے کہی تھی آپ تو عفو و حلم میں سب سے اولیٰ ہیں [1]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کے قتل سے منع کرنا۔

جس وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بھائی اور چچازاد ابوسفیان بن الحارث کے خون کو مباح قرار دیا اس وقت ایک خصوصی حکم کے ذریعہ ابوسفیان بن حرب کے خون کی حفاظت کرنے کا حکم دیا جو قریش کا سردار اور اس کی فوج کا سالار عام تھا ، ابوسفیان بن حرب

---

[1] سیرت ابن ہشام ج ۲ صفحہ ۴۲ ، مغازی الواقدی ج ۲ صفحہ ۸۱۰ ، البدایۃ والنہایہ ج ۴ صفحہ ۲۸۷ ، امتاع الاسماع صفحہ ۳۶۷

Marfat.com

اگرچہ مکہ میں مشرکین کا سردار اور ان کا جنگ باز تھا مگر معلوم ہوتا ہے کہ بڑا عقل مند بھی تھا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت میں ابوجہل ابوسفیان بن الحارث اور عقبہ بن ابی معیط کی طرح حد اعتدال سے بڑھا ہوا نہیں تھا اس کے کچھ تاریخی کارنامے ایسے ہیں جو اس کی دُور اندیشی اور اعتدال پسندی پہ دلالت کرتے ہیں، ان میں سے ایک بات یہ بھی ہے کہ اس نے بدر کے تاریخی اور فیصلہ کن معرکہ میں جو ابوجہل کے شدید دباؤ کے تحت ہو رہا تھا، قریش کو مشورہ دیا کہ وہ اپنی فوج کو لے کر واپس چلے جائیں اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مسلح تصادم سے گریز کریں یہ جنگ دانایانِ قریش ابوسفیان، عتبہ بن ربیعہ اور حکیم بن حزام کی ناپسندیدگی کے باوجود لڑی گئی۔

اور دوسری بات یہ ہے کہ اس نے خزاعہ کے ساتھ خیانت کرنے میں شراکت کو بُرا سمجھا اور قریش کو اس پہ ملامت کی اور ہجرت سے پہلے مکہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہ دست درازی اور زبان درازی نہیں کی جیسے کہ دوسرے لیڈر عقبہ بن ابی معیط، نضر بن الحارث، ابوجہل بن ہشام اور ابوسفیان بن الحارث وغیرہ کرتے تھے یاہی وجہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان بن حرب کے خون کو مباح قرار نہیں دیا بلکہ اپنی عام فوج کو حکم دے دیا کہ اگر کسی کو ابوسفیان مل جائے تو وہ اُسے قتل نہ کرے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کے ساتھ مکہ کی طرف مارچ کرتے ہوئے فرمایا "وہ (یعنی قریش) تم سے اپنی رشتہ داریوں کا سوال کریں گے۔ یعنی اور تم ان میں سے بعض کو ملو گے اگر تم ابوسفیان کو ملو تو اُسے قتل نہ کرنا[۱] یہاں ابوسفیان سے مراد، ابوسفیان بن

---

[۱] امتاع الاسماع ص ۳۶۸ ۔ امتاع الاسماع ص ۳۷۳

بن حرب ہے نہ کہ ابو سفیان بن الحارث، اس کے خون کو تو آپ نے مباح قرار دیا تھا اور حکم دیا تھا کہ جہاں ملے اسے مار دیا جائے پھر اس کے بعد آپ نے اسے معاف فرما دیا جیسے کہ پہلے اس کی تفصیل بیان ہو چکی ہے۔

دورانِ سفر فوج نبویؐ میں شامل ہونے والے قبائل

قبل ازیں ہم اس کتاب میں بیان کر آئے ہیں کہ جب مدینہ سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سرکردگی میں فوج نے مارچ کیا تو اس میں تقریباً ۷۰۰ جانباز شامل تھے اور اس تعداد میں مختلف قبائل کے شامل ہونے سے اضافہ ہوتا رہا یہاں تک کہ مکہ کے راستے پہ چلتے چلتے اس کی تعداد دس ہزار تک ہو گئی اس تعداد کی تکمیل قدید میں ہوئی جو خزاعہ کی بود و باش کی جگہ ہے، آخری قبائلی فوج جو جیش نبویؐ میں آکر شامل ہوئی جس سے دس ہزار جانبازوں کی تعداد مکمل ہو گئی وہ بنو سلیم کی فوج تھی جس میں ایک ہزار جانباز تھے اور سب کے سب سوار تھے۔

غفار کی فوج، جیش نبویؐ میں

مدینہ سے مارچ کرنے کے بعد سب سے پہلے جو فوج رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل ہوئی وہ بنو غفار کی فوج تھی کیونکہ اس قبیلہ کی فرودگاہیں مدینہ کے جنوب میں مکہ جانے والی شاہراہ پہ، صفراء، بدر اور ودّان کے جانب پڑتی تھیں اس قبیلہ میں سے تین سو جانباز ابو ذر غفاری کی قیادت میں مارچ کے دوران جیش نبویؐ میں شامل ہوئے، ان کو منظم و جمع کرنے کا کام کرنے والے ابو رُھم، کلثوم بن الحصین، ایماء بن رحضہ تھے جنہیں حضرت

---

[۱] امتاع الاسماع ص ۳۷۳

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ سے خروج کرنے سے قبل غفار کو جنگ کے لیے بھیجا تھا یہ لوگ راستے میں آپ سے آملے۔

جیشِ نبویؐ میں قبیلہ اشجع کی فوج کی تعداد

جو قبائل راستے میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل ہوئے ان میں نجد کا قبیلہ اشجع بھی تھا یہ مشہور قبیلہ غطفان کے چار بازوؤں میں سے ایک بازو تھا اس قبیلہ کے مسلمانوں میں سے تین سو آدمی اپنے دو لیڈروں معقل بن سنان اور نعیم بن مسعود کی قیادت میں جیشِ نبوی میں شامل ہوئے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ان دونوں سرداروں کو قبیلہ اشجع کی طرف جہاد کی تیاری کے لیے بھیجا تھا۔

بنو سعد، ضمرہ اور بنو بکر کی فوجیں جیشِ نبویؐ میں

مکہ پہنچنے سے قبل جو قبائل راستے میں جیشِ نبویؐ میں شامل ہوئے ان میں بنو سعد، بنو ضمرہ جو کنانہ میں سے اور پھر بنو بکر میں سے ہیں بھی تھے یہ وہی بنو بکر ہیں جو نقضِ صلح حدیبیہ کا باعث بنے تھے، ان دونوں قبیلوں میں سے دو سو جانباز، ابو واقد اللیثی کی قیادت میں اس وقت جیشِ نبوی میں شامل ہوئے جب آپؐ مکہ اور مدینہ کے درمیان مارچ کر رہے تھے لہ

لہ ابو واقد عوف بن الحارث بن اسید الکبری اللیثی قدیم الاسلام صحابی ہیں، صحیح قول کے مطابق غزوۂ بدر میں شریک نہیں تھے، فتح مکہ اور غزوۂ حنین کے دن بنو لیث کا ایک جھنڈا آپ کے پاس تھا غزوۂ تبوک میں انہوں نے حضور علیہ السلام کے لشکر کے لیے بنو لیث کو تیار کیا۔ جنگ یرموک میں شامل ہوئے۔ مکہ مکرمہ میں ۶۸ھ میں ۷۵ برس کی عمر میں فوت ہوئے۔ اسی سال پیدا ہوئے جس سال ابن عباس رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے، مکہ مکرمہ میں مہاجرین کے قبرستان میں مدفون ہوئے (الاصابہ ج ۴ ص ۲۱۲)

Marfat.com

اسی طرح جب | حملہ آور فوج کے ساتھ بنو لیث سے شامل ہونے والے
جیش نبوی

مکہ کے قریب پہنچا تو اس میں بنی لیث بن سعد البکری ثم الکنانی سے اڑھائی سو جانباز شامل ہوئے، اس لیثی فوج کی قیادت صعب بن جثامہؓ[1] کر رہا تھا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ چھوڑنے سے قبل اپنے ایلچیوں کو بنی ضمرہ، بنی لیث اور بنی سعدؓ[2] کے مسلمانوں کو تیار کرنے کے لیے بھیجا تھا یہ سب بکر بن کنانہ میں سے تھے۔

حبیب رسول کریم | بنو کعب میں سے جیش نبویؐ میں شامل ہونے والے
صلی اللہ علیہ وسلم

قدید میں اپنی عظیم فوج کے ساتھ مارچ کر رہے تھے اس وقت جو لڑاکا دستے آپؐ

---

[1] صعب بن جثامہ بن قیس بن ربیعہ لیثی، قریش کے حلیف تھے، ان کی ماں فاختہ ابو سفیان بن حرب اموی کی بہن تھیں، آپ قدیم الاسلام شہسوار صحابی تھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور عوف بن مالک کے درمیان مواخاۃ قائم فرمائی، غزوۂ حنین کے دن لشکر کی ہزیمت کے وقت ثابت قدم رہے، آپؐ نے غزوہ حنین کے بعد ان کے بارے میں فرمایا "اگر صعب بن جثامہ نہ ہوتا تو لشکر رسوا ہوتا"، ایران کی جنگوں میں شریک رہے، خلیج فارس کے مشرقی ساحل پر واقع اصطخر کی فتح میں شریک تھے بخاری میں ان کی احادیث موجود ہیں، حضرت عمرؓ کے دورِ خلافت کے آخر میں فوت ہوئے۔ [2] ضمرہ، سعد اور لیث تینوں بھائی بکر بن کنانہ کی اولاد میں سے تھے انہوں نے خزاعہ پر شب خون میں حصہ نہیں لیا تھا، صرف معاویہ بن نوفل کے قبیلہ بنو نفاثہ سے اس کارروائی میں حصہ لیا تھا، یہ لوگ حرم کعبہ کے ہمسائے تھے۔

Marfat.com

کے ساتھ شامل ہوئے ان میں بنو کعب بن عمرو بھی تھے جو خزاعہ قبیلہ میں سے ہیں، ان میں سے پانسو جانباز، بُسر بن سفیان کی قیادت میں جیش نبویؐ میں شامل ہوئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں جب قریش پر چڑھائی کرنے کا فیصلہ کیا تو آپ نے بدیل بن ورقاء اور بُسر بن سفیان کو، انہیں تیار کرنے کے لیے بھیجا تھا

جیش نبویؐ میں شامل ہونے والی سب سے طاقتور قبائلی فوج بنو سلیم کی تھی

غالباً مکہ کے راستے میں مارچ کرتے ہوئے جیش نبوی کے ساتھ شامل ہونے والی سب سے طاقتور فوج قبیلہ بنی سلیم کی تھی جس کی قیادت ان کا سردار شاعر اور حکیم عباس بن مرداس کر رہا تھا، عباس بن مرداس بنو سلیم کے پہاڑوں اور وادیوں سے ایک ہزار جانبازوں کی قیادت کرتا ہوا آیا ان میں ایک شخص بھی پیدل نہ تھا سب کے سب گھوڑ سوار تھے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کے خلاف جہاد کا پختہ عزم فرمایا تو مدینہ ہی سے حجاج بن علاط السلمی اور عرباض بن ساریہ کو قبائل بنو سلیم کو جہاد کے لیے تیار کرنے کو روانہ فرمایا۔ اور یہ کہ وہ انہیں کچھ بتائے بغیر لشکر نبویؐ میں شامل کریں اور رازداری کا مظاہرہ کریں۔

قدید میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فوج کا کھڑا ہونا

بنو سلیم، مکمل تیاری کے ساتھ آئے تھے، اس پر مستزاد یہ کہ سب کے سب سوار آہن پوش اور اپنے نیزوں کو بلند کیے ہوئے تھے وہ ہزار سوار حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکر گاہ میں آئے تو گھوڑوں کو دوڑاتے پھرتے تھے وہ اپنے اٹھے ہوئے نیزوں کے ساتھ ایک متحرک جنگل کی طرح معلوم ہوتے تھے اور ان کا منظر حیرت انگیز تھا جو شاعر کو وجد میں

لے آتا ہے اور اس منظر کی خوب صورتی میں بنو سلیم کے شہسواروں نے اضافہ کیا کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے صف بستہ کھڑے ہوئے اور آپؐ کا حربی بورڈ بھی ان کا نظارہ کر رہا تھا جس کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے جیش کے سالاروں پر بہت اچھا اثر ہوا، بنو سلیم کے سوار رسولِ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے صف بستہ موجود تھے۔

جنگ میں غطفان کی عدم شمولیت پر عیینہ بن حصن کا افسوس،

بنو سلیم کے سواروں کے منظر نے غطفان کے سردار، عیینہ بن حصن الفزاری کے جذبات کو برانگیختہ کر دیا جس کے پیچھے نجد میں دس ہزار نیزے تھے، جب عیینہ نے بنو سلیم کے سواروں کو صف بستہ کھڑے دیکھا تو وہ اپنی انگلیوں کو کاٹنے لگا، حضرت ابوبکر صدیق رضؓ نے اس سے پوچھا شرمندہ کیوں ہو؟ اس نے جواب دیا اپنی قوم پر کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کیوں نہیں نکلے، غطفان کا سردار جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ شامل ہوا اس وقت اس کی قوم غطفان سے کوئی آدمی اس کے ساتھ نہ تھا، سوائے اشجع کے تین سو آدمیوں کے جن کی قیادت معقل بن سنان اور نعیم بن مسعود کر رہے تھے اور فزارہ جو عیینہ بن حصن کے قبیلے میں سے تھے ان میں سے کوئی آدمی حملہ کرنے والے جیش نبوی میں شامل نہیں تھا۔

سلیم اور غطفان کے دو سرداروں کے درمیان جھگڑا

غطفان کے سردار عیینہ بن حصن کو اس ہیئت نے تعجب میں ڈال دیا جس ہیئت پر بنو سلیم کے سوار آئے تھے وہ حضور کے حربی بورڈ کے ان ارکان میں بھی شامل تھا جو قدید

میں اس عسکری نمائش کو دیکھ رہے تھے جسے بنو سلیم کے سواروں نے قدید کے م
میں پیش کیا تھا اس کے بعد عباس بن مرداس جو سلیم کے سواروں کا سالار تھا اور عی
بن حصن کے درمیان نوک جھونک شروع ہو گئی دونوں بدو تھے اور بدویوں والی سختی ا
ان سے دور نہیں ہوئی تھی۔

عکرمہ بن فروخ، معاویہ بن جاہمہ بن عباس بن مرداس سلمی سے بیان کرتا
کہ عباس نے کہا میں اُسے ملا تو وہ چل رہا تھا یہاں تک کہ وہ چلتے ہوئے اونٹ
آلۂ حرب کے ساتھ اُتر پڑا ہم بھی آہن پوش تھے، ہم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ و
کے سامنے صفیں باندھ دیں حضرت ابو بکرؓ اور حضرت عمرؓ آپؐ کے ہمراہ ت
تو عیینہ نے پیچھے سے پکار کر کہا، میں عیینہ ہوں رگویا وہ اپنی بڑائی بیان کر رہا تھا
یہ بنو سلیم ہیں جو تیاری، تعداد اور اسلحہ کے ساتھ آئے ہیں اور یہ گھوڑوں کے عرق
(یعنی گھوڑوں کی پشت پر جمے رہنے والے) جنگجو اور تیرانداز ہیں، تو عباس بن مرد
نے جواب دیا :- جوان بس کر، خدا کی قسم تو جانتا ہے کہ ہم گھڑ سواری، نیزہ باز
اور شمشیر زنی میں زیادہ ماہر ہیں، عیینہ نے جواب دیا، تو نے جھوٹ بولا ہے
اور ملامت کی ہے جن باتوں کا تو نے ذکر کیا ہے ہم ان میں سب سے بہتر ہیں
اور ہمیں سب عرب جانتے ہیں، اس پر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے
دونوں کی طرف اشارہ کیا تو دونوں خاموش ہو گئے۔ ؎

عبدالرحمن بن ابی بکر اپنے باپ سے روایت کرتے ہیں کہ بنو سلیم گھوڑوں پر
نیزوں اور زرہوں کے ساتھ نکلے اور وہ اپنے جھنڈوں کو لپیٹ چکے تھے اور
ان کے پاس کوئی بندھا ہوا جھنڈا نہ تھا۔ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ

؎ مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۱۴

Marfat.com

ہمارے جھنڈوں کی وضع مقرر کر دیجیے جہاں ہمارے ہی جھنڈے ہوں، آپؐ نے فرمایا آج تمہارا علمبردار وہ شخص ہوگا جو جاہلیت میں تمہاری علمبرداری کیا کرتا تھا، تمہارا وہ نوجوان کیا ہوا جو تمہارے وفد کے ساتھ میرے پاس آیا تھا جو خوبرو اور خوش گفتار تھا، انہوں نے جواب دیا وہ حال ہی میں فوت ہوگیا ہے [1]

بنو سلیم کے شہسوار ہراول دستہ میں

اس دور میں شہسوار، بہترین مسلح فوجی ہوا کرتے تھے اور شہسواروں کے ہتھیار بہترین ہتھیار ہوا کرتے تھے جن کی ضرورت ہراول فوج کو ہوا کرتی تھی اور بنو سلیم (جو ایک ہزار کی تعداد میں تھے) سب کے سب سوار تھے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدید سے مکہ کی طرف مارچ کرنے والی فوج کا ہراول دستہ انہی کو مقرر کیا، واقدی کہتا ہے کہ جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدید میں پڑاؤ کیا تو بنو سلیم آپ سے آکر ملے چونکہ وہ اپنے علاقہ سے آئے تھے اس لیے آپ کو اکٹھے ہی گھوڑوں پہ ملے، ہر ایک آدمی کے پاس اس کا نیزہ اور ہتھیار تھا اور ان کے ساتھ وہ دو ایلچی بھی آئے جن کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف بھیجا تھا۔

واقدی بیان کرتا ہے کہ وہ تیزی سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف آئے اور اکٹھے ہوگئے، کہتے ہیں کہ وہ ایک ہزار تھے، بنو سلیم نے کہا یا رسول اللہ آپؐ ہمیں دور سے بلاتے ہیں اور ہم سے مدد چاہتے ہیں حالانکہ ہم آپ کے ماموں ہیں، ہاشم بن عبد مناف کی ماں عاتکہ بنت مرہ بن ہلال بن فالج بن ذکوان بنو سلیم سے تھی اس لیے یا رسول اللہ ہمیں ہراول میں رکھیے تاکہ آپ دیکھیں کہ ہم آزمائش

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۱۳ ج ۲

میں کیسے ہیں ہم جنگ کے وقت صبر کرنے والے ہیں اور گھوڑوں کی پشتوں پر سوار ہونے والے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، چلو اور انہیں اپنے ہراول میں رکھ لیا، بنو سلیم، قدید میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملے یہاں تک کہ آپؐ نے مرالظہران میں پڑاؤ کیا ان سے قبل حضرت خالد بن ولید حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہراول میں تھے، مؤرخین کے بیان اور ان کے مرجح قول کے مطابق بنو سلیم کے قبائل آخری فوج تھے جو مکہ کی طرف مارچ کرتی ہوئی نبویؐ فوج میں شامل ہوئے تھے۔

قدید کی لشکر گاہ میں پوری فوج کا اجتماع

قدید کا علاقہ بنی مصطلق کے شہروں میں سے ہے جو خزاعہ میں سے ہیں جہاں وہ تاریخی معرکہ ہوا جس میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتنہ منافقین یعنی افک کے سال مشرک بنو مصطلق کا کانٹا نکال دیا تھا اور اسی منطقہ کے میدان میں جو رابغ اور جدہ کے درمیان واقع ہے جیش نبویؐ کا بڑا اور آخری اکٹھ ہوا تھا جس میں مختلف قبائل کے دس ہزار جانباز جمع ہوئے تھے، تفصیلی اعداد و شمار بتلاتے ہیں کہ اس بے پایاں لشکر کے اکثر جتھے حجازی قبائل میں سے تھے آئندہ آنے والے نقشہ میں اُن قبائلی فوجوں کی تعداد بیان کی گئی ہے جو اس لشکر میں شامل ہوئی تھیں۔

جیش نبویؐ میں شامل ہونے والی فوجوں کی تعداد اور قبائل کے ناموں کی تفصیل

جانبازوں کی تعداد	قبیلہ کا نام	وطن	سواروں کی تعداد	شمولیت کا مقام
۴۰۰۰	انصار (اوس اور خزرج)	مدینہ حجاز	۵۰۰	مدینہ
۷۰۰	مہاجرین (قریش)	” ”	۳۰۰	”

۱۰۰۰	مزینہ	وادی القریٰ اور اسکی اطراف حجاز	۱۰۰	مدینہ
۸۰۰	جہینہ	حجاز	۵۰	//
۴۰۰	اسلم	//	۳۰	//
۱۰۰۰	بنی سلیم	//	۱۰۰۰	قدید
۵۰۰	خزاعہ	//	تعداد معلوم نہیں ہوسکی	//
۳۰۰	غفار	//	// // //	راستے میں
۳۰۰	اشجع	نجد	// // //	// //
۲۵۰	بنو لیث ۔ کنانہ	حجاز	// // //	// //
۲۰۰	ضمرہ اور بنو سعد	//	// // //	// مد
۱۰	بنو تمیم	نجد	// // //	// //
۵۴۰	مختلف قبائل	مختلف علاقوں سے	// // //	// ملا
۱۰،۰۰۰			۱۹۸۰ ۵۰۰ ۲۴۸۰	

یہ تھی وہ تمام فوج جس نے مکہ میں قریش پر دس ہزار سپاہیوں کے ساتھ حملہ کیا اس میں کچھ شبہ نہیں کہ وہاں پر مختلف قبائل کے اور بھی شہسوار تھے جن کی تعداد کی مؤرخین نے حد بندی نہیں کی وہ بھی پانچ صد شہسواروں سے کم نہیں ہوں گے۔

قدید میں فوج کی تیاری اور سالاروں کا تعین

ہم اس کتاب میں پہلے بیان کر آئے ہیں کہ جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بغیر تیاری کیے بڑی فوج کے ساتھ مدینہ سے چلے تو آپ کا خیال تھا (واللہ اعلم) کہ علاقے کے جن قبائل سے فوج گزرے گی وہ

Marfat.com

اسلام دوست قبائل ہیں نیز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مارچ کے دوران مختلف مسلم قبائل کی جدید فوجوں کے اپنی فوج کے ساتھ شامل ہونے کے منتظر تھے جیسا کہ راستے میں جو مدینہ سے قدید تک پھیلا ہوا ہے، بالفعل مختلف قبائل سے وقتاً فوقتاً تین ہزار ایک سو جانباز، فوج میں آکر شامل ہوئے اور جب جیش نبوی مکمل ہوگیا اور اس میں دس ہزار جانباز اکٹھے ہوگئے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں پڑاؤ کر لیا تاکہ آپؐ کی فوج کچھ آرام کرلے، پھر آپؐ نے فوج کی مکمل تیاری کی اور علمبردار اور دستوں کے آفیسر مقرر کیے اور قائدین اور آفیسرز کو جھنڈے تقسیم کیے

تیاری قبائلی بنیاد پر ہوئی

مؤرخین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جیش نبویؐ کی تیاری جو قدید کے میدان میں ہوئی قبائلی بنیاد پر تھی، ہر قبیلہ کی فوج پر اسی قبیلے کا آدمی افسر مقرر کیا گیا تھا۔ آپؐ نے قبائل کو کئی دستوں میں تقسیم کر دیا اور ان دستوں کی تعداد کثرت و قلت میں، اپنے قبیلے کے جانبازوں کو مدد دینے کے لیے متفاوت ہوتی رہتی تھی۔

انصاری دستے اور ان کے آفیسرز

اوس اور خزرج[۵] کے انصار کا قبیلہ ہی وہ واحد قبیلہ تھا جس کے ہر

---

۵ اوس وخزرج انصار کے مورث اعلیٰ تھے، دونوں بھائی تھے ان کا نسب یہ ہے اوس وخزرج بن حارثہ بن ثعلبہ بن عمرو مزیقی بن ماء السماء (عامر بن حارثہ الغطریف) بن امرأ القیس بن مازن بن ازد بن غوث بن نبت بن مالک بن کہلان بن سبا بن یشجب بن یعرب بن قحطان۔ اوس وخزرج جنگجو، بہادر اور فیاض اور عرب کے مشہور جنگ آزما تھے، پہلی صدی عیسوی کے اوائل میں یمن میں سد مارب ٹوٹنے کے بعد مدینہ کی طرف ہجرت کر آئے۔ یہ لوگ ہجرت نبویؐ سے (باقی صفحہ ۱۷۱ پر)

Marfat.com

خاندان نے اپنا ایک مستقل دستہ بنایا تھا اور ان کا خاص افسر بھی انہی میں سے تھا۔ کیلئے انصار کے جانبازوں کی تعداد ہی چار ہزار تھی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں خاندانی بنیاد پر بارہ دستوں میں تقسیم کیا جب کہ اوس اور خزرج کے ہر خاندان نے اپنا ایک دستہ بنایا اور اس کی قیادت اپنے ہی خاندان کے آدمی کو سونپی گئی۔

اوس کے دستوں اور ان کے افسروں کی تعداد

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اوس کے چھ دستے بنائے اور ان کے ہر خاندان نے اپنا ایک دستہ بنایا اور اس کا افسر بھی انہی میں سے مقرر کیا، خاندانوں کے نام مندرجہ ذیل ہیں:۔

خاندان کا نام	دستوں کی تعداد	افسر کا نام
بنو عبد الاشہل [1]	۱	ابو نائلہ [2]
بنو ظفر [3]	۱	قتادہ بن النعمان
بنو حارثہ [4]	۱	ابو بردہ بن نیار [5]
بنو معاویہ [6]	۱	جبر بن عتیک [7]
بنو خطمہ [8]	۱	ابو لبابہ بن عبد المنذر [9]
بنو امیہ [10]	۱	مبیض یا نبیض [11]

(بقیہ حاشیہ ص۱۷۰) صدیاں پہلے شام میں غسانسہ کے بادشاہ ابن بجیلہ کے تعاون سے مدینہ کے یہود پر غالب آ گئے اور ان سے سرداری چھین لی۔ جب اللہ تعالیٰ نے اسلام کا ظہور فرمایا تو ان لوگوں نے اس کے لیے عظیم قربانیاں دیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت مدینہ انہیں کی مدد سے ہوئی چنانچہ اللہ تعالیٰ نے ان کا نام انصار (مددگار) رکھا۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں یہ حضرات جزیرۃ عرب میں مشرکین سے برپا ہونے والے معرکوں میں بنیادی عسکری قوت بنے رہے۔

(باقی ص۱۷۲ پر)

(بقیہ حاشیہ ص۱۷۱)

ص۵۰ بنو عبدالاشہل بن جشم بن الحارث بن الخزرج۔

ص۵۲ ابو نائلہ سلکان بن سلامہ بن وقش بن زغبہ بن زعورا بن عبدالاشہل، جانثار بہادر تھے، آپ ہی نے بدبخت خیانت کار کعب بن اشرف یہودی کو قتل کیا تھا، غزوہ اُحد اور بعد کے تمام غزوات میں شریک ہوئے، نغز گو شاعر اور ماہر تیرانداز تھے۔

ص۵۳ ظفر اوس ہی کی ایک شاخ ہے، یعنی بنو ظفر بن کعب بن الخزرج الاصغر بن عمرو۔

ص۵۴ بنو حارثہ بن عامر بن مُجَمّع بن عطاف بن ضبیعہ بن زید بن مالک بن عوف بن عمرو بن عوف بن مالک بن اوس۔

ص۵۵ ابو بردہ ہانی بن نیار بن عمرو قحطانی، انصار کے حلیف تھے، بیعت عقبہ، غزوہ بدر اور تمام غزوات میں شریک تھے حضرت براء بن عازب کے ماموں ہیں ۴۵ھ میں فوت ہوئے۔

ص۵۶ بنو معاویہ بن مالک بن عوف بن عمرو بن عوف بن مالک بن الاوس۔

ص۵۷ جبر بن عتیک بن قیس بن حارث بن حیشہ بن حارث بن اُمیہ بن زید بن معاویہ بن مالک بن عمرو بن عوف بن مالک اوس۔ آپ بدری صحابی ہیں ۶۱ھ میں فوت ہوئے۔

ص۵۸ "معجم قبائل العرب" کے مطابق بنو خُطمہ قبیلہ عبداللہ بن جشم بن مالک بن اوس کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

ص۵۹ رفاعہ بن عبدالمنذر بن زبیر بن زید بن اُمیہ بن زید بن اُمیہ بن زید بن مالک بن عوف بن مالک بن الاوس۔ آپ بیعت عقبہ میں شریک تھے اور انصار کے بارہ نقیبوں میں سے ہیں، بدری صحابہ میں شمار ہوتے ہیں، اگرچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں روحاء سے واپس مدینہ بھیج دیا تھا۔ آپ کا بنو قریظہ کے یہود کے ساتھ مشہور واقعہ ہوا، ان سے کوتاہی سرزد ہوئی پھر اللہ تعالیٰ نے ان کی توبہ قبول فرمائی آپ کا

(باقی ص۱۷۳ پر)

خزرج کے افسروں اور دستوں کی تعداد

خزرج کو بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھ دستوں میں تقسیم کیا جب کہ ان کے ہر خاندان نے بھی ایک دستہ بنایا اور آپ نے ان کا افسر بھی انہی میں سے مقرر کیا افسروں اور ان کے دستوں کی تعداد درج ذیل ہے :-

افسر کا نام	دستوں کی تعداد	خاندان کا نام
ابو اُسید الساعدی [۲]	۱	بنو ساعدہ [۱]

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۱۷۲) حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دورِ خلافت میں انتقال ہوا- مزید تفصیلات کے لیے ہماری کتاب "غزوہ بنو قریظہ" ملاحظہ کریں-

[۱۰] بنو اُمیہ بن عوف بن مالک بن عوف -

[۱۱] میرے سامنے جس قدر ماخذ موجود ہیں ان میں مجھے آپ کے حالات نہیں مل سکے- اس سلسلہ میں میں نے واقدی کے اسی مختصر تذکرہ پہ اکتفا کیا ہے-

(حاشیہ صفحہ ہذا)

[۱] بنو ساعدہ بن کعب بن خزرج ، ثقیفہ بنو ساعدہ انہیں سے منسوب ہے ، جہاں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت ہوئی تھی-

[۲] ابو اسید مالک بن ربیعہ بن البدن بن عامر بن عوف بن حارثہ بن عمرو بن الخزرج بن ساعدہ بن کعب بن الخزرج - اپنی کنیت سے مشہور ہیں ، غزوۂ بدر ، اُحد اور باقی غزوات میں شریک رہے ، تقریباً ۸۵ برس کی عمر میں ۶۰ھ میں فوت ہوئے-

بنو الحارث [1]	۱	عبداللہ بن زید [2]
بنو سلمہ [3]	۱	قطبہ بن عامر [4]
بنو مالک بن النجار	۱	عمارہ بن حزم [5]
بنو مازن [6]	۱	سلیط بن قیس [7]
بنو دینار [8]	۱	اس افسر کے نام کا علم نہیں ہو سکا جس نے اس خاندان کا جھنڈا اٹھایا۔

[1] بنو الحارث بن الخزرج۔ مدینہ طیبہ کے قریب سخ بھی ان کے گھر آباد تھے۔

[2] عبداللہ بن زید بن ثعلبہ بن عبداللہ بن ثعلبہ بن زید بن الحارث بن الخزرج۔ بیعت عقبہ اور غزوہ بدر میں شریک تھے حاکم کا کہنا ہے کہ آپ غزوۂ اُحد میں شہید ہوئے۔ حلیۃ الاولیاء میں ہے آپ کی بیٹی حضرت عمر بن عبدالعزیز کے پاس گئیں اور کہا میں عبداللہ بن زید کی بیٹی ہوں میرے ابا بدر میں شریک تھے اور اُحد میں شہادت پائی حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فرمایا جو چاہے مانگو اور اسے عطا فرمایا۔

[3] بنو سلمہ بن سعد بن علی بن راشد بن سادہ بن تزید بن جشم بن الخزرج بہت بڑا قبیلہ ہے، بہت سے صحابہ کرام کا اسی قبیلہ سے تعلق تھا۔

[4] قطبہ بن عامر بن حدیدہ بن عمرو بن سواد بن غنم بن سعد بن سلمہ الخزرجی۔ اسلام قبول کرنے میں سبقت کرنے والوں میں سے ہیں حضورؐ کے ہراول دستے میں تھے ہجرت نبویؐ سے تین سال قبل منیٰ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسلام قبول کرنے والے پہلے یثربی آدمی تھے۔

[5] عمارہ بن حزم بن زید بن لوذان البخاری الخزرجی الانصاری، بیعت عقبہ، غزوۂ بدر اور تمام غزوات میں شریک ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اور محرز بن نضلہ رضی اللہ عنہ کے درمیان بھائی چارہ قائم فرمایا تھا یمامہ کے بہادروں میں شمار ہوتے تھے جنگ یمامہ میں حضرت خالدؓ کے زیر قیادت لڑتے ہوئے شہادت پائی [6] بنو مازن بن النجار بن ثعلبہ بن عمرو بن الخزرج۔

مہاجرین کے دستوں کی تعداد اور ان کے افسروں کے نام

مہاجرین کی فوج کی تعداد (جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے) سات سو تھی۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو تین دستوں میں تقسیم کیا اور ہر دستے کا افسر، قرشی مہاجرین کے بڑے لیڈروں میں سے مقرر کیا۔ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہاجرین کی فوج میں قبائلی بنیاد پر دستوں اور کمانڈروں کو تقسیم نہیں کیا، آپ نے ان دستوں کی کمان، تین بڑے مہاجر سرداروں کو دی جو سب کے سب قریش میں سے تھے جب کہ سارے مہاجرین صرف قریش ہی سے نہ تھے بلکہ یہ کہنا ممکن ہے کہ اکثر مہاجرین قریشی نہ تھے بلکہ مختلف غیر قرشی قبائل سے تھے، عدنانی اور قحطانی وغیرہ ذیل میں مہاجرین کے دستوں کی تفصیل اور ان کے تین افسروں کے نام دیے جا رہے ہیں۔

جانبازوں کی قسم	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
مہاجرین	۱	علی بن ابی طالب
"	۱	زبیر بن العوام
"	۱	سعد بن ابی وقاص

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۹)

۵۵ سلیط بن قیس بن عمرو النجاری الانصاری رضی اللہ عنہ، ابتداءً اسلام قبول کرنے والوں میں سے ہیں، غزوۂ بدر اور دیگر غزوات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہے، عراق کی جنگوں میں حصّہ لیا اور عراق ہی میں جنگ جسر میں ابو عبید الثقفی کی زیرِ قیادت جہاد کرتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا۔

۵۶ بنو دینار خزرج کی شاخ بنو نجار میں سے ہے۔

Marfat.com

قبیلہ مزنیہ کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام

قبیلہ مزنیہ جس کے جانبازوں کی تعداد ایک ہزار تک پہنچتی ہے، ان کو حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین دستوں میں تقسیم کیا اور ہر دستے کا افسر مزید قبیلے ہی سے ذیل میں درج تفصیل کے مطابق مقرر کیا۔

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
مزنیہ	۱	النعمان بن مقرن[۱]
"	۱	بلال بن الحارث
"	۱	عبداللہ بن عمرو

۱؎ نعمان بن مقرن بن عائذ المزنی رضی اللہ عنہ قدیم الاسلام شہسوار صحابی ہیں، فتح مکہ سے قبل مزنیہ کے چار سو مجاہدین کے ہمراہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد مرتدین کے فتنہ میں آپ اور آپ کی قوم خلیفہ اوّل کے لیے دست و بازو بنے، آپ کے تین بھائی تھے تینوں ہی اسلام کے شہسوار شمار ہوتے تھے آپ سرزمین فارس میں اسلام کا پرچم لہرانے والے سالاروں میں سے ہیں، جنگ قادسیہ میں شریک ہوئے اور آپ ہی نے حضرت عمرؓ کو مسلمانوں کی فتح کی خوشخبری سنائی تھی، فاروق اعظم رضی اللہ عنہ آپ کی بہادری، تقویٰ و تقدس کے سبب آپ سے عزت و محبت کا سلوک کرتے تھے، انھوں نے آپ کو عراق کی ایک جنگ میں سالار بنا کر بھیجا، آپ نے وہاں تاریخی جنگ نہاوند میں فتح حاصل کی جسے فتح الفتوح کہا جاتا ہے کیونکہ اس شکست کے بعد ایرانی کہیں بھی مسلمانوں کے سامنے نہ ٹھہر سکے، اسی جنگ میں فتح کے فیصلہ کے بعد آپ شہید ہوئے۔

Marfat.com

جہنیہ کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام

جیش نبوی میں جہنیہ کے جانبازوں کی تعداد آٹھ سو تھی، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں چار دستوں میں تقسیم کر دیا اور ان کے چار افسر بھی جہنیہ ہی سے مقرر کیے۔

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
جہنیہ	۱	سوید بن صخر[1]
"	۱	رافع بن مکیث
"	۱	ابو زرعہ
"	۱	عبداللہ بن بدر[2]

سلیم کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام

جیش نبوی میں، بنی سلیم کے جانبازوں کی تعداد ایک ہزار تھی جو سب کے سب سوار تھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں تین دستوں میں تقسیم کیا اور ہر دستے کا جھنڈا اس کے افسر کو دیا جو بنو سلیم ہی سے تھے جیسا کہ ذیل میں درج ہے۔

---

[1] اصابہ ص ۹۸ ج ۲ میں ہے حضرت سوید بن صخر الجہنی رضی اللہ عنہ جہنیہ کے ان چار افراد میں سے ہیں جو ان کے علم بردار تھے، صلح حدیبیہ میں شریک تھے۔ اصحاب شجرہ میں شمار ہوتے ہیں۔

[2] عبداللہ بن بدر بن بعجہ بن معاویہ جہنی رضی اللہ عنہ، آپ کا نام عبدالعزیٰ تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بدل دیا، غزوۂ احد میں شرکت کی، حضرت معاویہؓ کے دور خلافت میں فوت ہوئے۔

Marfat.com

افسروں کے نام	دستوں کی تعداد	قبیلہ کا نام
عباس بن مرداس	۱	بنو سلیم
خفاف بن ندبہ[1]	۱	"
الحجاج بن علاط	۱	"

خزاعہ کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام

خزاعہ وہ قبیلہ ہے جس پر قریش اور اس کے حلیف بنو بکر کا ظلم کرنا، نقض صلح حدیبیہ اور پھر مکہ پر حملہ کرنے کا سبب بنا، اس کے جانبازوں کی تعداد پانچ سو تھی، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے تین دستے بنائے اور ان کی کمان، خزاعہ کے تین سرداروں کو دی جیسا کہ ذیل میں درج ہے۔

افسروں کے نام	دستوں کی تعداد	قبیلہ کا نام
بسر بن سفیان	۱	خزاعہ
ابن شریح	۱	"
عمرو بن سالم	۱	"

اسلم کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام

جیش نبوی میں قبیلہ اسلم کے جانبازوں

---

[1] اصابہ میں ہے کہ ابن ندبہ آپ کا لقب ہے آپ کا نام خفاف بن عمیر بن الحرب بن الشرید السلمی ہے۔ فتح مکہ کے روز بنو سلیم کا ایک جھنڈا آپ کے پاس تھا۔ غزوۂ حنین میں بھی شریک تھے، وصال نبویؐ کے بعد اہل ردۃ کے فتنہ سے محفوظ رہے (مرتد نہیں ہوئے) مشہور نغز گو شاعر تھے، حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے دور خلافت تک زندہ رہے۔

Marfat.com

کی تعداد چار سو تھی، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دو دستے بنا دیا اور ان کے دونوں افسر بھی اسی قبیلہ سے بنائے جیسا کہ ذیل میں درج ہے۔

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
اسلم	۱	بریدہ بن الحصیب
"	۱	ناجیۃ بن الاعجم

غفار کے دستوں اور ان کے افسروں کے نام

قبیلہ غفار کے ٹھکانے، مدینہ اور رابغ کے رستے کے درمیان میں پڑتے ہیں اس کے جانبازوں کی تعداد تین سو تھی، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا ایک دستہ بنا دیا اور وہ یہ تھا۔

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
غفار	۱	ابو ذر غفاری

سعد اور حمزہ کے دستے

جو ضمرہ اور سعد بن بکر اور غفار وغیرہ) کنانہ کی طرف منسوب ہوتے ہیں، جیش نبوی میں ان کے جانبازوں کی تعداد دو سو تھی، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی کمان انہی کے ایک آدمی کو دی، تفصیل درج ذیل ہے۔

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
ضمرہ اور سعد	۱	ابو واقد اللیثی

بنو لیث کے دستے

بنو لیث بن بکر بھی کنانہ میں سے ہیں ان کے جانبازوں کی تعداد اڑھائی سو تھی، ان کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دستہ بنا دیا اور ان میں سے ہی ایک کو افسر مقرر کر دیا جیسا کہ ذیل میں درج ہے:۔

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
بنولیث	۱	الصعب بن جثامہ

اشجع کے دستے اور ان کے افسر

اشجع ، نجد کا وہ واحد قبیلہ ہے جو ایک بڑی فوج کے ساتھ اس جیش نبوی میں شامل ہوا جو مکہ پر حملہ کرنے والا تھا اس کے جانبازوں کی تعداد (جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے) ایک سو تھی، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دو دستوں میں تقسیم کر دیا اور ان کی قیادت کے لیے دو افسر مقرر کیے جو سابقون الاولون میں سے تھے

قبیلہ کا نام	دستوں کی تعداد	افسروں کے نام
اشجع	۱	نعیم بن مسعود
"	۱	معقل بن سنان

بنو تمیم کی ٹکڑی اور اس کا کمانڈر

بنو تمیم[۱]، نجد کا ایک عظیم قبیلہ ہے، جیش نبوی میں اس کی ایک چھوٹی سی

---

[۱] بنو تمیم ایک عظیم مشہور عدنانی مضری قبیلہ ہے۔ ان کا نسب یہ ہے بنو تمیم بن مر بن اد بن طابخہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔ تمیم کی بہت سی شاخیں ہیں استاذ عمر رضا نے اپنی کتاب "معجم قبائل عرب" میں اس کی بیس شاخیں شمار کی ہیں ان کی آبادیاں نجد سے یمامہ، بصرہ یہاں تک کہ بحرین تک پھیلی ہوئی ہیں۔ دورِ جاہلیت میں بنو تمیم ایک عظیم طاقت شمار ہوتے تھے۔ اسلام قبول کرنے کے بعد یہ اسلام کے لیے ایک فعال نفع بخش قوت کے طور پر ابھرے۔ جاہلیت میں ان کی قوت کا اندازہ اس واقعہ سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ حیرہ کے بادشاہ نے بکر بن وائل کے ایماء پر ان پر حملہ کیا تو اسے عبرت ناک شکست کا سامنا

(باقی صـ۱۸۱ پر)

Marfat.com

(بقیہ حاشیہ ص۱۸۱)

کرنا پڑا۔ بنو تمیم نے ۹ھ میں اسلام قبول کیا۔ بنو تمیم کا یہ وفد ستر افراد پر مشتمل تھا۔ زبرقان بن بدر، اقرع بن حابس اور عمرو بن اہتم ان کے قائد تھے، حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو تمیم کے بارے میں ارشاد فرمایا: "دجال کے لیے میری اُمت کے سخت ترین لوگ بنو تمیم ہیں" جناب ابو ہریرہؓ فرماتے تھے میں اس لیے بنو تمیم سے محبت کرتا ہوں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جب ارتداد کا فتنہ پھیلا تو بنو تمیم کے بعض لوگ جن کا تعلق بنو یربوع سے تھا مرتد ہو گئے لیکن ان کی اکثریت اسلام پر رہی، حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے ان میں سے مرتد ہونے والوں سے مقابلہ کیا انہیں شکست دی اور ان کا سردار مالک بن نویرہ یربوعی مارا گیا۔

جنگ قادسیہ ۱۴ھ میں بنو تمیم نے نہایت بہادری و استقامت کا ثبوت دیا، ان کے تین ہزار افراد عاصم بن عمرو کی قیادت میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اپیل پر فاتح قادسیہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کی مدد کو آئے تھے۔ قادسیہ میں جب ہاتھیوں کے حملہ سے مسلمان پسپا ہونے لگے تو سالار لشکر حضرت سعد رضی اللہ عنہ نے جناب عاصم بن عمرو سے اس مصیبت سے نمٹنے کی اپیل کی اور فرمایا اے بنو تمیم تم اونٹوں اور گھوڑوں والے ہو کیا تمہارے پاس ان ہاتھیوں سے نمٹنے کا کوئی حیلہ ہے؟ وہ بولے ہاں، اور انہوں نے اپنے قائد کے حکم پر ہاتھیوں پر حملہ کر دیا، تیر اندازوں نے تیر اندازی کی، حملہ آوروں نے ہاتھیوں کی آنکھیں نیزوں سے بیکار کرنی شروع کر دیں، ان کی سونڈیں کاٹنے لگے جس سے مسلمانوں کو اللہ تعالیٰ نے فتح عطا فرمائی، تمیم کے مشہور شہسواروں میں سے قعقاع بن عمرو، فتح اسلامی کے قائدین میں سے احنف بن قیس المنقری (جو صاحب حکمت و حوصلہ تھے) اور جناب

(بقیہ حاشیہ ص۱۸۲ پر)

Marfat.com

ٹکڑی شامل تھی جو دس جانبازوں پر مشتمل تھی جن کی قیادت بنی تمیم کا سردار اقرع بن حابس تمیمی کر رہا تھا یہ دستہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو راستہ میں ملا تھا۔

مارچ کا مسلسل اخفاء رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدید میں اپنی فوج کو قبائلی بنیاد پر تیار کیا سوائے مہاجرین کے، ان کی تیاری اس بنیاد پر نہیں ہوئی تھی، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین بڑے قریشی مہاجروں کو ان کا کمانڈر مقرر کیا جن کی مسابقت میں ان کا مقابلہ کرنا کسی کے لیے ممکن ہی نہیں، اور وہ یہ تھے حضرت علیؓ بن ابی طالب۔ حضرت زبیر بن العوامؓ اور حضرت سعد بن ابی وقاص الزہری رضی اللہ عنہ قدید میں فوج کی تیاری اور سرزمین مکہ کے قریب آجانے کے باوجود جہاں پر جنگ کرنی مقصود تھی، رسولِ کریم

(بقیہ حاشیہ صـ۱۸۱) قیس بن عاصم شامل ہیں۔ بنو تمیم نے خراسان اور آج کے روسی مقبوضہ علاقوں (ماوراء النہر) کی فتح میں نمایاں حصہ لیا۔

معجم قبائل العرب کے مؤلف کی تحقیق کے مطابق آج کل اس کے قبیلہ کے افراد نجد، کوہ شمر وغیرہ میں آباد ہیں اب ان میں وہ پہلے والی عصبیت و خو باقی نہیں رہی۔ نجد میں رہائش پذیر تمیم کے افراد کو تین قبائل میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ (۱) حنظلہ بن مالک بن زید مناۃ بن تمیم (۲) سعد بن زید مناۃ (۳) عمرو بن تمیم کی شاخ بنو حنظلہ میں سے مندرجہ ذیل قبائل شامل ہیں ریاض میں شیخ محمد بن عبدالوہاب کا گھرانہ، آل لسام، غیزہ میں القضاۃ، نیز آل شبانہ وغیرہ، حلاجل میں آل معیوف، حوطہ میں آل منیف خطامہ میں آلِ مغامس۔ خرشاء میں آلِ عبدالکریم۔ وشمہ میں آل جاسر، آل اباحسین وتبیۃ میں آلِ فائز، آل منہ، آل عمرو غیرہ۔ قعسب میں آل سعد وغیرہ۔ مزید تفصیلات کے لیے ملاحظہ کریں "معجم قبائل العرب" (حرف التاء)

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم اخفاء کے منصوبے کے پابند رہے، عام صحابہ کو اس بات کا پتہ نہ تھا کہ آپ فوج کے ساتھ کہاں جا رہے ہیں اور کس پر حملہ کرنے والے ہیں، ہاں سب لوگوں کو اتنا معلوم ہوگیا تھا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فقط ہوازن یا قریش میں کسی ایک کے ساتھ جنگ کرنا چاہتے ہیں نیز واضح ہوگیا کہ آپ کے فوج کے ساتھ قدید پہنچنے کے بعد اس علاقہ میں ہوازن اور قریش کے سوا مشرکین میں سے کوئی بھی قبیلہ اس قدر طاقت و شوکت کا مالک نہیں جس کے لیے یہ تیاری کی گئی ہو۔ مگر ان میں سے کسی کو یہ بھی معلوم نہ تھا کہ ان کو ساتھ لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش سے لڑنا چاہتے ہیں یا ہوازن سے فوج کو اس بات کا بھی پتہ نہ چلا کہ وہ مکہ پر قبضہ کرنے اور بت پرستی کے وجود کو ختم کرنے کے لیے جا رہی ہے یہ راز تب کھلا جب آپ فوج کے ساتھ وادی مرالظہران کے بالائی حصے (وادی فاطمہ) پہنچ گئے۔

جیشِ نبویؐ کا قدید سے مارچ

قدید کے میدان میں جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کی تیاری مکمل کر لی تو آپ نے فوج کے ساتھ وادی عسفان کی طرف مارچ کیا یہ خزاعہ کی مشہور وادی ہے جو آدمی قدید کی جانب سے جو بحر احمر کے ساحل کے قریب ہے، مکہ یا طائف جانا چاہتا ہے وہ اسی راستہ سے گزرتا ہے۔

ہراول دستے اور مقدمۃ الجیش

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے نکلے تو آپ نے اپنی خاص فوج سے اپنے آگے کچھ دستے بھیجے تاکہ وہ حالات معلوم کریں اور ان کو یہ احکام بھی دیئے کہ وہ ہر اس آدمی کو جس پر مشرکین کے جاسوس ہونے کا شبہ ہو اور وہ مسلمانوں کی خبریں اکٹھی کر رہا ہو اگر فتار کر لیں۔

جیشِ نبویؐ کے ہراول دستے کا کمانڈر، خالد بن ولید

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدید سے فوج کے ساتھ مارچ کیا تو آپ نے ہراول دستے کی کمان مشہور قریشی جانباز اور شہسوار خالد بن ولید کے سپرد کی، یہ سارا دستہ گھڑ سواروں کا تھا جن کی اکثریت بنو سلیم سے تعلق رکھتی تھی، بنو سلیم کے دستوں کے تمام افسر انہی میں سے تھے جو قدید میں تعیین نبوی کے مطابق اپنے اپنے دستے کے سالار بھی تھے اور حضرت خالد بن ولید مجموعی طور پر سارے ہراول دستے کے سالارِ عام تھے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا دشمن کو دھوکے میں ڈالنے کے لیے طائف کی طرف جا کر مکہ کی طرف مڑنا

مؤرخین کے اسلوب کلام سے پتہ چلتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوج کے ساتھ مارچ کرنے کے دوران، طائف کی جانب ثقیف کے ملحقہ علاقوں تک پہنچنے تک مسلسل یہ معمول رکھا کہ آپ کبھی مکہ کو بائیں جانب چھوڑتے ہوئے دائیں جانب چلے جاتے پھر واپس لوٹ کر شاہراہ پہ وادی ظہران سے گزر کر مکہ کی طرف چل پڑتے اس سے اس بات کا پتہ چلتا ہے جسے مؤرخین نے وثوق سے بیان کیا ہے کہ آپؐ نے مارچ کے دوران عرج کے علاقے میں پڑاؤ کیا تھا اور عرج کے متعلق معجم البلدان جلد ۴ صؔ۹۸ میں لکھا ہے کہ یہ طائف کی طرف ایک بستی ہے جس کی طرف مشہور شاعر العرجی منسوب ہے، واقدی نے بیان کیا ہے (جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے) کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فوج کے ساتھ عرج میں پڑاؤ کیا تو لوگوں کو علم نہ تھا کہ آپ قریش، ہوازن یا ثقیف میں سے کس کی طرف جانا چاہتے ہیں، مشہور شاعر حضرت کعب بن مالک نے لوگوں سے کہا میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر تمہارے لیے معلوم

Marfat.com

کرتا ہوں کہ آپ کہاں جانا چاہتے ہیں، کعب آکر آپؐ کے سامنے بیٹھ گیا اور اشعار پڑھنے لگا جن میں اس نے آپ سے یہ بات معلوم کرنے کی کوشش کی کہ آپ ہمیں کہاں لیے جاتے ہیں؟ اشعار کی سماعت کے بعد آپؐ صرف مسکرا دیے۔

مسلمانوں سے تصادم کے لیے ہوازن کی تیاری

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم حجاز ہی میں نہیں بلکہ تمام جزیرہ عرب میں مشرکین میں سے قریش اور ہوازن کے سوا اور کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے ہوازن کے قبائل مکہ کے مشرق سے لے کر دور دراز کی مسافتوں تک پھیلے ہوئے تھے جن کی حدود، نجد سے جا ملتی تھیں، قریش چونکہ مسلمانوں کے بڑے دشمن تھے، اس لیے توقع کی جاتی تھی کہ مسلمان ان سے برسرِ پیکار ہوں گے، ہوازن دوسرا قبیلہ تھا جو مسلمانوں سے جنگ کرنے کی تیاریاں کر رہا تھا۔ اس نے فوجوں کو جمع کیا اور جزیرہ کے باہر انہیں بھاری جنگی سامان خریدنے کے لیے بھیجا۔

قریش اور ہوازن، مسلمانوں سے جنگ کے لیے حلیف کیوں نہ بنے

یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ قریش اور ہوازن باوجودیکہ دونوں مسلمانوں سے دشمنی کرنے اور انہیں ختم کر دینے میں متفق تھے اور باوجود اس کے کہ دونوں ایک دوسرے کے پڑوسی تھے۔ ہم نے کتبِ تاریخ میں کوئی ایسی بات نہیں دیکھی کہ ان دونوں نے کسی قسم کے فوجی اتحاد یا دوستی کی کوشش کی ہو جس سے یہ اپنے مشترکہ دشمن (نبی کریم اور آپؐ کے اصحاب) کا مقابلہ کر سکیں، بعید از قیاس نہیں کہ اس کی وجہ فریقین کا ان اسالیب میں اختلاف ہو جن کی پابندی کسی بھی جنگی مقابلہ میں ضروری ہوتی جو مسلمان ان دونوں میں سے کسی کے خلاف بپا کریں [1]

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۳

Marfat.com

قریش (نقض صلح حدیبیہ کے باوجود) جنگ کے خواہاں نہیں تھے کیونکہ انہیں پتہ تھا کہ جب مسلمان اپنی فوج کے ساتھ مکہ پر چڑھائی کے لیے مارچ کریں گے تو وہ ان کا سامنا نہیں کر سکیں گے اس لیے ان کی پارلیمنٹ (دار الندوہ) نے فیصلہ کیا کہ مسلمانوں کی طرف سے متوقع جنگی کاروائی کو روکنے کا سب سے کارگر ذریعہ یہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذاکرات کیے جائیں تاکہ اس صلح کی تجدید کرانے میں کامیابی حاصل کر لیں جسے وہ توڑ چکے ہیں، اس غرض کے لیے انہوں نے ابوسفیان کو مدینہ بھیجا اور جب ابوسفیان اپنی مہم میں ناکام ہو گیا تو قریش کی پارلیمنٹ کی اکثریت نے فیصلہ کیا کہ ابوسفیان کی ڈیوٹی لگا دی جائے کہ وہ مسلمانوں کی خبروں کی جاسوسی کے لیے جائے اور جب اُسے پتہ چلے کہ ان کی فوج مکہ پر حملہ کرنے والی ہے تو وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تمام اہل مکہ کے لیے امان حاصل کرنے کے لیے گفتگو کرے۔ اس کی تفصیل انشاء اللہ آئندہ بیان ہو گی،

اب رہی بات ہوازن کی (کیونکہ وہ تباہ کن قوت کا مالک تھا) اس نے سردارانِ مکہ کے فیصلہ کے برعکس مسلمانوں سے مقابلہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ خواہ یہ مقابلہ ہوازن کی طرف سے حملہ کرنے کی صورت میں ہو یا دفاع کرنے کی صورت میں، لہٰذا ہوازن نے آپؐ کے مدینہ سے مارچ کرنے سے قبل، آپ کے جنگ کرنے

سلہ معلوم ہوتا ہے کہ اس بات کا سب سے بڑا سبب ہوازن اور قریش کی وہ قدیم دشمنی ہے جس کی وجہ سے حرب فجار ہوئی جس کی چکی بعثتِ نبویؐ سے پندرہ سال پیشتر ایک طرف کنانہ — قریش اور بنو بکر — اور دوسری طرف ہوازن کے درمیان گھومتی رہی جیسا کہ کتب تاریخ میں مفصل بیان ہے، دیکھیے سیرۃ ابن ہشام اور البدایۃ والنہایہ۔

Marfat.com

کی تیاریاں شروع کردیں، یہ اہم معلومات اس جاسوس نے بہم پہنچائی جو قبائل ہوازن کے لیے جاسوسی کررہا تھا اور جسے طائف کے قریب جیشِ نبوی کے ہراول گشتی دستوں میں سے جو دشمن کی خبروں کی تحقیق پر مامور تھے، ایک دستے نے گرفتار کرلیا تھا۔

ہوازن کا جاسوس، جیشِ نبویؐ کے تحقیقاتی دستوں کے ہاتھ میں

عرج اور طلوب کے

درمیان مکہ سے تقریباً تیس میل دور، جیشِ نبوی کے ایک تحقیقاتی دستے نے ایک جاسوس کو گرفتار کیا جو بُت پرست ہوازن کے لیے، اسلامی فوج کی جاسوسی کررہا تھا، ہراول دستے کے جوان اُسے جواب طلبی کے لیے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے آپ نے اُس سے فرمایا اگر تو سچی بات بتادے گا اور حقیقت بیان کرے گا تو تجھے امان دی جائے گی ۔۔ اس نے اعتراف کرلیا کہ وہ ایک جاسوس ہے جسے ہوازن نے جیشِ نبوی کی نقل و حرکت کی معلومات اکٹھی کرنے کے لیے بھیجا ہے کہ کیا یہ جیش ہوازن سے لڑنا چاہتا ہے یا قریش سے؟

جواب طلبی کے دوران ہی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتایا کہ ہوازن، مالک بن عوف نضری کی قیادت میں ان سے جنگ کی تیاری کررہا ہے اور انہوں نے جرُش کی طرف اردن میں اپنے ماہرین کو بھاری جنگی سامان جیسے منجنیق وغیرہ کی خریداری کے لیے بھیجا ہے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جاسوس کی باتوں پہ گرفت کی اور اس کی باتوں کی تصدیق بھی کی، مگر زیادہ احتیاط کی خاطر حضرت خالد بن ولیدؓ سالارِ لشکر کو اس کی نگرانی کا حکم دیا تاکہ دشمن کو مسلمانوں کی نقل و حرکت کا پتہ نہ چل سکے، حضرت خالد بن ولیدؓ نے جیشِ نبوی کے مکہ میں داخل ہونے تک اُسے گرفتار کیے رکھا، وہاں پہ یہ جاسوس اپنی مرضی سے

Marfat.com

مسلمان ہو گیا اور معرکہ حنین میں شہید ہوا۔

واقدی کہتا ہے کہ مجھ سے معاذ بن محمد نے عبداللہ بن سعد سے بیان کیا ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم عرج سے چلے تو ہراول دستے کی ایک ٹکڑی آگے چلی گئی جب وہ عرج اور طلوب کے درمیان پہنچی تو وہ ہوازن کا ایک جاسوس نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائی اور عرض کیا، یا رسول اللہ، جب ہم نے اسے دیکھا تو یہ اپنی سواری پہ تھا ہم اس کی طرف متوجہ ہوئے تو یہ نشیبی زمین میں ہم سے پوشیدہ ہو گیا پھر آیا تو ایک بلند جگہ پہ بیٹھ کر جھانکنے لگا ہم اس کی طرف دوڑے تو اس نے ہم سے بھاگ جانا چاہا اس نے اپنے اونٹ کو بلند جگہ سے ترائی ...... میں باندھا ہوا تھا اور یہ اُسے ہم سے چھپانا چاہتا تھا، ہم نے پوچھا تو کن لوگوں میں سے ہے، اس نے جواب دیا، بنی غفار کا ایک آدمی ہوں، ہم نے پوچھا وہ اس علاقے کے لوگ ہیں اور تو کس بنی غفار سے ہے تو یہ وضاحت نہ کر سکا اور نہ ہی ہمارے سامنے اپنا نسب بیان کر سکا جس سے ہمارے شبہ میں اضافہ ہو گیا اور ہمیں اس کے بارے میں سوءِ ظن ہو گیا، ہم نے پوچھا تیرے اہل کہاں ہیں اس نے جواب دیا قریب ہی ہیں اور اپنے ہاتھ سے ایک طرف اشارہ کیا، ہم نے پوچھا کس پانی پہ ان کا ڈیرہ ہے اور تیرے ساتھ وہاں کون کون ہے تو اس نے ہمیں کچھ نہ بتایا، جب ہم نے اس کی بکواس کو محسوس کر لیا تو کہا تو ہم سے سچ بات کہے گا یا ہم تیری گردن ماریں، اس نے کہا اگر میں سچ بولوں تو اس کا کچھ فائدہ ہو گا، ہم نے جواب دیا، ہاں، تو اس نے بیان کیا کہ میں ہوازن بنی نضر کا آدمی ہوں، مجھے ہوازن نے بطور جاسوس کے بھیجا ہے اور کہا ہے کہ مدینے جا کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مل، اور ہمیں بتا کہ وہ اپنے

Marfat.com

حلیفوں کے بارے میں کیا ارادہ رکھتے ہیں، کیا وہ قریش کی طرف کوئی فوج بھیجیں گے یا خود ان سے جنگ کریں گے ؟ ہمارے نزدیک وہ ان سے غلہ طلب کریں گے، اگر وہ خود چلیں اور فوج بھیجیں تو تم اس کے ساتھ چلنا یہاں تک کہ بطن سرف ریہ جگہ مکہ سے چھ میل دور ہے) میں پہنچ جانا اگر وہ پہلے ہم سے جنگ کے خواہاں ہوئے تو بطن سرف سے ہماری طرف آئیں گے اور اگر قریش سے جنگ کرنا چاہیں گے تو اسی راستے پر چلتے رہیں گے۔

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوازنی جاسوس سے جواب طلب کرنا

تحقیقاتی دستے کے لیڈر کی اس زبانی تقریر کے بعد جو اس نے اس جاسوس کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور کی، آپ نے اس سے جواب طلبی کا آغاز کیا آپ نے سب سے پہلے ہوازن کے اس مقام کے متعلق پوچھا جس میں وہ اکٹھے ہو رہے تھے، سوال و جواب کا سلسلہ مندرجہ ذیل طریق پر ہوا۔

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم۔ ہوازن کہاں ہیں ؟

جاسوس ۔ میں نے انہیں نقعاء مقام پر چھوڑا تھا وہاں ان کا بڑا اجتماع تھا، انہوں نے جرش کی طرف بھاری اسلحہ اور منجنیقوں کے لیے آدمی بھیجے تھے سب لوگ ہوازن کی طرف جا رہے تھے تاکہ وہ ایک بڑی فوج بن جائیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ۔ انہوں نے اپنا یہ سب کام کس کے سپرد کیا ہے ؟

Marfat.com

جاسوس : اپنے جوان مالک بن عوف کے سپرد کیا ہے۔
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم :- کیا تمام ہوازن نے مالک کی دعوت پر لبیک کہا ہے؟

جاسوس :- بنی عامر میں سے صاحب نصیب قبیلوں نے سستی کی ہے۔
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم :- وہ کون ہیں؟
جاسوس :- کعب اور کلاب [1]
رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم :- ہلال [2] نے کیا کیا ہے؟
جاسوس :- ان میں سے اس کی طرف آنے والے بہت تھوڑے آدمی ہیں، میں گذشتہ کل مکہ میں آپ کی قوم (قریش) کے پاس سے گزرا، ان کے پاس ابوسفیان بن حرب آیا ہوا تھا میں نے دیکھا کہ وہ جو پروگرام لے کر آیا تھا وہ اس سے ناراض اور خوفزدہ سے تھے، یہ بات سن کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حسبنا اللہ ونعم الوکیل پھر آپ نے اپنے اصحاب کو بتایا کہ وہ اس آدمی کی باتوں کی تصدیق کرتے ہیں، جاسوس نے عرض کیا اس سچائی کا مجھے کوئی فائدہ بھی پہنچائیے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہراول دستے کے سالار خالد بن ولید کو حکم دیا کہ وہ اسے قید کر دیں کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ آگے جا کر لوگوں کو متنبہ کر دے، جب فوج نے مرالظہران میں پڑاؤ کیا تو وہ آدمی بھاگ گیا، حضرت خالد بن ولید نے اسے اراک (عرفات میں ایک جگہ کا نام ہے) پھر جا پکڑا اور کہا، اگر مجھے اس

---

[1] کعب یعنی بنو عامر بن کلاب بن ربیعہ بن صعصعہ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن، کلاب کا سلسلہ نسب بھی یہی ہے۔

[2] بنو ہلال بن عامر بن صعصعہ بن معاویہ بن بکر بن ہوازن۔

Marfat.com

عہد کا پاس نہ ہوتا جو مجھے دیا گیا ہے تو میں تیری گردن مار دیتا، پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع دی تو آپ نے حکم دیا کہ اسے مکہ میں داخل ہونے تک قید کر دیا جائے .... اور جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں داخل ہو کر اسے فتح کر لیا تو اسے آپ کے حضور پیش کیا گیا آپؐ نے اسے دعوتِ اسلام دی تو وہ مسلمان ہو گیا پھر مسلمانوں کے ساتھ ہوازن کی طرف گیا اور جنگ اوطاس[۱] میں شہید ہوا۔

تحقیقاتی شعبوں سے استفادہ

اس طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تحقیقاتی کمیٹی سے جاسوسوں کو اپنے آگے بھیج کر بہت فائدہ حاصل کیا، آپ نے ہوازنی جاسوس کے ذریعہ جزیرہ عرب میں اپنے سب سے طاقتور دشمن کے متعلق بہت قیمتی معلومات حاصل کیں، واضح رہے کہ ہوازن کے قبائل وہ ہیں جن میں سے بیس ہزار آدمی معرکہ حنین میں جو عہد نبویؐ کا سخت ترین معرکہ تھا، اسلام کے خلاف نبرد آزما ہوئے تھے۔

رمضان میں جنگ کی وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم افطار کرتے تھے اور فوج کو بھی روزہ نہ رکھنے کا حکم دیتے تھے

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے چلنے لگے تو آپ نے فوجیوں کو روزہ رکھنے اور افطار کرنے کا اختیار دے دیا تھا آپؐ نے رمضان شریف میں خروج کیا آپ نے فرمایا جو روزہ رکھنا چاہتا ہے

---

[۱] مغازی الواقدی صفحہ ۸۰۶

وہ روزہ رکھ لے اور جو افطار کرنا چاہتا ہے وہ افطار کرے[1]، لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب فوج کے ساتھ مرالظہران پہنچے، جو مکہ سے دس کیلومیٹر سے زیادہ نہیں تو آپ نے فوج کو افطار کرنے کا حکم دے دیا کیونکہ اب وہ حربی معرکہ کے دروازوں پر کھڑے تھے اور روزہ جانباز کی قوت کو اس طرح کمزور کر دیتا ہے جس طرح افطاری اس کے جسم کی قوت ونشاط میں اضافہ کر دیتی ہے یہی وجہ ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام فوج کو روزہ نہ رکھنے کا حکم دے دیا اور روزہ رکھنے والوں کو نافرمان خیال کیا، جابر بن عبداللہ سے روایت ہے فرماتے ہیں جب ہم ظہر اور عصر کے درمیان مقام کدید (یہ جگہ مکہ سے ۴۲ میل دور ہے) پر تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کا ایک برتن لیا یہاں تک کہ مسلمانوں نے اُسے دیکھ لیا پھر آپ نے اسی وقت روزہ افطار کر دیا، اور ابو سعید خدری کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مرالظہران (مکہ سے ایک منزل دور) میں پہنچے تو فرمایا، تمہیں صبح اپنے دشمن سے نبرد آزما ہونا ہے اور افطار کرنا تمہارے لیے زیادہ قوت کا باعث ہوگا، اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اطلاع ملی کہ فوج کے کچھ لوگوں نے روزہ رکھا ہے تو آپ نے فرمایا وہ نافرمان ہیں[2]

قریش کا عدم مزاحمت کا فیصلہ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان حاصل کرنے کے لیے ابوسفیان کا تقرر

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش کے مطابق اللہ تعالیٰ نے جیش نبوی کی

---

[1] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۱

[2] مغازی الواقدی ج ۲ ص ۸۰۳

Marfat.com

نقل و حرکت کی خبروں کے متعلق قریش کو کچھ پتہ نہ چلنے دیا یہاں تک کہ آپ نے ادراک مقام کے نزدیک جو مکہ مکرمہ سے فقط چار میل کے فاصلے پر ہے پڑاؤ ڈال کر رات بسر کی، باوجودیکہ قریش کو جیشِ نبویؐ کی نقل و حرکت کی خبروں کے متعلق کچھ پتہ نہ چل سکا۔ پھر بھی وہ جب سے انہوں نے خزاعہ سے خیانت کا ارتکاب کیا تھا توقع رکھتے تھے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس غلطی کے ارتکاب پر تادیب کے لیے ان سے جنگ کریں گے اور ان کے لیڈر (جب سے ابوسفیان مدینہ سے لوٹ کر آیا تھا) اس معاملہ میں باہم مشورہ کرتے رہتے تھے، مجالسِ مشاورت کے بعد آخر کار قریش کے سرداروں نے فیصلہ کیا کہ جب جیشِ نبوی جنگ کے لیے آئے تو اس سے مقابلہ نہ کیا جائے اور انہوں نے یہ فیصلہ بھی کیا کہ ابوسفیان بن حرب ان کی جانب سے گفتگو کرنے کے لیے نمائندہ ہو جو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے تمام اہلِ مکہ کے لیے امان حاصل کرے اور آپ کو یہ اطلاع بھی دے کہ قریش، مکہ کو اس شرط پر آپؐ کے سپرد کر دینا چاہتے ہیں کہ اسے ایک کھلا شہر قرار دیا جائے اور وہاں کے اہل کو مال و جان کا تحفظ حاصل ہو ہاں قریش نے استثنائی صورت میں ابوسفیان کو یہ اختیار بھی دیا کہ وہ ایک صورت میں چیلنج کو قبول کر لے اور حملہ کرنے والے مسلمانوں سے اعلانِ جنگ کر دے اور وہ صورت یہ تھی کہ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فوج قلیل ہو اور قریشی فوج کے لیے اس پر غالب آ جانا اور سہولت سے اُسے پسپا کرنا ممکن ہو، دارالندوہ میں اس فیصلہ کے بعد قریش نے ابوسفیان کی یہ ڈیوٹی لگائی کہ وہ خود باہر نکل کر مسلمانوں کے بارے میں خبریں معلوم کرے اور اس پروگرام پر عمل کرے جس کا فیصلہ قریش نے دارالندوہ میں کیا ہے اور حکیم بن حزام کو اس بات کا پابند کیا کہ وہ ابوسفیان کا مددگار ہو، اور اس عظیم مہم سے عہدہ برآ ہونے میں اس کی مدد کرے۔

Marfat.com

واقدی کہتا ہے کہ مسلمان مرالظہران میں اکٹھے ہو گئے اور قریش کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے آنے کے متعلق ایک حرف کی اطلاع بھی نہ ملی تو وہ بہت غمگین اور خوفزدہ ہو گئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان سے جنگ کریں گے، لہٰذا قریش نے خبریں معلوم کرنے کے لیے ابوسفیان کو بھیجنے کا فیصلہ کیا اور کہا کہ اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے تیری ملاقات ہو جائے تو ان سے ہمارے لیے پناہ حاصل کرنا اور اگر تو ان کے اصحاب میں کمزوری دیکھے تو ان سے اعلانِ جنگ کر دینا۔

خدا تعالیٰ کا قریش سے بھلائی کا ارادہ کرنا

مکہ میں اپنی فوج کے ساتھ قریش پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اچانک جا پڑنے سے آپ کا منصوبۂ اخفا کامیاب ہو گیا اور کوئی ایک شخص بھی جب سے آپ مدینہ سے نکلے تھے، جیش نبویؐ کے مارچ کرنے کی اطلاع قریش تک نہ پہنچا سکا یہاں تک کہ آپؐ مکہ سے چند میل کے فاصلہ پر پہنچ گئے، قریش کو اسی وقت پتہ چلا جب دس ہزار اصحاب محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) مکہ کے دروازوں پر دستک دے رہے تھے۔ فوج کی اچانک آمد سے قریش خوفزدہ ہو گئے اور یہ کہنا ممکن ہے کہ جو کچھ ہوا اس میں اللہ تعالیٰ نے قریش سے بھلائی کا ارادہ کیا تھا اس جیش کے سالارِ اعلیٰ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو حرم مکہ میں ایک قطرہ خون بہانے کی بھی رغبت نہ تھی باوجودیکہ قریش کی پارلیمنٹ نے جیش نبویؐ سے عدم مقاومت کا فیصلہ کیا تھا پھر انہوں نے اپنے سردار ابوسفیان کو (جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف اعلان جنگ کرنے کا حق دے دیا تھا[1]

یہاں یہ کہنا ممکن ہے کہ اس طرح اچانک آنا بے شمار لوگوں کے خون کی حفاظت کا بہت بڑا سبب بن گیا، جس کا فریقین سے بہائے جانے کا امکان تھا اگر قریش کو آپ کے مدینہ سے اپنی فوج کے ساتھ مارچ کرنے کا پتہ چل جاتا تو

Marfat.com

وہ جنگ کی تیاری کرتے اور اپنی تمام فوجوں کو جمع کر لیتے اور ہوازن سے بھی فوجی اتحاد کر لیتے (جو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شدید عداوت رکھتا تھا اور .... جانبازوں کی بڑی تعداد رکھتا تھا) اور یہ سب بُت پرستوں کی فوج میں اکٹھے ہو جاتے اور حملہ آور جیشِ نبویؐ کا مقابلہ کرتے، لیکن قریش سے جیشِ نبویؐ کی نقل و حرکت کو پوشیدہ رکھنے نے انہیں حیرت میں ڈال دیا انہیں کچھ پتہ نہ چل رہا تھا کہ کیا کریں یہاں تک کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ ان کے قریب پہنچ گئے، جس کی وجہ سے قریش نے ابوسفیان کو زحمت دینے کا فیصلہ کیا کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے لیے امان حاصل کرے۔

عباس بن عبد المطلب کا قریش کے متعلق خوف اور ان کے سرداروں کو ڈرانا اور تابعداری اختیار کرنے کا مشورہ دینا

عباس بن عبد المطلب حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے اور جب سے معرکۂ بدر میں مسلمانوں کے غالب آجانے کے بعد، انہوں نے اپنے آپ کو فدیہ دے کر چھڑایا تھا وہ مکہ ہی میں بحالت شرک قیام پذیر تھے اور اپنی قوم کے درمیان رہنے کے باوجود اپنے بھتیجے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتے تھے آپ ہی نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو، قریش کے ان ارادوں سے آگاہ کیا تھا جو وہ ہجرت کے تیسرے سال مدینہ میں جنگ کے لیے رکھتے تھے جن کی وجہ سے اُحد کا تاریخی معرکہ ہوا، اپنے بھتیجے کے ساتھ اخلاص رکھنے کے باوجود، عباسؓ اس وقت اپنے اہل اور قریشی خاندان کے خون کو محفوظ

رکھنے کے بھی آرزومند تھے اور انہوں نے اس آرزو کو پورا کرنے کے لیے بڑی کوشش کی اور وہ اپنی اس کوشش میں کامیاب بھی ہو گئے جس کی وجہ سے مکہ ایک عظیم جنگی مصیبت سے بچ گیا، جیساکہ اصحابِ سیر نے بیان کیا ہے، کہ جس وقت جیش نبویؐ مدینہ سے نکلا، اس وقت عباسؓ بھی مکہ سے ہجرت کر گئے اور راستے ہی میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے جا ملے اور جیش نبویؐ کے ساتھ مل کر مکہ واپس آگئے، جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کے ساتھ مر الظہران میں پڑاؤ کیا اور عباسؓ نے فوج کی کثرت کو دیکھا تو انہیں مکہ میں اپنی قوم کے متعلق خوف پیدا ہوا اور ان کے دل میں اہل مکہ کے متعلق شفقت کے جذبات مچلنے لگے اور اس بات سے بھی ڈر گئے کہ جیش نبویؐ زبردستی مکہ کو فتح کرے گا اور قریش کا بڑا حصہ تباہ کر دے گا، اپنی قوم کے متعلق اس گھبراہٹ اور خوف کا اظہار عباس نے اپنے اس قول میں کیا ہے جب کہ وہ اس پرجوش جیش کو دیکھ رہے تھے جس کے دستے وادی مر الظہران میں پھیلے ہوئے تھے قریش کے لیے ہلاکت ہو بخدا اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قریش کے امان طلب کرنے سے قبل مکہ میں بزور شمشیر داخل ہوئے تو یہ بات ہمیشہ کے لیے قریش کی موت کا باعث بن جائے گی۔ [1]

حضرت عباسؓ کا قریش کو ہلاکت سے بچانے کی کوشش کرنا

حضرت عباسؓ نے قریش کے متعلق خوف کے اظہار پر ہی بس نہیں کیا کہ جیش نبویؐ انہیں تلوار کی دھار پہ رکھ کر فنا کر دے گا بلکہ وہ اس سوچ میں پڑے رہے کہ وہ کوئی ایسی تدبیر

---

[1] البدایہ والنہایہ ص۲۸۹ ج ۴

کریں جس سے قریش کو اس سخت مصیبت سے بچالیں جو اس جیش نبوی کے ہاتھوں جلد ہی ان پر پڑنے والی ہے جس نے مکہ پر حملہ کرنے کی تیاری میں رات گزاری ہے جبکہ لشکر کے پاس راستہ میں مزاحمت کرنے والے کو کچل ڈالنے کی ہدایات بھی موجود ہیں اور وہ بتوں کے وجود کو ختم کرنے کی کاروائی بھی کرنے والا ہے۔ قدرے غور و فکر کرنے کے بعد حضرت عباسؓ کے ذہن میں ایک ترکیب آگئی جس سے انہیں اطمینان حاصل ہوگیا کہ وہ اس طرح قریش کو اس مصیبت سے بچا سکتے، وہ یہ کہ وہ جلدی سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اور کامل فرماں برداری کا اعلان کرنے کے بعد، ان سے امان طلب کریں تاکہ جیش نبویؐ مکہ کو کھلا شہر تصور کرے اور کسی سے معترض نہ ہو، اس اطمینان کے حاصل ہو جانے کے بعد انہوں نے مکہ میں اپنی قوم کے پاس اس حقیقت کو پہنچانے کے لیے خود کوشش کی اور انہیں مشورہ دیا کہ وہ اپنے لیڈروں میں سے جلد ایک وفد تیار کریں جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے فوج کے زبردستی مکہ میں داخل ہونے سے قبل، تابعداری کی بنیاد پر امان طلب کرے۔

اراک کے پاس عباسؓ کی اپنے دوست ابوسفیان سے ملاقات

باوجودیکہ عباسؓ نے یہ فیصلہ رات کے وقت کیا مگر انہوں نے اپنی قوم کو جلد انتباہ کرنے اور مشورہ دینے کے سوا کوئی چارہ نہ دیکھا تاکہ قریش سردار نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذاکرات کرنے میں سُرعت سے کام لیں اور طلوع آفتاب سے قبل، اہل مکہ کے خون محفوظ ہو جائیں اس لیے وہ بغیر دیر کیے رات کے اندھیرے میں اراک کی طرف جو مضافات مکہ میں سے ہے اس اُمید پر چل پڑے کہ شاید وہ وہاں جا کر لکڑ ہاروں یا شیر فروشوں کو پائیں جو ان کے انتباہ اور مشورے کو قریش کے پاس لے جائیں تاکہ ان کے سردار

Marfat.com

اہل مکہ کے واسطے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان حاصل کرنے کے لیے، ان کے پڑاؤ کی طرف جلد روانہ ہو جائیں اور یہ حسنِ اتفاق کی بات ہے کہ قریش کا سردار اور لیڈر ابو سفیان بن حرب جسے قریش نے کامل اختیارات دیئے ہوئے تھے اس رات مسلمانوں کی خبریں معلوم کرنے کے لیے نکلا اور اُسے پتہ نہ تھا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ مکہ مکرمہ سے فقط چار میل کے فاصلے پہ پڑاؤ ڈالے ہوئے ہیں، اللہ تعالیٰ نے اہل مکہ کو بچانے کے لیے ابو سفیان کے دل میں اس رات کو باہر نکلنے کی بات ڈالی جو مکہ کی تاریخ میں فیصلہ کن رات تھی ابو سفیان کا اس رات کو نکلنا، اہل مکہ کو ایک تباہ کن جنگ سے بچانے کا باعث بن گیا جس کے مقابلہ کی وہ طاقت نہ رکھتے تھے اور یہی وہ بات تھی جس کے متعلق وہ بڑے تلق سے سوچ بچار کر رہے تھے اور رات کی تاریکی میں دوڑ رہے تھے تاکہ وہ اس کے وقوع پذیر ہونے میں حائل ہو جائیں۔

اسی اثناء میں کہ عباس گھٹا ٹوپ اندھیرے میں اراک کے ارد گرد آدمی تلاش کر رہے تھے کہ شاید وہ ان کے پیغام کو قریش کے لیڈروں تک پہنچا دے کہ اچانک انہوں نے خود قریش کے سردار کو، اراک کے پاس خبریں معلوم کرتے پایا آپ نے اس کے سامنے اپنے موقف کی حقیقت بیان کی اور یہ مشورہ دیا کہ ابو سفیان بطور قریش کے سردار کے اہل مکہ کے واسطے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان طلب کرے۔ ابو سفیان نے بغیر کسی تردد کے ان کی بات مان لی اور عباس رضی اللہ عنہ نے اُسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر پہ اپنے پیچھے سوار کرا لیا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے جہاں پہ ابو سفیان ایمان لایا پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شرط پہ قریش کو عام معافی دی کہ کوئی آدمی مکہ میں فوج کے داخل ہوتے وقت مزاحم نہ ہو۔

Marfat.com

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مر الظہران میں پہنچے تو آپ نے ذات کو اپنے صحابہ کو حکم دیا کہ وہ دس ہزار آگ روشن کریں، یہ ایک ایسا منظر تھا جس سے قریب تھا کہ قریش کی جانیں نکل جائیں، اسی دوران ابوسفیان اور حکیم بن حزام خبریں حاصل کر رہے تھے کہ ان کی ملاقات بدیل بن ورقاء[1] سے ہوئی اور یہ دونوں اس کے پیچھے چل پڑے اور وہ ان دونوں کے ساتھ باہر نکل گیا۔ جب وہ مر الظہران کے راستے اراک پہنچے تو انہوں نے خیمے، فوج اور آگ دیکھی اور گھوڑوں کے ہنہنانے اور اونٹوں کے بلبلانے کی آوازیں سنیں تو اس بات نے انہیں سخت خوف زدہ کر دیا اور کہنے لگے یہ بنو کعب ہیں جنہیں جنگ نے بھڑکا دیا ہے بدیل جو بنو کعب میں سے تھا اس نے کہا یہ لوگ تو بنو کعب سے زیادہ ہیں، پھر کہنے لگے یہ ہوازن ہوں گے جو ہمارے علاقے میں اکٹھے ہو گئے ہیں اور خدا کی قسم ہم اسے نہیں جانتے، یہ فوج تو حج کرنے والے لوگوں کی طرح ہے[2]

طبری اپنی تاریخ میں اس قصے کو بیان کرتے ہوئے کہتا ہے :-

عباسؓ نے جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عظیم فوج کو دیکھ چکے تھے، کہا :- خدا کی قسم اگر قریش نے سرکشی اختیار کی تو یہ فوج زبردستی مکہ میں داخل ہوگی، جس سے قریش کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو جائے گا پھر رسول اللہ

---

[1] بدیل بن ورقاء بنو خزاعہ کا ایک سردار تھا ان کی رہائش مکہ میں تھی۔ بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ مسلمانوں کے دیگر حلیفوں کی طرح انہیں لشکر نبوی کی آمد کا علم ہوگا، لہٰذا یہ مزید تحقیق کے لیے باہر نکلے جب کہ ابوسفیان کے باہر نکلنے کا مقصد کچھ اور تھا۔

[2] مغازی الواقدی ص ۸۱۴ ج ۲

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کے سفید خچر پر بیٹھ کر کہنے لگے میں اراک کی طرف جاکر کسی لکڑہارے یا شیر فروش یا مکہ میں کسی داخل ہونے والے کو دیکھتا ہوں کہ وہ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے گھر کا پتہ دے تاکہ وہ ان کے پاس جاکر امان حاصل کر لیں اور خدا کی قسم میں اراک میں جس بات کی خاطر آیا تھا اس کی جستجو میں گھوم رہا تھا کہ میں نے ابوسفیان بن حرب اور حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء کی آواز سنی وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق خبروں کی ٹوہ لگا رہے تھے، عباس کہتے ہیں جب ابوسفیان نے فوج کی آگ کو دیکھا تو میں نے ابوسفیان کو کہتے سنا خدا کی قسم میں نے آج کی طرح کبھی آگ نہیں دیکھی، بدیل نے کہا یہ خزاعہ والے ہیں جنہیں جنگ نے غضبناک کر دیا ہے ابوسفیان نے کہا، خزاعہ تو اس سے بہت چھوٹا قبیلہ ہے عباس کہتے ہیں کہ میں نے ابوسفیان کی آواز پہچان لی اور کہا اے ابوحنظلہ، اس نے پوچھا ابوالفضل ہیں؟ میں نے جواب دیا ہاں! تو اس نے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں، بس حاضر ہوں، میں نے اُسے کہا، میرے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں وہ تمہارے پاس سرعت کے ساتھ چل کر آگئے ہیں، تمہارے بس کی بات نہیں کہ تم دس ہزار مسلمانوں کا سامنا کر سکو اس موقع پر ابوسفیان کے اوسان خطا ہو گئے اور وہ شرمندہ ہو گیا اور حملہ آور جیش نبوی کے مقابلہ کی تیاری و تنظیم کے لیے مکہ واپس نہ گیا کیونکہ مکہ کی پارلیمنٹ نے، جس نے ابوسفیان کو رات کے وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے جیش کی خبروں کی ٹوہ لگانے کے لیے بھیجا تھا، اس نے اپنے آخری اجلاس میں مقابلہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔

ابوسفیان کا عباس سے مشورہ طلب کرنا

ابوسفیان اس شب کو اسی لیے نکلا تھا کہ وہ قریش کو اس خطرے سے بچانے کی کوشش کرے جو دس ہزار مسلمان فوج کی صورت میں ان کے سامنے

Marfat.com

کھڑا تھا اور وہ فوج مکہ کو تباہ کرنے کی تیاری کر رہی تھی، ابوسفیان نے اپنے دوست عباس سے مشورہ طلب کیا کہ وہ اسے کوئی ایسا محفوظ راستہ بتائیں جو قریش کے خون کی حفاظت کا ضامن ہو اور وہ اس راستہ کو اختیار کرے۔

عباسؓ نے ابوسفیان کو بتایا کہ وہ ذاتی طور پر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کرے اور ان سے اہل مکہ کے لیے امان طلب کرے، اگر اس نے ایسا کیا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی بات کو مان لیں گے کیونکہ وہ خونریزی کو سخت ناپسند کرتے ہیں اس کے سوا خون کی حفاظت کی اور کوئی سبیل نہیں، ابوسفیان نے سخت مضطرب ہو کر عباسؓ سے کہا آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ عباسؓ نے جواب دیا اس خچر کے پیچھے سوار ہو جا، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہارے لیے امان طلب کرتا ہوں خدا کی قسم اگر وہ تجھے پکڑنے میں کامیاب ہو گئے تو ضرور تیری گردن ماردیں گے [1] ابوسفیان نے بغیر کسی تردد کے اس تجویز سے اتفاق کیا کیونکہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملنے اور آپ سے امان حاصل کرنے میں ہی زیادہ کامیابی سمجھتا تھا، مگر تاریخ قریش کی ان فیصلہ کن گھڑیوں میں عم رسول سے ملاقات کرنا بھی ابوسفیان نے ایک قیمتی موقع تصور کیا، جس وقت کہ وہ اپنے

---

[1] سیرت حلبیہ جلد ۲ صفحہ ۲۰۳ میں ہے کہ فتح مکہ کی رات کو حضرت عمرؓ محافظوں کی ایک ٹکڑی کی قیادت کر رہے تھے جس نے ابوسفیان کو پکڑ لیا اور آپ سے کہا ہم آپ کے پاس اہل مکہ کی ایک جماعت کو لائے ہیں، حضرت عمرؓ نے مسکراتے ہوئے کہا خدا کی قسم اگر تم میرے پاس ابوسفیان کو لاتے تو میں تم سے اور کچھ مطالبہ نہ کرتا انہوں نے جواب دیا خدا کی قسم ہم آپ کے پاس ابوسفیان کو لائے ہیں تو انہوں نے جواب دیا صبح تک اسے قید کر دو اس کا مطلب یہ ہے کہ (اگر یہ بات صحیح ہو تو) کہ عباسؓ نے ابوسفیان کو محافظوں کی اس ٹکڑی سے جو حضرت عمرؓ کی سرکردگی میں تھی چھڑانے کے بعد پناہ دی تھی۔

Marfat.com

جیسے سرداروں کے ساتھ مکہ اور اہل مکہ کو، اس تباہ کن خطرہ سے بچانے کے لیے سرگرم عمل تھا جس کی قریش اس شنیع خیانت کے ارتکاب کے بعد توقع کر رہے تھے جس کی وجہ سے انہوں نے صلح حدیبیہ کے تاریخی معاہدہ کو توڑ دیا تھا، اور ان حد درجہ پُرخطر حالات میں عباس کی طرح اور کون اس اہم امر کو نپٹا سکتا تھا؟ اور پھر یہ زندگی کا ایک قیمتی موقع تھا اور قریشی فوج کے سالار، اور وزیر جنگ اور ان کے لیڈر ابوسفیان پر لازم تھا کہ وہ اس موقع کو ضائع نہ کرے۔

ابوسفیان کا قتل سے ڈرنا اور عباسؓ کا انہیں تسلی دینا اور خچرِ رسولؐ پر اپنے پیچھے بٹھانا۔

رات کا وقت تھا، اور اس بات کا امکان بھی تھا۔ بلکہ ہر مسلمان کو یہ حق بھی حاصل تھا کہ وہ ابوسفیان کو قابو کرنے کے بعد قتل کر دے (خاص طور پر اس رات کو جب فوج ہنگامی حالت اور جنگ کی حالت میں تھی) اور خزاعہ پر جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیف اور صلح حدیبیہ کے معاہدہ میں شامل تھا، قریش کی ظالمانہ زیادتی کے بعد جو صلح حدیبیہ کی رسوا کن خلاف ورزی تھی، اب مسلمانوں اور قریش کے درمیان کوئی معاہدہ باقی نہیں رہا تھا اس لیے مکہ کا سردار اور وزیر جنگ جو کچھ بھی وہ تھا اب نہیں تھا۔ اس نے اپنے دوست عباس کی تجویز کو خوش آمدید کہا، یہ خیال کرتے ہوئے (کہ وہ مشرک ہے اور لشکر گاہ نبویؐ کے تمام آدمیوں کو اس کا خون مطلوب ہے) کہ اس طرح وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جو فوج کے سالارِ اعلیٰ ہیں، کے ہیڈ کوارٹر میں، جسے دس ہزار جانبازوں کے نیزے جنگلات کی طرح گھیرے ہوئے ہیں اور جس کے سب کفر کے سردار ابوسفیان کے سر کو کچلنا چاہتے ہیں، سلامتی کے ساتھ پہنچ جائے گا، ابوسفیان نے اپنے دوست عباس سے اس شک کا اظہار کیا کہ وہ ان نیزوں کے جنگلات سے خیمۂ رسولؐ

Marfat.com

تک ، بغیر کسی تکلیف کے کیسے پہنچ سکے گا؟ عباس رض نے ابوسفیان کے مضطرب دل سے یہ تمام خدشات یہ کہہ کر دُور کر دیے کہ وہ خود اُسے خیمۂ نبوی تک اُن کے خاص خچر پہ سوار کر کے لے جائیں گے اور جب تک میں تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیڈ کوارٹر میں جو قلب لشکر میں ہے نہیں پہنچا دیتا، تم میری پناہ میں ہو، ابوسفیان کو عباس رض کی ضمانت سے تسلی ہوئی اور وہ اپنی پوری تسلی کے بعد آپ کے مشورہ پر عمل کرتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خچر پہ، عباس کے پیچھے سوار ہوگیا اور دونوں فوج کے خیموں کو چیرتے ہوئے جو ہیڈ کوارٹر کا احاطہ کیے ہوئے تھے، سالارِ اعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیڈ کوارٹر کی طرف چل پڑے اور ان کے ساتھ ساتھ ابوسفیان کے معاون حکیم بن حزام اور بدیل بن ورقاء بھی تھے جنہوں نے خیمۂ رسول تک پہنچنے سے قبل ہی از خود اسلام قبول کرنے کا اعلان کر دیا تھا۔[1]

حضرت عمر رض کا ابوسفیان کو قتل کرنے کی کوشش کرنا اور اس کا عباس رض کی پناہ میں ہونا

اس رات رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر گاہ کی حفاظت کا کام حضرت عمر رض کے سپرد کیا ہوا تھا، جو لشکر گاہ کی حفاظت کے لیے، فوج کی مختلف ٹکڑیوں کے ساتھ مکہ کی اطراف میں نصب کیے گئے خیموں کی حفاظت کر رہے تھے، حضرت عمر رض ان صحابہ میں سے تھے جو قریش پر بڑے سخت گیر تھے اس وجہ سے لشکر گاہ کی حفاظت کا معاملہ ان کے سپرد ہونا، عباس رض کے لیے بعض پریشانیوں کا باعث بن سکتا تھا جن سے ابوسفیان کی زندگی عباس رض کے پناہ دینے اور زبانی امان دینے کے عہد کے بعد خطرے میں پڑ سکتی تھی یہاں تک کہ وہ خیمۂ رسول تک

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۱۵ ج ۲، تاریخ الطبری ص ۳۵ ج ۳، البدایہ والنہایہ ص ۲۸۹ ج ۴

Marfat.com

پہنچ جائیں۔

قریش کے سردار اور ان کی فوجوں کے سالار ابوسفیان کا خچر پر سوار ہونا اور آپ کے چچا عباس کا ردیف ہونا اس بات کی سب سے بڑی ضمانت تھی کہ اسلامی فوج میں سے کوئی ایک آدمی بھی ابوسفیان کو گزند پہنچانے کے درپے نہ ہوگا۔ عباسؓ بن عبدالمطلب جیش نبویؐ کے درمیان سے ابوسفیان کو خچر رسولؐ پر اپنے پیچھے بٹھائے ہوئے گزرتے جا رہے تھے، اصحاب لشکر ابوسفیان کو پہچانتے تھے، جسے وہ جنگ باز لیڈر کے طور پر قتل کرنے کے مشتاق تھے لیکن وہ اس اقدام سے رُکے رہے کیونکہ ابوسفیان، عباسؓ کی معیت میں تھا وہ کہتے تھے، عم رسول خچر رسولؐ پر سوار ہے[۵۱] لہٰذا انہوں نے ابوسفیان کو بغیر کوئی گزند پہنچائے گزرنے دیا یہاں تک کہ لشکرگاہ کے گشتی دستوں کے ذمہ دار اصحاب نے دونوں سواروں کو رکنے کا حکم دیا اور جب انہیں پتہ چلا کہ یہ عباسؓ ہیں تو انہوں نے لشکرگاہ کے اندر جانے کی اجازت دے دی، اس طرح لشکر اسلام میں سے کوئی آدمی بھی عباس اور ان کے ردیف ابوسفیان پر معترض نہ ہوا۔ سوائے محافظوں کے سالار حضرت عمرؓ بن الخطاب کے، انہوں نے آگ کی روشنی میں جونہی ابوسفیان کو دیکھا تو پکار کر کہا ابوسفیان اللہ کے دشمن؟ اس خدا کی تعریف کرتا ہوں جس نے بغیر کسی عہد معاہدہ کے مجھے تم پر طاقت بخشا ہے[۵۲] حضرت عمرؓ کے لیے ابوسفیان کو قتل کرنا بہت آسان تھا لیکن انہوں نے باوجود شدید خواہش کے اس کے قتل کرنے میں جلدبازی سے کام نہیں لیا کیونکہ ابوسفیان خچر رسولؐ پر سوار تھا اور حضورؐ کے چچا عباسؓ کی پناہ میں تھا اس لیے حضرت عمرؓ

---

۵۱ البدایہ والنہایہ ص ۲۸۹ ج ۴

۵۲ سیرت ابن ہشام ص ۴۵ ج ۴، تاریخ طبری ص ۵۳ ج ۳، مغازی الواقدی ص ۸۱۷ ج ۲

بہ سرعت تمام حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیڈ کوارٹر کی طرف گئے تاکہ عباس کے پہنچنے سے قبل ہی وہ آپ سے ابوسفیان کی گردن مارنے کی اجازت حاصل کرلیں۔

ابوسفیان کے متعلق معافی کا حکم لینے میں عباسؓ کی کامیابی

عباسؓ کو بھی رجو ابوسفیان کی زندگی کے ذمہ دار تھے، حضرت عمرؓ کے ارادے کا احساس ہوگیا اور ڈرے کہ کہیں وہ پہلے پہنچ کر ابوسفیان کے قتل کی اجازت نہ حاصل کرے عباسؓ نے بھی خچر کو تیز بھگایا تاکہ وہ حضرت عمرؓ سے پہلے خیمۂ رسولؐ تک پہنچ جائیں اور حسب وعدہ ابوسفیان کے لیے امان حاصل کرلیں، عباسؓ عملاً کامیاب ہوگئے اور حضرت عمرؓ کے پہنچنے سے پہلے ہی خیمۂ رسول تک پہنچ گئے۔

ابوسفیان کی زندگی کی کٹھن گھڑی

ابوسفیان کی زندگی کی یہ کٹھن گھڑیاں تھیں، خصوصاً اس وقت کے بعد جو اس نے حضرت عمرؓ کو تیزی سے دوڑتے دیکھا تھا تاکہ وہ ان سے ابوسفیان کی موت کا فیصلہ نہ لیں، حضرت عمرؓ بھی فوراً خیمۂ رسولؐ میں پہنچے ابھی تک عباسؓ اور ابوسفیان نے خیمہ میں اپنی نشست نہیں سنبھالی تھی، ابوسفیان، فاروقؓ اعظم کو دیکھ کر پریشان ہوگیا کیونکہ ابھی عباس نے ابوسفیان کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے امان حاصل نہیں کی تھی اور عباسؓ کے التماس کرنے سے قبل ہی، حضرت عمرؓ نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابوسفیان کو قتل کرنے کی اجازت طلب کی مگر عباسؓ اپنی کوشش میں کامیاب ہوگئے اور انہوں نے ابوسفیان کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے امان حاصل کرلی جس کا انہوں نے ابوسفیان سے وعدہ کیا ہوا تھا یہ امان انہوں نے فاروقِ اعظم کے اصرارِ اذنِ قتل ابوسفیان

کے باوجود حاصل کرلی۔

خیمۂ رسولؐ میں عباسؓ اور فاروقؓ کی نوک جھونک

ابوسفیان کے بارے میں عباسؓ اور حضرت عمرؓ کے درمیان نوک جھونک شروع ہوگئی عباسؓ نے حضرت عمرؓ پہ اتہام لگایا کہ انہوں نے ابوسفیان کے قتل کے مطالبہ پہ اس لیے اصرار کیا ہے کہ وہ عباس کا قرابت دار ہے مگر فاروق اعظم نے عباسؓ کو وثوق سے کہا کہ ابوسفیان کے قتل کی آرزو کا سبب یہ بات نہیں ہے بلکہ یہ آرزو اس وجہ سے ہے کہ یہ مکہ میں کفر کا سردار ہے کتب سیرت میں بیان ہوا ہے کہ جب حضرت عمرؓ خیمۂ رسول میں پہنچے تو اسی وقت انہوں نے ابوسفیان کو قتل کرنے کی اجازت طلب کرتے ہوئے کہا یارسول اللہ! یہ ابوسفیان دشمن خدا ہے خدا تعالیٰ نے بغیر عہد معاہدہ کے ہمیں اس پہ طاقت بخشی ہے مجھے اس کے قتل کی اجازت دیجیے، عباسؓ نے اس مطالبہ پہ اعتراض کیا اور کہا یارسول اللہ میں نے اسے پناہ دی ہے، حضرت عمرؓ نے دوبارہ قتل ابی سفیان کا مطالبہ دہرایا تو عباس غضب ناک ہوگئے کیونکہ ابوسفیان کو مارنا عباسؓ کے اس عہد کو توڑنا تھا جو ابوسفیان نے آپؐ سے لیا تھا اور عربوں میں پناہ کا معاملہ بڑی اہمیت کا حامل ہوتا ہے، عباسؓ نے حضرت عمرؓ سے تعریض کے رنگ میں کہا: عمرؓ بس کیجیے، خدا کی قسم تو یہ کام صرف اس لیے کر رہا ہے کہ ابوسفیان بنی عبد مناف کا ایک آدمی ہے اگر یہ بنی عدی بن کعب میں سے ہوتا (جو ابن خطاب کا خاندان ہے) تو تو یہ بات نہ کہتا، حضرت عمرؓ نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کے اتہام کی تردید کرتے ہوئے صراحتاً کہا عباسؓ بس کیجیے خدا کی قسم جس روز آپ اسلام لائے آپ کا اسلام لانا میرے باپ کے اسلام لانے سے بھی مجھے زیادہ محبوب تھا اگر وہ اسلام لاتا، اس لیے

Marfat.com

کہ آپ کا اسلام لانا رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کے اسلام لانے سے ، اگر وہ اسلام لاتا ، زیادہ محبوب تھا ، حضرت عمرؓ اور عباسؓ کا یہ مجادلہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہوا ، مگر آپ نے کسی کو ملامت نہ کی کیونکہ آپ جانتے تھے کہ دونوں کا مقصد نیک ہے ، عباسؓ نے جو اپنے عم زاد ابو سفیان کی سلامتی کی آرزو کی تو یہ بھی نیک مقصد سے تھی اور وہ یہ کہ اس کا قتل سے بچ جانا اس کے اسلام کا سبب بن جائے گا اور دوسرے یہ کہ اس وجہ سے اس کی قوم قریش سب کی سب اسلام کی طرف مائل ہو جائے گی ، مکہ جنگ کی خرابیوں اور ہلاکتوں سے محفوظ ہو جائے گا ، کیونکہ وہ قریش کا سردار اور آزاد نمائندہ تھا ، اور جب جیش نبویؐ مکہ میں داخل ہوگا تو کوئی عنصر اس کے خلاف فعال مقاومت نہ کر سکے گا اور جب عباسؓ ابو سفیان کے متعلق رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان حاصل کرنے میں کامیاب ہو گئے اور مکہ واپس آنے سے قبل ہی ابو سفیان حلقہ بگوش اسلام ہو گیا ، تو بالفعل یہی کچھ ہوا یعنی کوئی مقاومت نہ ہوئی اور دوسری جانب حضرت عمرؓ نے جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابو سفیان کے قتل کی اجازت طلب کی تو ان کی مخلصانہ کوشش یہ تھی کہ وہ کفر کے سربراہ کا سر کچل دیں اور ابو سفیان اس وقت کفر کے ان عظیم ترین سرداروں میں سے تھا جنہوں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے قتل کرنے کی سازش کی تھی اور آپ کے خون کو مباح کرنے اور آپ کو زندہ یا مردہ حالت میں پکڑ کر لانے پر بہت بڑا انعام مقرر کیا تھا اور بے شمار مومنین کو جنہوں نے اپنے دین پر استقامت دکھائی تھی عذاب دیا اور قتل کیا تھا اور حضرت عمرؓ کا ابو سفیان کو قتل کرنے کی سعی کرنا دُور رس سیاسی اثرات کا حامل تھا اور وہ یہ کہ مکہ کے بقیہ سرداروں کے دلوں میں خوف اور رُعب پیدا کیا جائے اور ابو سفیان کے قتل سے ان کی بقیہ حربی تیاریوں کا ستیاناس کر دیا جائے اور مکہ کے بے اعتدال اشرار

کے دلوں سے جیش نبوی سے مقابلے کے خیالات ختم ہو جائیں اور اس کے لیے بغیر ایک قطرہ خون بہائے مکہ میں داخل ہونا آسان ہو جائے۔

ابوسفیان نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان کیسے حاصل کی۔؟

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر فاروق کے جذبات اور سچے ارادے کی پختگی کا اندازہ کر کے جو انہیں قریش کے سردار ابوسفیان کے قتل کی اجازت پر آمادہ کر رہا تھا، اپنے چچا عباس رضؓ بن عبدالمطلب کو جو ان کے عم زاد ابوسفیان کے متعلق امان طلب کرنے کے بارے میں جواب دیا کہ عباس رضؓ نے اراک کے پاس ابوسفیان کو مشورہ دیتے وقت یہ وعدہ کیا تھا کہ وہ اسے اپنے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاقات کے لیے ان کے ہیڈکوارٹر میں لے جائیں گے۔

امام طبری ہمارے لیے اس تاریخی واقعہ کو بیان کرتے ہوئے رقم طراز ہیں جو عباس رضؓ کی بہترین مساعی کی کامیابی سے تعلق رکھتا ہے جن کی وجہ سے مکہ جنگ کی تباہ کاریوں سے بچ گیا، اگر ابوسفیان اپنے دوست اور عم زاد عباس کے مشوروں کو الٰہی اشاروں کے مطابق نہ مانتے تو قریب تھا کہ قریش کا بڑا حصہ تباہ ہو جاتا، پس اس نے پہلے اسلام قبول کیا پھر اس نے بعد میں مکہ جا کر اپنی قوم کو ہتھیار ڈالنے اور حملہ آور فوج سے مقابلہ نہ کرنے کی ترغیب دی۔

طبری اپنی کتاب تاریخ الرسل والملوک ج ۳ ص۵۳ پر لکھتا ہے کہ جب عباس نے ابوسفیان کو اراک کے پاس رات کی تاریکی میں یہ خبر دی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے مضافات میں ایک ایسے لشکر کے ساتھ پڑاؤ کیے ہوئے ہیں جس کے مقابلہ کی قریش طاقت نہیں رکھتے تو ابوسفیان نے عباس رضؓ سے کہا میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں؟ عباس کہتے ہیں، میں نے کہا اس خچر

Marfat.com

کے پیچھے سوار ہو جاؤ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہارے لیے امان طلب کرتا ہوں خدا کی قسم اگر وہ تجھے پکڑنے میں کامیاب ہو گئے تو تجھے قتل کر دیں گے، عباس کہتے ہیں کہ ابو سفیان میرے پیچھے سوار ہو گیا اور میں اسے لے کر خچر کو تیزی سے بھگاتا ہوا رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب چل پڑا جب کبھی ہمارا گزر مسلمانوں کی کسی آگ کے پاس سے ہوتا اور وہ مجھے دیکھتے تو کہتے، رسول اللہ کا چچا رسول اللہ کے خچر پہ سوار ہے یہاں تک کہ میں حضرت عمرؓ بن خطاب کی آگ کے پاس سے گزرا تو انہوں نے کہا، ابو سفیان اس خدا کی تعریف کرتا ہوں جس نے بغیر کسی عہد معاہدہ کے تجھ پہ مجھے طاقت بخشی ہے پھر وہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف دوڑ پڑے اور میں نے خچر کو دوڑا دیا، ابو سفیان کو میں نے پیچھے بٹھایا ہوا تھا یہاں تک کہ ہم خیمہ کے دروازے میں گھس گئے اور میں حضرت عمرؓ سے اتنی سبقت لے گیا جتنا سست رو جانور سست آدمی سے سبقت لے جاتا ہے، حضرت عمرؓ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں پہنچ گئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ یہ ابو سفیان دشمنِ خدا ہے اور اللہ تعالیٰ نے بغیر کسی عہد معاہدہ کے اس پہ ہمیں طاقت بخشی ہے مجھے اسے قتل کرنے کی اجازت دیجیے، میں نے کہا یا رسول اللہ میں نے اسے پناہ دی ہے پھر میں رسول اللہ کے پاس بیٹھ گیا اور آپ کا سر پکڑ کر میں نے کہا خدا کی قسم میرے سوا آج آپ سے کوئی بات نہیں کر سکتا، جب حضرت عمرؓ نے زیادہ اصرار کیا تو میں نے کہا عمرؓ بس کیجیے تو یہ مطالبہ صرف اس لیے کر رہا ہے کہ یہ بنی عبد مناف کا ایک آدمی ہے، اگر یہ بنی عدی بن کعب سے ہوتا تو تُو یہ مطالبہ نہ کرتا، تو حضرت عمرؓ نے جواب دیا عباس بس کیجیے خدا کی قسم جس روز آپ اسلام لائے آپ کا اسلام لانا مجھے اپنے باپ کے اسلام لانے سے بھی (اگر وہ اسلام لاتا) زیادہ محبوب تھا، اس لیے کہ میں جانتا تھا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کا ایمان

لانا میرے باپ کے اسلام لانے سے (اگر وہ اسلام لاتا) زیادہ محبوب ہے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عباس سے فرمایا اسے لے جائیے ہم نے اسے امان دی آپ اسے صبح ہمارے پاس لائیے۔

ابوسفیان کا خیمۂ عباس میں حراست میں رات گزارنا

جس وقت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا عباس کو ابوسفیان کے لیے طلبِ امان پہ جواب دیا، اس وقت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوسفیان کے درمیان کوئی بات نہیں ہوئی اور نہ ہی انہوں نے اس عظیم مسئلہ کے کسی پہلو پہ کوئی گفتگو کی، یہ مسئلہ تمام اہلِ مکہ کے لیے کامل امان حاصل کرنے کا مسئلہ تھا، جس امر میں کامیابی کے لیے قریش نے اپنے سردار ابوسفیان کو اس فیصلہ کی تاریخی رات میں بھیجا تھا۔ اسی طرح ہی ابوسفیان کے اسلام میں داخل ہونے کے موضوع پہ دعوت دینے کی گفتگو ہوئی، جو کچھ بھی رات کے اس آخری حصے میں ہوا، وہ یہ تھا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان کو ذاتی طور پہ امان دی اور یہی عباسؓ بن عبدالمطلب نے مطالبہ کیا تھا۔ عباس اپنے دوست، عم زاد اور پناہ گزین ابوسفیان کے ساتھ اپنے گھر چلے گئے جو لشکرِ نبویؐ کے اندر تھا اور ابوسفیان کے خیمہ کے اردگرد سخت پہرہ لگا دیا گیا کہ وہ کہیں مکہ کی طرف نہ بھاگ جائے کہ وہ ابھی تک ناقابلِ اعتبار مشرک تھا اور لشکرِ نبویؐ ہنگامی اور جنگی پوزیشن میں تھا اور لشکر گاہ کے محافظوں کے لیڈر اس بات کے خواہش مند تھے کہ لشکر کا کوئی راز مکہ کی طرف نہ جائے) اس بات سے خائف تھے کہ کوئی راز قریش کے سردار کے ہاتھ نہ لگ جائے جو لشکر گاہ کے اندر داخل ہو کر خیمۂ رسول تک گیا ہے، آپؐ نے یہ ضرور بتا دیا تھا کہ قریش کو اسی وقت ہمارے متعلق پتہ چلے جب جیشِ نبویؐ مکہ پہ قبضہ کر لے، اس لیے

Marfat.com

و اللہ اعلم) رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا کو زحمت دی کہ ابو سفیان ان کے ساتھ ایک ہی خیمہ میں رات گزارے، اس میں گرفتاری، یا حفاظتی پابندی کے معنے پائے جاتے ہیں بلکہ حقیقت بھی یہی تھی اس کی دلیل یہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا سے فرمایا، ابو سفیان آپ کے پاس رات گزارے گا صبح کے وقت آپ اسے ہمارے پاس لے آئیں [1]

---

[1] مغازی الواقدی جلد ۲ صفحہ ۸۱۸ اور مغازی الواقدی جلد ۲ صفحہ ۸۱۵ پر ہے کہ جو رات ابو سفیان نے خیمۂ عباس میں گزاری اس کی صبح کو اس نے لشکر گاہ میں اذان کی آواز سُنی جس سے تمام اطراف لرزہ بر اندام ہو گئیں تو اس نے ان کی اذانوں سے خوف زدہ ہو کر پوچھا یہ کیا کر رہے ہیں، عباس رضی نے کہا نماز پڑھنے لگے ہیں ابو سفیان نے پوچھا رات اور دن میں کتنی نمازیں پڑھتے ہیں، عباس نے جواب دیا، پانچ، ابو سفیان نے کہا قسم بخدا یہ بہت ہیں، پھر اس نے انہیں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو کے پانی کے حصول کے لیے ایک دُوسرے سے جلدی کرتے دیکھا تو کہنے لگا اے ابو الفضل میں نے ایسا بادشاہ کبھی نہیں دیکھا نہ کوئی کسریٰ کو نہ قیصر کو،

عباس نے کہا تیرا بُرا ہو ایمان لے آ، ابو سفیان نے جواب دیا ابو الفضل مجھے ان کے پاس لے چلیے، حضرت عباس رض اُسے لے گئے تو ابو سفیان نے کہا اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) میں نے اپنے خُدا سے مدد مانگی اور آپؐ نے اپنے خدا سے مدد مانگی، خدا کی قسم مجھے آپؐ سے کچھ تکلیف نہیں پہنچی اور آپؐ مجھ پر غالب آگئے، اگر میرا خُدا سچا اور آپؐ کا خدا جھوٹا ہوتا تو میں آپؐ پر غالب آجاتا۔
پھر ابو سفیان نے شہادت دی کہ محمدؐ اللہ کے رسولؐ ہیں۔

مکہ میں قلق و اضطراب اور خبروں کی تشہیر

فوج اور مکہ کے تمام درمیانی راستے بند تھے اور ان کی نگرانی فوجی پولیس کے دستے کر رہے تھے جو جیش نبویؐ کے ماتحت تھے وہ نہ کسی کو مکہ سے نکلنے دیتے تھے اور نہ مکہ کی طرف جانے دیتے تھے اور نہ ہی کسی آدمی کو (خواہ وہ کوئی بھی ہو) لشکر گاہِ نبویؐ کی حدود کے قریب آنے دیتے تھے، اہل مکہ کے جن چند لوگوں کو فوجی پولیس نے اس شب لشکر گاہ میں داخل ہونے کی اجازت دی وہ خزاعہ کا سردار اور مسلمانوں کا حلیف بدیل بن ورقاء اور ام المومنین حضرت خدیجہ بنت خویلد کے بھتیجے حکیم بن حزام اور قریش کا سردار اور لیڈر ابوسفیان بن حرب تھے کیونکہ یہ سب حضرت عباسؓ کی پناہ اور ضمانت میں تھے، جنہوں نے جنگ کے آلام کو کم کرنے میں بڑی کوشش کی اور بڑا اہم کردار ادا کیا بلکہ ان آلام کو مکہ اور اہل مکہ سے کلیتاً دور کر دیا، ان کی سب سے پہلی بڑی کامیابی یہ ہے کہ وہ قریش کے سردار اور ان کی فوجوں کے سالار ابوسفیان کو خیمۂ نبویؐ تک لے جانے میں کامیاب ہو گئے پھر انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خاص پروانۂ امان حاصل کر لیا جس سے اس کا وہ خون محفوظ ہو گیا جسے فوج کے سالار اور دستوں کے افسر بہانے کے بڑے مشتاق تھے کیونکہ ابوسفیان کفر کے سرداروں میں سے ایک سردار تھا، ابوسفیان کا اسلام اور بت پرستی کی جنگ کے دوران میں امان حاصل کر لینا قریش کی بڑی کامیابی تھی (جو مکہ میں بیٹھے ہوئے خوف سے لرزہ براندام تھے) اس کے بعد مزید بڑی بڑی کامیابیاں حاصل ہوئیں ان میں آخری کامیابی یہ تھی کہ قریش نے غلبہ حاصل کرنے والے رسولِ اعظم سے، سب کے لیے معافی نامہ حاصل کر لیا جس سے قریش کے وہ تمام جرائم جن کا انہوں نے ۲۱ سال کے دوران میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ارتکاب کیا تھا، معاف ہو گئے اور اہل مکہ کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو عام معافی دی اس سے وہ

Marfat.com

تمام تاریک پردے سُرعت کے ساتھ دُور ہو گئے جو ان کی آنکھوں پہ پڑے ہوئے تھے اور وہ اسلام کو انہی تاریک زنار یہ دوں کی دُوربین سے دیکھا کرتے تھے لیکن اب توحقیقت ان کے سامنے مجسّم صورت میں موجود تھی انہوں نے رسولِ اسلام کو (جو طاقت کے مرکز اور غلبہ کی انتہائی بلندی پہ تھے) اسلام کی حقیقی واضح صورت اور اس کی تعلیمات اور نیک مقاصد کو پیش کرتے دیکھا اور ان کے سامنے عفو عام کی جو تصویر پیش کی گئی تاریخ میں اس سے قبل کوئی ایسی مثال موجود نہیں کہ کسی فاتح لیڈر نے اپنے شکست خوردہ دشمنوں کے ساتھ اس قسم کا سلوک کیا ہو۔

اصل مضمون کی طرف واپسی

ابوسفیان بن حرب نے یہ تاریخی رات، حضرت عباسؓ کے خیمہ میں لشکر گاہ کے اندر ان کی نگرانی میں گزاری، مؤرخین نے یہ نہیں بتایا کہ خیمہ کے اندر اس فیصلہ کن رات کو عباس اور ان کے دوست ابوسفیان کے درمیان کیا کیا باتیں ہوئیں مگر یہ بات ہر قسم کے شک و شبہ سے بالا ہے کہ عباس ہی وہ پہلے شخص تھے جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے درمیان امن و امان کے ثالث بنے انہوں نے اس شب اپنی خاص باتوں میں اس امر پہ بڑا زور صرف کیا کہ قریش کا سردار اور لیڈر، شرک کو چھوڑ دے اور عظیم اسلامی سوسائٹی کا ایک ممبر بن جائے اور اس کے بعد خیر و سلامتی کا نمائندہ بن کر اپنی قوم کی طرف مکہ میں جائے۔

مکہ میں قلق و اضطراب اور خبروں کی اشاعت

جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے ہیں مکہ اور لشکر گاہِ نبویؐ کے تمام درمیانی راستے فوجی پولیس کی سخت نگرانی میں تھے، پولیس کے جوان، کسی شخص کو لشکر گاہ میں داخل ہونے یا اس سے نکلنے نہیں دیتے تھے تاکہ لشکر گاہ کی اندرونی خبریں مشرکین مکہ تک نہ پہنچ جائیں اس لیے قریش کے جاسوس لشکر گاہِ نبویؐ کے

اندرونی اقدامات کی حقیقت جاننے میں ناکام ہو گئے تھے کہ کیا جیش نبویؐ مکہ پر زبردستی داخل ہوگا اور اس میں قتل و غارت گری کرے گا اور لوگوں کو قیدی بنائے گا جیسا کہ اس دور میں مختلف اقوام و ملل کے درمیان غالب آنے والی جنگی فوجوں کا دستور و قانون تھا، یا اُسے کھلا شہر قرار دے دے گا جس میں اسلامی فوج کے لیے اس میں خون بہانا ممنوع ہوگا؟

ابوسفیان پر قریش کا غصّہ

مکہ کے سرداروں کو، نبویؐ انٹیلی جنس کے دستے کی تدبیر اور سہولت سے جو واحد خبر موصول ہوئی وہ یہ تھی کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ، ابوسفیان کی آپ کے ہیڈ کوارٹر میں ملاقات ہوئی ہے اور آپ نے اُسے اپنے چچا عباسؓ کی سفارش کے نتیجہ میں خاص امان دی ہے، قریش کو یہ کامل یقین تھا کہ وہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے جیش سے حربی مقابلہ کی پوزیشن میں نہیں ہیں، ان کا سب سے اہم مقصد یہ تھا کہ جیش نبویؐ جس کے متعلق سردارانِ مکہ کو یقین کامل تھا کہ وہ عنقریب لامحالہ مکہ میں داخل ہوگا) سے اہلِ مکہ کے لیے کامل امان حاصل کر لی جائے اسی لیے مکہ کی پارلیمنٹ نے ابوسفیان کو بھیجنے کا فیصلہ کیا تھا، لیکن اب ابوسفیان رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فقط اپنے لیے امان حاصل کر رہا تھا جس سے قریش کے دل میں قلق و اضطراب پیدا ہوا۔ اور اہلِ مکہ قلق و اضطراب کا شکار ہو کر رہ گئے اور ان کے دلوں میں ابوسفیان پر اتہام لگانے کے وساوس کام کرنے لگے دارالندوہ میں قبائل کے نمائندوں نے ابوسفیان کو فقط اپنی ذات کے لیے امان حاصل کرنے کا نمائندہ نہیں بنایا تھا انہوں نے اُسے اس لیے نمائندہ بنایا تھا کہ وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مذاکرات کرے اور اس کے بموجب اہلِ مکہ کے لیے کامل امان حاصل کرے جس سے ان کے خون محفوظ ہو جائیں اور ان کی مستورات اور

اولاد قیدی بننے سے بچ جائیں اور جب جیش نبویؐ مکہ میں داخل ہو تو ان کے اموال ضیاع سے محفوظ رہیں، ان کے دلوں میں یہ بات گھر کر گئی تھی کہ نہ وہ جیش اسلام کا سامنا کر سکتے ہیں اور نہ ہی وہ اس سے حربی مقابلہ کر سکتے ہیں، وہ شدید خوف کی حالت میں تھے اور انہیں زیادہ خوف اس بات کا تھا کہ ٹھاٹھیں مارتا ہوا اسلامی لشکر ان کی عورتوں اور بچوں کو قیدی بنائے گا اور ان کے تمام اموال و مملوکات پر جنگ کی غنیمت کی طرح قبضہ کر لے گا اور مکہ کو تباہ و برباد کر دے گا اور اس کی گلیوں کو مقتولوں سے اَٹ دے گا اور اس کے پہاڑ، بچوں کو کھو دینے والی عورت کے شور اور یتیم بچوں کی چیخ و پکار سے گونج اُٹھیں گے۔

حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی رحیمانہ سوچ

جب مکہ کے سرداران کفر ان تاریک و خوف ناک تصورات کا شکار تھے اور یہ فکر نیند اور بیداری میں ان کے شامل حال تھا، رسولِ رحمت اپنی نبوی، روشن اور شریفانہ سوچوں میں مگن تھے کہ وہ فوج کو مکہ پر قبضہ کرتے وقت ایسی ترتیب دیں کہ وہ قریش کے تصوراتِ خوف کے بالکل اُلٹ ہو، رسولِ رحمت خود اہل مکہ سے بھی زیادہ ان پر رحمت و شفقت کے آرزو مند تھے کہ یہ شہر مقدس جنگ کی ہلاکتوں سے محفوظ رہے کیونکہ یہ ایک مقدس شہر ہے اور اس میں حتی الامکان خونریزی سے بچنا مطلوب تھا پھر خود اہل مکہ آپؐ کے اہل اور خاندان سے تھے باوجودیکہ آپؐ کو اور آپؐ کے اصحاب کو ابتدائے اسلام میں نیز مددگاروں کی کمی کی وجہ سے مکہ میں قسم قسم کی اذیتوں سے دوچار ہونا پڑا اور باوجود ان کینہ پرور کوششوں کے جو اہل مکہ نے فوجیں بھیج کر اور اسلام دشمن عناصر کو ترغیب دے کر اسلام کو ختم کرنے کے لیے کیں جیسا کہ اُحد اور خندق میں ہوا اور باوجود ان کے تمام جرائم اور آثام کے جن کا ارتکاب اہل مکہ اور خاندان والوں نے کیا۔ ان

Marfat.com

راست باز فرزند کے دل میں عمر بھر کینے اور انتقام نے راہ نہیں پائی، یہی وجہ ہے کہ آپؐ فوج کے مکہ میں داخل ہوتے وقت مغلوب اہل مکہ کو ان کی جانوں اور مالوں کے متعلق پورا پورا امن و اطمینان دلانے کے آرزو مند تھے اور ایسا کیوں نہ ہوتا؛ کیا آپ وہی نہ تھے جو اپنی قوم کے لیے اس وقت بھی بھلائی کی دعائیں کرتے تھے جب ان باغیوں کے ہاتھوں آپ کے چہرے سے خون رواں ہوتا تھا (اللھم اھد قومی فانھم لا یعلمون) کیا آپ وہی نہ تھے جنہوں نے حدیبیہ کے روز فرمایا تھا جس وقت قریش اپنی پوری طاقت کے ساتھ ان سے جنگ کے لیے نکلے تھے اور آپ کو بنوکِ شمشیر بیت الحرام سے رد کر دیا تھا۔ "خدا کی قسم قریش نے مجھے صلہ رحمی کی جس بات کی طرف بھی بلایا میں وہ صلہ رحمی ان سے کروں گا۔"

ابوسفیان کو برضاؤ رغبت حلقہ بگوش اسلام کرنے کی کوششیں

حضرت عباسؓ اس بات کے شدید آرزو مند تھے کہ اللہ تعالیٰ ان کے دوست ابوسفیان کو ہدایت دے اور وہ حلقہ بگوش اسلام ہو جائے کیونکہ اس بات کے بہت سے فوائد تھے جو نہ صرف ابوسفیان کی ذات سے تعلق رکھتے تھے بلکہ تمام اہل مکہ سے تعلق رکھتے تھے کیونکہ ابوسفیان قریش کا سردار اور ان میں اوّل درجہ کی بات والا تھا، خصوصًا اس موقع کے بعد جب قریش نے اُسے اپنا نمائندہ بنایا اور اپنا انجام اس کے ہاتھ میں دے دیا کہ وہ ان کے متعلق رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے مذاکرات کرے اور ابوسفیان کا اسلام لانا دیگر امور میں تمام لوگوں کی بھلائی کے لیے فیصلہ کُن اثر ڈالتا، خصوصًا قریش کے لیے جن کے شہر کے دروازوں پر دس ہزار جانباز کھڑے تھے جو سب کے سب بنوکِ شمشیر اس میں داخل ہونے اور اُلجھنے والے کو قتل کرنے کے لیے تیار تھے اور اس وقت مکہ میں داخل ہونے سے کوئی مفر نہ تھا جب بے اعتدال لوگ مسلح

Marfat.com

غازیوں سے مقابلہ کرنے پر اصرار کر رہے تھے اور مکہ میں زبردستی داخل ہونے یعنی قریشیوں کے درمیان خوف ناک قتلام کرنے کو رسولِ رحمت اور بشریت کے آلام کو کم کرنے والے پسند نہ کرتے تھے، جیسا کہ سلامتی کے نمائندے عباس بن عبدالمطلب کو اپنی قوم کے متعلق خوف نے آ گھیرا تھا کہ وہ اس قتلام کا نشانہ بنیں گے جیسا کہ انہوں نے اپنے نفس کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا (جس وقت انہوں نے مکہ کی اطراف میں جیش نبویؐ کو سمندر کی طرح ٹھاٹھیں مارتے دیکھا تھا) اسے صبح قریش خدا کی قسم اگر انہوں نے اپنے شہر میں رسول اللہ کے خلاف جنگ کی اور آپ مکہ میں زبردستی داخل ہوئے تو قریش ہمیشہ کے لیے ختم ہو جائیں گے، یہی وجہ تھی کہ عباسؓ نے مکہ میں اس جملے سے اپنے خدشات کا ذکر کیا جس سے پتہ چلتا ہے کہ وہ مکہ میں اپنی قوم کی ۔ تی کے شدید آرزو مند تھے ۔ انہوں نے ہر سطح اور ہر ممکن طریق سے کوشش کی کہ وہ اپنی قوم کی نجات کی کوئی سبیل پیدا کریں جس سے وہ ان باتوں سے بچ جائے جن کے متعلق عباسؓ کو خدشہ تھا کہ فوج کے زبردستی مکہ میں داخل ہونے سے وہ ظہور پذیر ہوں گی، اس مقصد کو پورا کرنے کے لیے آپ نے اولاً ابوسفیان کو اسلام میں داخل کرنے کے لیے جو طریق اختیار کیے ان میں ابوسفیان کو رضامندی سے اسلام میں داخل کرنے کی کوششیں بھی شامل ہیں تاکہ یہ بات مکہ کے عمدہ عناصر کی حوصلہ افزائی کا باعث ہو (اور یہ عناصر تھوڑے نہ تھے) اور وہ جلد اسلام میں داخل ہو جائیں اور دوسرے بے اعتدال لوگوں کو مقاومت سے باز رہنے پر رضامند کر لیں۔

اہل مکہ کے کھچاؤ میں اضافہ

کفارِ مکہ ان کٹھن گھڑیوں میں قلق و اضطراب کی طوفانی موجوں کا نشانہ بنتے رہے جو ان کے باطنی شعور کا نتیجہ تھا اور ان کے قیاس کے مطابق انہیں رسول کریم صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم اور آپ کی فوج سے ایک تباہ کن عذاب اور خوف ناک خونریزی کا سامنا تھا، آپؐ کی فوج کے غالب آنے اور مکہ پر قبضہ کرنے کے متعلق انہیں کوئی شک وشبہ نہ تھا اب انہیں اپنے وہ تمام جرائم یاد آرہے تھے جو انہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے تھوڑے سے صحابہ کے حق میں کئے تھے اور انہوں نے تیرہ سال کا عرصہ ان کے ہاتھوں سے غم وآلام کے پیالے نوش کرتے گذرا تھا قریش نے قرابت اور ہم وطن ہونے کا کوئی خیال نہیں کیا تھا۔

قریش مکہ میں (اس عذاب کی مقدار کے اندازے لگا رہے تھے جو مسلمان ان پر نازل کرنے والے تھے۔) خیال کر رہے تھے کہ محمد بن عبداللہ ان سنگدل فاتحین کی قسم میں سے ہیں جو سب سے پہلے غالب آنے پر، اپنے ان دشمنوں سے جن سے ماضی میں انہیں تکلیف پہنچی ہوئی تھیں، بھیانک، خونریز اور خوفناک قسم کا انتقام لیتے ہیں۔ انہوں نے یہ خیال نہ کیا کہ محمد بن عبداللہ نبیٔ رحمت اور رسولِ محبت ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہے وہ انتقام کی خواہش اور نفس کی خاطر کسی سے بغض اور کینہ نہیں رکھتے وہ تو صرف بشریت کو بچانے، گمراہوں کو ہدایت دینے اور منحرفین کو نجات دینے کی سعی کرتے ہیں خواہ وہ لوگ ان کو تکلیف دینے والے اور ان کے قتل کا ارادہ کرنے والے اور عذاب و دہشت کی ہر سبیل کو اختیار کرنے والے ہوں تاکہ وہ رسالت عظمیٰ کی امانت کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کو دعوت اسلام دینا اور اس کا تردد کرنا۔

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ قریش کے سردار اور ان کی فوجوں کے سالار ابوسفیان کو حضرت عباسؓ کے امان دینے کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے

عباس کو حکم دیا کہ وہ اپنے گھر میں اس کی نگرانی کریں اور دوسرے دن اس کو ہیڈ کوارٹر میں حاضر کریں، حضرت عباسؓ نے اپنے بھتیجے کے حکم کے مطابق عمل کیا اور ابوسفیان کو سالارِ عام کے خیمہ میں حاضر کیا، ابوسفیان کو آپؐ کے اور آپؐ کے جنگی بورڈ کے ارکان (جن میں صدیق، ابن خطاب اور ابن ابی طالب جیسے لوگ شامل تھے) کے سامنے لا کھڑا کیا۔

تاریخ کی ان فیصلہ کن گھڑیوں میں اہل مکہ کو، اور خصوصاً ان کے لیڈروں کو خوف و اضطراب اور قلق کی طوفانی موجیں بیخ وبُن سے اکھاڑ رہی تھیں اور ان کی عقلوں کے اندازوں کا تار و پود بکھیر رہی تھیں ... وہ سوچ رہے تھے کہ کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا پُر غوغا لشکر مکہ میں آج داخل ہوگا یا کل یا پرسوں؟ اور جب یہ لشکر، جس جیسے لشکر کا انہیں کبھی سامنا نہیں کرنا پڑا، مکہ میں داخل ہوگا تو اہل مکہ کا انجام کیا ہوگا، زعمائے مکہ میں سے جنگ کے بعض بڑے مجرم مکہ سے اس خوف کے باعث بھاگنے کی تیاری کر رہے تھے کہ وہ عدالت کے ہاتھ سے ان جرائم کی سزا پائیں گے جن کا وہ ارتکاب کر چکے ہیں اور اس عذاب کا نازل ہونا ان پر ضروری ہے، جس وقت اہل مکہ اس ناقابل رشک حالت میں تھے، اس وقت ان کا سردار و سالار ابوسفیان بن حرب سلامتی کے نمائندہ عباسؓ کے ساتھ —— مکہ سے باہر اسلامی فوجوں کے ہیڈ کوارٹر میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سپردگی کے مذاکرات کر رہا تھا، ہیڈ کوارٹر میں بہت باتیں اور بحث مباحثے ہوئے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے سردار کے درمیان جو پہلی بات ہوئی وہ یہ تھی کہ آپ نے اُسے شرک و بُت پرستی کے ترک کرنے اور حلقہ بگوش دین توحید ہونے کی دعوت دی آپ نے فرمایا ابوسفیان تیرا بُرا ہو کیا وقت نہیں آیا کہ تو جان لے کہ خدا تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، ابوسفیان نے جواب دیا میرے ماں باپ

Marfat.com

آپ پہ قربان ہوں آپ کس قدر صلہ رحمی کرنے والے، حلیم اور کریم ہیں، خدا کی قسم میں خیال کرتا ہوں کہ اگر اللہ کے ساتھ کوئی اور بھی معبود ہوتا تو میرے کام ضرور آتا۔

پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ابوسفیان تیرا برا ہو کیا وقت نہیں آیا کہ تو جان لے کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں؟ تو ابوسفیان نے جواب دیا میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں آپ کس قدر صلہ رحمی کرنے والے، حلیم اور کریم ہیں اس بارے میں میرے دل میں کچھ خلجان ہے[۱]، یہ پرُسکون گفتگو سید البشر محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش کے سردار ابوسفیان بن حرب کے درمیان ہو رہی تھی اور ... امتی کے نمائندے حضرت عباسؓ بن عبد المطلب یہ گفتگو سن رہے تھے جیسا کہ آپ کی کوششوں سے پتہ چلتا ہے کہ آپ آغاز ہی سے اس بات کے شدید خواہش مند تھے کہ ابوسفیان حلقہ بگوش اسلام ہونے میں جلدی سے کام لے کیونکہ مقدس شہر سے جنگ کے خوف ناک سایوں کو دور کرنے کے لیے رحم کے متعلق عباسؓ کو مکہ اور اہل مکہ کے بارے میں خوف دامن گیر تھا کہ اسلامی فوج زبردستی اور اسلحہ کی قوت سے ان کو نیست ونابود نہ کر دے) یہ ایک فیصلہ کن عامل تھا جیش نبویؐ میں غیر قریشی عناصر بھی تھے اور انصار کی طرح ان کی بڑی کثرت تھی انہیں اس بات کی شدید خواہش تھی کہ مشرکین مکہ سے انتقام لیا جائے کیونکہ انہوں نے ماضی میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب کہ آپ کے اصحاب قلیل تھے، بہت ایذائیں دی تھیں اور اس شدید خواہش کا اظہار پانچ بریگیڈوں میں سے ایک بریگیڈ کے افسر، سعد بن عبادہ نے کیا، جسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے معزول کر دیا اور اس کے بیٹے قیس کو اس بریگیڈ کی قیادت سونپ

---

[۱] تاریخ طبری ص ۵۴ ج ۲، مغازی الواقدی ص ۸۱۸ ج ۲

دی آپ کو پتہ چلا تھا کہ وہ مشرکین مکہ کے درمیان خونریز واقعات کے بپا کرنے کی دھمکی دے رہا ہے کہ آج گھمسان کی جنگ کا دن ہے اور آج حرمت مباح ہوگی۔

ابو سفیان کے اس علم کو مدِنظر رکھتے ہوئے کہ اُن کے دوست عباسؓ کے دل میں مکہ کو جنگ کی ہلاکتوں سے بچانے کے متعلق جو آرزو پائی جاتی ہے۔ ابو سفیان کا اسلام لانا مکہ کو تباہی و بربادی سے دُور رکھنے کے اہم عوامل میں سے تھا کیونکہ وہ قریش کا سردار، نمائندہ اور سالارِ جنگ تھا جب وہ اسلام لے آئے گا تو سب مکہ محفوظ ہو جائے گا اور کم از کم مقابلہ کرنے والوں کے دلوں سے مقابلہ کی رغبت معدوم ہو جائے گی اس لیے جب حضرت عباسؓ نے اپنے دوست ابو سفیان کو دیکھا کہ وہ دخول اسلام کے اعلان سے پہلوتہی اور فرار اختیار کر رہا ہے تو آپ نے اُسے مشورہ دینے بلکہ ڈانٹ ڈپٹ کی ... اور اُسے بتایا کہ تمہارا اسلام لانا خود تمہارے لیے اور تمام اہل مکہ کے لیے خیر و برکت کا موجب ہوگا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم تمہیں اسلام لانے پہ ہرگز مجبور نہیں کریں گے اور جب تک تم ان کی امان اور پناہ میں ہو تمہیں کوئی نہیں چھیڑے گا لیکن تمہارا اسلام نہ لانا خود تم پر مصائب و آلام لانے کا موجب ہوگا اور جب قریش کفر پہ اور حملہ آور فوج کے مقابلہ کرنے پر اصرار کریں گے تو ان کے لیے بھی یہ بات ہلاکت کا باعث ہوگی اس طرح حضرت عباسؓ نے اپنے دوست ابو سفیان کو ترغیب و ترہیب کے ذریعے اسلام کی طرف متوجہ کیا یہاں تک کہ آپ نے اپنے نیک مشوروں سے قریش کے سردار کو اسلام کا اعلان کرنے پہ راضی کر لیا اور اس نے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا کلمہ پڑھ لیا اور یہ سب کارروائی لشکر گاہ کے اندر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیڈ کوارٹر میں آپ کے روبرو ہوئی[1]۔

---

[1] تاریخ ابن عساکر ابو سفیان بن حرب کے حالات، مغازی الواقدی ص ۸۱۸ ج ۲، البدایہ والنہایہ ص ۲۹۰ ج ۴، تاریخ طبری ص ۵۴ ج ۳

ابوسفیان کا اسلام لانا سلامتی کا موجب کیسے بنا؟

جب حضرت عباس رضؓ کے دوست ابوسفیان نے اسلام کا اعلان کیا تو انہوں نے بڑا لمبا سانس لیا کہ وہ اپنے مقصد کے نہایت قریب پہنچ گئے اور وہ مقصد، مکہ کو غازی فوج کی تکلیف سے بچانا تھا جو ابوسفیان کے اسلام لانے کے بعد بہت واضح ہوگیا تھا ــــ کہ مسلمان بغیر تلوار سونتے اور خونریزی کیے مکہ میں داخل ہوں گے اور عملاً بھی یہی ہوا،

ابوسفیان کا اسلام لانا، بغیر کسی قابل ذکر مقاومت کے، اسلامی فوج کے لیے فتح مکہ کا فیصلہ کن عامل ثابت ہوا، کیونکہ تمام قریش نے ہتھیار ڈال دیے اور اسلامی فوج کے مطیع ہوگئے، اور اسلامی فوج ان کے مال وجان کی حفاظت کی ضامن ہوگئی، سوائے چند متعصب تہور پسندوں کے (جیسے عکرمہ بن ابوجہل اور صفوان بن اُمیہ) انہوں نے کچھ مقابلہ بازی کی جسے جنوب مکہ میں پانچویں بریگیڈ کے سالار حضرت خالدؓ بن ولید نے کچل دیا۔

مکہ کو جیش نبویؐ کے سپرد کرنے کا معاہدہ

ابوسفیان جب اسلام قبول کرکے عظیم اسلامی سوسائٹی کا ایک ممبر بن گیا تو سلامتی کے نمائندہ عباس بن عبد المطلب نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوسفیان کے درمیان بہ حیثیت اس کے نمائندۂ قریش ہونے کے، آخری معاہدہ کے لیے، آخری پروگرام ترتیب دینے کی کوشش کی، اس معاہدہ کی رُو سے مکہ کو جیش نبویؐ کے سپرد کر دینے کا کام مکمل ہوجاتا تھا، اس معاہدہ کی تلخیص مندرجہ ذیل شرائط میں تھی :ــ

۱۔ جیش نبویؐ کی طرف سے یہ ضمانت دی جائے کہ وہ مکہ اور اہل مکہ کے مال و جان کی حفاظت کرے گا۔

Marfat.com

۲۔ جب جیش نبوی مکہ میں داخل ہوگا تو قریش کسی قسم کی مسلح مقاومت نہیں کریں گے۔

۳۔ جیش نبوی کو مکہ کے اندر اپنے رستے میں کسی بھی مسلح مقاومت کو کچلنے کے لیے ہتھیار استعمال کرنے کا حق ہوگا۔

۴۔ جب پہلی شرط پوری ہو جائے تو مکہ والوں کے لیے تمام مقامات میں پھرنا منع ہوگا، ہر آدمی اپنے گھر میں رہے یا مسجد میں یا ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے لے تاکہ بیان کردہ شرائط کے مطابق مکہ پر جیش نبوی کا قبضہ مکمل ہو جائے۔

عباس بن عبدالمطلب کی ڈپلومیسی

حضرت عباسؓ ایک ماہر ڈپلومیٹ تھے — برتقدیر صحت — آپ ہی نے ابوسفیان کو یہ نظریہ (اعتراف شکست وتسلیم) دیا جس سے قوم میں ان کی قدر و منزلت بلند ہوگئی، حضرت عباسؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ کو معلوم ہی ہے کہ ابوسفیان فخر و شرف کا دلدادہ ہے آپ اسے اپنی قوم کے درمیان کوئی فخر و شرف کا امتیاز عنایت فرما دیجیے آپ نے فرمایا بہت اچھا! اور اعلان کر دیا کہ جو شخص ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے گا اُسے امن دیا جائے گا[۱] اور ایک روایت میں ہے کہ ابوسفیان نے اس وقت کہا، یا رسول اللہ میرا گھر تو اتنی وسعت نہیں رکھتا تو آپؐ نے فرمایا جو کعبہ میں داخل ہو جائے گا اُسے بھی امن دیا جائے گا اس پر ابوسفیان نے گذارش کی کہ کعبہ بھی اتنی وسعت نہیں رکھتا کہ سب لوگ اس کے اندر آجائیں تو حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا جو شخص مسجد میں داخل ہو جائے گا اُسے بھی امن دیا جائے گا۔ ابوسفیان نے کہا یہ کافی ہے[۲] اس معاہدہ کی پختگی کے بعد فریقین نے اس کی تنفیذ کا کام شروع کر دیا۔

۱۔ سیرت ابن ہشام ص۴۶ ج۴ ۲۔ البدایہ والنہایہ ص۲۹۱ ج۴

Marfat.com

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جیش کے سالاروں کو آرڈر دینا کہ وہ مکہ میں دفاع جان کے سوا ہتھیار استعمال نہ کریں

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے عام فوج کی طرف بڑے سخت آرڈر جاری کیے کہ وہ مکہ میں داخل ہوتے وقت رسوائے مقابلہ کرنے والے کے، کسی آدمی کے خلاف ہتھیار استعمال نہ کریں نیز آپ نے یہ حکم بھی دیا کہ اہل مکہ کے اموال اور مملوکات کو، فوج کا کوئی آدمی نہ چھیڑے، فوج نے اپنے سالارِ اعلیٰ کی ہدایات کو مکمل طور پہ نافذ کیا اور فوج سے کوئی ایسی حرکت سرزد نہ ہوئی جس سے اس کے امن کی صفائی مکدر ہوتی، ہاں جن لوگوں نے اس فوج کے مقابلہ میں ہتھیار اُٹھائے، انہیں مارا گیا اور ان کی مقاومت کو، بائیس مقتولوں کے بعد کچل دیا گیا جیسا کہ اس کی تفصیل عنقریب بیان ہوگی۔

قریش کے سردار اور لیڈر (ابوسفیان) نے فیصلہ کیا کہ وہ مکہ جا کر وہاں کے سرداروں کے سامنے اس معاہدۂ تسلیم کو پیش کرے اور جمہور قریش سے اس کی تنفیذ کرنے اور خود اس پہ عمل کرنے کا مطالبہ کرے تاکہ وہ جیش نبوی کی تلواروں کا نشانہ نہ بنیں، جو اس معاہدہ کو توڑنے والے کو قتل کرنے کے لیے چکر لگا رہا ہے۔

مکہ ایک کھلا شہر

اس معاہدہ کے بعد مکہ ایک کھلا شہر قرار پا گیا جس میں سوائے دفاع نفس کے فوج کے لیے ہتھیار کا استعمال ممنوع ہو گیا۔ اسی طرح اہل مکہ کے لیے ہتھیار اٹھانا اور جیش نبوی کے مقابلہ میں کسی قسم کی مسلح مقاومت کرنا ممنوع قرار پایا۔

ابوسفیان کا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ پر قبضہ کرنے اور ہوازن سے جنگ کرنے کا مشورہ دینا

مورخین بیان کرتے ہیں کہ شہادتین کے اقرار کے

بعد ابوسفیان نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مشورہ دیا کہ وہ مکہ پہ قبضہ کرنے کو مؤخر کر دیں اور اپنی فوج کو ہوازن سے جنگ کے لیے لے جائیں کیونکہ وہ قریش سے قرابت میں بہت دور ہیں لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان کے مشورہ پہ عمل نہ کیا بلکہ اسے بتایا کہ انہیں امید ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں مکہ اور ہوازن پہ اکٹھا قبضہ عطا کرے گا، مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ ابوسفیان اور حکیم بن حزام اکٹھے ہی مسلمان ہوئے اور ان دونوں نے کہا یا رسول اللہ! آپ ہوازن کے ساتھ اپنی سختی اور جنگی حکمت عملی کو جاری رکھتے وہ آپ کے بعید ترین رشتہ دار اور آپ سے سخت عداوت رکھنے والے ہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا، میں اپنے رب سے امید رکھتا ہوں کہ وہ مجھے فتح مکہ کے ساتھ ہی یہ سب کچھ دے دے گا، اسی سے اسلام کا اعزاز ہوگا اور ہوازن کی شکست کے ساتھ مجھے اللہ تعالیٰ ان کے اموال و اولاد بھی غنیمت میں دے گا اور میں اس بارے میں اللہ تعالیٰ سے پُر امید ہوں[1]

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ابوسفیان کو تنبیہ کرنا

ابوسفیان چونکہ نیا نیا اسلام لایا تھا، اس لیے ان باتوں نے جو دورِ جاہلیت کے زمانے سے اس کے اندر بیٹھی ہوئی تھیں اسے ایسی باتیں کرنے پہ آمادہ کر دیا جن سے اصحابِ رسولؐ کی تنقیص ہوتی تھی، چنانچہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراض ہوتے ہوئے ابوسفیان کو ڈانٹا، ابوسفیان نے — جو کہ ابھی تک لشکر گاہ نبوی میں ہی تھا — کہا، اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، آپ اپنے خاندان اور اصل کے پاس ایسے مخلوط قسم کے لوگوں کو لے آئے ہیں جن کی

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۱۶ ج ۲

کوئی جان پہچان ہی نہیں ہے اور میں ایسے بہت سے ناآشنا چہروں کو دیکھ رہا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے فرمایا تم ظالم اور بدعہد ہو، تم نے حدیبیہ کا معاہدہ توڑا، بنو کعب (یعنی خزاعہ) پر گناہ اور حد سے تجاوز کرتے ہوئے اللہ کے حرم اور جائے امن میں حملہ کیا[۵۱] آپ نے ابوسفیان کے اس قول کی تردید کرتے ہوئے فرمایا تو نے اور تیری قوم نے یہ کچھ کیا اور ان لوگوں نے میری اس وقت تصدیق کی جب تم نے مجھے جھٹلایا، اور جب تم نے مجھے نکالا تو ان لوگوں نے میری مدد کی[۵۲]۔

ابوسفیان کے سامنے فوجی مظاہرہ

ابوسفیان کے اسلام لانے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کے درمیان معاہدہ کی تکمیل کے بعد، کہ مکہ کھلا شہر ہوگا اور اس میں قریش کے خون کی حفاظت کی جائے گی اور اس میں جیش نبویؐ بغیر جنگ کرنے کے داخل ہوگا (تو) قبل اس کے کہ ابوسفیان مکہ کی طرف جاکر، اہل مکہ کو معاہدہ کے مضمون سے آگاہ کرے اور ان سے اس کی تنفیذ کا مطالبہ کرے تاکہ ان کے مال و جان محفوظ ہو جائیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مناسب خیال کیا کہ قریش مکہ کے سردار کے مکہ واپس جانے سے قبل، اس کے سامنے ایک فوجی مظاہرہ کیا جائے جس میں تمام جنگی فوجیں شامل ہوں تاکہ جب وہ مکہ واپس جائے تو جیش نبویؐ کی قوت، حسنِ تنظیم، ہتھیاروں کی عمدگی، کثرت تعداد اور شدت نظم و ضبط اس کے دل میں صحیح معنوں میں گھر کر جائے اور یہ کہ قریش اس کی مقاومت کی تاب نہیں رکھتے۔

ابوسفیان کا فوجی مظاہرہ دیکھنے کیلئے کچھ دیر رکنا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم

---

۵۱ مغازی الواقدی ص ۸۱۶ ج ۲
۵۲ البدایہ والنہایہ ص ۲۹ ج ۴

Marfat.com

نے حکم دیا کہ فوجی مظاہرہ کے اختتام تک کچھ دیر کے لیے ابوسفیان کو ایک تنگ وادی میں روکا جائے، ابوسفیان نے اس اقدام سے خوف محسوس کیا اور خیال کیا کہ وادی کی تنگ جگہ پر اُسے روکنے کا یہ مقصد ہے کہ اس سے خیانت کی جائے، مگر سلامتی کے نمائندے نے اُسے تسلّی دی کہ مسلمان نہ خیانت کرتا ہے اور نہ عہد شکنی کرتا ہے بلکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا منشا یہ ہے کہ ابوسفیان مکہ واپس جانے سے پہلے اللہ کے لشکر کی ایک جھلک دیکھ لے۔

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہیڈ کوارٹر سے نکل کر ابوسفیان کے مکہ جانے سے قبل آپؐ نے اپنے چچا عباسؓ سے فرمایا اسے وادی کی تنگ جگہ سے پہاڑ کی نکڑ تک روکے رکھو تاکہ یہ خدائی فوجوں کو گزرتا ہوا دیکھ لے، حضرت عباسؓ کہتے ہیں میں نے اُسے وادی کی تنگ جگہ سے پہاڑ کی نکڑ پر روکے رکھا۔ جب میں نے ابوسفیان کو روکا تو وہ کہنے لگا بنو ہاشم سے عہد شکنی؟

حضرت عباسؓ نے کہا، اہل نبوت خیانت نہیں کرتے مگر مجھے تم سے کچھ کام ہے تو ابوسفیان کہنے لگا آپ نے پہلے یہ کام کیوں نہیں کیا تو اس نے جواب دیا مجھے تم سے کچھ کام نہ ہے، گویا آپ نے میرے خوف کو دُور کیا؟ عباسؓ نے کہا، میں نہیں چاہتا کہ خوف تجھے اس مقام تک پہنچا دے[1]

ابوسفیان کے دل میں فوجی مظاہرہ کا اثر

جب حضرت عباسؓ نے ابوسفیان کو وادی کی تنگ جگہ پر کھڑا کر دیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوج کے تمام دستوں کو

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۱۹ ج ۲

Marfat.com

حکم دیا کہ وہ قریش کے سردار ابوسفیان کے سامنے سے گزریں، وادی میں نہایت خوبصورت طریق سے فوجی مظاہرہ کیا گیا جس سے ابوسفیان ورطۂ حیرت میں پڑ گیا جو کچھ اس نے دیکھا اس کا دل اسے ماننے کو تیار نہ تھا۔

وادی میں بڑی دقیق تیاری اور نفیس ترین حالت نظم وضبط میں نبوی بریگیڈ اور دستے گزرے جس سے عرب اپنی عسکری تاریخ میں صدیوں سے آشنا نہ تھے، ابوسفیان کے دل کو حیرت نے پوری طرح قابو کر لیا اور جس چیز نے اُسے بہت زیادہ حیرت زدہ کیا وہ ہمہ گیر تبدیلی تھی جس نے مسلمانوں کی روش زندگی کو بنیادی طور پہ بدل دیا تھا، ان سے ہر برائی دُور ہو گئی تھی اور اس کی جگہ (شرک سے الگ ہونے اور عقیدۂ توحید کے اختیار کرنے کے باعث) اچھائی نے لے لی تھی، عقیدۂ توحید کا اختیار کرنا ان کمزور بدوؤں کی فطرت میں ان بنیادی تبدیلیوں کا منبع ومصدر بنا جس سے اللہ تعالےٰ نے ان کو قوی کر دیا، وہ ذلیل تھے، اللہ تعالیٰ نے انہیں اسلام کے ذریعے عزت دی وہ منتشر اور باہم جھگڑنے والے تھے اللہ تعالیٰ نے ان کو قوی کر دیا، وہ ذلیل تھے، اللہ تعالےٰ نے انہیں اسلام کے ذریعے عزت دی وہ منتشر اور باہم جھگڑنے والے تھے اللہ تعالیٰ نے انہیں وحدتِ اسلامی کے اس حلقہ میں اکٹھا کر دیا، جس کے اندر رہتے ہوئے انہوں نے یہ خوش کن مظاہرہ کیا جسے قریش کے سردار ابوسفیان نے دیکھ کر حیرت وتعجب سے کہا، "ابوالفضل میں نے اس جیسی بادشاہی کبھی نہیں دیکھی نہ کسریٰ کی اور نہ قیصر کی[۵۱] تیرے بھتیجے کی بادشاہی کل بہت بڑی بادشاہی بن جائے گی"[۵۲]

---

۵۱ مغازی الواقدی ص ۸۱۵ ج - ۲

۵۲ مغازی الواقدی ص ۸۲۲ ج - ۲

٭ فوجی مظاہرے کا آغاز

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق ابو سفیان کے سامنے فوجی مظاہرے کا آغاز صبح سویرے شروع ہوا یہ مظاہرہ اس تیاری کے مطابق تھا جو قدید میں کی گئی تھی قبائل اپنے سرداروں کی قیادت میں اور دستے اپنے جھنڈوں کے مطابق گزرے یعنی مظاہرہ قبائلی بنیاد پہ ہوا اور ہر قبیلہ اپنی پوری حربی صلاحیت اور اپنے خاص شعار اور ممتاز جھنڈے کے ساتھ گزرا۔

٭ سب سے پہلے حضرت خالدؓ کے سواروں نے فوجی مظاہرے کا آغاز کیا

ابو سفیان کے سامنے سب سے پہلے حضرت خالدؓ بن ولید نے فوجی مظاہرے کا آغاز کیا۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے بنو سلیم کے ایک ہزار سواروں کے ساتھ آگے بھیجا، ان میں سے تین جوان، عباسؓ بن مرداس سلمی، خفاف بن ندبہ اور حجاج بن علاط ان کے علمبردار تھے اور دستوں کے جوان زرہوں میں ڈوبے ہوئے تھے یہ سب ابو سفیان کے سامنے سے گزرے یوں معلوم ہوتا تھا کہ گویا لوہے کا ایک متحرک سمندر ہے اور جب حضرت خالدؓ، بنو سلیم کے جوانوں کے ساتھ گزرے تو ابو سفیان نے کہا یہ کون لوگ ہیں تو حضرت عباسؓ نے جواب دیا بنو سلیم ہیں، تو ابو سفیان کہنے لگا مجھے بنو سلیم سے کیا واسطہ، اور جب حضرت عباسؓ نے کہا کہ ان کا سالار خالد بن ولید ہے تو ابو سفیان کہنے لگا وہ نوجوان؟ عباس نے جواب دیا ہاں! اور جب حضرت خالد، عباسؓ اور ابو سفیان کے سامنے آئے تو آپ نے تین بار تکبیر کہی اور پھر آگے چلے گئے پھر اس کے بعد حضرت زبیرؓ بن العوام پانچسو مہاجر اور مخلوط عرب جانبازوں کے ساتھ، سیاہ جھنڈا لیے گزرے آپ جب ابو سفیان کے سامنے آئے تو انہوں نے تین بار تکبیر کہی، ابو سفیان،

Marfat.com

حضرت زبیرؓ کو اچھی طرح جانتا تھا، چونکہ آپ خود اور زرہ میں ڈوبے ہوئے تھے اس لیے وہ آپ کو پہچان نہ سکا، اور پوچھا یہ کون ہے؟ حضرت عباسؓ نے کہا: زبیرؓ بن العوام، کہنے لگا آپ کا بھانجا، حضرت عباسؓ نے جواب دیا ہاں (حضرت زبیرؓ، صفیہ بنت عبدالمطلب کے بیٹے تھے) پھر بنو غفار تین سو جوانوں کے ساتھ گزرے جن کے علمبردار حضرت ابوذر غفاری تھے جب وہ ابوسفیان کے سامنے آئے تو انہوں نے بھی تین بار تکبیر کہی ابوسفیان نے پوچھا ابوالفضل یہ کون ہیں، آپ نے جواب دیا بنو غفار، ابوسفیان کہنے لگا مجھے بنو غفار سے کیا واسطہ، پھر بنو اسلم نے اپنی فوجیں قریش کے زعیم کے سامنے سے گزاریں یہ چار سو جوان تھے جن کا جھنڈا بریدہ بن الحصیب اور ناجیہ بن جندب اُٹھائے ہوئے تھے، جب وہ ابوسفیان کے سامنے آئے تو انہوں نے تین بار تکبیر کہی ابوسفیان نے پوچھا یہ کون ہیں؟ عباسؓ نے جواب دیا بنو اسلم، تو ابوسفیان نے ناراض ہو کر کہا مجھے بنو اسلم سے کیا واسطہ، ہمارے اور ان کے درمیان کبھی طاقت آزمائی نہیں ہوئی، حضرت عباس نے کہا یہ مسلمان ہیں اور اسلام میں داخل ہو چکے ہیں، پھر خزاعہ میں سے بنو عمرو بن کعب پانچ سو جوانوں کے ساتھ گزرے جن کا جھنڈا بسر بن سفیان خزاعی اُٹھائے ہوئے تھا ابوسفیان نے پوچھا یہ کون ہیں، حضرت عباسؓ نے جواب دیا بنو کعب بن عمرو، ابوسفیان کہنے لگا ہاں یہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کے حلیف ہیں جب وہ ابوسفیان کے سامنے آئے تو انہوں نے تین بار تکبیر کہی، پھر مزنیہ قبیلہ کے ایک ہزار جانباز نعمان بن مقرن بلال بن الحارث اور عبداللہ بن عمرو کی قیادت میں گزرے۔ انہوں نے بھی ابوسفیان کے سامنے آکر تین بار تکبیر کہی۔ ابوسفیان نے پوچھا یہ کون ہیں؟ حضرت عباسؓ نے جواب دیا مزنیہ، ابوسفیان نے کہا، ابوالفضل مجھے مزنیہ سے کیا واسطہ،

Marfat.com

کہ یہ میرے پاس پہاڑیوں کی بلندیوں سے شور کرتے آرہے ہیں، پھر جہینہ والے ابوسفیان کے سامنے سے آٹھ سو جانبازوں کے ساتھ گزرے جن کی قیادت ان کے چار سردار، رافع بن مکیث، عبداللہ بن بدر، سوید بن صخر اور ابوزرعہ معبد بن خالد کر رہے تھے اور ہدایات کے مطابق جہینہ والوں نے قریش کے سردار کے سامنے تکبیر کہی اور ابوسفیان نے انہیں پہچان لیا، پھر کنانہ میں سے تین قبیلے، بنو نفاثہ، جو نقض صلح حدیبیہ کا سبب بنے تھے بنی ضمرہ، بنی لیث اور بنی سعد بن بکر بن کنانہ دو سو جوانوں کے ساتھ گزرے جن کی قیادت ابو واقد لیثی کر رہے تھے جب یہ ابوسفیان کے سامنے سے گزرے تو انہوں نے تین بار تکبیر کہی، ابوسفیان نے حضرت عباسؓ سے کہا یہ کون ہیں انہوں نے جواب دیا، بنو بکر، تو ابوسفیان کو ان ایام کی دردناک یادوں نے آستایا جب قریش نے خزاعہ کے ساتھ خیانت کرنے میں بنو بکر کی مدد کی تھی، اور کہنے لگا خدا کی قسم یہ منحوس لوگ ہیں جن کے باعث محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہم سے جنگ کی، خدا کی قسم مجھے نہ اس کا علم تھا اور نہ میں نے اس میں مشورہ دیا تھا جب مجھے اطلاع ملی تو میں نے اسے ناپسند کیا، لیکن وہ ایک فیصلہ شدہ بات تھی، حضرت عباسؓ نے کہا اللہ تعالیٰ نے محمدؐ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جنگ کرنے میں تمہارے لیے بہتری پیدا کر دی اور تم سب کے سب اسلام میں داخل ہو گئے پھر نجد کا قبیلہ اشجع معقل بن سنان اور نعیم بن مسعود کی قیادت میں تین سو جانبازوں کے ساتھ گزرا، ابوسفیان نے انہیں پہچان کر کہا یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر عربوں میں سب سے سخت تھے کیونکہ یہ غطفان میں سے ہیں جنہوں نے احزاب کی خوفناک جنگ میں مدینہ پر قبضہ کرنے کی کوشش کی تھی، حضرت عباسؓ نے کہا اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں میں اسلام کو داخل کر دیا ہے اور یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے تو ابوسفیان خاموش ہو گیا پھر کہنے لگا ابھی تک محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نہیں گزرے، حضرت عباسؓ نے

Marfat.com

کہا، نہیں، کاش تو اس دستے کو دیکھ لے جس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم شامل ہیں تو تو لوہے، گھوڑوں اور جوانوں کو دیکھے گا، کسی کو اس کے ساتھ طاقت آزمائی کی جرأت نہیں ابوسفیان نے کہا ابوالفضل خدا کی قسم میرا بھی یہی خیال ہے کس کو ان فوجوں کے ساتھ لڑنے کی طاقت ہے؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فوجی مظاہرہ کو ختم کرنا

جب عربی قبائل ابوسفیان کے سامنے اپنی فوجوں کا مظاہرہ کر چکے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مہاجرینؓ انصار کے ساتھ جو پانچ ہزار جانبازوں پر مشتمل تھے اپنی اونٹنی قصویٰ پر سوار ہو کر آئے مہاجرین وانصار کی عام فوج رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے آگے تھی مگر جب سبز دستہ نمودار ہوا[۱] تو گھوڑوں کے سموں سے سیاہی اور غبار بلند ہوا، سب لوگ گزرنے لگے تو ابوسفیان کہنے لگا ابھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہیں گزرے؟ حضرت عباسؓ اسے کہنے لگے نہیں، جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اونٹنی قصویٰ پر نمودار ہوئے تو عباسؓ نے ابوسفیان سے کہا یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، رسول کریم اپنی ناقہ پر اپنے جنگی بورڈ کے جلو میں چل رہے تھے اور آپ انصار کے سردار اسید بن حضیر اور اپنے وزیر اوّل حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے درمیان فوج کے بڑے آفیسرز کے متعلق باتیں کر رہے تھے، خاص سبز دستے میں انصار کی تمام فوجیں اکٹھی ہوگئی تھیں جن کی تعداد چار ہزار جانبازوں پر مشتمل تھی اسی طرح بعض مہاجرین اور عربی قبائل کے سردار اور لیڈر، انصار کے جھنڈوں تلے جمع

---

[۱] اس دستے کا نام سبز دستہ اس لیے رکھا گیا تھا کہ اس میں فوج کے پاس لوہے کی جو چیز بھی تھی اُسے سبز رنگ کیا گیا تھا۔

Marfat.com

ہو گئے تھے انصار کے ہر بطن کا ایک جھنڈا تھا اور سب کے سب آہن پوش تھے ان کی آنکھوں کے سوا، اور کوئی چیز نظر نہ آتی تھی اس دستے میں حضرت عمرؓ بن خطاب بھی تھے جن کی ایک گونج تھی، آپ بھی لوہے میں ڈوبے ہوئے تھے، ابن خطاب کی بلند آواز نے ابو سفیان کی نظروں کو اپنی طرف متوجہ کر لیا تو اس نے حضرت عباسؓ سے کہا یہ بولنے والا کون ہے؟ حضرت عباسؓ نے جواب دیا عمرؓ بن الخطاب، ابو سفیان نے کہا خدا کی قسم قلّت اور ذلّت کے بعد بنو عدی کا کام بن گیا ہے، حضرت عباسؓ نے کہا اے ابو سفیان! اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اور جس ذریعہ سے چاہتا ہے سربلند کرتا ہے اور عمر بھی ان لوگوں میں شامل ہے جنہیں اسلام نے سربلند کیا ہے۔

سعدؓ بن عبادہ کا قریش کو مکہ کی حرمت کے مباح کرنے سے ڈرانا اور ابو سفیان کا اس کی شکایت کرنا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوجی مظاہرے کے آخری مرحلہ میں اپنا خاص جھنڈا انصار کے سردار حضرت سعدؓ بن عبادہ کو عطا فرمایا اور وہ اُسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دستے کے سامنے لے کر چلنے لگے، جب وہ ابو سفیان کے پاس سے گزرے تو اس کے سامنے چیخ کر کہنے لگے اے ابو سفیان آج جنگ کا روز ہے آج حُرمت مباح کی جائے گی، آج اللہ تعالیٰ قریش کو ذلیل کرے گا تو ابو سفیان شدید خوف زدہ ہوا کیونکہ سعد کی دھمکی میں یہ وضاحت موجود تھی کہ جیش نبویؐ مکہ کو مباح کر دے گا اور اس کے اہل کو قتل کرے گا اور یہ بات اُس بات کے خلاف تھی جس پر مذاکرات کے دوران رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو سفیان کا معاہدہ ہوا تھا کہ قریش ہتھیار ڈال دیں گے اور ان کے شہر کو کھلا شہر قرار دیا جائے گا اور اس کے اہل کے مال و جان

اور اولاد کو امن دیا جائے گا، جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جنگی بورڈ (جو آپ کے خاص اصحاب پر مشتمل تھا) کے ساتھ گزرے تو ابو سفیان نے (سعد بن عبادہ کی دھمکیوں پر احتجاج کرتے ہوئے) آپ کو پکار کر کہا، یا رسول اللہ! آپ نے اپنی قوم کے قتل کا حکم صادر فرمایا ہے؟ کیونکہ سعد اور ان کے ساتھیوں نے ہمارے پاس سے گزرتے وقت کہا ہے کہ آج جنگ کا دن ہے اور آج حرمت مباح کی جائے گی اور آج اللہ تعالیٰ نے قریش کو ذلیل کر دیا ہے اور میں آپ کو آپ کی قوم کے بارے میں اللہ کا واسطہ دیتا ہوں آپ تمام لوگوں سے زیادہ نیکی کرنے والے اور صلہ رحمی کرنے والے ہیں۔ کبار قریش مہاجرین جیسے عبد الرحمن بن عوف عمر بن الخطاب اور عثمان بن عفان نے ابو سفیان کی آواز کے ساتھ ہم آواز ہو کر سعد بن عبادہ کے قول پر برا منایا اور علانیہ طور پر سعد اور اس کی انصاری فوجوں کے بارے میں قریش کے متعلق اظہار خوف کیا انہوں نے کہا، یا رسول اللہ ہمیں سعد کے بارے میں خدشہ ہے کہ وہ قریش پر حملہ نہ کر بیٹھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سعد کی بات پر برا منایا اور سب کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا آج کا دن رحمت کا دن ہے آج اللہ تعالیٰ کعبہ کو عظمت دے گا آج کے دن اللہ تعالیٰ قریش کو عزت دے گا اور آپ نے صرف اسی بات پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ ان خدشات کو دور کرنے کے لیے جو ابو سفیان اور قریش مہاجرین کے دلوں میں پیدا ہو گئے تھے، سعد بن عبادہ کو اس کے منصب سے معزول کرنے کا حکم صادر فرمایا اور اس کی جگہ اس کے بیٹے قیس بن سعد کو مقرر کیا، حضرت علی بن ابی طالب بیان کرتے ہیں کہ سعد نے اپنے منصب سے معزول ہونے اور جیش کے علم کو بغیر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی نشانی کے اپنے جانشین کو دینے سے انکار کر دیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف اپنے عمامہ کو بطور نشانی کے بھیجا اس نے عمامہ کو پہچان کر

جیش کا عَلَم اپنے بیٹے کے سپرد کر دیا اور قیادت سے الگ ہوگیا۔

جب اسلامی فوجوں کا آخری دستہ ابوسفیان کے سامنے اپنا مظاہرہ کر چکا اور یہ شاندار عسکری مظاہرہ ختم ہوگیا تو ابوسفیان نے حضرت عباسؓ سے جو اس کے پاس فوجوں کے مظاہرہ کے دوران سارا وقت کھڑے رہے کہا ، سبحان اللہ ، کسی کو ان لوگوں سے مقابلہ کرنے کی سکت نہیں۔

ابوالفضل خدا کی قسم آپ کے بھتیجے کی بادشاہی کل کو بہت عظیم ہو جائے گی حضرت عباسؓ نے جواب دیا ابوسفیان تیرا بُرا ہو یہ بادشاہی نہیں بلکہ نبوت ہے تو اس نے کہا ہاں بہت اچھا[1]

ابوسفیان کے دل میں فوجی مظاہرے کی تاثیر

اس عسکری مظاہرہ نے جس میں جیش نبویؐ نے مکہ کے مضافات میں مختلف قسم کے ہتھیاروں کی نمائش کی قریش کے سردار ابوسفیان کے دل پہ گہرا اثر ڈالا اور یہی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد تھا ، اس عسکری مظاہرے کے پس پردہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد یہ تھا کہ قریش کا لیڈر بنفس نفیس جیشِ نبویؐ کی قوت ، تعداد ، اسلحہ ، تنظیم ، نظم وضبط (قوتِ ارادی) ، حسنِ اطاعت اور کسی بھی مقاومت کو کچلنے کی قدرت کو دیکھ لے ، قریش کے تہور پسندوں نے سوچنا شروع کر دیا تھا کہ جب جیش نبویؐ مکہ پر قبضہ کرنے اور اسے آزاد کرانے کا آغاز کرے گا تو ہم اس سے نبرد آزما ہوں گے ،

---

[1] البدایہ والنہایہ ص ۲۹ ج ۴ ، مغازی الواقدی ص ۸۱۸ ج ۲ ، سیرت حلبیہ ص ۲۰ ج ۲ سیرت ابن ہشام ص ۴۶ ج ۴ ، طبقات ابن سعد ج ۲ ، تاریخ طبری ص ۵۴ ج ۳ زاد المعاد جلد ۴ - تاریخ ابن عساکر - ابوسفیان کے مالک کے تحت -

Marfat.com

ابو سفیان جیش نبوی ؐ کی قوت و طاقت اور مکہ میں داخل ہوتے وقت اس کی راہ میں حائل ہونے والی کسی بھی قوت کو تباہ کرنے والی طاقت کے حقیقی اثرات لے کر اپنی قوم کی طرف مکہ میں گیا تھا، تو ان میں سے کسی نے بھی تہور اختیار کر کے مزاحمت کے متعلق نہ سوچا۔

ابو سفیان کی مکہ میں واپسی

ابو سفیان نے جب اپنی آنکھوں سے جیش نبوی ؐ کی عددی کثرت، اسلحہ کی عمدگی، نظم و ضبط، عقیدہ کی قوت اور ارادے کی پختگی کو دیکھ لیا تو اس کے دل میں یہ بات بیٹھ گئی کہ مکہ میں کسی قریشی کا اس جیش سے مقابلہ کرنا، خودکشی کے مترادف ہوگا ابو سفیان انہی اثرات کے ساتھ مکہ میں واپس آیا جنہیں اس کے دل سے کوئی شخص مٹا نہ سکا بلکہ یہ اثرات اس کے لازم حال ہو گئے اور اس پر اصرار کرنے لگے کہ وہ اپنی قوم قریش کے تمام قبیلوں کو یہ بات منوا دے کہ وہ ہتھیار ڈال کر حملہ آور فوج کے تابعدار بن جائیں کیونکہ ان میں سے کوئی بھی اس فوج کا سامنا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

جذباتی لوگ مقابلہ کرنا چاہتے تھے

قریش کے بے اعتدال لوگوں نے (جن کی لیڈر ابو سفیان کی بیوی ہند بنت عتبہ تھی) کوشش کی کہ ابو سفیان نے جیش نبوی کی قوت کا جو اندازہ پیش کیا ہے اس کے بارے میں لوگوں کے دلوں میں شکوک پیدا کر دیں اور قریش کی مسلح افواج کو جمع کر کے جیش نبوی ؐ کی مسلح مزاحمت کریں تاکہ اسے مقدس شہر میں داخل ہونے سے روک دیں، مگر بے اعتدال لوگ ناکام ہو گئے اور ابو سفیان جمہور قریش کو ہتھیار ڈالنے اور جیش نبوی ؐ کی اطاعت اختیار کرنے پر رضامند کرنے میں کامیاب ہو گیا، چنانچہ جیش نبوی ؐ بغیر کسی قابل ذکر مقاومت کے مکہ میں داخل ہو گیا اور مقدس شہر خوفناک قتل عام سے بچ گیا جب کہ اعیان مکہ کے بے اعتدال لوگ

Marfat.com

قتل عام کے محرک بننا چاہتے تھے۔

ابو سفیان کا مکہ میں اپنی قوم کو ہتھیار ڈالنے کی دعوت دینا

جیش نبوی کے فوجی مظاہرہ کے بعد، سلامتی کے نمائندہ حضرت عباس بن عبد المطلب نے اپنے دوست ابوسفیان سے کہا کہ اب اس کے لیے یہ ممکن ہے کہ وہ مکہ میں اپنی قوم کے پاس جائے اور جو کچھ اس نے دیکھا ہے اس کے متعلق انہیں بتائے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اس کے جو مذاکرات اور معاہدات ہوئے ہیں ان کے متعلق بھی انہیں خبر دے بلکہ آپ نے اپنے دوست ابوسفیان کو نصیحت کی کہ وہ اپنی قوم کو بچانے کے لیے جلد مکہ جائے آپ نے اُسے کہا تیرا بُرا ہو قبل اس کے کہ فوج تم پر آ پڑے۔ اپنی قوم کو بچانے کے لیے جلد اس کے پاس جاؤ۔

اہل مکہ کا ابوسفیان کی بات مان کر ہتھیار ڈالنا

ابوسفیان اپنے دوست عباس بن عبد المطلب کی ہدایات کے مطابق عمل کرتے ہوئے نہایت سُرعت سے اپنی قوم کے پاس مکہ میں گیا تاکہ ان سے پُرسکون رہنے اور اس معاہدہ کی پابندی کا مطالبہ کرے جو اس کے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان پختہ طور پر طے پا گیا تھا تاکہ ان کے مال و جان محفوظ ہو جائیں، جونہی ابوسفیان مکہ پہنچا ہر جانب سے لوگ اس کے پاس اکٹھے ہو گئے اور قریش نے جس بات کے لیے اُسے نمائندہ بنایا تھا اس کے متعلق اس پر سوالوں کی بارش کر دی اور یہ کہ قریش تاریخ کی ان فیصلہ کُن گھڑیوں میں کیا کریں؟ انہیں قلق و اضطراب اور حیرت نے آ لیا تھا، انہیں پتہ نہیں چل رہا تھا کہ وہ کیا کریں، ابوسفیان نے انہیں ہر بات سے آگاہ کر دیا تھا اور وہ انتہائی مخلصانہ طور پر ان کے ساتھ تھا اس نے انہیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کے ساتھ معاہدہ کے بموجب) بتایا کہ اس نے مکہ کو کھلا شہر قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے اس میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب تلوار نہیں سونتیں گے اور جب جیش نبویؐ مکہ میں داخل ہو تو وہ کسی قسم کی مقاومت کرنے سے باز رہیں اور شہر کے اندر کرفیو آرڈر نافذ ہو گا جس پر پہلے اسلامی فوج کے مکہ میں داخل ہونے پر عملدرآمد شروع ہو جائے گا اور یہ کہ ہر آدمی اپنے گھر کے اندر داخل ہو کر اپنا دروازہ بند کر لے، یا ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے یا مسجد میں پناہ لے لے، مسلمانوں کی تلواروں سے محفوظ رہنے کا یہ واحد ذریعہ ہے مسلمانوں کے پاس بڑی واضح ہدایات ہیں کہ جو ان کے راستہ میں حائل ہونے کی کوشش کرے اُسے قتل کر دیں اور دوسری جانب یہ ہدایت بھی ہے کہ جو انسان ان کی راہ میں حائل نہ ہو اس کے قتل کرنے سے اجتناب کریں۔

ابوسفیان کا اہل مکہ کو دعوت اسلام دینا

ابوسفیان نے اہل مکہ کو بتایا کہ ان فیصلوں کی پابندی کرنے اور ان احکام کی تنفیذ کرنے سے ان کے مال و جان اور مملوکات جیش نبویؐ کی طرف سے محفوظ ہوں گے، ابوسفیان نے اہل مکہ کو اور بالخصوص ان میں سے جذباتی لوگوں کو صاف صاف بتا دیا کہ قریش نے اگر حملہ آور فوج کے مقابلہ میں کسی بھی قسم کی مقاومت کی تو اس کا نتیجہ فوری تباہی ہو گا۔ اور سب سے محفوظ طریق یہ ہے کہ مقاومت کے متعلق سوچا ہی نہ جائے بلکہ ابوسفیان نے (جو مسلمان ہو چکا تھا) اہل مکہ کو اسلام میں داخل ہونے کی دعوت دی۔

ابوسفیان سے معارضہ کرنے والے قریش

جب ابوسفیان نے جمہور قریش کو مسجد کے پاس اپنا واضح بیان دیا تو اُسے بعض لوگوں کے معارضہ کا سامنا کرنا پڑا، اس نے حقیقت کو صاف صاف بیان کر دیا اور انہیں جوشِ جذبات کی بجائے جو عقل کی اتباع کی دعوت

دی، کیونکہ جذبات انسان کو ہلاکت اور مصیبت کی طرف لے جاتے ہیں۔

ھندہ کا جمہور قریش کو، اپنے خاوند ابوسفیان کے قتل کی دعوت دینا

ابوسفیان نے قریش کو جن باتوں کی طرف دعوت دی، اس کا شدید ترین معارضہ کرنے والی اس کی بیوی ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس تھی جو اپنے خاوند کی اس بات کو سننا نہ چاہتی تھی کہ اس کی قوم لڑنے والی اسلامی فوج کی تابعداری کرے، اس نے ابوسفیان کو بُرا بھلا کہا اور اسے کھینچتے ہوئے اس پر حملہ کر دیا نیز اہل مکہ کو اس کے قتل کی دعوت دی، قریش میں سے عکرمہ بن ابوجہل کے ٹولے نے بھی معارضہ کرنے کا اظہار کیا، مگر ابوسفیان کا معارضہ (باوجود اپنی شدت کے) بہت قلیل تھا اور اس کی آواز، اہل مکہ کی ان آوازوں میں ہی تحلیل ہو گئی جنہوں نے اپنے سردار ابوسفیان کی بات کو قبول کیا تھا، اس کے بعد انہوں نے اس کی رائے کو درست قرار دیا اور جو اس نے ان کو مشورہ دیا تھا انہیں اس میں اس کے اخلاص اور صدق کا بھی پتہ چل گیا۔ لہٰذا انہوں نے جیشِ نبویؐ کے مکہ میں پہنچنے سے قبل، ان ہدایات اور احکامات پر عمل کرنے میں سُرعت سے کام لیا جو انہیں دیئے گئے تھے۔

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ جب ابوسفیان لشکر گاہ نبویؐ سے واپس آیا (جو مکہ سے چار میل کے فاصلہ پر تھا) تو اس نے قریش کو بلند آواز سے کہا اے قریش محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تمہارے پاس وہ فوج لے کر آیا ہے جس کا تم سامنا نہیں کر سکتے پس جو ابوسفیان کے گھر میں داخل ہو جائے گا اُسے امن دیا جائے گا تو اس کی بیوی نے کھڑے ہو کر اس کا سر پکڑ کر کہا، تمہارے پیچھے کیا ہے؟ ابوسفیان نے جواب دیا میرے پیچھے کیا ہے؟ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے جو دس ہزار

کے ساتھ آیا ہے جو سرتاپا آہن پوش ہے اس نے مجھے یہ اعزاز دیا ہے کہ جو میرے گھر میں داخل ہو جائے گا وہ امن و امان میں رہے گا، بعض نے اُسے کہا خدا تیرا بُرا کرے تیرا گھر تو ہمارے لیے کافی نہیں ہے؟ ابوسفیان نے جواب دیا جو اپنے دروازے بند کرے گا وہ بھی امن و امان میں ہوگا اور جو مسجد میں داخل ہو جائے گا وہ بھی امن و امان میں ہوگا اور جو ہتھیار ڈال دے گا وہ بھی امن و امان میں ہوگا تب اس کی بیوی نے اس کی مونچھ پکڑ کر کہا: قوم کے ایلچی خدا تیرا بُرا کرے، اے آلِ غالب، اس بوڑھے احمق کو قتل کر دو جس میں کوئی بھلائی کی بات نہیں قوم کے پیشرو کا بُرا ہو، پھر اس نے قریش کو مقابلہ پر اُبھارتے ہوئے کہا تم کیوں اپنی جانوں اور ملک کا دفاع نہیں کرتے اور کیوں نہیں لڑتے، ابوسفیان نے کہا تیرا بُرا ہو خاموش ہو جا اور اپنے گھر میں داخل ہو جا۔ پھر اس نے جمہور قریش کو مخاطب کر کے کہا، تمہارا بُرا ہو یہ عورت تمہیں دھوکا میں مبتلا نہ کر دے۔ میں نے جو کچھ دیکھا ہے تم نے نہیں دیکھا میں نے جوانوں، گھوڑوں اور اسلحہ کو دیکھا ہے کسی کو اس سے مقابلہ کی سکت نہیں کیونکہ وہ تمہارے پاس ایسی فوج لے کر آیا ہے جس کا تم سامنا نہیں کر سکتے[1]

اہل مکہ کا ہتھیار ڈالنا اور اسلام قبول کرنے کے لیے تیاری کرنا

جمہور قریش کے سامنے ابوسفیان نے جو بیان دیا اس کے سننے کے بعد لوگ منتشر ہو گئے اور ہر

---

[1] سیرت ابن ہشام ص ۴۷ ج ۴، تاریخ طبری ص ۵۴ ج ۲، مغازی الواقدی ص ۸۲۲ ج ۲، البدایہ والنہایہ ص ۲۹۰ ج ۴، سیرت حلبیہ ص ۲۰۵ ج ۲، تاریخ ابن عساکر بسلسلہ حالات ابوسفیان بن حرب، صحیح البخاری ص ۵، زاد المعاد جلد ۲ اور جوامع السیرۃ۔

Marfat.com

ایک نے اس بات کو اچھی طرح تسلیم کر لیا کہ جیش نبویؐ کا مقابلہ کرنا ایک عبث کام ہے اور درست اور حکیمانہ بات وہی ہے جس کی طرف ابوسفیان نے جمہور قریش کو دعوت دی ہے یعنی جنگ سے رُکنا اور ہتھیار ڈالنا، اس رضامندی کے مطابق قریش نے راستوں کی خالی جگہوں کی طرف جانے میں جلدی کی اور مکہ کو جنگ کی تباہیوں سے بچانے کے لیے انہوں نے اس معاہدہ کے مطابق جو ابوسفیان اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان طے پایا تھا عمل کرتے ہوئے اپنے ہتھیاروں کو راستوں، گھروں کے سامنے اور مسجد حرام کے دروازوں پر پھینکنا شروع کر دیا اور اپنے گھروں، مسجد اور ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے لی تاکہ قریش کے مال و جان اور مملوکات محفوظ ہو جائیں اس طرح قریش نے کرفیو آرڈر کے نظام پر عملدرآمد کیا اور جیش نبویؐ کے داخلہ سے قبل، مکہ کی گلیاں لوگوں سے خالی ہو گئیں۔

چند لوگوں کا مقابلہ اور شکست

مکہ کی غالب اکثریت نے عقل کی آواز پر لبیک کہا اور انہوں نے اسلامی فوج (جس کے مقابلہ کی انہیں طاقت نہ تھی) کے مقابلہ میں سرِ تسلیم خم کر دینے کا فیصلہ کیا، گلیوں کو خالی کر دیا، اسلحہ کو پھینک دیا اور اپنے گھروں، مسجد اور ابوسفیان کے گھر میں چھپ کر بیٹھ گئے یہاں تک کہ مکہ پر جیش نبوی کا مکمل قبضہ ہو گیا۔

قریش کی ایک اقلیت نے اس فیصلے کی مخالفت کی اور اپنے سردار ابوسفیان کی نافرمانی کی انہوں نے ہتھیار اُٹھائے اور حملہ آور جیش نبویؐ کے مقابلہ کا فیصلہ کیا لیکن ان کی مقاومت کو چند منٹوں میں کچل دیا گیا اور ان کی بدقسمتی سے ان کا مقابلہ اس ماہر ترین جنگی سالار سے تھا جسے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد تمام جزیرہ عرب جانتا تھا یعنی خالد بن ولید رضی اللہ عنہ۔

جن لوگوں نے اجماع کی مخالفت کر کے جیش نبویؐ کا مقابلہ کیا، اور حرم

Marfat.com

میں خون بہانے کا سبب بن گئے حالانکہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اسے پسند نہیں کرتے تھے، اُن میں وہ جوان بھی شامل تھے جنہوں نے بعد میں، راہِ خدا میں جہاد کرتے ہوئے اپنے پاکیزہ خون سے شجر ایمان کی آبیاری کی جیسے صفوان بن اُمیہ اور عکرمہ بن ابوجہل جنہوں نے ان شامی معرکوں میں جامِ شہادت نوش کیا، جو حضرت عمر فاروقؓ کے عہدِ خلافت میں رومی اور اسلامی فوجوں کے درمیان ہوئے

مکہ میں داخل ہونے کے لیے تیاری کے وقت قیادت کی تقسیم

اس کتاب میں ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قدید میں اپنی فوج کو قبائلی بنیاد پر تیار کیا اور فوج نے قدید سے مکہ کی جانب پوری تیاری کے ساتھ اس قبائلی بنیاد پر مارچ کیا جس کا تفصیلی ذکر ہم اس کتاب میں پہلے کر چکے ہیں مگر جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مقام "ذی طوی" میں پہنچے، جسے آج کل "زاہر" کہتے ہیں تو آپ نے اپنی دس ہزار فوج کو پانچ دستوں میں تقسیم کیا آپؐ خود پہلے دستہ کے سالار تھے جس میں کبار مہاجرین و انصار اور عربی قبائل کے شیوخ اور سردار شامل تھے، اور دیگر چار دستے جن کی مکہ پر قبضہ کرنے اور قریش کی کسی مسلح مقاومت کو کچلنے پر ڈیوٹی لگائی گئی تھی ان کی قیادت چار صحابہ کو سونپی گئی جن میں سے تین مہاجر اور ایک انصاری تھے۔

جن اطراف سے یہ دستے مکہ میں داخل ہوئے

وہ چار سالار یہ تھے:- (۱) حضرت زبیرؓ بن العوام، کے دستے کی یہ ڈیوٹی لگائی گئی کہ وہ مکہ میں شمالی جانب پر قبضہ کرے جو کدیٰ کے قریب ہے۔ (۲) حضرت خالدؓ بن ولید۔ اُن کی ڈیوٹی لگائی گئی کہ وہ مکہ کی جنوبی طرف سے منطقہ "اللیط" سے داخل ہوں جسے آج کل "محلۃ المسفلۃ" کہتے ہیں۔

لہ سیرت ابن ہشام صفحہ ۸۲۵ ج ۲

Marfat.com

۳- حضرت ابو عبیدہ بن الجراح - ان کی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ڈیوٹی لگائی کہ وہ اپنے دستے کے ساتھ شمال مغربی جانب سے داخل ہوں[1]

۴- حضرت قیس بن سعدؓ بن عبادہ انصاری[2] جس دستے کی سالاری کر رہے تھے وہ سب کا سب انصار پر مشتمل تھا اس کی ڈیوٹی یہ لگائی گئی کہ وہ مکہ میں جنوب مغربی

---

[1] الرسول القائد ص ۱۳۱

[2] قیس بن سعد بن عبادہ بن ولیم انصاری خزرجی، ان کا باپ خزرج کا سردار تھا یہ شجاع انصاری جوانوں میں سے تھے اور اپنے باپ کی طرح جود و کرم میں بلند مقام پر فائز تھے اصابہ میں ان کی سخاوت کے واقعات میں سے ایک واقعہ یہ ہے کہ ایک آدمی نے ان سے تیس ہزار روپیہ قرض لیا جب وہ اسے واپس کرنے لگا تو آپ نے واپس لینے سے انکار کر دیا۔ صحیح بخاری میں حضرت انسؓ سے مروی ہے کہ آپ کا حضور علیہ السلام کے ہاں وہی مقام تھا جو کسی حکمران کی طرف سے پولیس افسر کا ہوتا ہے - اور ابن عبد البرؒ کہتا ہے کہ قیس دانشورانِ عرب میں سے جلیل القدر فاضل تھے اور جنگ میں بہادری، سخاوت اور شجاعت کے ساتھ صاحب الرائے اور جنگی چالوں کے ماہر تھے اپنے باپ کی طرح اپنی قوم میں صاحبِ شرف تھے ان کی سخاوت کا ایک قصہ غزوہ خبط میں بیان ہو چکا ہے۔ قیس انصار کے علمبردار اور چار دستوں میں سے اس ایک کے سالار تھے جس سے فتح مکہ کے روز جنگ کی گئی تھی ابن عیینہ کہتا ہے کہ قیس موٹے تازے خوبصورت اور لمبے قد کے تھے جب سوار ہوتے تو ان کی ٹانگیں زمین پر لگتی تھیں انہوں نے فتح مصر میں بھی عمرو بن عاص کی قیادت میں حصہ لیا اکثر جنگوں میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوئے اصحاب جمل و معاویہ کے ساتھ نزاع میں حضرت علیؓ کے ساتھ تھے، مصر پر حضرت علیؓ کی طرف سے والی تھے۔ صفین میں حضرت علیؓ کے ساتھ شامل ہوئے، جب معاویہؓ (باقی ص ۲۴۴ پر)

Marfat.com

جانب سے داخل ہوئے پہلے یہ فیصلہ ہو چکا تھا کہ اس دستے کی قیادت انصار کے سردار سعد بن عبادہ کریں گے۔ لیکن رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بات کہنے کے باعث جس نے مہاجرین کو ناراض کر دیا تھا (انہوں نے یہ دھمکی دی تھی کہ انصار، مکہ کو مباح قرار دیں گے) آپ کو تادیبًا قیادت سے معزول کر دیا[1] مگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی خوش دلی کے لیے ان کے بیٹے سعد کو ان کا جانشین مقرر کر دیا تاکہ انصار کی قیادت کسی دوسرے کی طرف نہ جائے (کیونکہ یہ لوگ فوج کی ریڑھ کی ہڈی تھے)

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں کہاں سے داخل ہوئے

مؤرخین کے راجح بیان کے مطابق رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں اس جانب سے داخل ہوئے جس جانب سے حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح داخل ہوئے، اس کی دلیل ابن اسحق کی یہ روایت ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں اس کی شمال مغربی جانب سے داخل ہوئے اور سیدھے چلے گئے اور آپ کے آگے آگے حضرت ابو عبیدہ تھے[2] یہاں تک کہ آپ حجون کی جانب پہنچ گئے اور وہاں سے جنوب کی طرف اُتر کر مسجد میں چلے گئے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۴۳) الگ امیر بن گئے اور مسلمانوں نے ان کی بیعت کی تو قیس نے معاویہؓ کے پاس آ کر صفین میں حضرت علیؓ کے ساتھ موافقت کرنے کا ذکر کیا۔ اور معاویہؓ کے ساتھ سختی سے پیش آئے اور دوبارہ حضرت علیؓ کی تائید کی مگر معاویہؓ نے یہ سب باتیں برداشت کیں اور ان کی عزت کی۔ آپ کی وفات خلافت معاویہؓ کے دور میں مدینہ میں ہوئی۔

[1] الرسول القائد ص ۱۳۳ ، [2] البدایہ والنہایہ ص ۲۶۵ ج ۴

[3] سیرت ابن ہشام ص ۴۹ ج ۴

Marfat.com

آپ نے حجون میں ایک خیمہ میں استراحت فرمائی جو آپ کے لیے نصب کیا گیا تھا[1]، باوجودیکہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوج کو مکہ میں داخلہ کے پانچ دستوں میں تقسیم کر دیا تھا مگر فوج بنیادی تیاری پہ قائم رہی اور مکہ میں قبائل کے مطابق ان کے جھنڈوں تلے حسب تنظیم افسروں کی قیادت میں داخل ہوئی جس کا تفصیلی ذکر ہم اس کتاب کے گذشتہ صفحات میں کر آئے ہیں ذی طویٰ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے فوج کو تقسیم کرنے اور سالاروں کو مکہ پہ قبضہ کرنے کی جہت بتانے کے بعد فوج ذی طویٰ میں مکہ میں داخل ہونے کی تیاری میں کھڑی رہی۔

مکہ میں داخل ہوتے وقت ہتھیار استعمال نہ کرنے کے متعلق سخت احکامات

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کے سالاروں کو مکہ میں ہتھیار استعمال نہ کرنے اور راستہ میں حائل ہو کر جنگ کرنے والے کے سوا، دوسرے لوگوں کو قتل نہ کرنے کے سخت احکام صادر فرمائے آپ نے فرمایا:۔

"جو تمہارے ساتھ جنگ کرے اس کے سوا کسی سے جنگ نہ کرو" سالاروں نے فوج میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام کو نافذ کر دیا اور مکہ میں داخل ہوتے وقت ان سے کسی لڑائی کا صدور نہیں ہوا[2]، سوائے ان دستوں کے جن کی قیادت حضرت خالدؓ بن ولید کر رہے تھے وہ دستے جنگی نقطہ نظر سے بہت اہم تھے اور سب کے سب سواروں پر مشتمل تھے اور اس دور میں سواروں کے ہتھیاروں پہ فوج بہت اعتماد کرتی تھی جس علاقے میں حضرت خالدؓ بن ولید کے دستے کے سواروں کو قبضہ کرنے کا کام سونپا گیا تھا وہاں پہ قریش کے تھوڑے سے آدمیوں نے اپنے بڑھیوں

---

[1] سیرت ابن ہشام صفحہ ۴۹ ج ۴ [2] سیرت حلبیہ صفحہ ۲۰۷ ج ۲

Marfat.com

بنو بکر کی مدد سے مزاحمت کی اور وہاں پر معمولی سی لڑائی ہوئی یہودی لوگ تھے جو نقض صلح حدیبیہ اور اس ہمہ گیر جنگ پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تیار کرنے کا سبب بنے تھے۔

ذی طویٰ میں فوجی مظاہرہ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب چاروں دستوں کے سالاروں کو، مکہ پر قبضہ کرنے اور اسے آزاد کرانے کے احکام دے چکے تو جیش نبویؐ کے دستوں نے لشکر گاہ میں ایک مظاہرے کی تیاری کی، لشکر گاہ ایک میدان تھا جو مکہ کی آبادی سے باہر حجون اور خندمہ کے مقابل میں شمال مغربی جانب میں واقع ہے، مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں داخل ہونے کے لیے فوج کو مکمل طور پر تیار کر دیا تو آپ نے غسل فرمایا اور اپنی ناقہ قصویٰ کو لانے کا حکم دیا، ناقہ کو خیمہ کے دروازے پر آپ کے پاس لایا گیا آپ نے ہتھیار پہننے اور خود سر پر رکھنے کے لیے فرمایا، پیادوں اور سواروں نے حجون اور خندمہ کے درمیان آپ کے لیے فوراً صف بندی کی، اہل مکہ اپنی آنکھوں کے سامنے جیش نبویؐ کے اجتماع کو دیکھ رہے تھے جو چلنے کے لیے تیار تھا، ہر دستہ اس منطقہ کی طرف کے لیے تیار تھا جو اس کے لیے مکہ میں مقرر کر دیا گیا تھا اہل مکہ نے پہاڑوں کی چوٹیوں سے اس اجتماع، تیاری، تنظیم اور مظاہرے کو دیکھا۔

ابن ہشام نے جیش نبوی کے خوبصورت منظر کو (جیسا کہ کوہ قبیس کی چوٹی سے ایک عینی شاہد نے بیان کیا ہے) بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ جب رسول صلی اللہ علیہ وسلم ذی طویٰ مقام میں کھڑے ہوئے تو ابو قحافہ (حضرت ابو بکرؓ کے والد) نے اپنی سب سے چھوٹی بیٹی سے کہا اے بیٹی مجھے کوہ قبیس پر چڑھا (ان کی نگاہ ختم ہو چکی تھی) وہ کہتی ہے کہ میں انہیں پہاڑ پر لے کر چڑھ گئی

Marfat.com

انہوں نے کہا، بیٹی تو کیا دیکھتی ہے، بیٹی نے جواب دیا میں بہت لوگوں کا اکٹھ دیکھ رہی ہوں، انہوں نے پوچھا یہ سوار ہیں، اس نے جواب دیا میں ایک جوان آگے پیچھے دوڑتا دیکھ رہی ہوں انہوں نے کہا بیٹی یہ منتظم ہے، پھر اس لڑکی نے کہا خدا کی قسم یہ لوگوں کا اکٹھ منتشر ہو گیا ہے وہ کہتی ہے کہ میرے دادا نے کہا کہ خدا کی قسم سوار چل پڑے ہیں مجھے جلد گھر لے چل تو میں انہیں جلد گھر لے آئی اور اپنے گھر پہنچنے سے قبل ہی سوار انہیں ملے[1]، واقدی کا بیان ہے کہ وہ لڑکی قریبہ بنت ابی قحافہ تھی جو خوف سے مرعوب ہو چکی تھی، اس کے باپ نے اس کو خوف زدہ دیکھ کر کہا بیٹی خوف نہ کر، تیرا بھائی ابوبکرؓ، محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں ان کے اصحاب میں بہت نمایاں مقام رکھتا ہے[2]

تاریخ کا میزان اعتدال

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آخری مارچ کے لیے ذی طویٰ میں اپنی فوج کی تیاری مکمل کی تاکہ مکہ مکرمہ شرک اور بت پرستی کی نجاست سے کُلی طور پر پاک صاف ہو جائے۔ یوں معلوم ہوتا تھا کہ ہزاروں گھوڑے رقص کرتے ہوئے اپنے سُم زمین پر مار رہے ہیں کبھی ایک طرف جھک جاتے ہیں اور اپنے سواروں سے لگاموں کو کھینچ کر آزاد ہو جانا چاہتے ہیں، چاروں دستے پوری تیاری کے ساتھ کھڑے تھے ہر دستہ ذی طویٰ کے میدان کے آخری اکٹھ میں سمٹ آیا تھا اور ہر دستے کا سالار اپنے گھوڑے پر صفوں کے آگے جولانی کر رہا تھا۔ اور انہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب سے حملہ کے اشارہ کے انتظار میں نظم و ضبط کی

---

[1] سیرت ابن ہشام ص ۴۸ ج ۴

[2] مغازی الواقدی ص ۸۲۴ ج ۲

Marfat.com

پابندی کے احکام بتا رہا تھا ان فیصلہ کن گھڑیوں میں تاریخ کا ترازو درست ہو گیا اور اللہ تعالیٰ نے اپنے صحابہ اور مومن بندوں کے ساتھ جو وعدہ کیا تھا اُسے پورا کر دیا کہ

لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ آمنین محلقین رؤسکم ومقصرین لا تخافون فعلم ما لم تعلموا فجعل من دون ذلک فتحاً قریباً[1]

ترجمہ: "تم لوگ مسجد حرام میں انشاء اللہ ضرور جاؤ گے، امن و امان کے ساتھ کہ تم میں کوئی سر منڈاتا ہو گا اور کوئی بال کترا تا ہو گا، تم کو کسی طرح کا اندیشہ نہ ہو گا، سو اللہ تعالیٰ کو وہ باتیں معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں، پھر اس سے پہلے لگے ہاتھ ایک فتح دے دی۔"

اور مکہ کا پیارا شہر بھی قریب تھا کہ اس کے پہاڑ خوشی سے جھوم اُٹھیں، اپنے راست باز، امانت دار، صابر اور قانع بیٹے اس کے جانباز ظفر مند اور ایمان دار لشکر کے استقبال کے لیے تیار ہو گیا تاکہ وہ اسے بت پرستی کی نجاست اور جاہلیت کی پستی سے نجات دے اور ابراہیم علیہ السلام کے دین کی نورانی شعاعوں کو دوبارہ اس کے گھروں میں لے آئے اور اس کے ان تاریک کھنڈرات کو روشن کر دے جو ہزار ہا سال سے شرک وجہل اور پسماندگی کی تاریکیوں میں زندگی بسر کر رہے ہیں اور تاریخ اپنے صحیفے کو ان خوب صورت اور عجیب امتیازات کی روشنی میں لکھے جن میں بڑی بڑی نصیحتیں اور عبرتیں ہیں اور اپنی ساری سوچ بچار کو، فکر و تامل کے لیے مجتمع کرنے۔

عقیدہ پر ثابت قدمی کے ثمرات کس طرح ملتے ہیں

آج کی تاریکی اور روشن صبح کو

[1] البدایہ والنہایہ ص ۲۸۶ ج ۴، سیرت الحلبیہ ص ۲۱۰ ج ۲

Marfat.com

مکہ نے جو عجیب و غریب اور خوب صورت امتیازات دیکھے وہ اس صحیح عقیدہ پر ثابت قدمی کا صرف ایک پھل تھا جس نے راستے میں حائل ہونے والی ہر چیز کو (خواہ وہ ٹھوس پہاڑ ہی ہوں) توڑ پھوڑ دیا تھا اور کون سا قیانہ، اس عظیم الشان محمد بن عبداللہ ہاشمی کے مقابلہ کے قصے سے زیادہ خوبصورت اور عظیم تر ہے جسے آج کے پر نور دن میں تاریخ نے لکھا، یہ عظیم الشان فقط سات سال قبل اپنی قوم کے نزدیک ہر اس چیز سے جو ان کے پاس موجود تھی، کم تر حیثیت کا مالک تھا، مکہ میں ان کے درمیان رہتے ہوئے انہوں نے اس بات کو جانتے ہوئے کہ وادی بطحاء میں اس جیسا نیک، پاک اور شریف آدمی پیدا نہیں ہوا۔ اس کے قتل کرنے پہ اتفاق کیا، باوجودیکہ وہ مخلصانہ رنگ میں انہیں شرک کے مہلک پنجوں سے بچانا چاہتا تھا انہوں نے اس سے نجات حاصل کرنے کے لیے اس کے قتل کا منصوبہ بنایا، انہوں نے آپؐ کے گھر کا محاصرہ کر لیا تاکہ اپنے قبائلی پارلیمانی فیصلے کا نفاذ کرتے ہوئے باطل کی مدد اور حق کی دشمنی کی خاطر آپ کو قتل کر دیں۔ اور جب اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو ان کے شر سے نجات دی تو اس تاریک رات کی صبح کو ان کی سازش کی ناکامی ان پہ واضح ہو گئی جب انہوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے گھر میں اپنے بستر پہ نہ پایا جیسا کہ ان کو توقع تھی کہ وہ انہیں وہاں پا کر اپنی تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کر دیں گے اور ان کے خون کو مباح کر دیں گے، انہوں نے مکہ کے باشندوں اور قرب وجوار کے علاقے کے لوگوں کو آپ کا خون بہانے پہ برانگیختہ کیا اور آپ کے قتل پر بہت بڑا (سو اونٹ) انعام مقرر کیا جسے ایک عرب اپنے قبضے میں لینے کا بڑا شائق ہوتا تھا یعنی جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو زندہ یا مردہ صورت میں ان کے پاس لائے گا اسے یہ انعام دیا جائے گا، لیکن جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کی تدبیروں سے محفوظ رکھا تو وہ بری طرح ناکام و نامراد ہو گئے۔ واذ یمکر بک الذین

Marfat.com

كفروا ليثبتوك او يقتلوك او يخرجوك ويمكر الله والله خير الماكرين[2]

ترجمہ: "اور اس واقعہ کا ذکر بھی کیجیے جب کہ کافر لوگ آپ کی نسبت تدبیریں سوچ رہے تھے کہ یا آپ کو قید کر لیں .... یا آپ کو جلا وطن کر دیں اور وہ تو اپنی تدبیریں کر رہے تھے اور اللہ تعالیٰ اپنی تدبیر فرما رہا تھا اور سب سے زیادہ مستحکم تدبیر والا اللہ ہے۔"

فتح مکہ کا دن

اس عظیم اور خوبصورت امتیاز سے اور کونسا امتیاز عظیم ہو سکتا ہے جسے تاریخ نے اس فتح عظیم کے تاریخی دن میں اپنی بلندیوں پر لکھا (۲۰ رمضان بروز سوموار ۸ھ) یعنی محمد بن عبداللہ کے قصہ کو، جسے تمام مکہ والوں نے فقط سات سال پہلے مکہ سے نکال دیا تھا۔ اسے نکالنے کے لیے بھڑکائے ہوئے جنونیوں کی طرح باتیں کی جاتی تھیں، اور یہی دیس نکالا دینے والا اپنے دل میں اس عظیم انسان کو قتل کرنے یا اسے زندہ پکڑنے کا بھی متمنی تھا تاکہ اس کی مشکیں کس کر اسے دارالندوہ کی پولیس کے سامنے پھینک دے اور اس عظیم انعام کو حاصل کرے جس کے حصول کے لیے مکہ کے ہر شخص کی رال ٹپک رہی تھی جسے شرک کی پارلیمنٹ کے خزانہ نے اس شخص کے لیے مقرر کیا تھا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی وسیلہ سے خواہ قتل کرنے سے یا گرفتار کرنے سے، مدینہ کی طرف ہجرت کرنے سے روک دے گا، محمدؐ نے (نعوذ باللہ) عظیم ترین جرم کا ارتکاب کیا ہے جس سے اس کا خون مباح ہو گیا ہے، ہاں ہاں، جاہل مشرکین کی نگاہ میں یہ ایک جرم ہی تھا حالانکہ واقعہ میں یہ انہیں شرک کی ظلمت سے نکال کر نورِ توحید کی طرف

---

[1] الفتح ۲۷

[2] الانفال ۳

اور جہل کی گھٹن سے علم و معرفت کی وسعت کی طرف اور وجدان وفکر کی غلامی سے حریت ضمیر و تفکیر کی طرف اور مخلوق کی عبادت سے خالق کی عبادت کی طرف لانے کی ایک عظیم ترین کاروائی تھی جو کوئی انسان کسی کو بچانے کے لیے کر سکتا ہے۔

کونسی موعظت و عبرت اور کون سا عجیب واقعہ اس امتیاز سے عجیب تر ہو سکتا ہے جسے تاریخ نے اس کامل انسان کے مقابلہ کے قصہ میں درج کیا ہے، جسے مکہ یاد رکھے گا اور کبھی نہیں بھولے گا (آج بڑے بڑے مجرم دس ہزار جانبازوں کے رحم پر کانپتے ہوئے کھڑے ہوئے ہیں جن کی قیادت وہ شخص کر رہا ہے جسے اہل مکہ نے ایسا دیس نکالا دینے کا ارادہ کیا تھا کہ پھر وہ واپس نہ آسکے) مکہ اس بات کو یاد رکھے گا اور بھولے گا نہیں کہ یہ شخص اکیلا خوفزدہ حالت میں مکہ سے نکلا تھا ہر جگہ پر موت اس کی گھات میں تھی اور ایک آدمی ابوبکر صدیق کے سوا کوئی اس کے ساتھ ان خطرات میں شریک نہیں ہونا چاہتا تھا اور آج وہ اپنے محبوب شہر مکہ کی طرف سربلند اور روشن جبیں ہو کر واپس آرہا تھا، اللہ تعالٰے نے اس کا عزت و حفاظت سے احاطہ کیا ہوا تھا اور اُسے سیادت کی چادر زیب تن کروائی تھی اور تمام قیادتوں کی چابیاں اس کے ہاتھ میں دیں اور اُسے الٰہی فوجوں کے ہزاروں سواروں اور ہزاروں پیادوں کا ایک موجزن سمندر گھیرے ہوئے تھا جن میں سے ہر ایک اپنی جان سے اس پر فدا تھا۔

اور حق بات یہ ہے کہ یہ ایک عجیب بات اور عجیب تر امتیاز ہے (جس سے عقلمند آدمی عبرتیں اور مواعظ حاصل کر سکتا ہے) جو مجسم صورت میں ان کے سامنے موجود ہے کہ یہ مکہ جس کے تمام رہنے والے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر حملہ کرنے کی نیت سے اُسے بے وطن کرنے کے لیے گھروں سے نکل پڑے تھے۔ آج عجز و ذلت ان کا استقبال کر رہی ہے اور بڑے بڑے مجرموں کے سر اس خوف

Marfat.com

سے کانپ رہے ہیں کہ اس شخص کی تلواریں انہیں ان کے شانوں سے جدا کر دیں گی)، جو کل کا دھتکارا ہوا اور آج کا غالب فاتح ہے۔

ان لوگوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ختم کرنے اور ان سے اور ان کی دعوت سے نجات پانے کے کسی ذریعے کو نہیں چھوڑا، لیکن آج ان کے ہتھیار ڈال دینے اور مقاومت مقابلے سے عاجز ہو کر اس کی فوج کے سامنے سر تسلیم خم کر دینے کے بعد، ان سب کا انجام اُس کے ہاتھ میں ہے اگر وہ مقاومت کی قدرت رکھتے تو ضرور مقاومت کرتے، لیکن اس نے ان پر غالب آ جانے کے بعد اور اس کی فوج کے مکہ پر قبضہ کر لینے کے بعد ان سے کیا سلوک کیا؟ پوری طرح قدرت رکھنے کے باوجود انہیں مکمل طور پر معاف کر دیا یہ وہ خلق ہے جس سے اولوالعزم پیغمبر ہی آراستہ ہوتے ہیں جن کے دل پاک اور صاف ہوتے ہیں جن میں کوئی کینہ کپٹ نہیں ہوتا۔

جیشِ نبویؐ مکہ میں کیسے داخل ہوا

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کے لیے مقدس شہر پر قبضہ کرنے کے لیے جو منصوبہ بنایا تھا اس کا فیصلہ یہ تھا کہ اس شہر کو امن و امان دیا جائے اور اور اس کے اہل کو مال، جان اور اولاد کے بارے میں کسی قسم کا خوف محسوس نہ ہو، اس شریفانہ مقصد کو پورا کرنے کے لیے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی فوج کے تمام دستوں کے لیے یہ حکم صادر فرمایا کہ وہ مکہ میں داخل ہوتے وقت، سوائے اس شخص کے جو ان کے خلاف تلوار سونت لے، ہتھیاروں کو بالکل استعمال نہ کریں گویا آپؐ نے فوج کو سوائے دفاعِ جان کی صورت کے، جنگ سے رُکنے کا حکم دیا۔

مکہ میں کرفیو آرڈر کا نفاذ

دوسری جانب (تاکہ مکہ مقدسہ ہر قسم کی خونی کارروائی سے محفوظ رہے جسے بعض جذبات سے اندھے قریشی ہوا دے رہے تھے) رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوسفیان سردار قریش

Marfat.com

لیے ساتھ مل کر معاہدہ کیا کہ مکہ میں جیش نبویؐ کے وقت اور اس کے آزاد کر دینے کے وقت تک کرفیو آرڈر نافذ ہو اور تمام اہل مکہ کو ہتھیار اُٹھانے کی ممانعت ہو اہل مکہ نے کرفیو آرڈر نظام کی پابندی کی اور اپنے قائد اور سردار ابو سفیان کی دعوت کو قبول کر کے اپنے گھروں مسجد اور ابو سفیان کے گھر میں بیٹھے رہے نیز انہوں نے اطاعت کی علامت کے طور پر اپنے ہتھیار اپنے گھروں سے باہر پھینک دیے، اہل مکہ کے کرفیو آرڈر کی پابندی کرنے کے باعث گلیاں، راستے اور عام میدان گزرنے والوں سے خالی ہو گئے اور قریش کسی اہم واقعہ کے منتظر رہے، مقدس شہر میں خاموشی نے اپنے خیمے نصب کر دیے اور خوفزدہ سینوں میں دلوں کی دھڑکنیں تیز ہو گئیں گھبراہٹ کے مارے سردارانِ مکہ کے دل ان کے پہلوؤں سے نکلے جا رہے تھے ان کا تاریک ماضی ان کے سامنے تھا گویا تاریخ نے ان کے ماضی کا نقشہ ان کے سامنے رکھ دیا تھا جو ان جرائم، زیادتیوں اور مظالم سے بھرپور تھا جو انہوں نے مکہ کے شریف، امین اور نیک فرزند اور اس کے تھوڑے سے نیک ساتھیوں کے ساتھ ان دنوں روا رکھے تھے جب وہ نہتے تھے اور انہیں حکمت اور موعظہ حسنہ کے ساتھ خدائے واحد کی عبادت کرنے اور اس کے ماسوا شریکوں سے چھڑانے کی دعوت دیا کرتے تھے۔

تاریخ مکہ کی فیصلہ کُن گھڑی

جب جیش نبویؐ کے چاروں دستوں نے مقدس شہر پر قبضہ کرنے کے لیے ذی طویٰ سے مارچ کا آغاز کیا تو فیصلہ کُن گھڑی قریب آ گئی اور اس کی سوئی صفر پر آ کر رُک گئی اور ہر دستے کے لیڈر نے اس جانب مارچ شروع کر دیا جس پر جیش کے سالار اعلیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ڈیوٹی لگائی تھی کہ وہ شہر میں اس جانب سے داخل ہو۔

★ حضرت خالدؓ بن ولید نے مکہ میں داخل ہونے کے لیے جنوب کی طرف مارچ کیا،

Marfat.com

(آج کل اس کو محلہ مسفلہ کہتے ہیں)

★ حضرت زبیر بن العوام نے اپنے دستے کے ساتھ شمال کی طرف سے داخل ہونے کے لیے مارچ کیا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تھا کہ وہ اپنے دستے کے ساتھ توقف کریں اور اپنے جھنڈے کو حجون کے پاس نصب کر دیں۔

★ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح نے اپنے دستے کے ساتھ شمال مغرب کی طرف سے مکہ میں داخل ہونے کے لیے مارچ کیا یہ سب کے سب پیادہ تھے۔

★ حضرت قیس بن سعد بن عبادہ اپنے دستے کو جنوب مغرب سے شہر میں داخل ہونے کے لیے لے گئے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور فوج کے سالارِ اعلیٰ اپنے جنگی بورڈ کے ساتھ جو کبار مہاجرین و انصار اور زعمائے قبائل پر مشتمل تھا، مکہ میں کداء کی جانب سے (جو شمال مغرب میں ہے) داخل ہونے کے لیے روانہ ہوئے، جہاں پر تیسرے دستے کے سالار حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح آپ کے آگے آگے ابطح میں حجون کی طرف اپنے پیادہ دستے کے ساتھ پیش قدمی کر رہے تھے۔

مکہ میں معرکہ آرائی کا ایک مقام

چاروں دستوں کے سالاروں کی جس جس جانب ڈیوٹی لگائی گئی تھی وہ اس جانب سے بغیر کسی مزاحمت کے داخل ہو گئے مگر جس جانب سے حضرت خالدؓ بن ولید کے سواروں نے داخل ہونا تھا وہاں پر آپ کو کچھ مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا جسے آپ نے فوراً کچل دیا مکہ کے جنوب میں قریش کی ایک جماعت صفوان بن امیہ اور عکرمہ بن ابو جہل کی سرکردگی میں جمع ہوئی اور انہوں نے حضرت خالد بن ولید کے سامنے ڈٹ جانے کا فیصلہ کیا جو جیش نبویؐ کے اہم دستوں کی قیادت کر رہے تھے اور سب کے سب سوار تھے۔ اس مقابلہ میں قریشیوں کی مدد، بکر اور ہذیل قبیلہ کے کچھ لوگ کر رہے تھے

Marfat.com

انہوں نے مزاحمت کے لیے ایک تنگ راستہ چُنا اور اس راستہ پر جُھکی ہوئی چوٹیوں پر قبضہ کر رکھا تھا یہی وہ بڑا راستہ تھا جس پر سے حضرت خالد بن ولید کی قیادت میں سواروں نے گزرنا تھا۔

حضرت خالدؓ کا مزاحمت کرنے والوں کو انتباہ کرنا اور پھر انہیں کچل دینا

جب حضرت خالدؓ بن ولید کے دستے اس تنگ راستے (خندمہ) کے پاس پہنچے تو انہوں نے قریش، بکر اور ہذیل کے آدمیوں کو تیاری کے ساتھ اپنے انتظار میں پایا، انہوں نے خالد کی فوجوں کے ہراول دستوں کو موقع ہی نہ دیا اور ان پر چوٹیوں اور چٹانوں کے پیچھے سے تیروں کی بارش کر دی، حضرت خالدؓ نے اپنے دستوں کو ٹھہرنے کا حکم دیا کہ شاید وہ حملہ آوروں کو ہتھیار ڈالنے اور اپنے گھروں کو واپس لوٹ جانے پر راضی کر لیں، حضرت خالدؓ نے سہیل بن عمرو، صفوان بن اُمیہ اور عکرمہ بن ابوجہل کو آواز دی۔ آپ کو پتہ چل گیا تھا کہ یہی لوگ اس مزاحمت کے لیڈر ہیں۔ اور بتایا کہ ان کے پاس سالارِ اعلیٰ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے احکام ہیں کہ وہ کسی انسان کے خلاف ہتھیار استعمال نہ کریں سوائے اس شخص کے جو تلوار سونت کر لڑائی شروع کر دے، جب آپ انہیں ان کی مقاومت کے کچل دینے کے متعلق انتباہ کر رہے تھے تو آپ نے انہیں جنگ سے رُکنے ہتھیار ڈالنے اور بخیر و عافیت گھر واپس چلے جانے کے لیے بھی کافی موقع دیا، لیکن ان لوگوں نے حضرت خالدؓ کے انتباہ کا یہ جواب دیا کہ انہوں نے جنگ کرنے کی قسم کھائی ہے اور وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو زبردستی مکہ میں داخل نہیں ہونے دیں گے، مزاحمت کرنے والے مسلسل حضرت خالدؓ اور ان کے جوانوں پر تیر برساتے رہے چنانچہ حضرت خالدؓ ان کے خلاف ہتھیار استعمال کرنے پر مجبور ہو گئے آپ نے اپنے دستوں کو ان پر

Marfat.com

پر حملہ کرنے کا حکم صادر فرمایا چند ہی لمحوں میں حضرت خالدؓ کے دستے نے اس مزاحمت کو کچل کر رکھ دیا اور ان کو بہت بری طرح شکست فاش ہوئی وہ لوگ اپنے ۲۸ مقتولوں کو چھوڑ کر پسپا ہو گئے جن میں سے چار ہذیل کے آدمی تھے اس معرکہ میں حضرت خالدؓ کا کوئی جوان کام نہیں آیا ہاں دو آدمی مارے گئے مگر وہ کسی معرکہ میں قتل نہیں ہوئے، بلکہ وہ راستہ بھول جانے کے باعث بنو بکر کے بدوؤں کے ہاتھوں قتل ہوئے تھے یہ دو شہادت پانے والے جوان بنو منقذ کے حلیف کرز بن جابر اور حنیش بن خالد بن احرم تھے [۱]

واقدی اور طبرانی نے اس چھوٹے سے معرکے کی تفاصیل بیان کی ہیں جن کی وجہ سے حضرت خالدؓ کو مکہ کے جنوب میں اس میں حصہ لینا پڑا، واقدی کہتا ہے کہ جب حضرت خالد داخل ہوئے تو انہوں نے قریش اور ان کے حلیفوں کا ایک جتھہ دیکھا جو آپ کے مقابلہ کے لیے وہاں اکٹھے ہوئے تھے ان میں صفوان بن امیہ، عکرمہ بن ابوجہل اور سہیل بن عمرو بھی شامل تھے انہوں نے آپ کو داخل ہونے سے روکا اور ہتھیار اٹھا لیے اور تیر اندازی شروع کر دی اور کہنے لگے تو زبردستی کبھی مکہ میں داخل نہیں ہو سکے گا، حضرت خالد بن ولید نے اپنے اصحاب کو آواز دی اور ان سے جنگ کی تو ان میں سے قریش کے چوبیس آدمی مارے گئے اور حزورہ [۲] میں قتل ہونے والوں نے بری طرح شکست کھائی اور ہر طرف پیٹھ پھیر کر بھاگ گئے ان میں سے ایک پارٹی پہاڑوں کی چوٹیوں پر چلی گئی مسلمانوں نے ان کا پیچھا کیا تو ابوسفیان اور حکیم بن حزام نے بلند آواز سے کہا اے گروہِ قریش! کیوں اپنی جانوں کو گنواتے ہو جو اپنے گھر میں داخل

---

[۱] البدایہ والنہایہ صفحہ ۲۹۶ ج - ۴

[۲] یہ مکہ کا ایک بازار تھا جسے مسجد میں اضافہ کے وقت اس میں شامل کر دیا گیا تھا۔ (معجم الیاقوت صفحہ ۳۷۱ ج - ۳)

Marfat.com

ہوجائے گا وہ امن و امان میں رہے گا اور جو ہتھیار ڈال دے گا وہ بھی امن و امان میں رہے گا تو لوگ گھروں میں گھسنے لگے اور دروازے بند کرنے لگے اور ہتھیاروں کو راستوں میں پھینکنے لگے تاکہ مسلمان انہیں قبضہ میں کر لیں۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جنگ کو ناپسند کرنا اور اس کے روکنے کا حکم دینا

واقدی کہتا ہے کہ جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اذاخر گھاٹی کے راستے پر چڑھے تو آپ نے تلواروں کی چمک کو دیکھ کر فرمایا یہ چمک کیسی ہے کیا میں نے قتل سے منع نہیں کیا تھا آپ سے عرض کیا گیا یا رسول اللہ خالد بن ولید سے جنگ کی گئی ہے اگر ان سے جنگ نہ کی جاتی تو وہ نہ لڑتے اس پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے بہتر فیصلہ فرمایا ہے [1]

معرکۂ خندمہ کے مقتولوں کی تعداد

طبرانی نے بیان کیا ہے کہ معرکہ خندمہ میں مشرکین کے مقتولوں کی تعداد ستر تھی اور طبری کہتا ہے کہ ہم سے علی بن سعید الرازی ابوحسان الزیادی شعیب بن صفوان نے عطاء بن سالم سے اس نے طاؤس سے اس نے حضرت ابن عباس سے انہوں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا کہ آپ نے فرمایا :۔

"اللہ تعالیٰ نے زمین و آسمان کی پیدائش کے روز سے اس شہر (مکہ) کو حرام قرار دیا ہے اور جس روز اس نے سورج اور چاند کو بنایا اسی روز اسے بھی بنایا اور اس کے سامنے جو آسمان کا حصّہ ہے وہ بھی حرام ہے اور مجھ سے پہلے یہ کسی کے لیے حلال نہیں ہوا، میرے لیے بھی یہ صرف دن کی ایک ساعت حلال ہوا ہے پھر جیسا تھا

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۲۶ ج ۲

ویسا ہی ہو گیا ہے[۱] آپ سے عرض کیا گیا، خالد قتل کرتا ہے؟ تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے فلاں شخص اُٹھ اور جا کر خالد سے کہہ کہ وہ قتل سے ہاتھ اٹھا لے اس آدمی نے خالد کے پاس آکر کہا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جن آدمیوں پر تو قابو پائے ان کو قتل کر دے تو خالد نے ستر آدمیوں کو قتل کر دیا اس آدمی نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر اس بات کا ذکر کیا کہ خالد نے ستر آدمی قتل کر دیے ہیں آپ نے خالد کو پیغام بھیجا کیا میں نے تجھے قتل کرنے سے منع نہیں کیا؟ انہوں نے جواب دیا میرے پاس فلاں آدمی آیا تھا اس نے مجھ کو حکم دیا کہ میں جن لوگوں پر قابو پاؤں ان کو قتل کر دوں تو آپ نے اس شخص کو بُلا بھیجا اور فرمایا کیا میں نے تمہیں حکم نہیں دیا تھا تو اس شخص نے جواب دیا یا رسول اللہ آپ نے ایک بات کا ارادہ کیا اور اللہ تعالیٰ نے بھی ایک بات کا ارادہ کیا اور اللہ تعالیٰ کا حکم آپ کے حکم سے بڑھ کر ہے، میں جو کر سکتا تھا میں نے وہی کیا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سکوت اختیار کیا اور اُسے کچھ جواب نہ دیا[۲]

[۱] برہان الدین نے اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے کہا ہے یہ گھڑی وہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے بنی خزاعہ کے لیے، بنی بکر کے مشرکین سے جنہوں نے ان سے خیانت کی تھی اور غزوہ مکہ کا سبب بنے تھے، قتال کو حلال کیا تھا وہ بیان کرتا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہتھیاروں کو روک لو، ہاں خزاعہ والے بنی بکر پر نماز عصر تک ہتھیار چلا سکتے ہیں اور یہ وہی گھڑی ہے جو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حلال کی گئی تھی (سیرت حلبیہ ص ۲۰۹ ج ۳)

[۲] البدایہ والنہایہ ص ۲۹۷ ج ۴

ل کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا رت خالدؓ بن ولید سے جواب طلبی کرنا

بعض تذکروں میں ہے کہ قریش کا ایک آدمی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس خالدؓ کی کاروائی پر اعتراض کرتا
یا، اور کہنے لگا یا رسول اللہ! قریش ہلاک ہو گئے، آج کے بعد قریش نہیں ہوں گے
نے فرمایا کیوں؟ اس نے جواب دیا کہ یہ خالد بن ولید جب کسی کو ملتا ہے اُسے
کر دیتا ہے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے خالدؓ کو بُلایا اور اُسے ملامت کرتے
ئے جواب طلب فرمایا کہ تو نے کیوں جنگ کی ہے جب کہ میں نے جنگ کرنے سے
کیا ہے؟ خالدؓ نے جواب دیا یا رسول اللہ انہوں نے ہم سے جنگ کرنے میں پہل
ہے اور ہم پر تیر اندازی کی ہے اور ہم سے مقابلہ کیا ہے، میں نے مقدور بھر
س روکا اور اسلام کی دعوت دی مگر انہوں نے انکار کر دیا جب مجھے ان سے جنگ
ے کے سوا کوئی چارہ کار نظر نہ آیا تو میں نے ان سے جنگ کی تو اللہ تعالیٰ نے
س ان کے مقابلہ میں کامیاب فرمایا اور وہ اِدھر اُدھر بھاگ کھڑے ہوئے۔

اس دیلی کا ایک عجیب قصہ

بنی دیل کا ایک آدمی تھا جسے حماس بن قیس بن خالد دیلی کہتے تھے جب اس نے
سولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق سُنا تو بیٹھ کر اپنے ہتھیار دُرست کرنے لگا اس
ی بیوی نے اس سے پوچھا تو یہ ہتھیار کس کے لیے تیار کر رہا ہے؟ کہنے لگا محمد
صلی اللہ علیہ وسلم) اور اس کے اصحاب کے لیے، میں چاہتا ہوں کہ ان میں سے
تجھے ایک خادم لا دوں کیونکہ تجھے اس کی ضرورت ہے، اس لیے اُسے مشورہ دیا
روہ لڑائی نہ کرے) اُسے کہا تیرا بُرا ہو، محمد (صلی اللہ علیہ وسلم اسے لڑائی نہ
رنا، اگر تو نے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور اس کے اصحاب کو دیکھ لیا تو یہ
ہتھیار تجھ سے جاتے رہیں گے، اس نے جواب دیا تو عنقریب دیکھ لے گی[1]، کہ

---

[1] مغازی الواقدی ص ۲۸۳ ج ۲

Marfat.com

میں ان سے جنگ کروں گا، اس کے بعد حماس بن قیس عملاً خندمہ میں مزاحمت کرنے
جانب سے حضرت خالدؓ کے خلاف جنگ میں شریک ہوگیا لیکن خوف سے کا
اپنے گھر واپس آگیا تو اس کی بیوی نے اُسے مذاقاً کہا، خادمہ کہاں ہے ؟
مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ حماس بن قیس شکست کھا کر گھر واپس آیا تو اس
دروازہ کھٹکھٹایا، اس کی بیوی نے دروازہ کھولا وہ اندر داخل ہوا تو اس کی
جا رہی تھی، اس کی بیوی نے کہا وہ خادم کہاں ہے جس کا تو نے مجھ سے وعدہ
تھا؟ نیز اس نے مذاقاً کہا کہ میں تو آج تک تیرا انتظار کر رہی ہوں، اس نے جو
اس بات کو چھوڑ دے اور میرا دروازہ بند کر دے کیونکہ جو اپنا دروازہ بند کر
وہ امن وامان میں رہے گا، اس کی بیوی نے کہا میں نے تجھے محمد (صلی اللہ
کے ساتھ جنگ کرنے سے منع نہیں کیا تھا؟ میں نے تجھے کہا تھا کہ تم جب
اس سے لڑے ہو وہ تم پر غالب آیا ہے۔" اور ہمارا دروازہ کیا چیز ہے ؟ ا
جواب دیا وہ کسی کے لیے اس کا دروازہ نہیں کھولے گا (یعنی کسی کو اس کے گھر
نکال کر قتل نہیں کیا جائے گا۔)

اگر تو ہمارے ساتھ خندمہ میں موجود ہوتی تو تو صفوان اور عکرمہ کو بھاگتے
اور جب مسلمان تلواریں لے کر ہم پر ٹوٹ پڑے تو تو ابو یزید کو اس بوڑھی عورت
کی طرح دیکھتی جس کے بچے یتیم ہوگئے ہوں، وہ تلواریں ہر کلائی اور کھوپڑی کو
دیتی تھیں اور غیر واضح شور کے سوا کچھ سنائی نہیں دیتا تھا وہ ہمارے پیچھے شیر
کی طرح گرجتے تھے اس لیے تو مجھے ملامت کی کوئی بات نہ کہہ [1]

یہ وہ واحد جانب تھی جہاں مکہ کے جنوبی طرف خونریز جھڑپ اور یہاں سے

---

[1] سیرت ابن ہشام ص ۵۰ ج ۴، مغازی الواقدی ص ۸۲۷ ج ۲، البدایہ والنہایہ ص ۲۹۷ ج ۴

ہوتے وقت حضرت خالد بن ولید کو مجبوراً جنگ کرنی پڑی۔

دگوں کے خون کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مباح قرار دیا خواہ وہ کعبہ کے پردوں سے لٹکے ہوئے ہوں

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں اپنی فوج پر جنگ کرنا حرام قرار دیا تو

میوں کی ایک پارٹی کو اس سے مستثنیٰ قرار دیا اور ان دس آدمیوں کے قتل کا خواہ وہ کعبہ کے پردوں سے لٹکے ہوئے ہوں، کیونکہ یہ اپنے جرائم کی وجہ سے مستحق ہو چکے تھے۔

۱) عکرمہ بن ابوجہل
۲) عبداللہ بن خطل
۳) مقیس بن صبابہ
۴) عبداللہ بن سعد بن ابی سرح
۵) حبار بن الاسود
۶) الحویرث بن نقیذ
۷) ہند بنت عتبہ بن ربیعہ
۸) بنی ہاشم کی لونڈی سارہ
(۹) قرشا، عبداللہ بن خطل کی مغنیہ
۱۰) ارقبۃ، عبداللہ بن خطل کی مغنیہ

ان لوگوں میں سے بھی اکثر کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے معاف فرما دیا ہی لوگ ان میں سے قتل ہوئے اور دہ لوگ تھے جنہیں فوج نے مکہ میں داخل

ہونے کے دن قبل اس کے کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور ا
پیش کریں قتل کر دیا تھا۔

مکہ میں فوج نے جن آدمیوں کو قتل کیا ان کی تعداد

قتل کیا گیا وہ فقط تین آدمی تھے ؛۔

ا۔ عبداللہ بن خطل : یہ بنی تیم بن غالب سے تھا ، اس کے خون کو م
دینے اور قتل کرنے کا سبب یہ ہے کہ اس نے اسلام قبول کرنے کے بعد
کو قتل کر دیا تھا اور پھر اسلام سے مرتد ہو گیا تھا[1] ابن اسحٰق نے بیان ک
عبداللہ بن خطل کے اسلام قبول کرنے کے بعد رسولِ کریم صلی اللہ علیہ و
اُسے زکوٰۃ جمع کرنے کے لیے بھیجا اور اس کے ساتھ ایک انصاری
جس کے ساتھ اس کا ایک خادم غلام بھی تھا جو مسلمان تھا وہ ایک مق
اور اس نے اپنے خادم کو حکم دیا کہ اس کے لیے ایک بکرا ذبح کر کے کھ
اس نے بیدار ہو کر کھانا تیار نہ کیا تو اس نے اس پہ حملہ کر کے اُسے قتل ک
پھر مرتد ہو کر مشرک ہو گیا ، اس طرح عبداللہ بن خطل کو قصاص میں قتل
پھر چونکہ وہ مرتد بھی تھا اس لیے اسلامی قانون کا فیصلہ بھی اُسے قتل
تھا (کیونکہ مرتد واجب القتل ہے) اس کے علاوہ عبداللہ بن خطل ا
میں شامل تھا جنہوں نے جیشِ نبویؐ کا مکہ میں داخلہ کے وقت مقابلہ کیا

کعبہ کے پردوں کے ساتھ لٹکے ہونے کی حالت میں ابن خطل کا قتل

---

[1] سیرت ابن ہشام ص ۵۲ ج ۔ ۴

قتل کعبہ کے پردوں کے ساتھ لٹکے ہونے کی حالت میں قتل کیا گیا[۱] اس کے قتل میں سعید بن حریث مخزومی[۲] اور ابوبرزہ اسلمی[۳] شامل تھے[۴] عبداللہ بن خطل اپنے گھوڑے پر سوار ہوکر خندمہ میں حضرت خالد بن ولید کے دستوں کے مقابلہ کے لیے نکلا، مگر شکست کھائی (کتب سیرت میں ہے ابن خطل آہن پوش ہوکر مکہ سے ایک طویل دُم گھوڑے پر سوار ہوکر آیا اس کے ہاتھ میں نیزہ تھا جب سعید بن العاص کی بیٹیوں کو بتایا گیا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوچکے ہیں تو وہ بال بکھیر کر باہر نکلیں اور اپنی اوڑھنی کو گھوڑوں کے مونہوں پر مارنے لگیں تو ابن خطل نے مکہ سے آتے ہوئے انہیں مار اور کہا خدا کی قسم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس وقت تک مکہ میں داخل نہیں ہوسکتا جب تک تم توشہ دانوں کے مونہوں کی طرح مار کو نہ دیکھو) پھر وہ چلتا چلتا خندمہ تک

۱؎ البدایہ والنہایہ ص۲۹۹ ج۴

۲؎ سعید بن حریث بن عمرو بن عثمان بن عبداللہ بن مخزوم، مخزومی قرشی، فتح سے قبل مسلمان ہوئے، واقدی کہتا ہے کہ وہ اپنے بھائی عمرو بن حریث سے تھے اس ابن ماجہ نے اس کے بھائی سعید بن حریث سے بیان کیا ہے وہ کہتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس نے جاگیر یا گھر فروخت کیا اور اس کی قیمت صحیح مقرر نہ کی، اس میں اس کے لیے برکت نہ ہوگی (اصابہ جلد ۲ ص۴۳) آپ کوفہ میں فوت ہوئے۔ بعض کہتے ہیں کہ یزید بن معاویہ کے عہد میں اُسے حرہ میں قتل کر دیا گیا۔ (ابن عبدالبر)

۳؎ ابوبرزہ اسلمی کا نام نضلہ بن عبدالحرث ہے، اسلام کے سابقون میں سے ہے خیبر اور بعد کے معرکوں میں حاضر ہوئے، خلفائے راشدین کے عہد کی فتوحات میں حصہ لیا، خراسان میں لڑے، خوارج کے ساتھ جنگ میں حضرت علیؓ کے ساتھ شامل تھے اور عبدالملک کے زمانے میں مہلب کے ساتھ خوارج سے جنگ کرنے میں شریک تھے، وفات سنہ ۶۴ھ میں ستر سال کے لگ بھگ خراسان میں ہوئی۔

۴؎ سیرت ابن ہشام ص۵۳ ج۴

پہنچا تو اس نے مسلمانوں کے گھوڑوں کو دیکھا اور جنگ بھی دیکھی، اس پر اس قدر رعب طاری ہوا کہ اس کی کپکپی رُکتی نہ تھی ۔ یہاں تک کہ وہ کعبہ تک پہنچا اپنے گھوڑے سے اُترا اور اپنے ہتھیار پھینک دیے اور بیت اللہ میں آکر اس کے پردوں میں چھپ گیا[1]

۲۔ الحویرث ابن نقیذبن وہب بن عبد قصی، اسے حضرت علی بن ابی طالب نے قتل کیا وہ مکہ کی آزادی کے دن مکہ سے بھاگنے کی کوشش کر رہا تھا۔ واقدی کہتا ہے کہ الحویرث بن نقیذ، حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دیا کرتا تھا آپ نے اس کے خون کو مباح قرار دے دیا، فتح مکہ کے روز وہ اپنے گھر میں ہی تھا اور اس نے اپنا دروازہ بند کیا ہوا تھا کہ حضرت علی بن ابی طالب اس کے متعلق دریافت کرتے ہوئے آئے انہیں بتایا گیا کہ وہ جنگل میں چلا گیا ہے، الحویرث کو بتایا گیا کہ اس کی تلاش ہو رہی ہے، حضرت علیؓ اس کے دروازے سے ایک طرف ہٹ گئے اور الحویرث کسی دوسرے گھر بھاگنے کے ارادے سے نکلا، تو حضرت علیؓ نے اس کا کام تمام کر دیا[2]

میرے سامنے جو مآخذ موجود ہیں ان میں الحویرث کے خون کو مباح قرار دینے کی یہی وضاحت پائی جاتی ہے کہ وہ ان لوگوں میں شامل تھا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دیا کرتے تھے اور اس نے اس اونٹ کو، جس پر حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی دو بیٹیاں حضرت فاطمہؓ اور حضرت اُم کلثوم سوار تھیں ایک نوکدار پھل چبھویا تھا اور اس نے ان دونوں کو، جب کہ یہ مدینہ کی طرف ہجرت کر کے جا رہی تھیں[3]

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۲۷ ج ۲ — [2] مغازی الواقدی ص ۸۵۷ ج ۲

[3] سیرت ابن ہشام ص ۵۲ ج ۲

Marfat.com

نیچے گرا دیا تھا، میرا خیال یہ ہے کہ اس کے خون کو مباح قرار دینے کا سبب، ان اسباب کے علاوہ کوئی اور ہے، کیونکہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے نفس کے لیے انتقام نہیں لیتے تھے اگر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اذیت دینے کی بات ہے تو جب آپ مکہ میں ان کے پاس مقیم تھے سبھی مشرکین آپ کو اذیت دیا کرتے تھے بلاشبہ الحویرث نے کوئی اور جرم کیا تھا جس کی وجہ سے وہ عبداللہ بن خطل اور مقیس بن صبابہ کی طرح قتل کا مستحق قرار پایا جنہیں مکہ میں قصاص کے طور پر قتل کیا گیا تھا۔ واللہ اعلم۔

مقیس بن صبابہ کا قتل

مقیس بن صبابہ کے قتل کے حکم کا نفاذ، اس کے عم زاد نے صفا اور مروہ کے درمیان کیا، یہ حکم بطور قصاص کے تھا کیونکہ وہ ایک مسلمان کو قتل کر کے مرتد ہو گیا تھا، ابن اسحٰق نے بیان کیا ہے کہ مقیس بن صبابہ کا بھائی ہشام مسلمان تھا، اُسے غلطی سے ایک انصاری نے غزوہ بنی مصطلق میں، مشرکین میں سے سمجھ کر قتل کر دیا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ مقیس کی دیت اس کے بھائی ہشام کو دی جائے (مقیس مدینہ میں آیا ہوا تھا) جب ہشام نے دیت لے لی تو انصاری پر حملہ کر کے اُسے قتل کر دیا۔ پھر مرتد ہو کر مکہ بھاگ گیا۔

جن بقیہ لوگوں کا خون مباح قرار دیا گیا تھا انہیں معاف کر دیا گیا

سات مرد اور عورتیں جو باقی رہ گئے تھے ان سب کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے معاف فرما دیا بعض نے بیان کیا ہے کہ مغنیہ قرتنی، فتح کے روز قتل ہوئی، لیکن سہیل نے اس روایت پر تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ وہ مسلمان ہو گئی تھی اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے معاف فرما دیا تھا اس لحاظ سے جو لوگ فتح مکہ کے روز قتل ہوئے وہ اس عفوِ عام سے مستثنیٰ تھے جو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام اہل مکہ کے لیے کیا تھا۔ فقط تین آدمی ان

Marfat.com

جرائم کے باعث مارے گئے جن کی وجہ سے وہ مستحق قتل ہو چکے تھے اس کتاب میں عنقریب (انشاء اللہ) لوگوں کو معافی دینے کے قصے اور ان کے اسلام قبول کرنے کے واقعات کی تفصیل بیان ہو گی۔ خصوصاً صفوان بن اُمیہ اور عکرمہ بن ابو جہل کا قصہ بیان ہو گا جن کے ذریعے بعد میں اللہ تعالیٰ نے اسلام کو مدد دی۔

حجون کے پاس رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا پڑاؤ

جیسا کہ ہم پہلے بیان کر آئے ہیں کہ جب جیش نبویؐ مکہ میں داخل ہوا اس وقت مکہ پُر سکون حالت میں تھا سوائے اس جنوبی طرف کے، جس میں حضرت خالدؓ بن ولید کو مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا، جسے انہوں نے فوراً کچل دیا تھا، بقیہ علاقوں میں کسی قسم کی کوئی جنگ نہیں ہوئی اور تینوں سالاروں نے بغیر کسی شخص کی مزاحمت کے اپنے اپنے علاقوں پہ قبضہ کر لیا ان سالاروں کے نام یہ تھے:۔

حضرت زبیرؓ بن العوام ۔ حضرت قیس بن سعد بن عبادہ اور حضرت ابو عبیدہؓ بن الجراح ۔

جب خندمہ میں حضرت خالد بن ولید نے قریشی فوج کی مزاحمت کو کچل دیا تو اس کے بعد مکہ کی تمام اطراف میں مکمل سکون ہو گیا۔ مقاومت کرنے والوں نے فرمان نبویؐ سے استفادہ کرتے ہوئے (کہ وہ اپنا دروازہ بند کرنے والے یا مسجد اور ابو سفیانؓ بن کے گھر میں پناہ لینے والے کو امان دیں گے) اپنے ہتھیار ڈال دیے اور اپنے گھروں یا مسجد یا ابو سفیان کے گھر میں پناہ گزین ہو گئے، اسی طرح مکہ میں کرفیو آرڈر کی بھی مسلسل پابندی ہوئی یہاں تک کہ جیش نبویؐ کو مکہ پہ مکمل تسلط حاصل ہو گیا . . . . . اس کے بعد اہل مکہ مسجد میں آنے لگے تاکہ مغلوب قوم کی طرح اپنے انجام کے متعلق رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے آخری فیصلہ کو سُنیں۔

۶

دوسرے دستے کے سالار سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات

جس وقت ذی طویٰ سے چاروں دستے اپنے اپنے علاقہ پر قبضہ کرنے کے لیے روانہ ہوئے اس وقت جیش کے سالار اعلیٰ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اپنے جنگی بورڈ کے ارکان کے ساتھ جو کبار مہاجرین و انصار میں سے تھے پیش قدمی کی ایک ہزار جانباز آپ کا احاطہ کیے ہوئے تھے۔ مکہ میں داخلہ کے وقت آپ اقرع بن حابس تمیمی اور عیینہ بن حصن فزاری کے درمیان تھے جو عربی قبائل کے بڑے زعماء میں سے تھے، حالانکہ مکہ کے آزاد کرانے میں سوائے بنی تمیم کے دس آدمیوں کے قبائل غطفان (قوم عیینہ) اور قبائل تمیم (قوم اقرع) میں سے ایک آدمی بھی شریک نہ تھا، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی شمال مغربی جانب سے مسلسل آگے بڑھتے رہے یہاں تک کہ آپ حجون میں ٹھہرے جہاں پر دوسرے دستے کے سالار حضرت زبیرؓ بن العوام اپنے دستے کے ساتھ آپ سے پہلے پہنچ چکے تھے اور انہوں نے اپنا جھنڈا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق حجون کے پاس گاڑ دیا تھا[1] امام بخاریؒ کہتے ہیں کہ ہم سے قاسم بن خارجہ نے اس نے حفص بن میسرہ سے اس نے ہشام بن عروہ سے اس نے اپنے باپ سے بیان کیا کہ انھیں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال کداء سے داخل ہوئے جو مکہ کے بالائی حصہ میں ہے۔ ابن کثیرؒ کہتے ہیں کہ ابو اسامہ اور وہیب نے بھی یہی بیان کیا ہے چنانچہ ہم سے عبید بن اسماعیل نے بیان کیا اس نے ابو اسامہ سے اس نے ہشام سے اس نے اپنے باپ سے بیان کیا

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۲۸ ج-۲

وہ کہتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ کے بالائی جانب کداء سے داخل ہوئے اور یہی بات صحیح ترین ہے اگر اس کا مقصد یہ ہے کہ مرسل، مسند متقدم سے زیادہ صحیح ہوتی ہے تو کلام میں نظم پیدا ہو جاتا ہے، وگرنہ کداء (مدّ کے ساتھ) وہی مذکورہ جگہ ہے جو مکہ کے بالائی علاقہ میں ہے[1] اور کدی مقصود ہے جو مکہ کی ترائی میں ہے اور یہی مشہور اور زیادہ مناسب[2] ہے۔

فتح مکہ کے روز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب فتح عظیم کے اس احسان الٰہی پر نظر کی تو آپ نے اپنی ناقہ قصویٰ پر سوار ہونے کی حالت میں اپنا سر جھکا لیا یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزی کرتے ہوئے آپ کا سرِ انور کجاوے کو چھونے لگا، ابن اسحٰق بیان کرتا ہے کہ رسول کریم ایک یمنی سرخ چادر کے پلو کو لپیٹے کھڑے تھے اور جب آپ نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو فتح سے سرفراز فرمایا ہے تو آپؐ نے اللہ کے حضور عاجزی کرتے ہوئے اپنا سر جھکا لیا یہاں تک کہ آپ کی ریش مبارک کجاوے کے اگلے حصے[3] سے چھونے لگی۔

---

[1] معجم البلدان میں ہے کہ کداء (سماء کی طرح) مکہ کے بالائی علاقہ میں ایک پہاڑ ہے اور یہ وہ گھاٹی ہے جو قبرستان کے پاس ہے اس طرف کو المعلاۃ کہتے ہیں اسی جانب سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے تھے اور کُدیٰ (فرای کی طرح) مکہ کی ترائی میں ایک پہاڑ ہے اس سے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم باہر نکلے تھے۔

[2] البدایہ والنہایہ ص ۲۹۳ ج ۴ [3] سیرت ابن ہشام ص ۴۸ ج ۴

کتب حدیث میں ہے کہ رسولِ کریم

مکہ میں داخلہ کے وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا سورۃ فتح کی تلاوت کرنا

صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ مکہ میں داخلہ کے وقت سورہ فتح کی تلاوت کر رہے تھے امام بخاریؒ نے اپنی صحیح میں عبداللہ بن مغفل سے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح مکہ کے روز اپنی ناقہ پہ سورہ فتح کو بار بار پڑھتے دیکھا وہ کہتے ہیں کہ اگر میرے ارد گرد لوگوں کا ہجوم نہ ہوتا تو میں بھی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح بار بار سورہ فتح کی تلاوت کرتا۔

یہ ایک ثابت شدہ بات ہے کہ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا بغیر احرام کے مکہ میں داخلہ

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے روز بغیر احرام کے مکہ میں داخل ہوئے اسی طرح آپ کے اصحاب میں سے بھی کوئی محرم نہ تھا، ہاں جب آپ نے مکہ میں داخل ہونے کا قصد کیا تو آپ نے غسل فرمایا[1]، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ناقہ قصویٰ پہ سوار اپنے پیچھے اپنے غلام اسامہ بن زید کو بٹھائے ہوئے تھے اور فرما رہے تھے اے اللہ، زندگی تو آخرت کی زندگی ہے[2]

جب رسول کریم

میں اس عورت کا بیٹا ہوں جو خشک گوشت کے ٹکڑے کھاتی تھی

---

[1] مغازی الواقدی ص۸۳۱ ج۲، سیرت حلبیہ ص۲۰۹ ج۲، ابن برہان الدین کہتے ہیں اس روایت سے یہ استدلال کیا گیا ہے کہ مکہ مکرمہ میں داخل ہونے والا والے شخص کے لیے غسل مستحب ہے خواہ وہ غیر محرم کیوں نہ ہو [2] سیرت حلبیہ ص۲۰۹ ج۲

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ سواروں کے جلو میں مکہ میں داخل ہوئے تو آپ کو ایک آدمی ملا جس نے آپ سے بات کرنی چاہی، لیکن جنگی دستوں کی ہیبت سے اُسے شدید خوف لاحق ہو گیا یہاں تک کہ وہ خوف سے لرزہ بر اندام ہو گیا جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آدمی کی یہ حالت دیکھی تو اس کے خوف کو دُور کرنے کے لیے عاجزی سے فرمایا، پُرسکون رہو میں ایک ایسی قریشی عورت کا بیٹا ہوں جو خشک گوشت کے ٹکڑے کھایا کرتی تھی لہ

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ میں بطحاء سے داخل ہونا

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں وادیٔ

خالد بطحاء سے داخل ہوئے آپ کے آگے آگے فوج کے دستے رواں دواں تھے اور آپ کے ایک پہلو میں حضرت ابوبکر صدیق تھے، واقدی بیان کرتا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم گذرے تو حضرت ابوبکرؓ آپ کے پہلو میں چلتے چلتے آپ سے باتیں کر رہے تھے، جب آپ ابی احیحہ (یعنی سعید بن العاص بن اُمیہ بن عبد شمس) کے گھر کے سامنے اس کی بیٹیوں کے پاس سے گزرے تو انہوں نے اپنے بال کھول دیے اور گھوڑوں کو اپنی اوڑھنیوں سے مارنے لگیں، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکرؓ کی طرف دیکھا تو انہوں نے مسکراتے ہوئے حضرت حسانؓ بن ثابت کے یہ اشعار پڑھے۔

اگر تم گھوڑوں کو غبار اُڑاتے کداء کی طرف جاتے ہوئے نہ دیکھو تو
میں اپنی بچی کو کھو دوں وہ زین والے گھوڑوں کی لگاموں کو کھینچتی

لہ البدایہ والنہایہ ص ۲۹۳ ج ۴

ہیں اور انہیں اپنی اوڑھنیوں سے طمانچے مارتی ہیں لہ

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ان گھوڑوں کو اسی جگہ سے داخل کرو جہاں سے حسان نے کہا ہے[۲] یعنی کداء سے، جو مکہ کی بالائی جگہ میں واقع ہے چنانچہ اسی جگہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے۔

فاتح فوج کے دستوں کے ملنے کی جگہ۔ حجون

معلوم ہوتا ہے کہ حجون کا علاقہ ان دستوں کو ملنے کی جگہ تھی جنہوں نے مکہ پر قبضہ کیا تھا اس کی دلیل یہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دوسرے دستے کے سالار حضرت زبیر بن العوام کو جن کے دستے نے شمالی جانب سے مکہ پر قبضہ کیا تھا حکم دیا تھا کہ وہ اپنے دستے کے ساتھ حجون میں پڑاؤ کریں جس سے پتہ چلتا ہے کہ سالارِ اعلیٰ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حجون میں خیمہ نصب کیا گیا جس میں آپ نے مسجد کی طرف جانے سے قبل آرام کیا جو عسکری مارچ کا انتہائی مقام ہے، اس کے بعد مسجد کی طرف جو بڑا مارچ ہوا وہ حجون سے ہوا تھا واقدی بیان کرتا ہے کہ حضرت زبیر بن العوام اپنی فوج کے ساتھ حجون تک آئے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی قیام گاہ کے پاس جھنڈا گاڑ دیا، ابو رافع سے روایت ہے کہ انہوں نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے حجون میں چمڑے کا خیمہ نصب کیا تھا، آپ تشریف لائے تو خیمہ میں گئے آپ کے ساتھ حضرت

لہ یہ دو شعر حضرت حسان بن ثابت کے ایک شاندار قصیدے کے ہیں جو آپ نے مکہ میں فوج کے داخلہ کی تیاری کے وقت کہے ابن اسحٰق نے سیرت کی چوتھی جلد کے صفحہ ۶۵ پر اس پورے قصیدے کا تذکرہ کیا ہے۔

[۲] البدایہ والنہایہ صفحہ ۲۹۴ ج ۴

Marfat.com

ام سلمہؓ اور حضرت میمونہؓ بھی تھیں [1]

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے قریب ہوئے تو آپ نے کیا کہا؟

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اذاخر کی بلندی سے مکہ کے مکانات کو دیکھا تو اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی کہ اس نے کسی قابل ذکر نقصان کے بغیر آپ کو فتح عظیم عطا فرمائی ہے، حضرت جابر بن عبد اللہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں ان لوگوں میں سے تھا جو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہتے تھے میں آپ کے ساتھ فتح کے روز اذاخر سے داخل ہوا، جب آپ نے اذاخر سے مکہ کے مکانات کو دیکھا تو وہاں کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کی اور اپنے خیمے کی جگہ کی طرف دیکھ کر فرمایا، جابر یہ ہماری منزل ہے جہاں قریش نے ہمیں اپنے کفر کی قسمیں دی تھیں، حضرت جابر کہتے ہیں کہ مجھے وہ حدیث یاد آ گئی جو میں نے اس سے پہلے مدینہ میں آپ سے سنی تھی، "جب اللہ تعالیٰ کل (مستقبل میں) ہمیں مکہ پر فتح عطا فرمائے گا تو انشاءاللہ ہماری منزل الخیف [2] میں ہو گی جہاں قریش نے مجھے اپنے کفر پر قسمیں دی تھیں" جابر فرماتے ہیں ہم شعب ابی طالب کے سامنے کشادہ نالے میں تھے جہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور بنو ہاشم کو تین سال تک محصور رکھا گیا تھا۔

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۲۸، ۸۲۹ ج-۲

[2] معجم البلدان میں ہے کہ الخیف، مکہ کا ایک کشادہ نالہ ہے، بعض کہتے ہیں کہ نالے کے آغاز میں ہے درحقیقت وہ اس نالے میں ہے کیونکہ اصل کے لحاظ سے یہ وہ جگہ ہے جو پہاڑ سے نیچے ہو اور پانی کی گزرگاہ سے اوپر ہو۔

حضرت اُمِ ہانی کا دو مشرکوں کو پناہ دینا

عبداللہ بن ابی ربیعہ اور حارث بن ہشام،

مشرکین کے بڑے سرداروں میں سے تھے وہ مکہ کے مطیع ہو جانے کے بعد اپنے قتل سے ڈرتے تھے ان دونوں نے حضرت اُمِ ہانی بنت ابی طالب کے پاس جاکر ان سے پناہ مانگی اور انہوں نے ان دونوں کو پناہ دے دی، حضرت علی ان دونوں کو قتل کرنے کے لیے تلاش کر رہے تھے، جب انہوں نے ان کو اپنی بہن کے گھر پایا تو ان کو قتل کرنے کی کوشش کی مگر آپ کی بہن نے انہیں روک دیا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کے متعلق خاص امان حاصل کر لی۔

مؤرخین کہتے ہیں کہ حضرت اُمِ ہانی بنت ابی طالب، ہبیرہ بن ابی وہب مخزومی کی بیوی تھیں، فتح کے روز، ان کے پاس ان کے خاوند کے رشتہ داروں میں سے دو آدمی آئے عبداللہ بن ابی ربیعہ مخزومی اور حارث بن ہشام، انہوں نے آکر آپ سے پناہ مانگی اور کہا ہم آپ کی پناہ میں ہیں حضرت اُمِ ہانی نے جواب دیا بہت اچھا تم میری پناہ میں ہو، حضرت اُمِ ہانی فرماتی ہیں کہ جب وہ دونوں میرے پاس تھے کہ حضرت علی رضؓ سوار ہو کر لوہے میں ڈوبے ہوئے میرے پاس آئے میں انہیں پہچان نہ سکی اور کہنے لگی میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کی بیٹی ہوں، اُنہوں نے اپنا چہرہ ننگا کیا تو کیا دیکھتی ہوں کہ وہ حضرت علی رضؓ ہیں، میں نے کہا میرا بھائی ہے میں نے انہیں گلے لگا لیا اور سلام کہا، آپ ان دونوں کو دیکھتے ہی تلوار سونت کر ان پہ ٹوٹ پڑے میں نے کہا میرا بھائی لوگوں کے درمیان میرے ساتھ یہ سلوک کرتا ہے، حضرت اُمِ ہانی کہتی ہیں میں نے ان دونوں پہ کپڑا ڈال دیا تو حضرت علی رضؓ نے کہا تو مشرکین کو پناہ دیتی ہے اور ان کے درمیان حائل ہو کر انہیں بچاتی ہے، میں نے جواب دیا خدا کی قسم انہیں مارنے سے پہلے تم کو مجھے مارنا ہوگا، حضرت

Marfat.com

اُم ہانی کہتی ہیں حضرت علی رضؓ باہر نکل گئے اور میں نے فوراً دروازہ بند کر لیا اور انہیں کہا کسی قسم کا خوف نہ کرو۔

وہ کہتی ہیں کہ میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خیمے کی طرف بطحاء میں گئی مگر آپؐ مجھے وہاں نہ ملے، میں نے وہاں حضرت فاطمہ رضؓ کو دیکھا اور کہا، مجھے اپنے بھائی علی رضؓ سے کیا دُکھ پہنچا ہے؟ میں نے اپنے خاوند کے دو مشرک رشتہ داروں کو پناہ دی ہے تو یہ انھیں قتل کرنے کے لیے ان پر ٹوٹ پڑا ہے تو حضرت فاطمہ رضؓ اپنے خاوند سے بھی زیادہ مجھ سے سختی سے پیش آئیں اور کہنے لگیں تو مشرکوں کو پناہ دیتی ہے؟ حضرت اُم ہانی کہتی ہیں کہ اتنے میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اور آپؐ پر غبار کے آثار تھے، آپؐ نے فرمایا فاختہ اُم ہانی کو خوش آمدید، آپؐ پر ایک ہی کپڑا تھا، میں نے عرض کیا مجھے اپنے بھائی سے کیا دُکھ پہنچا ہے؟ میں تو اس سے بیزار ہو چلی تھی، میں نے اپنے خاوند کے دو رشتہ دار مشرکوں کو پناہ دی ہے اور علی رضؓ ان کے قتل کے درپے ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایسا نہیں ہوگا جسے تو امن دے گی اُسے ہم امن دیں گے اور جسے تو پناہ دے گی اُسے ہم پناہ دیں گے پھر آپ نے حضرت فاطمہ رضؓ کو حکم دیا کہ غسل کے لیے پانی رکھے، آپؐ نے غسل کرنے کے بعد ایک ہی کپڑے میں لپٹے ہوئے فتح مکہ کے روز آٹھ رکعت ضحیٰ کی نماز پڑھی، حضرت اُم ہانی کہتی ہیں کہ میں نے واپس آکر ان دونوں کو بتایا کہ اگر تم یہاں قیام کرنا چاہتے ہو تو یہاں قیام کرو اور اگر اپنے گھروں کو واپس جانا چاہتے ہو تو چلے جاؤ، تو وہ دو دن میرے مکان میں قیام پذیر رہے پھر اپنے گھروں کو واپس چلے گئے، حضرت اُم ہانی کہتی ہیں کہ ایک آدمی نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر کہا یا رسول اللہ حارث بن ہشام اور ابن ابی ربیعہ کندھوں پہ زرد رنگ کی چادریں ڈالے بیٹھے

Marfat.com

ہوئے ہیں تو آپؐ نے فرمایا ہم نے انہیں پناہ دے دی ہے[1] تم انہیں کچھ نہیں کہہ سکتے۔

ابن برہان الدین کو ان دونوں کے قتل کی کوشش کے متعلق اشکال پیدا ہوا ہے اس لیے کہ امان تو سب اہل مکہ کو دی گئی تھی اور یہ دونوں ان لوگوں میں شامل نہ تھے جن کا خون مباح ہوا تھا لیکن اس کا جواب سیرۃ حلبیہ میں یہ ہے کہ یہ ہمیشہ کچھ نہ کچھ مقابلہ کرتے رہتے تھے انہوں نے جیش نبویؐ سے جنگ کی اور حضرت علی رضؓ نے انہیں اُم ہانی کے گھر تک بھگا دیا۔ واللہ اعلم۔

کیا عقیل نے ہمارے لیے کوئی گھر چھوڑا ہے؟

جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی فوج کے ساتھ حجون میں پہنچے تو اس کے بعد کسی آدمی نے آپ سے کہا کیا آپ اپنے شعب والے گھر میں فروکش نہیں ہوں گے، اس وقت عقیل بن ابی طالب[2]، رسول کریم صلی اللہ

[1] مغازی الواقدی ص ۸۳۰ ج ۲

[2] عقیلؓ بن ابی طالب بن عبدالمطلب الہاشمی، آپ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے عم زاد تھے اور حضرت علیؓ اور حضرت جعفرؓ کے بڑے بھائی تھے ابویزید کنیت رکھتے تھے، عقیلؓ اپنے بھائیوں کی طرح سابق الاسلام نہ تھے بلکہ فتح کے روز اسلام لائے، بدر میں مشرکین کے ساتھ شامل ہوئے اور مسلمانوں کے ہاتھوں میں اسیر ہوئے، عقیل قریش کے انساب، کارناموں اور عیوب کے عالم تھے، بڑے تیز ذہن اور فوراً لاجواب کر دیتے تھے، آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قتل کے بعد، فتنہ کے دوران اپنے بھائی علی رضی اللہ عنہ سے علیحدگی اختیار کر لی اور معاویہؓ کے ساتھ جا ملے اور معرکہ صفین میں ان کے ساتھ شامل ہوئے، دل لگی کے ساتھ آپ کی سُرعت جواب کا حال یہ ہے کہ حضرت معاویہؓ نے آپ سے صفین کے روز کہا، عقیل آپ ہمارے ساتھ ہیں تو آپ نے فوراً جواب دیا میں بدر میں بھی تمہارے ساتھ تھا آپ کی وفات یزید کی خلافت کے اوائل میں حرہ کے منحوس واقعہ سے قبل ہوئی۔

علیہ وسلم کا مکان اور اپنے بھائی بہنوں کے مکانات مکہ میں فروخت کر چکے تھے، رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا اپنے گھروں کے علاوہ کسی اور گھر میں آپ فروکش ہو جائیں تو آپؐ نے انکار کرتے ہوئے فرمایا میں گھروں میں داخل نہیں ہوں گا اور آپ حجون میں ہمیشہ مضطرب رہے اور کسی گھر میں داخل نہ ہوئے اور مکہ میں اقامت کے دوران آپ حجون سے مسجد میں آئے تھے۔

مسجد حرام کی طرف آخری پیش قدمی

جب چاروں دستوں نے مقدس شہر پر اپنا قبضہ مکمل کر لیا اور ان کے سالار اپنی عام فوج کے ساتھ حجون میں ملے، جہاں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ کیا ہوا تھا اور ہائی کمان کا ہیڈ کوارٹر تھا آپؐ مکہ کے قیام کے دوران یہیں مقیم رہے یہاں تک کہ آپ حنین کی طرف تشریف لے گئے[1] اس کے بعد رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے جنگی بورڈ کے ارکان کے ہمراہ اور چاروں دستوں کے سالاروں کے جلو میں جنہوں نے مکہ پر قبضہ کیا تھا حجون سے مارچ کیا یہ فوج بڑی ہیبت ناک اور شان دار تھی جو کشادہ نالے سے مسجد الحرام کی طرف رواں ہوئی اور اس بے مثال فوج کی ہیبت میں اس وقت مزید اضافہ ہو جاتا تھا جب فوج تکبیر کی آواز بلند کرتی جس سے کہ تمام مکہ لرز جاتا اور لوگ خصوصاً وہ مشرکین جو اپنے سیاہ دور کی آخری گھڑیوں کا مشاہدہ کر رہے تھے، خیال کرتے کہ پہاڑ بھی مسلمانوں کے ساتھ اس تکبیر میں شامل ہو جاتے ہیں جس کی آواز کے بعد توحید کی آواز کے خلاف اللہ تعالیٰ کے حکم کے ماتحت قیامت تک مکہ میں نہ کوئی آواز بلند ہوئی ہے اور نہ کوئی آواز بلند ہو گی۔

مشرکین پہاڑوں کی چوٹیوں پر

بعض مشرکین نے رکمہ میں کرفیو آرڈر

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۲۹ ج ۲

کے نفاذ اور شہر کے جنوبی حصے میں خندمہ میں بے اعتدال قریشیوں کی مزاحمت کو حضرت خالد کے کچل دینے کے بعد، گلیوں کو خالی کر دیا اور ہتھیار ڈال دینے کے بعد پہاڑوں کی چوٹیوں پر چڑھ کر اس شان دار منظر کو دیکھنے لگے جس میں دس ہزار جانباز مارچ کر رہے تھے گویا وہ نیزوں کا ایک مزروعہ جنگل ہے جو بڑے سکون، وقار اور نظم و ضبط سے حرکت کرتا ہے اور عربوں نے از آدم تا ابن آدم اس جیسا منظر نہیں دیکھا تھا۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کی فوج کا مسجد میں داخل ہونا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بہادر فوج کے گھیرے میں حجون سے وادی غیر ذی زرع کے طے کرنے تک کعبہ کی طرف مسلسل پیشقدمی جاری رکھی تاکہ بت پرستی کے مظاہر میں سے آخری مظہر کو، جو ہزاروں سال سے کعبہ کو گندہ کر رہا ہے ختم کر دیا جائے، جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کو دیکھا تو آپؐ نے تکبیر کہی اور آپ کے ساتھ ہی مسلمانوں نے بھی تکبیر کہی اس سے مسلمانوں کا جوش بڑھ گیا تو انہوں نے مسلسل تکبیر کہنی شروع کر دی یہاں تک کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں سکوت اختیار کرنے کا اشارہ کیا، جس وقت رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے ساتھ مسجد میں داخل ہوئے اس تاریخی لحظہ میں انسانیت کا چہرہ دمک اٹھا، اس دن خول سے اللہ تعالیٰ کا وعدہ پورا ہو گیا کہ وہ اپنے وعدے کی خلاف ورزی نہیں کرتا۔

لقد صدق اللہ رسولہ الرؤیا بالحق ج لتدخلن المسجد الحرام ان شاء اللہ اٰمنین محلقین رؤوسکم ومقصرین لا لا تخافون فعلم ما لم تعلموا فجعل من دون ذلک فتحاً قریباً ہو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ ط وکفی باللہ

Marfat.com

شہیداً ہ محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحما
بینھم تراھم رکعاً سجداً یبتغون فضلاً من اللہ ورضواناً سیماھم
فی وجوھھم من اثر السجود ذلک مثلھم فی التوراۃ ومثلھم فی
الانجیل کزرع اخرج شطأہ فازرہ فاستغلظ فاستوی علی سوقہ
یعجب الزراع لیغیظ بھم الکفار وعد اللہ الذین آمنوا وعملوا
الصالحات منھم مغفرۃ واجراً عظیماً ہ رسورہ فتح آیت ۲۷ تا ۲۹

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو سچا خواب دکھلایا جو مطابق
واقع کے ہے کہ تم لوگ مسجد حرام میں انشاء اللہ ضرور جاؤ گے امن وامان
کے ساتھ کہ تم میں کوئی سر منڈاتا ہوگا کوئی بال کترتا ہوگا تم کو کسی طرح کا
اندیشہ نہ ہوگا۔ سو اللہ تعالیٰ کو وہ باتیں معلوم ہیں جو تم کو معلوم نہیں
پھر اس سے پہلے لگتے ہاتھ ایک فتح دے دی۔ وہ اللہ ایسا ہے کہ
اس نے اپنے رسول کو ہدایت دی اور سچا دین دے کر دنیا میں بھیجا
ہے تاکہ اس کو تمام دینوں پر غالب کرے، اور اللہ کافی گواہ ہے۔
محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے صحبت یافتہ ہیں وہ کافروں
کے مقابلہ میں تیز ہیں اور آپس میں مہربان ہیں، اے مخاطب تو ان کو
دیکھے گا کہ کبھی رکوع کر رہے ہیں کبھی سجدہ کر رہے ہیں اللہ تعالیٰ کے فضل اور
رضامندی کی جستجو میں لگے ہیں ان کے آثار بوجہ تاثیر سجدہ کے ان کے چہروں
پر نمایاں ہیں یہ ان کے اوصاف توریت میں ہیں، اور انجیل میں ان کا یہ وصف
ہے کہ جیسے کھیتی اس نے اپنی سوئی نکالی پھر اس نے اس کو قوی کیا پھر وہ
موٹی ہوئی پھر اپنے تنے پر سیدھی کھڑی ہوگئی کہ کسانوں کو بھلی معلوم
ہونے لگی تاکہ ان سے کافروں کو جلا دے اللہ تعالیٰ نے۔ ان لوگوں سے

Marfat.com

جو کہ ایمان لائے ہیں اور نیک کام کر رہے ہیں مغفرت اور اجر عظیم کا وعدہ کر رکھا ہے۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ناقہ قصویٰ پر بیت اللہ کا طواف کرنا

جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی فوج مسجد میں داخل ہوئے تو سب سے پہلے آپ نے بیت اللہ کا طواف کیا آپ شدید بھیڑ اور ناقہ پر سوار ہونے کی وجہ سے طواف کے دوران رُکن کو جس میں حجرِ اسود ہے کھونٹی سے بوسہ دیتے تھے، موسیٰ بن عقبہ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کے بعد دو رکعتیں پڑھیں پھر زمزم کی طرف واپس آکر اُسے دیکھا اور پانی منگوا کر پیا اور وضو کیا، لوگ آپؐ کے وضو کے پانی کو حاصل کرنے کے لیے ایک دوسرے پر ٹوٹے پڑتے، مشرکین اس کیفیت سے متعجب ہو کر کہتے ہم نے تو کبھی نہ ایسا بادشاہ دیکھا ہے نہ سُنا ہے۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقامِ ابراہیم کو اپنی آج کی جگہ تک نیچے کر دیا پہلے یہ بیت اللہ سے ملا ہوا تھا[1]، واقدی کہتا ہے کہ جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم طواف سے فارغ ہوئے تو اپنی سواری سے نیچے اُترے اور معمر بن عبداللہ بن نضلہ[2] آپ کی سواری کو باہر

---

[1] البدایہ والنہایہ صفحہ ۳۰۰ ج ۴

[2] معمر بن عبداللہ بن نضلہ بن نافع بن عوف عدوی، قرشی رضی اللہ عنہ، سابقون الاولون صحابہ میں سے ہیں آپ نے دو ہجرتیں (حبشہ اور مدینہ منورہ کی طرف) کیں، آپ ان لوگوں میں سے ہیں جو حضرت جعفر رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کی واپسی سے قبل مکہ واپس آگئے تھے، پھر آپ نے مدینہ طیبہ کی طرف ہجرت کی۔

Marfat.com

لے گئے، پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم زرہ اور خود پہنے مقام ابراہیم پہ گئے (ان دنوں وہ کعبہ کے ساتھ ملا ہوا تھا) آپ کا عمامہ دونوں کندھوں کے درمیان پڑا تھا آپ نے وہاں دو رکعت نماز پڑھی پھر زمزم کی طرف واپس آکر اسے دیکھا۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔
اور فرمایا اگر بنو عبد المطلب پہ غلبہ کا اندیشہ نہ ہوتا کہ لوگ میری پیروی میں انہیں زمزم نہیں نکالنے دیں گے تو میں ڈول نکالتا، حضرت عباس بن عبد المطلب نے ڈول نکالا تو آپ نے اس سے پانی پیا، یہ کہا جاتا ہے کہ ڈول نکالنے والا ابو سفیان بن الحارث بن عبد المطلب تھا اور بیت اللہ کے طواف کے وقت آپ کی سواری کی باگ پکڑنے والا محافظین کا لیڈر محمد بن مسلمہ انصاری تھا۔[۵۱]

مسلمانوں نے بھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ طواف کیا آپ ہر بار کھونٹی کے ساتھ رکن کو بوسہ دیتے یہاں تک کہ سات دوڑیں پوری ہوگئیں، واقدی کہتا ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں پہنچے آپ نے مسلمانوں کی معیت میں اسے دیکھا تو آپ نے اپنی سواری پر آگے بڑھ کر رکن کو اپنی کھونٹی سے بوسہ دیا اور آپ نے تکبیر کہی، مسلمانوں نے بھی آپ کے تکبیر کہنے کی وجہ سے تکبیر کہی اور بار بار کہی یہاں تک کہ مکہ تکبیر سے ہل گیا اور آپ کو انہیں خاموشی اختیار کرنے کے لیے اشارہ کرنا پڑا، مشرکین پہاڑوں کی چوٹیوں سے یہ ساری کاروائی دیکھ رہے تھے۔[۵۲]

فتح کے روز ایک آدمی کا رسول کریمؐ پر طواف کے دوران اچانک حملہ کرنے کی کوشش کرنا اور اسلام لانا

بنو بکر بن کنانہ کے ایک آدمی نے

۵۱۔ مغازی الواقدی ص ۸۳۲ ج ۲
۵۲۔ مغازی الواقدی ص ۸۳۱ ج ۲

Marfat.com

جس کا نام فضالہ بن عمیر الملوح تھا اس تاریخی دن طواف بیت اللہ کے دوران آپ پر اچانک حملہ کر کے آپ کو قتل کرنے کی کوشش کی، مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سے آگاہ کر دیا اور یہ کوشش ناکام ہو گئی اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس آدمی کو ہدایت دی۔

ابن کثیرؒ نے ابن ہشام سے نقل کیا ہے کہ فضالہ بن عمیر نے فتح مکہ کے سال طواف کے دوران حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کا ارادہ کیا جب وہ اس ارادہ کی تکمیل کے لیے آپ کے قریب ہوا۔ تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فضالہ کے پاس آ کر اُسے سوالیہ انداز میں پوچھا:۔

کیا تو فضالہ ہے ؟ اس نے جواب دیا ہاں یا رسول اللہ میں فضالہ ہوں، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اپنے دل میں کیا باتیں کر رہا تھا فضالہ نے جواب دیا کوئی بات نہیں کر رہا تھا، میں تو ذکر الٰہی کر رہا تھا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرا کر فرمایا، اللہ تعالیٰ سے استغفار کر، پھر آپ نے اپنا دستِ مبارک فضالہ کے سینے پر رکھا تو اس کے دل کو سکون ہوا، فضالہ کہتا ہے خدا کی قسم رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابھی میرے سینے سے ہاتھ نہیں اُٹھایا تھا کہ مجھے اللہ کی مخلوق میں ان سے زیادہ محبوب کوئی نہ تھا، فضالہ کہتا ہے کہ میں اپنے گھر والوں کی طرف واپس آیا تو میں ایک عورت کے پاس سے گزرا جس سے میں باتیں کیا کرتا تھا، اس نے کہا ... آؤ باتیں کریں تو میں نے جواب دیا نہیں اور یہ اشعار کہتا ہوا چلا گیا ؎

"اُس نے مجھے کہا آؤ باتیں کریں تو میں نے کہا ایسی باتوں سے اللہ تعالیٰ اور اسلام منع کرتا ہے، کیا تو نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور اس کے قبیلہ کو فتح مکہ کے روز

لہ البدایہ والنہایہ ص ۳۰۸ ج ۴

نہیں دیکھا جس روز بتوں کو توڑا گیا تو دیکھے گی کہ اللہ کا دین واضح ہو جائے گا اور شرک کے چہرے کو تاریکیاں ڈھانپ لیں گی۔[1]

سیاسی اور عسکری وجود کے خاتمہ کے بعد بتوں کو توڑنا اور بت پرستی کو ختم کرنا

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی فوج کے مکہ پہ کامل طور پر غالب آجانے اور قریش کے سیاسی وجود کے خاتمہ کے بعد آپ نے بت پرستی کے وجود کا خاتمہ کر دیا اور مقدس شہر سے شرک کے تمام نشانات کو مٹا دیا بایں طور کہ آپ نے ان تمام بتوں کو جو کعبہ سے باہر موجود تھے توڑ دیا اور اس کے اندر جو تصویریں بنی ہوئی تھیں انہیں مٹا دیا، مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے روز تین سو ساٹھ بتوں کو توڑا جو بیت اللہ کے ارد گرد نصب تھے اور سیسے کے ساتھ مضبوط کیے ہوئے تھے ان سب سے آگے ان کا سب سے بڑا بت ہبل تھا۔[2] اسی طرح آپ نے ان تمام تصویروں کے بھی مٹانے کا حکم دیا جنہیں مشرکوں نے کعبہ کے اندر بنایا ہوا تھا ان تصاویر میں ایک تصویر ابوالانبیاء حضرت ابراہیم علیہ السلام اور کنواری مریم بنت عمران کی بھی تھی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ میں تمام تصویروں کے مٹانے کے بعد داخل ہوئے۔

---

[1] البدایہ والنہایہ ص ۳۰۸ ج ۴

[2] حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے روز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے کعبہ میں تین سو ساٹھ بت پڑے تھے، عرب کے ہر قبیلے کا ایک بت تھا جسے سیسے سے مضبوط کیا گیا تھا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہاتھ میں عصا لیے ہوئے تشریف لائے اور اسے ہر بت پہ مارنے لگے جس سے وہ بغیر ہاتھ لگائے منہ کے بل گر جاتا آپ فرماتے: جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا، یہاں تک کہ آپ سب بتوں کے پاس سے گزرے اور انہیں اسی انجام سے دوچار فرمایا۔

Marfat.com

تصویریں حضرت عمرؓ نے مٹائی تھیں۔

امام بخاریؒ فرماتے ہیں کہ ہم سے صدقہ بن فضل نے بیان کیا کہا ہم سے ابن عیینہ نے نجیح سے اس نے مجاہد سے اس نے ابی معمر سے اس نے عبداللہ بن مسعودؓ سے بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح کے روز مکہ میں داخل ہوئے بیت اللہ کے اردگرد تین سو ساٹھ بت نصب تھے آپ انہیں سوٹی سے مارتے اور فرماتے جاء الحق وزھق الباطل (ترجمہ: حق آیا اور باطل گیا) جاء الحق وما یبدی الباطل وما یعید (ترجمہ: حق آگیا اور باطل نہ کرنے کا رہا نہ دھرنے کا)

واقدی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مکہ میں داخل ہونے اور فتح کے روز بت پرستی کے نشانات مٹانے کے واقعات بیان کرتا ہوا کہتا ہے:۔

"پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری پر طواف کیا اور اس کی مہار محمد بن مسلمہ پکڑے ہوئے تھے اور کعبہ کے اردگرد سیسے سے جڑے ہوئے تین سو ساٹھ بت پڑے ہوئے تھے جن میں سب سے بڑا ہبل تھا جو کعبہ کے دروازے کے سامنے تھا اور اساف اور نائلہ وہاں تھے جہاں وہ قربانیاں ذبح کرتے تھے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی بت کے پاس سے گزرتے تو اپنی سوٹی سے اس کی طرف اشارہ کرتے اور فرماتے جاء الحق وزھق الباطل ان الباطل کان زھوقا، (ترجمہ: حق آیا اور باطل گیا گذرا ہوا، واقعی باطل چیز تو یونہی آتی جاتی رہتی ہے) تو بت منہ کے بل گر پڑتا[1]

اور حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم فتح کے روز مکہ میں

---

[1] مغازی الواقدی صفحہ ۸۳۲ ج ۲

داخل ہوئے، تو کعبہ میں تین سو ساٹھ بُت پڑے تھے، عرب کے ہر قبیلے کا ایک بُت تھا، جن کے پاؤں کو ابلیس نے سیسے سے جکڑا ہوا تھا رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے آپ کے پاس ایک لاٹھی تھی آپ اس سے ہر بُت کو مارنے لگے اور وہ منہ کے بل گر پڑتا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود کے پاس آئے اور اُسے بوسہ دیا پھر بیت اللہ کا طواف کیا اور آپ کے ہاتھ میں کمان تھی آپ طواف کے دوران ایک بُت کے پاس آئے جو بیت اللہ کے دروازے کی جانب تھا یہ ہبل تھا جو سب سے بڑا بُت تھا آپ اس کی آنکھوں میں مارنے لگے اور فرمانے لگے "جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا" پھر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے ہُبل کو توڑا گیا اس وقت ابوسفیان بن حرب موجود تھا اُسے حضرت زبیرؓ بن العوام نے کہا ہُبل توڑ دیا گیا ہے اُحد کے روز تمہیں بڑا غرور تھا اور تیرا خیال تھا کہ اس نے انعام کیا ہے ابوسفیان نے جواب دیا، ابن العوام ان باتوں کو چھوڑیئے اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے معبود کے ساتھ کوئی اور معبود ہوتا تو جو کچھ ہوا ہے وہ نہ ہوتا۔

کعبہ سے تصویروں کا مٹانا

صحیح بخاری میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں آئے تو آپ نے بیت اللہ میں، بتوں کی موجودگی میں داخل ہونے سے انکار کر دیا آپ کے حکم سے انہیں نکال باہر کیا گیا، حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہما السلام کی تصویریں بھی نکالی گئیں ان دونوں کے ہاتھوں میں تیر تھے۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ مشرکوں کا ستیاناس کرے یہ جانتے تھے کہ انہوں نے کبھی ان سے قسمت کا حال معلوم نہیں کیا تھا۔ اور مسند امام احمد بن حنبلؒ میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول کریم

صلی اللہ علیہ وسلم فتح کے روز جب بیت اللہ میں داخل ہوئے تو آپ نے وہاں پر حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت مریم علیہا السلام کی تصویروں کو دیکھا اور فرمایا ان لوگوں نے سُنا ہوا تھا کہ ملائکہ اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویر ہو، یہ ابراہیم کی تصویر ہے اس کا کیا حال ہے کہ یہ تیروں سے قسمت معلوم کرتا ہے، بخاری اور نسائی نے اسے ابنِ وہب کے طریق سے روایت کیا ہے [۱]

رسُول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا کعبہ میں نماز پڑھنا

بتوں کو توڑنے، تصاویر کو مٹانے اور بت پرستی کے تمام نشانات کو ختم کرنے کے بعد رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کے اندر نماز پڑھی یہ وہ پہلی نماز ہے جو آپ نے کعبہ میں پڑھی، صحیح بخاری میں ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے روز کعبہ میں نماز پڑھی کعبہ کا دروازہ آپ کی پشت کی جانب تھا، آپ نے دو ستون اپنی دائیں جانب رکھے اور ایک ستون بائیں جانب اور تین ستون اپنے پیچھے رکھے۔ ان دنوں بیت اللہ چھ ستونوں پر تھا، اس کے اور مغربی دیوار کے درمیان تقریباً تین ہاتھ کے برابر فاصلہ تھا، مسند امام احمد میں ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے روز کعبہ میں دروازہ بند کرنے کے بعد حضرت اسامہ اور حضرت بلال بن رباح کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھی [۲]

نبوت کی نشانیوں کا پورا ہونا

فتح کے روز نبوت کی جو نشانیاں پوری ہوئیں، ان میں ایک وہ بھی ہے جسے حضرت عثمان بن طلحہ عبدری نے بیان کیا ہے یہ ان تین سرداروں میں سے ایک تھے

---

[۱] البدایہ والنہایہ ص ۳۰۳ ج ۴

[۲] زاد المعاد ص ۳۹۵ ج ۲

Marfat.com

جو فتح سے قبل اسلام لائے تھے اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام مکہ کے جگر گوشے رکھا تھا یعنی حضرت خالدؓ بن ولید، عمروؓ بن العاص، اور عثمانؓ بن طلحہ، اس کی تفصیل یہ ہے کہ قریش جب کعبہ کو کھولتے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں داخل ہونے کی اجازت نہ دیتے، حضرت عثمانؓ بن طلحہ بیان کرتے ہیں کہ ہم جاہلیت کے زمانے میں سوموار اور جمعرات کے روز کعبہ کو کھولا کرتے تھے ایک دن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ کعبہ میں داخل ہونے کے لیے آئے میں آپ سے سختی کے ساتھ پیش آیا اور دروازہ بند کر دیا اس سے آپؐ کو تکلیف ہوئی تو آپؐ نے فرمایا اے عثمانؓ تو عنقریب دیکھے گا کہ یہ کنجی ایک دن میرے ہاتھ میں ہوگی اور میں جہاں چاہوں گا اسے رکھوں گا، میں نے پوچھا کیا ان دنوں قریش ہلاک اور ذلیل ہو چکے ہوں گے؟ آپ نے فرمایا نہیں بلکہ ان دنوں آباد و باعزت ہوں گے، اس کے بعد آپ کعبہ میں داخل ہو گئے آپ کی بات میرے دل میں گھر کر گئی اور میں خیال کرنے لگا کہ ایک دن یہ معاملہ اسی طرح ہو گا جیسے آپ نے فرمایا ہے جب فتح کا دن آیا تو آپ نے فرمایا اے عثمانؓ مجھے چابی لا دو، میں نے چابی آپ کو لا کر دے دی تو آپ نے اُسے مجھ سے لے لیا، پھر مجھے واپس کر دیا اور فرمایا، اسے ہمیشہ کے لیے اپنے پاس رکھو، تم سے اس چابی کو ظالم شخص کے سوا کوئی نہیں چھینے گا اے عثمانؓ اللہ تعالےٰ نے تم کو اپنے گھر کا امین بنایا ہے جو چیز اس گھر سے تمہیں معروف طریق سے ملے اُسے کھاؤ، عثمان کہتے ہیں کہ جب میں پیچھے مڑا تو آپؐ نے مجھے بلایا، میں واپس آیا تو آپؐ نے فرمایا کیا وہ بات اسی طرح نہیں ہوئی جو میں نے تجھے کہی تھی؟ عثمان کہتے ہیں میں نے ہجرت سے قبل مکہ میں کہی ہوئی آپ کی بات کو یاد کیا کہ "تو عنقریب دیکھے گا کہ یہ کنجی میرے ہاتھ میں ہوگی اور میں اسے جہاں چاہوں گا رکھوں گا" تو میں نے جواب دیا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپؐ اللہ کے رسول ہیں[1]

---

[1] زاد المعاد ج ۲ صفحہ ۳۹۵

کعبہ کی چابی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سپرد کرنے میں تردّد

عثمان بن طلحہ عبدری کہتے ہیں

کہ حجابت (کعبہ کی کلید برداری) ہمیشہ بنو عبدالدار میں رہی وہ مسلمان ہو کر مدینہ ہجرت کر گئے اور کعبہ کی چابی ان کی والدہ بنت شیبہ کے پاس چلی گئی جو فتح کے دن تک شرک پر قائم تھیں، جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں فاتحانہ طور پر داخل ہوئے اور طواف مکمل کر لیا اور قریش کی سیاسی حیثیت کو ختم کر دیا اور اپنی فوج کے ساتھ مکہ پر غالب آکر شرک اور بت پرستی کے بڑے مظاہر بتوں کو توڑ دیا ان کی حیثیت کو ختم کر دیا تو آپ نے بنو عبدالدار میں سے بنو شیبہ کے پاس کعبہ کی چابی منگوائی اور اپنے غلام بلال کو عثمان بن طلحہ کے پاس چابی لانے کے لیے بھیجا، حضرت بلال رضؓ نے عثمان بن طلحہ کو جا کر کہا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ آپ کعبہ کی چابی لے کر آئیں، عثمان نے جواب دیا بہت اچھا، اس کے بعد وہ اپنی والدہ بنتِ شیبہ کے پاس گئے چابی انہی کے پاس تھی اور اپنی والدہ سے کہا، اماں مجھے چابی دے دو، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف آدمی بھیجا ہے اور مجھے حکم دیا ہے کہ میں چابی لے کر ان کے پاس حاضر ہوں تو اس کی والدہ نے چابی دینے کی سخت ممانعت کی اور اپنے بیٹے سے کہا، میں تجھے اس بات سے اللہ کی پناہ میں دیتی ہوں کہ تو اپنی قوم کی قابلِ تعریف بات کو ختم کرنے والا بنے، عثمان نے اپنی والدہ سے کہا، خدا کی قسم تجھے یہ چابی انہیں ضرور دینی پڑے گی ورنہ اور آدمی آکر تجھ سے یہ چابی لے لے گا اس نے چابی پاس رکھنے پر اصرار کیا اور اس کے دینے سے انکار کر دیا، پھر اس نے اُسے اپنے نیفے میں ڈال دیا اور کہنے لگی کونسا آدمی اس جگہ اپنا ہاتھ داخل کرے گا، ابھی عثمان بن طلحہ عبدری اپنی ماں کو رضامند کرنے کی کوشش کر رہے تھے کہ وہ چابی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کرے اور وہ برابر انکار کر رہی تھی کہ اس نے گھر میں اچانک حضرت

Marfat.com

ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی آواز کو سُنا، جب حضرت عمرؓ نے دیکھا کہ عثمانؓ دیر کر رہے ہیں تو انہوں نے بلند آواز سے کہا، عثمان میرے پاس آؤ، عثمان کی والدہ خوف زدہ ہو گئیں ـــــ کیونکہ حضرت عمرؓ قریش پر بڑے سخت گیر تھے ـــــ تو ان کی والدہ نے یہ کہتے ہوئے چابی بیٹے کے سپرد کر دی کہ اے بیٹے چابی لے لے، تیرا چابی کو لے لینا مجھے اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ بنو تیم یا بنو عدی اُسے لے لیں عثمان چابی لے کر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے آئے اور آپ کو دے دی[1]، آپ نے کعبہ کو کھولا پھر اس میں داخل ہوئے، تفصیل اس کتاب میں پہلے بیان ہو چکی ہے۔

حضرت عباس کا مطالبہ کہ حجابت بنو ہاشم کو دے دی جائے اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا انکار

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ عباس بن عبد المطلب اور دیگر بنی ہاشم نے کعبہ کی چابی حاصل کرنے کے لیے ایک دُوسرے سے بڑھ چڑھ کر کوشش کی تاکہ انہیں سقایت اور حجابت کا شرف مکمل طور پر حاصل ہو جائے، حضرت عباسؓ بن عبد المطلب نے جو مکہ میں بنی ہاشم کے خاندان کے سردار تھے اپنا ہاتھ پھیلا کر کہا یا رسول اللہ! آپؐ پر میرے ماں باپ قربان ہوں حجابت اور سقایت ہمارے ہاں اکٹھی کر دیجیے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کرنے سے انکار کر دیا اور حضرت عباسؓ سے فرمایا میں تمہیں وہ چیز دوں گا جس کے تم ضرورت مند ہو اور وہ چیز تمہیں نہیں دوں گا جس کی تمہیں کچھ ضرورت نہیں[2]

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۳۳ ج-۲ [2] زاد المعاد ص ۳۹۵ ج-۲، مغازی الواقدی ص ۸۳۳ ج-۲

Marfat.com

مکہ سے کرفیو آرڈر کی پابندی کا خاتمہ

جب مکہ پر جیش نبویؐ کا مکمل قبضہ ہو گیا اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بتوں کو توڑ کر (جو بت پرستی کا آخری مظہر تھے) اور ان کے متعلقہ جاہلیت کے شعائر کو مثلاً کعبہ کی دیواروں پر بنی ہوئی تصاویر مٹا کر کرفیو آرڈر کی پابندی کو اٹھا دیا اور اہل مکہ کو شہر کے اندر اور باہر آنے جانے کی آزادی حاصل ہو گئی تو اس تاریخی دن کو اہل مکہ ہر جانب سے مسجد کو دیکھنے کے لیے آئے تاکہ وہ سنیں کہ ان شکست خوردہ قریشیوں کے ساتھ، فاتح رسول کیا معاملہ کرتا ہے جنہوں نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی دعوت کو ختم کرنے کے لیے ہر طرح کی کوشش کی تھی، قریش کے چہروں پر حیرت چھائی ہوئی تھی اور وہ اپنی آنکھوں پر اعتبار نہیں کر رہے تھے نیز وہ ان دس ہزار ہتھیار بند جانبازوں کو دیکھ رہے تھے جو بڑے جلال و ہیبت اور چابکدستی کے ساتھ محمد بن عبداللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو گھیرے ہوئے تھے یہ وہی شخص تھا جس کے خون کو قریش نے مباح قرار دیا تھا اور اس کو زندہ یا مردہ حالت میں پکڑ کر لانے پر بہت بڑا انعام مقرر کیا تھا، وہ مکہ سے آٹھ سال قبل خوف زدہ حالت میں نکلا تھا اور موت ہر جگہ اس کی تلاش میں تھی اور اس کے ساتھ سوائے ایک آدمی ابوبکر صدیق کے اور کوئی نہ تھا۔

مکہ میں ہمیشہ کے لیے شعار توحید!

اسی اثناء میں کہ مسجد مختلف طبقات کے شکست خوردہ قریشیوں سے بھری ہوئی تھی، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے غلام بلال بن رباح کو حکم دیا کہ وہ کعبہ کی چھت پر چڑھ کر اذان دیں تاکہ وہ مکہ پر توحید کے غلبہ اور شرک و بت پرستی کے خاتمہ کا اعلان کر دیں، جب قریش نے حضرت بلال رضؓ کو کعبہ کی چھت پر اذان دیتے دیکھا تو انہیں بہت غصہ آیا اور بہت سے لوگوں نے کعبہ کی چھت پر

Marfat.com

شعائر توحید کے اعلان پر واضح طور پر اپنے غیظ و غضب کا اظہار کیا، عتاب بن اُسید نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے اُسید کو (یعنی اس کے باپ کو) اس اذان کے سُننے سے اور اس کو سُن کر غصے میں آنے سے بلند کیا ہے (یعنی وہ یہ وقت آنے سے قبل مر گیا) اور سعید بن العاص کے ایک بیٹے نے کہا، اللہ تعالیٰ نے سعید کو بہت عزت دی ہے کہ کعبہ کی چھت پر اس سیاہ فام کی اذان سُننے سے قبل ہی اُسے موت دے دی ہے اور قریش نے حارث بن ہشام سے کہا... کیا تو اس غلام کو نہیں دیکھتا کہ یہ کہاں چڑھ گیا ہے؟ تو اس نے جواب دیا اگر اللہ تعالیٰ اس کو ناپسند کرتا تو اسے بدل دیتا اور ابو سفیان نے اشراف قریش کی یہ باتیں سُننے کے بعد کہا ــــــ میں کوئی بات نہیں کرتا اگر میں نے بات کی تو یہ سنگریزے میرے بارے میں انہیں خبر دیں گے۔ حارث بن ہشام نے کہا ... خدا کی قسم اگر مجھے علم ہوتا کہ وہ حق پر ہے تو میں اس کی پیروی کرتا مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے پاس آکر انہیں بتایا کہ جو باتیں تم لوگوں نے کی ہیں میں انہیں جانتا ہوں پھر جو جو بات انہوں نے کی تھی انہیں بتا دی تو حارث بن ہشام اور عتاب بن اسید نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ اللہ کے رسول ہیں خدا کی قسم ہماری باتوں کے متعلق ہمارے کسی ساتھی کو بھی علم نہیں ہو سکا کہ ہم کہہ سکیں کہ اس نے آپ کو یہ باتیں بتائی ہوں گی [1] یونس بن بکیر کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے سال بلال کو حکم دیا اور انہوں نے مشرکین کو غصہ دلانے کے لیے کعبہ کی چھت پر چڑھ کر اذان دی۔[2]

تب اللہ تعالیٰ تجھ کو ذلیل کرے گا | مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ جب

---

[1] زاد المعاد ص ۹۶ ج ۲، البدایہ والنہایہ ص ۳۰۳ ج ۴، سیرت ابن ہشام ج ۲
[2] البدایہ والنہایہ ص ۳۰۴ ج ۴

مکہ پر مسلمانوں کا مکمل قبضہ ہوگیا تو ابو سفیان کو شیطان نے وسوسہ ڈالا اور وہ نئے سرے سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ کرنے کے متعلق سوچنے لگا، اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو، ابو سفیان کے اس خیال سے آگاہ کر دیا تو اسی گھڑی وہ آپ پر مخلصانہ طور پر ایمان لے آیا، بیہقی اور اصحاب المغازی نے یہ بات ابو سفیان کی زبانی یوں بیان کی ہے کہ فتح مکہ کے بعد ابو سفیان نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو چلتے دیکھا اور لوگ آپ کے پیچھے پیچھے چل رہے تھے تو اس نے اپنے دل میں کہا کاش تو دوبارہ اس شخص سے جنگ کرتا تب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آکر ابو سفیان کے سینے پر ہاتھ مار کر فرمایا تب اللہ تعالیٰ تجھے ذلیل کرتا تو ابو سفیان نے کہا کہ میں نے جو بات منہ سے نکالی ہے اس پر میں توبہ و استغفار کرتا ہوں، اور ابن سعد نے واقدی سے بیان کیا ہے کہ ابو سفیان فتح مکہ کے بعد بیٹھا ہوا تھا تو اس نے اپنے دل میں کہا... کاش میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے جنگ کرنے کے لیے کوئی فوج اکٹھی کرتا، ابھی اس نے یہ بات دل ہی میں سوچی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے دونوں کندھوں کے درمیان ہاتھ مار کر فرمایا تب اللہ تعالیٰ تجھے ذلیل کرتا، ابو سفیان کہتا ہے کہ میں نے سر اٹھایا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میرے سر پر کھڑے تھے آپ نے فرمایا ابو سفیان، تجھے یقین نہیں کہ میں قیامت تک نبی ہوں[1]

فتح کی رات مسلمانوں نے طواف و تکبیر میں گزاری

بیہقی نے سعید بن المسیب سے روایت کیا ہے کہ فتح کی رات مسلمان مکہ میں داخل ہوئے اور صبح تک تکبیر و تہلیل اور طواف کرتے رہے، ابو سفیان نے اپنی بیوی ہند سے کہا، کیا تو اس بات کو منجانب اللہ سمجھتی

---

[1] البدایہ والنہایہ ص۳۰۲-۳۰۳ ج۴

Marfat.com

ہے ؟ اس نے جواب دیا ہاں یہ منجانب اللہ ہے پھر صبح کو ابوسفیان سے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تونے ہندسے کہا تھا کہ کیا یہ بات منجانب اللہ ہے تو اس نے جواب دیا تھا کہ ہاں یہ بات منجانب اللہ ہے تو ابوسفیان نے کہا میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں، خدا کی قسم میری اس بات کو ہند کے سوا کسی نے نہیں سنا ہے[1]

فتح مکہ پر ابلیس کا غم

مغازی الواقدی جلد ۲ صفحہ ۸۴۱ میں ہے کہ ابلیس اپنی تاریخی زندگی میں تین بار رویا ہے.....

(۱) جب اس پر لعنت کی گئی اور اس کی شکل فرشتوں کی شکل سے مختلف ہوگئی (۲) دوسرے اس وقت جب اس نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو مکہ میں نماز پڑھتے دیکھا اور (۳) تیسرے اس وقت جب آپؐ نے مکہ فتح کیا، اس کی اولاد اکٹھی ہوگئی تو ابلیس نے کہا اس بات سے ناامید ہوجاؤ کہ تم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اُمت کو اس دن کے بعد شرک کی طرف پھیر سکو گے، لیکن ان میں نوحہ اور شعر کو رواج دو۔

فتح کے روز رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا تاریخی خطبہ

جب رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ سے بت پرستی کے تمام نشانات و مظاہر کو مٹا دیا اور بتوں کو توڑ کر ان کی نجاست سے کعبہ کو پاک کر دیا اور قریش کے جانبازوں نے جیش نبویؐ کے سامنے ہتھیار ڈال دیے اور آپ نے قریش کے سیاسی غلبہ اور ان کی عسکری قوت کا کانٹا نکال دیا اور کرفیو آرڈر کی پابندی کو اُٹھا دیا تو اس کے بعد قریشی ہر جانب سے مسجد میں آنے جانے لگے مسجد ان سے بھر گئی اور وہ مسجد کے آس پاس کے راستوں میں

---

[1] البدایہ والنہایہ صفحہ ۳۰۴ ج ۴

Marfat.com

جمع ہو گئے ان میں سے ہر ایک کی خواہش تھی کہ وہ سالارِ اعلیٰ اور فاتح نبیؐ سے اپنے انجام کے بارے میں فیصلہ کن بات سُنے یہ فتح کے دوسرے دن کا واقعہ ہے[1]

تمہارے خیال میں، میں تم سے کیا سلوک کرنے والا ہوں

جب مکہ میں حالات پُرسکون ہو گئے اور فاتح مسلمانوں نے اس میں رات گزار لی تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور سوار دستے کے سالار حضرت خالدؓ بن ولید آپ پر ازدحام کرنے والے لوگوں کو ہٹانے لگے[2] رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کے دروازے پر کھڑے ہو گئے اور چوکھٹ کے دونوں بازو آپ کے ہاتھ میں تھے اور آپ کے ایک ہاتھ میں چابی تھی جسے آپؐ نے اپنی آستین میں رکھا ہوا تھا، مشرکین مسجد میں جمع تھے قریب تھا کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بات سُننے کے لیے ایک دوسرے کو روند ڈالیں۔

اہل مکہ کو عام معافی

لوگ کھڑے ہو کر انتظار کر رہے تھے اور فاتح رسول کی طرف دیکھ رہے تھے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا تاریخی خطاب شروع کیا جس میں سب سے پہلے تمام اہل مکہ کو عام معافی دی اور بعض واجب العمل قوانین کا اعلان کیا اور بیت اللہ کی خدمت اور حاجیوں کی سقایت کے سوا جاہلیت کی رسموں کو باطل قرار دے دیا اور سودی کاروبار کو حرام قرار دیا اور سابقہ سودی کاروبار کے فوائد و منافع اور باقی رہنے والے سود کو ساقط قرار دے دیا اور قیامت تک مکہ کی حُرمت کا اعلان کیا... اسی طرح نوعِ بشری کی وحدت

---

[1] البدایہ والنہایہ ص ۳۰۵ ج ۴، زاد المعاد ص ۳۹۷ ج ۳

[2] مغازی الواقدی ص ۸۳۵ ج ۲

Marfat.com

کا اعلان کیا اور یہ کہ کسی کو دوسرے شخص پر، تقوے کے سوا کوئی فضیلت حاصل نہیں۔

آپؐ نے اپنے اس خطبہ میں فرمایا، سب تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے اپنے وعدے کو سچ کر دکھایا اور اپنے بندے کی مدد کی اور اکیلے ہی احزاب کو شکست دی پھر ان اہل مکہ کو، جن کے دل خوف اور گھبراہٹ سے سینوں سے باہر نکلے پڑتے تھے کہ آپ ان کا محاسبہ کریں گے اور انہوں نے آپ کی کمزوری کے ایام میں جو جرائم آپ کے اور آپ کے اصحاب سے روا رکھے ہیں ان کا بدلہ دیں گے، مخاطب کر کے فرمایا:۔

اے گروہِ قریش! اور اے اہل مکہ! تمہارا کیا خیال ہے کہ میں تم سے کیا سلوک کرنے والا ہوں؟ اور ایک روایت میں ہے کہ تم کیا کہتے ہو اور کیا خیال کرتے ہو؟ انہوں نے جواب دیا ہم نیک خیال کرتے ہیں اور نیک بات کہتے ہیں درگزر کرنے والے بھائی اور درگزر کرنے والے بھائی کے بیٹے، آپ غالب آ گئے ہیں اس موقع پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانی سرشت کے سب سے بلند خلق کا مظاہرہ کیا جس کی رفعت سے بشریت آدم علیہ السلام کے زمانے سے واقف تھی۔ آپؐ نے قریش سے تمام سزائیں معاف کر دیں جو آپ انہیں دے سکتے تھے اور نہایت نرم انداز میں عام معافی دے دی جس سے ان کے مضطرب دلوں میں اطمینان پیدا ہو گیا آپ نے فرمایا "لا تثریب علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین اذھبوا فانتم الطلقاء"

طبری کہتا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں آزاد فرما دیا آج تم سے باز پرس نہیں ہو گی، اللہ تعالیٰ تمہاری مغفرت فرمائے اور سب سے بڑھ کر رحم فرمانے والا ہے، جاؤ تم سب آزاد ہو، جب کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ان کی گردنوں پر بزورِ قوت غالب کیا تھا اور وہ آپؐ کے لیے مالِ غنیمت تھے اس لیے

Marfat.com

اہل مکہ کو طلقاء[۱] (آزاد) کہتے ہیں۔

نئے قانونی فرامین پھر رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس تاریخی خطبہ میں لوگوں کے لیے عموماً اور اہل مکہ کے لیے خصوصاً اعلیٰ تعلیمات ارشاد فرمائیں جنہیں نئے قانونی فرامین کہا جا سکتا ہے جن میں اسلامی احکام کے تحت لوگوں کے ایک دوسرے کے ساتھ برتاؤ اور تعامل کو بیان کیا گیا ہے۔

سود کی حرمت تجارت اور اقتصاد کے میدان میں جاہلیت میں سود

---

[۱] مؤرخین، فقہاء اور محدثین کا اس بارے میں اختلاف ہے کہ مکہ بزور فتح ہوا تھا یا صلح سے؟ جمہور کے نزدیک بزور فتح ہوا تھا، شافعیؒ کے نزدیک صلح سے فتح ہوا تھا امر واقعہ یہ ہے کہ قریش کے نمائندے ابو سفیان اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان اس بات پر اتفاق ہوا تھا کہ مکہ صلح سے فتح ہو گا جیسا کہ اس کی تفصیل اس کتاب میں بیان ہو چکی ہے، ہاں جن قریشیوں نے حضرت خالد کے دستے سے مزاحمت کی اور اس میں فریقین کے تیس آدمی مارے گئے ہو سکتا ہے کہ اسے مذکورہ معاہدہ صلح کی خلاف ورزی خیال کیا جائے، اس لحاظ سے مکہ بزور فتح ہوا تھا اور جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ کو معاف کر دیا اور نہ ان کے اموال کو بطور غنیمت تقسیم کیا اور نہ ان کی اولاد کو قیدی بنایا تو یہ بات ازراہِ لطف و کرم بطور تالیف قلوب کے تھی اور یہی زیادہ درست بات ہے پس مکہ کو بزور فتح کیا گیا، لیکن رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مکہ پر بزور قبضہ کرنے اور اس میں زبردستی داخل ہونے کے احکام نافذ نہ کیے۔

Marfat.com

بھی ایک اہم اصولِ تجارت تھا، چونکہ سُود منافع کے ان بڑے وسائل میں سے ہے جس سے غریبوں اور محتاجوں کو کچل کر دولت مندوں کی دولت میں بے انتہا اضافہ ہو جاتا ہے نیز یہ رُوحِ اسلام اور اس کی روا دارانہ تعلیمات کے بھی منافی ہے اس لیے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سودی کاروبار کو قطعی طور پر حرام قرار دے دیا اور فرمایا کہ سوائے بیت اللہ کی خدمت اور حاجیوں کی سقایت کے جاہلیت کے تمام سود، خون، مال اور فخر، میرے ان قدموں کے نیچے ہیں۔

غلطی سے قتل ہونے والے کی دیت کا تقرر

پھر آپؐ نے ایک قانون وضع کیا جس کے بموجب آپ نے اس معاوضانہ کا تقرر کیا جو غلطی سے قتل ہو جانے والے یا شبہ عمد کے تحت قتل ہونے والے آدمی کے اہل کو ادا کیا جاتا ہے جسے اسلامی جرائم کی تعریف کے مطابق دیت کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے، آپؐ نے فرمایا قتلِ خطاء اور شبہ عمد میں یعنی کوڑے یا عصا سے قتل ہونے والے کی دیت ایک سو اُونٹ ہے جس میں چالیس گابھن اونٹنیاں ہوں گی۔

جنسِ بشری کی وحدت اور حقوق میں مساوات کا اعلان

پھر آپؐ نے وحدت نوعِ بشری کا اعلان فرمایا اور عنصری تفریق کو حرام قرار دیا، کیونکہ اسلام میں کسی انسان کو دوسرے انسان پر رنگ، قوم اور زبان کی وجہ سے فضیلت دینے کا کوئی مقام نہیں ہے، سوسائٹی میں جس قدر کوئی آدمی تقوے میں بلند ہوگا اور حدودِ اسلام کے اندر رہتے ہوئے بھلائی میں آگے ہوگا، اسی قدر اُسے فضیلت حاصل ہوگی، آپؐ نے فرمایا: اے گروہِ قریش خدا تعالیٰ نے تم سے جاہلیت کا نخوت و تکبر ختم کر دیا ہے تمام لوگ آدمؑ کی اولاد ہیں اور آدمؑ مٹی سے پیدا ہوئے تھے۔

Marfat.com

پھر آپ نے یہ آیت تلاوت فرمائی یا ایھا الناس انا خلقنا کم من ذکر و انثی وجعلنا کم شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم۔

ترجمہ: اے لوگو! ہم نے تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف قومیں اور مختلف خاندان بنایا تاکہ ایک دوسرے کو شناخت کر سکو، اللہ کے نزدیک تم سب میں بڑا شریف وہی ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہو (الحجرات آیت ۱۳)

ہمیشہ ہمیشہ کے لیے مکہ کی حرمت کا اعلان

پھر آپ نے کعبہ کے دروازے پر اپنے تاریخی خطبہ میں مکہ کی حرمت کا اعلان فرمایا کہ اس میں انسان کا خون بہانا جائز نہیں خواہ اس کے کتنے ہی جواز موجود ہوں، بخاری میں ہے کہ شریح خزاعی نے عمرو بن سعید سے کہا، جب کہ وہ فوج کے ساتھ مکہ جا رہے تھے ... امیر مجھے اجازت دیجیے کہ میں آپ کے سامنے وہ بات بیان کروں جو فتح مکہ کے دوسرے روز، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی جسے میرے کانوں نے سنا اور دل نے یاد رکھا اور میری دونوں آنکھوں نے آپ کو فرماتے دیکھا آپ نے حمد وثنائے الہی کے بعد فرمایا کہ بلاشبہ اللہ تعالی نے مکہ کو حرمت والا بنایا ہے اور اسے لوگوں نے حرمت والا نہیں بنایا اللہ تعالی اور یوم آخر پر ایمان والے آدمی کے لیے اس میں خونریزی کرنا اور درخت کاٹنا جائز نہیں، اگر کوئی کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں قتال کی اجازت تھی تو اسے کہو کہ اللہ تعالی نے اپنے رسول کو اجازت دی تھی، تمہیں اجازت نہیں دی، مجھے بھی اس میں دن کی صرف ایک گھڑی اجازت ملی تھی پھر دوبارہ اس کی آج کی حرمت، کل کی حرمت کی طرح ہو گئی ہے، جو لوگ اس جگہ حاضر ہیں وہ ان لوگوں تک یہ بات پہنچا دیں جو یہاں پر حاضر نہیں۔

Marfat.com

مسلمانوں کی وحدت و مساوات

اس جامع خطبہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کی وحدت اور ہر چیز میں مساوات کا اعلان کیا آپ نے فرمایا ایک مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے اور سب مسلمان آپس میں بھائی بھائی ہیں اور دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں مسلمان ایک ہاتھ کی طرح ہیں، ان کے خون برابر ہیں ان کا بعید ترین آدمی ان کی بات کو لوٹا سکتا ہے اور ان کا ادنیٰ آدمی معاہدہ کر سکتا ہے اور ان کا قوی آدمی جنگ میں ان کے غریب آدمی کے برابر غنیمت میں حصہ لیتا ہے، کسی مسلمان کو کافر کے بدلہ میں قتل نہ کیا جائے اور نہ کسی ذمی کافر کو، معاہدہ کے ہوتے ہوئے قتل کیا جائے اور نہ دو مختلف مذاہب کے آدمی ایک دوسرے کے وارث ہوں گے، مسلمانوں کے صدقات ان کے گھروں اور صحنوں میں وصول کیے جائیں اور عورت سے اس کی پھوپھی اور خالہ کی موجودگی میں نکاح نہ کیا جائے، مدعی کے ذمہ گواہ اور انکار کرنے والے کے ذمہ قسم ہوگی، عورت تین میل کا سفر بھی محرم کے ساتھ کرے گی، فجر اور عصر کی نماز کے بعد کوئی نماز (نفل) نہ ہوگی میں آپ لوگوں کو عید الاضحیٰ اور عید الفطر کے دو دنوں میں روزہ رکھنے سے منع کرتا ہوں تم میں سے کوئی آدمی ایک کپڑے میں گوٹھ مار کر نہ بیٹھے کہ اپنے جسم کے قابل شرم حصہ کو آسمان تک پہنچا دے (ادھر کی جانب سے کھلا ہوا ہو) اور نہ اپنے آپ کو اس طرح ایک کپڑے میں ڈھانپے کہ پھر اس کی ایک طرف کو اٹھا کر کندھے پر رکھ لے کہ اس کے جسم کا وہ حصہ برہنہ ہو جائے جو چھپانے کے لائق ہے میرے خیال میں اب تم ان باتوں کو سمجھ گئے ہو گے۔

حرم میں شکار کرنے اور درخت کاٹنے کی حرمت

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس

Marfat.com

خطبہ میں حرم میں شکار کرنے اور درخت کاٹنے کی حُرمت کا اعلان فرمایا آپ نے فرمایا حرم کے شکار کو نہ بھگایا جائے اور نہ اس کے درخت کو کاٹا جائے اور اس میں گری پڑی چیز کو سوائے اعلان کرنے والے کے اور کسی کے لیے اُٹھانا جائز نہیں اور نہ اس کے گھاس کو کاٹا جائے، حضرت عباس بن عبد المطلب جو ایک عمر رسیدہ اور تجربہ کار آدمی تھے کہنے لگے، یا رسول اللہ، اذخر کے کاٹے بغیر تو کوئی چارہ نہیں کیونکہ اُسے قبروں میں ڈالا جاتا ہے اور گھروں میں خوشبو کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد فرمایا کہ اذخر کا کاٹنا جائز ہے، پھر آپؐ نے پوری سوسائٹی کے لیے دیگر قوانین بیان فرمائے، فرمایا وارث کے لیے کوئی وصیت نہیں، بچہ بستر والے (شوہر) کا ہے اور زانی کے لیے پتھر ہیں، عورت کے لیے اپنے خاوند کی اجازت کے بغیر اپنا مال دینا بھی جائز نہیں [۱]، کسی عورت سے اس کی پھوپھی اور خالہ کی موجودگی میں نکاح نہ کیا جائے [۲]

شرک اور بُت پرستی کا خاتمہ

اس تاریخی خطاب میں، جس میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اصولِ اسلام کو پختگی اور مضبوطی سے بیان کیا، اس سے اس شہر میں جو خدا تعالیٰ

---

[۱] مسلمانوں کے اجماع سے یہ بات ثابت ہے کہ عورت اپنے خاوند سے رجوع کیے بغیر اپنے مال میں تصرف کرنے کے بارے میں آزاد ہے، ہاں جب وہ صحیح طریق پر نہ چلے تو پھر اُسے اجازت لینا ہو گی۔

[۲] تاریخ طبری صلـ ۶۳ ج-۳، مغازی الواقدی صـ ۸۳۵ ج-۲، البدایہ والنہایہ صـ ۳۰۵ ج-۴
سیرت ابن ہشام صـ ۵۴ ج-۴، صحیح البخاری صـ ۳۰۹ ج-۵

Marfat.com

اور اس کے رسول کی دشمنی کا قلعہ تھا، بت پرستی اور شرک کی صف لپیٹ گئی اور شہر مکہ مکرمہ مدینہ منورہ کے بعد اسلام کا دوسرا دار الخلافہ بن گیا، بلاشبہ اس مقدس شہر کے مسلمانوں کے قبضہ میں آنے سے نہ صرف مکہ ہی سے بلکہ تمام علاقوں سے جن میں شرک اور بت پرستی کا غلبہ تھا، بت پرستی اور شرک کے خاتمہ ہوگیا، کیونکہ مکہ ہی شرک اور بت پرستی کا دار الخلافہ تھا، نہ صرف قریش کے لیے بلکہ تمام عربوں کے لیے جو اپنے اختلاف کے باوجود کئی قسم کے معبود بنائے ہوئے تھے، عرب کے ہر قبیلے کا ایک خاص بت کعبہ کے اردگرد پڑا ہوا تھا، یہی وجہ ہے کہ مکہ کے مسلمانوں کے تسلط میں آجانے کی وجہ سے باقی ماندہ بت پرستوں اور مشرکوں کے دلوں پر شدید اثر پڑا، اسی بات نے ہوازن کے قبائل کو مسلمانوں کے ہاتھوں سے مکہ کو چھیننے اور دوبارہ اس میں بت پرستی اور شرک کی حکومت قائم کرنے کے لیے فوجیں جمع کرنے پر آمادہ کیا، اسی وجہ سے حنین کا فیصلہ کن معرکہ ہوا، تفصیل ہماری کتاب غزوہ حنین میں بیان ہوگی۔

محمد رسول اللہ سب سے بڑے فاتح اور بہترین جانباز

قریش ہتھیار ڈال رہے تھے

اور اپنے گھروں یا مسجد میں پناہ لے رہے تھے تاکہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فاتح لشکر کو مقدس شہر پر قبضہ کرتے دیکھیں ـــــ ان کا خیال تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم فاتح ہونے کے لحاظ سے متوحش اور خون کے پیاسے فاتحین میں سے ہوں گے جنہیں فتح کا نشہ بدمست کر دیتا ہے اور وہ شکست خوردہ لوگوں کا خوف ناک قتل عام کرتے ہیں اور ان کے دلوں کو اس وقت تک قرار و سکون حاصل نہیں ہوتا جب تک لاشوں کو گلیوں میں بکھرا ہوا اور پھانسی پر لٹکا ہوا نہ دیکھیں قریش کے دل میں یہ خیال مضبوطی سے قائم ہوگیا تھا خصوصاً اس لیے کہ وہ ہر

Marfat.com

بات کو ہمیشہ اپنی جاہلی بت پرستانہ عصبیت پہ قیاس کرتے تھے جو ہمیشہ ان کے لیے کسی جنگ میں شامل ہونے کا واحد سبب اور محرک ہوا کرتا تھا، قریش نے جب اپنے ماضی کے صفحات پہ نظر کی تو انہوں نے بیس سال کے عرصہ کو ان گناہوں سے بھرپور پایا جو انہوں نے اس شخص سے روا رکھے تھے جس کی فوج مکہ پہ قابض ہو چکی تھی اور تمام اہل مکہ کا انجام اس کے ہاتھ میں تھا اور سب سے گھناؤنا جرم، جو قریش نے اس شخص سے روا رکھا وہ آج سے آٹھ سال قبل (جب کہ وہ ان کے درمیان رہ رہا تھا) اسے بستر پہ قتل کرنے کی کوشش کرنا تھا اس لیے سرداران مکہ کو توقع تھی کہ فاتح رسول ان سے سخت حساب اور شدید انتقام لے گا، یہی وجہ ہے کہ بہت سے سردار حتیٰ کہ وہ لوگ بھی جن کے بارے میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی حکم صادر نہیں فرمایا تھا مکہ سے فرار ہو گئے تھے آپؐ نے قصاص میں صرف چند افراد کو قتل کرنے کا حکم دیا تھا، مکہ میں داخل ہونے سے قبل رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے طرز عمل سے اس بات پہ واضح اشارہ ملتا تھا انہیں اپنے ذاتی انتقام سے کوئی رغبت ہی نہ تھی اور آپؐ اس بات کے شدید آرزومند تھے کہ مکہ میں کسی مسلمان یا کافر کا ایک قطرہ خون بھی نہ بہایا جائے، سوائے ان لوگوں کے جو قانون اسلام کے تحت قتل کے مستحق ہوں، یہی وجہ ہے کہ آپ نے اپنے چچا عباس کی مساعی کو خوش آمدید کہا جو اس بات پہ منتہی ہوئیں کہ فاتح رسولؐ نے مکہ میں داخل ہونے سے قبل، مشرکین مکہ کو حکم دیا کہ اگر وہ ہتھیار ڈال دیں اور مقابلہ سے باز آجائیں، تو ان سب کو عام معافی دے دی جائے گی اس بات نے قریش پہ ثابت کر دیا ـــ ان کے شہر میں داخل ہونے سے قبل ـــ باوجودیکہ آپ نے کئی سال تک ان کے ستم برداشت کیے تھے جب کہ آپؐ کے ماننے والوں کی تعداد بہت کم تھی، اپنے ذاتی انتقام کے متعلق کوئی خیال ہی نہیں ہے یہ اس امر کی دلیل ہے کہ آپ تاریخ کے

Marfat.com

عظیم فاتح اور بہترین جانباز ہیں۔ قریش کے نمائندے ابوسفیان بن حرب نے سب اہل مکہ کے لیے جو امان حاصل کی اور جیش نبویؐ کے داخل ہونے سے قبل اُسے تمام اہل مکہ تک پہنچایا یہ امان مکہ کے مضطرب نفوس کے اطمینان کے لیے کافی تھی، تمام اہل مکہ نے اسلامی جیش کے متعلق جو تصورات قائم کیے ہوئے تھے کہ وہ مکہ پر غالب آکر معلوم نہیں کیا کیا کچھ کرے گا، وہ اس تصور ہی سے پریشان اور مضطرب تھے، لیکن ابوسفیان کے اعلان کے باوجود کہ جیش نبویؐ حکم رسولؐ کے مطابق مکہ کے کسی آدمی سے معترض نہیں ہوگا اور وہ سب کے سب سوائے اس کے جو ہتھیار اُٹھا کر جیش اسلامی سے لڑے گا، امان میں ہوں گے، پھر بھی وہ خوف اور اضطراب کا شکار تھے، خصوصاً معاہدہ صلح کو جنگ سے توڑنے کے بعد، جس کا آغاز انہوں نے خندمہ میں خالدؓ بن ولید کے دستوں کے مقابلہ سے کیا تھا۔

اضطراب کے بعد سکون

شاید رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی اس شدید قلق کا ادراک ہوگیا تھا جو قریش کے دلوں پر مکہ کے فاتح لشکر کے تحت آجانے کے بعد حملہ آور ہو رہا تھا، اس لیے آپ نے ایک نہایت ہی شریفانہ طریق سے ـــــ جس کی کوئی مثال موجود نہیں ـــــ اس قلق و اضطراب کو دلوں سے دُور کر دیا آپ نے فتح کے روز اپنے تاریخی خطبہ میں فرمایا تمہارے خیال میں مَیں تم سے کیا سلوک کرنے والا ہوں تو ان کے دانشوروں کی ایک جماعت نے خوف زدہ حالت میں کہا ـــــ آپ کریم بھائی کے بیٹے ہیں اور آپ کو قدرت حاصل ہو چکی ہے تو آپؐ نے فرمایا لاتثریب علیکم الیوم یغفر اللہ لکم وھو ارحم الراحمین، اذھبوا فانتم الطلقاء۔

اس ہمہ گیر اور واضح عفو نے قریش کے دلوں میں موجزن خوف کے تمام آثار کو دُور کر دیا اور وہ مطمئن اور پُرسکون ہو گئے اور اس شریفانہ طرزِ عمل کو کل کے

Marfat.com

بدترین دشمنوں اور آج کے مغلوبوں نے بہت سراہا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ کریمانہ اور رحیمانہ سلوک اہل مکہ کے لیے بخوشی جلد اسلام میں داخل ہونے کا سبب بن گیا اور ان مسلمان ہونے والوں میں وہ لوگ بھی آئے جو بعد میں اسلام کے مددگار بنے اور جہاد کے معرکوں میں شامل ہوئے اور کامیاب معرکوں میں فوجوں کے سالار بنے، جیسے عبداللہؓ بن ابی سرح جس نے افریقہ کو فتح کیا اور بحر ابیض کے شدید ترین بحری معرکے میں شامل ہوا جس کا بحری بیڑا، رومی بحری بیڑے پر غالب آیا اور اس کے اکثر دستے جو ایک ہزار کشتیوں کے لگ بھگ تھے غرق ہو گئے جیسے عکرمہ بن ابوجہل جس نے معرکہ یرموک میں جام شہادت نوش کیا، اس نے معرکہ یرموک میں اس جانباز دستے کی قیادت کی، جسے رومی فوج کا حملہ روکنے کے لیے کھڑا کیا گیا تھا، یرموک کے فیصلہ کن معرکہ میں اس دستے کے جانبازوں کا چٹان کی طرح جم جانا فتح کے اہم اسباب میں سے تھا۔

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوہِ صفا پر

اس تاریخی خطبہ کے بعد جس نے قلق و اضطراب کے بعد، قریش کے دلوں کو سکون بخشا تھا، لوگ مسجد سے واپس آ گئے اور ہر شخص کو نفسیاتی طور پر ایک راحت محسوس ہو رہی تھی اور وہ اپنے اہل، مال اور جان کے متعلق بے خوف ہو چکا تھا، یہی وجہ ہے کہ مقدس شہر پہ کامل سکون طاری تھا اور زندگی معمول کے مطابق رواں دواں تھی۔ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنے تاریخی خطاب کے بعد مسجد سے کوہِ صفا کی طرف آ گئے جو آپ کی بہت سی شیریں اور تلخ یادوں کا امین تھا، اسی صفا سے قریش نے اپنی زندگی میں پہلی بار رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا وہ پہلا بیان سنا تھا جس میں آپ نے عمومی رنگ میں خدائے واحد کی عبادت کرنے اور دیگر شرکاء کی عبادت کو ترک کرنے کے متعلق ارشاد فرمایا تھا یعنی جب آپ کو آج سے اٹھارہ سال قبل اللہ تعالےٰ نے اس قول کے ذریعہ مکلف فرمایا۔

Marfat.com

فاصدع بما تؤمر واعرض عن المشرکین (ترجمہ: آپ کو جس بات کا حکم دیا گیا ہے اس کو واضح سُنا دیں اور ان مشرکوں کی پرواہ نہ کریں)

اسی صفاء سے آپؐ نے اپنے قریب ترین عزیز یعنی اپنے چچا ابولہب بن عبدالعزیٰ بن عبدالمطلب سے وہ بات سُنی جس سے آپ نہایت مغموم ہوئے ....

.... جب آپؐ نے لوگوں کو جمع کرکے یہ بات بتائی کہ میں اللہ کا رسول ہوں تو ابولہب نے کہا تو ہلاک ہوگیا تو نے اسی بات کے لیے ہمیں جمع کیا تھا تو اللہ تعالےٰ نے اس کے متعلق یہ سورت نازل فرمائی (تبت یدا ابی لہب ..... السورۃ)

انصارؓ کا خدشہ کہ رسول کریمؐ مکہ میں رہیں گے اور مدینہ کو چھوڑ دیں گے

فتح کے دُوسرے روز اپنے تاریخی خُطبہ کے بعد رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کوہِ صفا پر چڑھے اور بیت اللہ کی طرف منہ کرکے اپنے ہاتھ اُٹھا کر ذکرِ الٰہی اور دُعائیں کرنے لگے[1] رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ابھی صفاء پر ہی تھے کہ انصار کو خدشات لاحق ہونے لگے اور انہیں یہ خوف دامن گیر ہوگیا کہ آپؐ مدینہ سے آجائیں گے اور مکہ میں قیام کریں گے اُنہوں نے آپس میں کہا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی لبتی کی محبت اور خاندان کی مہربانی نے اپنی گرفت میں لے لیا ہے[2] - کیا تمہارے خیال میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، جب کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے شہر اور علاقے کو فتح کر دیا ہے یہیں مقیم ہوں گے[3] بلاشبہ انصار کے اس

---

[1] البدایہ والنہایہ صہ ۳۰۷ ج-۴ ، سیرت حلبیہ صہ ۳۱۴ ج-۲

[2] سیرت حلبیہ صہ ۳۱۴ ج-۲ [3] البدایہ والنہایہ صہ ۳۰۶ ج-۴

Marfat.com

قول کا سبب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے شدید محبت اور آپ کے ساتھ رہنے کی آرزو تھا کہ آپؐ عمر بھر ان کے درمیان رہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بذریعہ وحی انصار کی باتوں کا علم ہوگیا تو آپ نے ان کو تسلی دیتے ہوئے فرمایا کہ میری زندگی اور موت انصار کے ساتھ ہوگی اور میں زندگی بھر ان سے جدا نہیں ہوں گا۔

امام احمدؒ نے اپنی مسند میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم صفاء پر چڑھ کر اس جگہ کھڑے ہوئے جہاں سے آپ کو بیت اللہ نظر آتا تھا آپ نے ہاتھ اٹھا کر الٰہی مشیت کے تحت ذکر الٰہی اور دعائیں کیں، انصار اس وقت نیچے تھے آپ نے فرمایا کہ بعض لوگ ایک دوسرے سے کہتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی لبستی اور خاندان کی محبت نے اپنی گرفت میں لے لیا ہے اس کے بعد وحی کا نزول شروع ہوا اور جب وحی آتی تو ہم سے یہ کیفیت پوشیدہ نہ رہتی تھی اور جب تک وحی کی کیفیت ختم نہ ہو جاتی کوئی آدمی نظر اٹھا آپؐ کی طرف نہ دیکھ سکتا تھا، ہاشم کہتے ہیں جب وحی کا سلسلہ ختم ہوا تو آپؐ نے سر اٹھا کر فرمایا اسے گروہِ انصار، کیا تم نے یہ بات کہی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنی لبستی اور خاندان کی محبت نے اپنی گرفت میں لے لیا ہے؟ انصار نے کہا یا رسول اللہ ہم نے یہ بات کہی ہے آپؐ نے فرمایا، پس اس صورت میں میرا کیا نام ہوگا، ایسا ہرگز نہیں ہوگا میں اللہ تعالیٰ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، میں نے اللہ تعالیٰ کی طرف ہجرت کی ہے میری زندگی اور موت تمہارے ساتھ ہوگی انصار آپؐ کے پاس روتے ہوئے آئے اور کہنے لگے ہم نے یہ بات اللہ اور اس کے رسولؐ کے متعلق بخل کے انداز میں کہی ہے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "اللہ تعالیٰ اور اس کا رسول دونوں آپ لوگوں کی تصدیق کرتے ہیں اور تمہیں معذور سمجھتے ہیں" اسے مسلم اور نسائی نے سلیمان بن مغیرہ کے طریق سے روایت کیا ہے[لہ]

لہ البدایہ والنہایہ صفحہ ۳۰۱ ج ۴

Marfat.com

اہل مکہ کی بیعت اسلام

اس کے بعد اہل مکہ اپنی مرضی اور اختیار سے اسلام کی بیعت کے لیے اس جگہ آئے جہاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے تھے کوہِ صفا پر بڑے سکون اور نظم و ضبط سے بیعت ہوئی پہلے مردوں نے بیعت کی، ازاں بعد عورتوں نے بیعت کی، لوگوں کی بیعت حضرت عمرؓ لیتے تھے ــــ جو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل مکہ کے درمیان نیچے کھڑے تھے، طبری کا بیان ہے کہ پھر مکہ میں اسلام کی بیعت کے لیے لوگ جمع ہو گئے مجھے جو روایات پہنچی ہیں ان کے مطابق رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم صفا پر بیٹھ گئے اور آپ سے نیچے حضرت عمرؓ بن الخطاب بیٹھ گئے وہ لوگوں کی بیعت لیتے جاتے تھے اس طرح لوگوں نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولؐ کی مقدور بھر سمع و اطاعت کرنے پر آپؐ کی بیعت کی، لوگوں میں سے جس نے بھی اسلام کی بیعت کی اس سے اسی طرح بیعت لی گئی [۵۳] چند لوگوں کے سوا تمام اہل مکہ اسلام میں داخل ہو گئے اور میں آپ کی بیعت کر لی، ان میں سے کوئی تو اس خیال سے مکہ سے فرار ہو گیا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر حملہ کریں گے (جیسے عکرمہ بن ابوجہل) اور کوئی مکہ میں مقیم رہ کر شرک پر قائم رہا جسے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مہلت دے دی، (جیسے صفوان بن اُمیہ) اس نے غزوہ حنین کے بعد اسلام قبول کیا یہ اسلامی فوج کے ساتھ مشرک ہونے کی حالت میں گیا اور مکہ کے مضافات میں جعرانہ کے مقام پر مسلمان ہو گیا نیز محاصرہ طائف سے واپسی کے دوران غزوہ حنین کے بعد) رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہا، صفوان بن اُمیہ اپنی جان کے خوف سے بحرِ احمر کے ساحل کی طرف بھاگ گیا تاکہ سوار ہو کر کہیں چلا جائے، رسولِ کریم

---

۵۳ تاریخ الرسل والملوک ص ۶۱ ج ۳

صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے امان کا پیغام بھیجا تو وہ مکہ واپس آگیا اور شرک پر قائم رہا، یہاں تک کہ مسلمان ہو گیا جیسا کہ تفصیل آئندہ صفحات میں بیان ہو گی،

عورتوں کی بیعت اور ہند بنت عتبہ کے قبول اسلام کا قصہ

مردوں کی بیعت کے بعد عورتوں کے وفد نے اسلام قبول کیا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی، اس وفد کی نمایاں مستورات میں مندرجہ ذیل عورتیں شامل تھیں۔۔۔ اُم حکیم بنت الحارث بن ہشام زوجہ عکرمہ بن ابوجہل ہند بنت عتبہ زوجہ ابوسفیان بن حرب (جو بھیس بدلے ہوئے تھی) ام کلثوم بنت المنذل الکنانیہ زوجہ صفوان بن اُمیہ فاطمہ بنت الولید بن مغیرہ ہند بنت منبہ بن الحجاج والدہ عمرو بن العاص۔ عورتوں کی بیعت کشادہ نالے میں، آپ کی بیٹی حضرت فاطمۃ الزہرا اور آپ کی بیوی اور بنو عبدالمطلب کی مستورات کی موجودگی میں ہوئی [۱]

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہند بنت عتبہ کو مُعاف کرنا

ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبدشمس ان لوگوں میں سے ایک تھی جنہوں نے سید الشہداء حضرت حمزہ بن عبدالمطلب کو قتل کرنے کا منصوبہ بنایا اور ایک حبشی غلام وحشی کو اُحد کے روز چھپ کر آپؓ کے قتل کرنے پر آمادہ کیا، ہند کو اس وجہ سے خوف دامن گیر تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھ سے انتقام لیں گے مگر ہند کے دل پر انتقام کے خوف کے مقابلہ میں آپ کے عفو کی اُمید غالب آگئی لہٰذا وہ قریشی عورتوں کے اس وفد میں شامل ہو کر آگئی جو اسلام کی بیعت کرنے آئی تھیں لیکن وہ بھیس بدل کر آئی تاکہ

---

[۱] مغازی الواقدی ص ۸۵۰ ج ۲، امتاع السماع ص ۳۹۲

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے مناسب وقت سے قبل پہچان نہ سکیں، اس نے نقاب اُٹھا کر رسُول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے رحم و عفو کا مطالبہ کیا آپ نے اس کی یہ بات قبول کر لی اور اُسے ملامت کا ایک کلمہ تک نہ کہا آپ کس قدر نیک، کریم، حلیم، رحیم اور عظیم تھے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

مکہ میں عورتوں کی بیعت

ہند بنت عتبہ (جو ایک طرح سے عورتوں کے وفد کی لیڈر تھی) ہی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ عورتوں کی طرف سے گفتگو کر رہی تھی، آپؐ اُسے پہچان نہ سکے کیونکہ وہ بھیس بدلے ہوئے تھی، لیکن گفتگو کے دوران آپ نے اُسے پہچان لیا تو فرمایا تو ہند بنت عتبہ ہے اس نے جواب دیا، میں ہند بنت عتبہ ہوں، جو کچھ پہلے ہو چکا ہے اُسے معاف فرما دیجیے، اللہ تعالیٰ آپ سے درگزر فرمائے گا[۱]، عورتوں کی بیعت مردوں کے اندازِ بیعت سے الگ تھی، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مردوں کی بیعت ہاتھوں سے مصافحہ کے ذریعہ لیتے، اگر عورتوں سے آپ مصافحہ نہ کرتے کیونکہ آپ کسی (غیر محرم) عورت کو مَس نہ کرتے تھے اور آپ کو وہی عورت مَس کرتی جس کے لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو حلال کیا تھا یا محرم عورت چھوتی تھی[۲]

تمام محدثین اور اصحاب سیر نے اپنے اپنے طریق سے بیان کیا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کی بیعت سے فراغت کے بعد، عورتوں کی بیعت لی، طبری کہتا ہے ...... قریش کی عورتیں اکٹھی ہو کر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں ان میں ہند بنت عتبہ بھی شامل تھی، جو حضرت حمزہ سے بڑے سلوک کی

---

[۱] تاریخ طبری ص ۶۲ ج ۳

[۲] تاریخ طبری ص ۶۲ ج ۳

Marfat.com

وجہ سے نقاب ڈالے ہوئے تھی، اسے خوف تھا کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس واقعہ کی وجہ سے اُسے گرفتار کرلیں گے جب عورتیں، سبقت کے لیے آپ کے قریب ہوئیں تو آپؐ نے فرمایا اس بات پر تم میری بیعت کرتی ہو کہ تم اللہ تعالیٰ کا کسی کو شریک نہیں بناؤ گی تو ہند نے کہا خدا کی قسم آپؐ ہماری اس بات پر بیعت لیتے ہیں جس پر مردوں کی لیتے ہیں ہم آپ سے یہ عہد کرتی ہیں کہ شرک نہیں کریں گی آپؐ نے فرمایا اور نہ چوری کروگی، ہند نے کہا، میں ابوسفیان کے مال سے کچھ مال لے لیتی ہوں مجھے معلوم نہیں کہ وہ میرے لیے حلال ہے یا نہیں، ابوسفیان اس وقت وہاں موجود تھا اس نے کہا جو کچھ تو لے چکی ہے وہ سب حلال ہے، تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو ہند بنت عتبہ ہے، اس نے جواب دیا میں ہند بنت عتبہ ہوں جو کچھ ہوچکا ہے اُسے معاف فرمادیجیے اللہ آپ سے درگزر فرمائے گا، آپؐ نے فرمایا، اور زنا نہ کروگی، ہند کہنے لگی، کیا شریف عورت زنا کرسکتی ہے آپؐ نے فرمایا اور اپنی اولاد کو قتل نہ کروگی، ہند کہنے لگی ہم نے بچپن میں ان کو پالا اور جب وہ بڑے ہوئے آپ نے بدر میں ان کو قتل کردیا آپ اور وہ بہتر جانتے ہیں، حضرت عمرؓ اس کی یہ بات سن کر کھلکھلا کر ہنس پڑے اور سیرت حلبیہ کی روایت میں ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اس کی جرأت مندانہ بات پر مسکرائے[۱] آپؐ نے فرمایا کہ تم بہتان نہیں باندھوگی، ہند کہنے لگی، بہتان باندھنا بڑی بات ہے اور بعض بہتانوں سے معاف کرنا اچھا ہے آپؐ نے فرمایا اور تم معروف باتوں میں میری نافرمانی نہیں کروگی، ہند کہنے لگی ہم اس مجلس میں اس لیے نہیں بیٹھیں کہ معروف باتوں میں آپ کی نافرمانی کریں،

---

[۱] سیرت حلبیہ صد ۲۳۱ ج ۲۰

Marfat.com

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرؓ سے فرمایا ان کی بیعت لو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے لیے استغفار کیا پھر حضرت عمرؓ نے ان کی بیعت کی[1]

اور بعض روایات میں ہے کہ ہند بنت عتبہ عورتوں کے وفد میں نقاب ڈال کر آئی اور کہا میں ایک مومن عورت ہوں اور گواہی دیتی ہوں خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اللہ کے بندے اور رسول ہیں پھر اس نے نقاب اُٹھا کر کہا ، میں ہند بنت عتبہ ہوں ، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے خوش آمدید کہا اور بیعت کے بعد اس نے آپؐ سے کہا یا رسول اللہ ابو سفیان ایک بخیل آدمی ہے وہ مجھے اتنا خرچ بھی نہیں دیتا جو مجھے اور میرے بچوں کے لیے کافی ہو سوائے اس کے کہ جو میں اس کے علم کے بغیر لے لوں ، کیا اس میں کوئی حرج ہے کہ میں اس سے اپنے عیال کو کھلاؤں ؟ آپؐ نے اُسے فرمایا معروف طریق سے انہیں کھلانے پر تجھے کوئی گناہ نہیں .... جو تیرے اور تیرے بچوں کے لیے کافی ہو اُسے مناسب طریقے سے لے لے[2]

اسلام پہلے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے

ہند بنت عتبہ ، قریش کے سردار اور ان کی فوجوں کے سالار ابو سفیان کی بیوی تھی اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ دستور تھا کہ آپ ان لوگوں سے جو ابو سفیان اور آپ کی بیوی کے مرتبہ کے ہوں تالیف قلب کے لیے ان سے خاص سلوک کرتے تھے تاکہ اسلام کے لیے ان کے دل کھل جائیں اور ہم عنقریب ملاحظہ کریں گے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے

---

[1] تاریخ طبری ص ۶۲ ج ۳

[2] سیرت حلبیہ ص ۲۲۱ ج ۲

Marfat.com

ان سرداروں کو جو فتح مکہ کے بعد اسلام لائے ــــــ انہیں حنین کی غنائم سے سینکڑوں اونٹ دیے، اس قدر اونٹ آپؐ نے کسی سابق الاسلام کو بھی نہیں دیے، ہند بنت عتبہ بھی جاہلیت میں آپؐ کے سخت ترین دشمنوں میں سے تھی اور اُحد میں آپؐ کے چچا حضرت حمزہؓ بن عبد المطلب کے قتل کا بڑا سبب تھی لیکن سید البشرؐ نہ کسی سے کینہ رکھتے تھے اور نہ کینہ آپؐ کے دل میں راہ پا سکتا تھا، خصوصاً اسلامی تعلیم کے مطابق آپؐ کا عام اور شان دار اصول چشم پوشی کرنا تھا اور وہ یہ کہ اسلام پہلے کی خطاؤں کو ختم کر دیتا ہے، جیسا کہ صحیح حدیث میں بیان ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہند سے اور نہ کسی دوسرے شخص سے جاہلیت کے گناہ پہ محاسبہ کیا۔ سوائے ان چند اشخاص کے جو سزا کے مستحق ہو چکے تھے ان کے بارے میں آپؐ نے سزا پر عمل درآمد کرایا۔

ہند بنت عتبہ کا اپنے گھر کے بُت کو توڑنا

بعض کتب تاریخ میں ہے کہ جب ہند بنت عتبہ کے دل میں اسلام رچ بس گیا اور اُسے سمجھ آ گئی کہ وہ گمراہی پر تھی اس نے فتح کے روز مسلمانوں کو مسجد میں عبادت کرتے دیکھا تو اپنے خاوند ابوسفیان سے کہنے لگی، میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کرنا چاہتی ہوں، ابوسفیان نے کہا، میں نے آج سے پہلے تو تجھے انکار کرتے ہی دیکھا ہے اس نے کہا خدا کی قسم میں نے اس رات سے قبل، اس مسجد میں خدا تعالیٰ کی اس طرح عبادت ہوتے نہیں دیکھی، خدا کی قسم صحابہ نے قیام اور رکوع و سجود کرتے رات گزاری ہے ابوسفیان نے کہا جو کچھ تو نے کرنا تھا کر لیا، اپنی قوم کے کسی آدمی کے ساتھ چلی جا، پس وہ حضرت عمرؓ کے پاس گئی اور وہ اس کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئے اور اس کے اسلام لانے کا واقعہ بیان کیا، اسلام لانے کے بعد ہند

Marfat.com

اس بت کے پاس گئی جو اس کے گھر میں پڑا تھا اور اسے پاؤں سے مارنے لگی اور کہنے لگی، ہم تیری وجہ سے دھوکے میں پڑے تھے، پھر اس نے اسے مار مار کر ٹکڑے ٹکڑے کر دیا[۱]

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہند سے ہدیہ قبول کرنا اور اس کے لیے دعا کرنا

مؤرخین بیان کرتے ہیں کہ ہند بنت عتبہ (جو عورتوں کے وفد کی لیڈر تھی) نے بیعت کے وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا، یا رسول اللہ تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے اس دین کو غالب کیا جو اس نے اپنے لیے پسند کیا ہے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ کی رحمت مجھے محروم نہ کرے میں اللہ تعالیٰ پر ایمان لانے والی اور اس کی تصدیق کرنے والی عورت ہوں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تجھے فراخی حاصل ہو، اس نے کہا یا رسول اللہ خدا کی قسم مجھے اس بات سے زیادہ کوئی بات محبوب نہیں کہ روئے زمین کے سب خیمہ زن لوگ آپ کے خیمہ والوں کے ماتحت ہوں اور اب میری یہ خواہش ہے کہ روئے زمین کے سب خیمہ زن لوگ، آپؐ کے خیمہ والوں سے عزت حاصل کریں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور اس سے زیادہ بھی ہو، پھر آپؐ نے انہیں قرآن سنایا اور ان سے بیعت لی[۲]

مؤرخین کہتے ہیں کہ ہند بنت عتبہ کے دل میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا جو اکرام تھا اس کے اظہار کے لیے اس نے اپنی لونڈی کے ہاتھ آپؐ کی خدمت

---

[۱] الاصابہ فی اسماء الصحابہ ص۴۱۲ ج۴

[۲] مغازی الواقدی ص۸۵۰ ج۲

میں بکری کے دو بھنے ہوئے بچے بھیجے، اس کے اجازت طلب کرنے پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اندر آنے کی اجازت دی، آپ اس وقت حضرت اُم سلمہؓ، حضرت میمونہ اور بنی عبد المطلب کی بعض مستورات کے درمیان تشریف فرما تھے، لونڈی نے آپ سے عرض کی کہ میری مالکہ آپ کے حضور معذرت کرتی ہے اور کہتی ہے کہ آج کل اس کی بکریاں کم بچے دیتی ہیں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ تمہاری بکریوں میں برکت دے اور وہ زیادہ بچے دیں تو اللہ تعالیٰ نے بچوں کو زیادہ کر دیا، یہ لونڈی بیان کرتی ہے ... ہم نے بکریوں اور بچوں کی وہ کثرت دیکھی کہ جو ہم نے اس سے پہلے نہ دیکھی تھی۔[1]

فتح مکہ کے روز روپوش ہونے والے لوگ

مکہ پر مسلمانوں کے قبضے کے بعد قریش کے بڑے بڑے سرداروں کی ایک تعداد، اس خوف سے چھپ گئی کہ مسلمان ان سے انتقام لیں گے اور انہوں نے جو بُرے سلوک ان سے کیے ہیں ان کی وجہ سے ان پر گرفت کریں گے ان سرداروں میں سے کچھ گھر کے اندر چھپ گئے اور کچھ باہر بھاگ گئے، جو لوگ مکہ میں چھپ گئے تھے وہ حالات کے پُرسکون ہونے پر باہر آگئے، انہیں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے معاف فرما دیا تو وہ اسلام لے آئے اور خوب اسلام لائے۔ مثلاً:۔

ا۔ سہیل بن عمرو العامری، قریش کا نمائندہ اور صلح حدیبیہ کے وفد کا لیڈر تھا، نہ ہی یہ مطلوبہ اشخاص میں سے تھا اور نہ ہی ان لوگوں میں شامل تھا جن کے خون کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح قرار دیا تھا، لیکن وہ اپنی شدید دشمنانہ کاروائیوں کی وجہ سے اپنی جان کے متعلق خائف تھا اس لیے وہ روپوش ہو گیا اس کے روپوش ہونے اور اسلام لانے کا واقعہ عنقریب تفصیل سے بیان ہو گا۔

---

[1] سیرت حلبیہ صفحہ ۲۲۱ ج ۲۔

Marfat.com

۴- عبداللہ بن سعد بن ابی سرح، حضرت عثمانؓ بن عفان کا رضاعی بھائی تھا اور مکہ میں داخل ہونے سے قبل رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے مار دینے کا حکم دیا تھا اور فوج کے تمام دستوں کو اس کے قتل کی ہدایات دی تھیں، اس کے اسلام لانے کا واقعہ بھی عنقریب بیان ہوگا۔ انشاء اللہ۔

فتح کے روز، مکہ سے فرار اختیار کرنے والے

قریش کے سرداروں میں سے جو لوگ مکہ سے بھاگ گئے تھے وہ یہ تھے:۔

۱: صفوان بن اُمیہ الجمعی ۔ یہ سردار نہ ہی مطلوبہ اشخاص میں سے تھا اور نہ ہی ان لوگوں میں شامل تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔

۲: عکرمہ بن ابی جہل المخزومی ۔ یہ ان لوگوں میں شامل تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔

۳- ہبار بن الاسود۔ یہ مطلوبہ اشخاص میں سے تھا اور ان لوگوں مین شامل تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔

۴- ہبیرہ بن ابی ہبیرہ:۔ یہ ان مطلوبہ اشخاص میں شامل نہ تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔

۵- عبداللہ بن الزبعریٰ:۔ یہ بھی ان مطلوبہ اشخاص میں شامل نہ تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔

۶- حویطب بن عبدالعزیٰ العامری ۔ یہ بھی ان مطلوبہ اشخاص میں شامل نہ تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔

۷- اسی طرح حضرت حمزہؓ کا قاتل وحشی بھی ان لوگوں میں شامل نہ تھا جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔ لیکن وہ اپنی جان کے خوف سے بھاگ گیا تھا۔

Marfat.com

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے اسلام قبول کر لینے کے بعد معاف فرمایا۔ان سب لوگوں کے بھاگنے، چھپ جانے اور اسلام لانے کے واقعات عنقریب تفصیل سے بیان ہوں گے۔ ان میں سے صرف ایک شخص مکہ واپس نہیں آیا اور مشرک ہونے کی حالت ہی میں مرا تھا۔

سہیل بن عمرو کی روپوشی اور اسلام لانے کا واقعہ

سہیل بن عمرو العامری قریش کا سردار اعلیٰ درجے کا خطیب اور سیاسی لیڈر تھا اور صلح حدیبیہ کے مذاکرات میں قریش کے وفد کا لیڈر تھا جس کی نیابت میں صلح حدیبیہ ہوئی، ہجرت کے دوسرے سال جنگ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں قیدی بنا پھر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے فدیہ لے کر چھوڑ دیا تھا جیسا کہ ہم بیان کر چکے ہیں سہیل بن عمرو ان لوگوں میں شامل نہ تھا جن کا خون رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح قرار دیا تھا لیکن وہ اس بات کو سمجھتا تھا کہ اس نے بیس سال کے طویل عرصہ میں جو برائیاں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کی ہیں وہ بہت زیادہ ہیں، اس لیے وہ جاہلی سوچ کے مطابق ڈرتا تھا کہ وہ ان مسلمانوں کے انتقام کا نشانہ بنے گا جو مکہ کے حکمران بن گئے ہیں لیکن وہ اس خوف کے باوجود مکہ سے نہیں بھاگا، اس نے اپنا دروازہ بند کر لیا اور اپنے بیٹے عبداللہ بن سہیل جس کا لقب ابوجندل تھا، کی تلاش میں آدمی بھیجا یہ سابقین الاسلام میں سے تھا اور عیص کے بہادر انقلابیوں میں سے تھا، جب وہ حاضر ہوا تو اس نے اُسے کہا کہ میرے لیے ایسی امان حاصل کرو جس کا لوگوں کو بھی علم ہو، پورا واقعہ آپ سہیل بن عمرو کی زبانی سُنیے،

سہیل بن عمرو کہتے ہیں کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہو کر غالب آ گئے تو میں نے اپنے گھر میں گھس کر اس کا دروازہ بند کر لیا اور میں نے اپنے بیٹے

Marfat.com

عبداللہ بن سہیل کی طرف پیغام بھیجا کہ میرے لیے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پناہ حاصل کرو، مجھے قتل کا خوف دامن گیر ہے، میں نے جو سلوک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحابؓ سے کیا ہے اُسے یاد کرتا ہوں تو مجھے اپنے سے زیادہ بُرا سلوک کرنے والا کوئی دوسرا آدمی نظر نہیں آتا اور میں صلح حدیبیہ کے روز، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس طرح کوئی آدمی نہ ملا تھا اور میں نے ہی معاہدہ لکھوایا تھا، نیز بدر، احد اور قریش کے ہر حملہ میں میں نے شرکت کی ہے، عبداللہ بن سہیل نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر عرض کیا یارسول اللہ آپ اُسے امان دیتے ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں، وہ اللہ کی امان میں ہے اُسے چاہیے کہ باہر آجائے پھر آپؐ نے اپنے گردوپیش کے لوگوں سے فرمایا جو سہیل کو ملے وہ اُسے تیز نظروں سے نہ دیکھے، اُسے باہر آنا چاہیے میری زندگی کی قسم سہیل صاحب عقل و شرف ہے، اور اس جیسا آدمی اسلام سے بیگانہ نہیں رہ سکتا اس نے سمجھ لیا ہے کہ جو چیز اس میں رکھی ہوئی ہے (کفر) وہ اس کے لیے فائدہ بخش نہیں، عبداللہ نے اپنے باپ کے پاس جا کر اُسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی گفتگو سے آگاہ کیا، سہیل کہنے لگا خدا کی قسم، وہ خورد سالی اور سال خوردگی میں نیکوکار تھے اور سہیل آگے پیچھے آتا جاتا تھا اور وہ حنین میں مشرک ہونے کی حالت میں ہی رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گیا حتےٰ کہ جعرانہ میں بطیب خاطر اپنی مرضی سے مسلمان ہو گیا [1]

سہیل بن عمرو، دانشور اور نیک دل آدمی تھا، حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سہیل اسلام لانے کے وقت سے ہی محمود الاسلام تھا [2] اور شام کی فاتح فوجوں میں شامل تھا اور وہیں پہ فوجی چوکی میں طاعون سے فوت ہوا۔

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۴۷ ج ۲

[2] الاصابہ فی تمیز الصحابہ ص ۹۳ ج ۲

Marfat.com

عبداللہ بن ابی سرح اور اس کی سزائے قتل کی معافی کا واقعہ

عبداللہ بن سعد بن ابی سرح سرداران قریش میں سے تھا اور ان مطلوبہ آدمیوں میں سے ایک تھا جن کے خون کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح قرار دیا تھا اور اپنی فوج کو حکم دیا تھا کہ وہ کعبہ کے پردوں سے لٹکے ہوئے ہوں تو ان کو قتل کر دیا جائے، اس کا جرم یہ تھا کہ اس نے اسلام قبول کر کے ہجرت کی وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وحی لکھا کرتا تھا، پھر شیطان نے بہکانا شروع کیا تو وہ اسلام چھوڑ کر مکہ واپس آگیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے ارتداد کی وجہ سے اس کے قتل کر دینے کا حکم دیا (مسلمانوں کے اجماع سے اسلام میں مرتد کی سزا قتل ہے) جب مکہ پر اسلامی فوج کا قبضہ مکمل ہو گیا تو ابن سرح کو یقین ہو گیا کہ اگر رسولِ کریم نے خاص معافی نہ دی تو اُسے قتل کر دیا جائے گا اس لیے اس نے اپنے رضاعی بھائی حضرت عثمان بن عفان کے گھر میں پناہ لی اور ان سے استدعا کی کہ وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور اس کی امان کے لیے کوشش کریں، حضرت عثمانؓ اپنی مساعی میں کامیاب ہوئے اور اُسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے گئے، نیز آپ مسلسل کوشش کرتے رہے یہاں تک کہ آپؐ نے اُسے معاف فرما دیا اور اس نے اسلام پر آپ سے بیعت کر لی۔

واقدی بیان کرتا ہے کہ فتح کے روز ابن سرح اپنے رضاعی بھائی حضرت عثمانؓ کے پاس آیا اور کہنے لگا اے بھائی، خدا کی قسم میں نے تجھے منتخب کیا ہے لہٰذا مجھے اس جگہ چھپا لو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جا کر میرے بارے میں بات کرو، اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دیکھ لیا تو وہ مجھے دیکھتے ہی مار دیں گے، میرا جرم بہت بڑا ہے اور میں تائب ہو کر آیا ہوں، حضرت عثمانؓ نے کہا تو میرے ساتھ ہی چل عبداللہ نے کہا خدا کی قسم اگر انہوں نے مجھے دیکھ لیا تو وہ مجھے ضرور مار دیں گے

اور مجھے مہلت نہیں دیں گے کیونکہ انہوں نے میرے خون کو مباح کیا ہوا ہے اور ان کے اصحاب ہر جگہ میری تلاش کر رہے ہیں حضرت عثمان نے کہا تو میرے ساتھ چل، انشاء اللہ وہ تجھے قتل نہیں کریں گے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ حضرت عثمان عبد اللہ بن سعد بن ابی سرح کا ہاتھ پکڑے آپ کے سامنے کھڑے ہیں، حضرت عثمانؓ نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر عرض کیا یا رسول اللہؐ، عبد اللہ بن سعد کی ماں مجھے اُٹھاتی تھی اور اسے پیدل چلاتی تھی، مجھے دُودھ پلاتی تھی اور اسے دُودھ چھڑاتی تھی، وہ میرے ساتھ ملاطفت کرتی تھی اور اسے چھوڑ دیتی تھی، اس کو میرے سپرد کر دیجیے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے اعراض کیا تو آپ اعراض کر کے جس طرف منہ کرتے حضرت عثمانؓ اسی طرف سے سامنے ہو کر یہی بات کہتے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ارادہ سے اعراض کیا تھا کوئی شخص اُٹھ کر اس کو قتل کر دے کیونکہ وہ ابھی تک ایمان نہیں لایا تھا جب آپ نے دیکھا کہ کوئی شخص اس کام کے لیے آگے نہیں بڑھتا اور حضرت عثمانؓ جھک کر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر کو بوسہ دے کر کہہ رہے تھے یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اس کی بیعت لے لیجیے، آپؐ نے فرمایا بہت اچھا، پھر آپؐ نے اپنے اصحاب کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ اس کافر یا فاسق کے قتل کرنے سے تمہیں کس نے منع کیا ہے؟ اس پر عباد بن بشر نے کہا یا رسول اللہ آپؐ نے مجھے اشارہ کیوں نہیں کیا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے میں اس اُمید پر آپ کی نگاہ کو دیکھ رہا تھا کہ آپؐ مجھے اشارہ کریں گے اور میں اسے قتل کر دوں گا بعض کہتے ہیں کہ یہ بات ابو الیسیر نے کہی تھی اور بعض کہتے ہیں کہ عمرؓ بن الخطاب نے کہی تھی، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں اشارہ سے قتل نہیں کیا کرتا اور ایک آدمی کہتا ہے کہ اس وقت رسولِ کریم نے فرمایا تھا کہ نبی آنکھ سے خیانت نہیں کرتا،

Marfat.com

پھر آپؐ نے اس کی بیعت لے لی، اور وہ جب کبھی رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتا شرمندہ ہو کر آپؐ سے بھاگ جاتا، حضرت عثمانؓ نے آپؐ کی خدمت میں عرض کیا :-
یا رسول اللہ میرے ماں باپ آپؐ پر قربان ہوں کاش آپ ابن ام عبد اللہ کو اس وقت دیکھیں جب وہ آپؐ کو دیکھ کر بھاگتا ہے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسکرا کر فرمایا کیا میں نے اس کی بیعت نہیں لی اور اُسے امان نہیں دی، حضرت عثمانؓ نے عرض کیا حضور بلاشبہ آپؐ نے یہی کچھ کیا ہے لیکن اُسے اسلام میں بھی اپنا جرمِ عظیم یاد آتا ہے تو آپؐ نے فرمایا اسلام ما قبل کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے تو حضرت عثمانؓ نے واپس آکر ابن ابی سرح کو سب ماجرا سُنایا تو وہ آکر، لوگوں کے ساتھ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کہتا تھا۔

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ عبد اللہ بن ابی سرح بہت اچھی طرح اسلام لایا تھا اور اس سے کوئی ایسی بات سرزد نہیں ہوئی جو اس کے دین کو داغ دار کرتی[1] بلکہ جہاد کے میدانوں اور اسلام کے جھنڈے کی سربلندی اور اسلامی حکومت کو مدد دینے میں اس کے کارنامے بہت عظیم ہیں اور وہ اسلامی فتوحات کے نمایاں سالاروں سے تھا،[2] فاتح مصر، عمرو بن العاص کا دایاں ہاتھ تھا اور فلسطین کے شہر قیساریہ پر قبضہ کرنے والے جیش کے میمنہ کا سالار تھا اسے اپنے اخلاص، قائدانہ صلاحیت اور جنگی مہارت کی وجہ سے حاکم مصر عمرو بن العاص نے فتح مصر کے بعد افریقہ میں رومیوں پر حملہ کرنے کے لیے بھیجا (جسے آج کل لیبیا کہتے ہیں) یہ وہاں پر جنگ میں کامیاب ہوا جس کی وجہ سے اس کی عزت حضرت فاروقؓ کی نگاہوں میں (جو اعلیٰ درجہ کے مردم شناس تھے) بہت بڑھ گئی تھی اور اُنہوں نے اسے (ابن العاص کی حکومت میں) مصر کے علاقے کا حاکم بنایا،[3] جب جہاد کے کاموں میں اس کا شہرہ

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۵۶ ج ۱، [2] اسد الغابہ ص ۳۶۴ ج ۳، الاستیعاب ص ۹۱۸ ج ۳، تہذیب الاسماء اللغات ص ۲۷۰ ج ۱، جوامع السیرۃ ص ۲۳۲ [3] فتح مصر والمغرب ص ۲۳۳

بلند ہو گیا تو اُسے اعلیٰ مناصب پہ مقرر کیا گیا یہاں تک کہ اُسے حضرت عثمانؓ کے عہد میں تمام مصر کی ولایت سونپ دی گئی۔[۱] پھر اس نے مصر سے شمالی افریقہ کی طرف خود فوجوں کی قیادت کی اور اس کی فوجوں نے افریقہ کی حکومت کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیا اور ان تمام علاقوں کو آزاد کر دیا جو حدودِ مصر سے تونس کے علاقۂ قیروان تک پھیلے ہوئے ہیں، اس کی مدد عقبہ بن نافع اور ان جیسے دیگر سالاروں نے کی، اسی نے افریقہ کے رومی بادشاہ گریگوری کو عقوبہ کے تاریخی معرکہ میں شکست دی، جس میں عبداللہ بن سعد کی قیادت میں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ عبداللہ بن عباس، عبداللہ بن عمرو بن العاص، حضرت حسن اور حضرت حسین اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہم نے بھی شرکت کی، عبداللہ بن سعد، ان نمایاں قائدین میں سے تھے جو جزیرہ قبرص کی فتح میں شریک ہوئے تھے، اسی طرح انہوں نے سوڈان میں دنقلہ کی فتح کی تکمیل کی اور خدا کے فضل سے وہاں سے بے شمار لوگ اسلام میں داخل ہوئے۔

ذات الصواری کا بحری معرکہ

شاید عبداللہ بن سعد بن ابی سرح کا وہ کارنامہ سب سے زیادہ عظیم اور شان دار ہے جو بحر ابیض متوسط میں اسلامی بحری بیڑے کے درمیان تونس کے پانیوں کے قریب بحری معرکہ میں اس نے سر انجام دیا، عبداللہ بن سعد، مصر کا والی تھا اور معاویہ بن ابی سفیان شام کے والی تھے، مسلمانوں کو یہ اطلاع ملی کہ رومیوں نے قسطنطین بن ہرقل کی قیادت میں قسطنطنیہ سے ایک بیڑہ تیار کیا ہے جو ایک ہزار کشتیوں پہ مشتمل ہے، حضرت عثمانؓ نے مدینہ سے حضرت معاویہ کو شام میں اور ابن ابی سرح کو مصر میں حکم دیا کہ وہ رومی بحری بیڑے سے مقابلہ کے لیے

---

[۱] النجوم الزاہرہ ص ۶۶ ج ۱

جلدی کریں، لہٰذا حضرت معاویہؓ شامیوں کے ساتھ اپنے بحری بیڑے میں سوار ہو گئے۔ اور ابن ابی سرح اسکندریہ سے اپنے بحری بیڑے میں سوار ہوئے اور سمندر میں ان کی رومی بحری بیڑے سے مڈبھیڑ ہوئی، اسلامی بحری بیڑے کا سالار ابن ابی سرح تھا، مسلمانوں نے اس کی قیادت میں رومیوں سے زبردست جنگ کی اور انہیں بُری طرح شکست دی اور ان کے بحری بیڑے کو تباہ کر دیا، اس فیصلہ کن بحری معرکہ میں رومیوں کے صرف چند بھگوڑے بچ سکے جن میں ان کا قائد قسطنطین بھی تھا جو زخمی ہو کر سالار کی خاص کشتی میں سوار ہو کر بھاگا اور جزیرہ سسلی میں مرا، عبداللہ کے طور طریق بتاتے ہیں کہ وہ زہاد صحابہ میں سے تھے۔ باوجودیکہ حضرت عثمانؓ ان کے رضاعی بھائی تھے وہ ان کے قتل کے بعد فتنہ سے الگ رہے اور فلسطین کے علاقہ میں عسقلان کے شہر میں قیام پذیر ہو گئے اور اپنی وفات تک جو نماز فجر میں سجدہ کی حالت میں ہوئی، وہیں رہے انہوں نے اللہ سے دُعا کی تھی کہ ان کے اعمال کا خاتمہ صبح کی نماز میں ہو سو اللہ تعالیٰ نے ان کی دُعا کو قبول کر لیا۔

صفوان بن اُمیہ کا فرار ہونا اور پھر اسلام لانا

صفوان بن اُمیہ بن خلف، قریش کے عظیم سرداروں اور مالداروں میں سے تھا یہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے شدید عداوت رکھتا تھا اسی نے معرکہ بدر کے بعد آپؐ کو مدینہ میں قتل کرنے کا منصوبہ بنایا تھا اور عمیر بن وہب الجمحی کو اس کام پہ مامور کیا تھا اس کے باپ اُمیہ بن خلف کو مسلمانوں نے بدر کے روز قتل کر دیا تھا۔ اسی طرح اُنہوں نے معرکہ اُحد میں ابی بن خلف کو قتل کر دیا تھا اُسے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے برچھی سے چوٹ لگائی تھی، یہ خبیث رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم پہ پہاڑ کے دامن میں سمٹنے کے دوران حملے کرتا تھا، اُبی مکہ کے قریب شرف مقام پہ

Marfat.com

اپنے زخم سے متاثر ہو کر مر گیا، صفوان بن اُمیہ ان دس مطلوبہ لوگوں میں شامل نہ تھا جن کے خون کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح قرار دیا تھا لیکن اسے ان گناہوں کے متعلق بڑا احساس تھا جو وہ جاہلیت میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے روا رکھتا تھا اور اپنی سلامتی کے بارے میں متوحش تھا، فتح کے روز ہر قتل کے خوف سے، یہ مکہ سے بحر احمر کی طرف جدہ کی جانب بھاگ گیا یہ سمندر میں سوار ہو کر بھاگ جانا چاہتا تھا، اس کے ساتھ اس کے غلام یسار کے سوا اور کوئی نہ تھا، صفوان بھاگ کر بحر احمر کی بندرگاہ "الشعیبۃ" پر پہنچا جو جدہ کے قریب ہے یہ اور اس کا غلام دونوں سمندر پر سوار ہونے کا ارادہ کر رہے تھے کہ اسے اس کا دوست عمیر بن وہب الشعیبہ کی بندرگاہ پر آملا صفوان اس سے ڈر گیا اور خیال کرنے لگا کہ یہ اُسے قتل کرنے کے لیے آیا ہے حالانکہ عمیر صفوان کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی امان میں مکہ میں اپنے اہل کی طرف واپس لے جانے کے لیے آیا تھا۔

عمیر بن وہب سابق الاسلام اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقرب لوگوں میں سے تھا وہ صفوان کی سلامتی اور اس کے اسلام لانے کا آرزومند تھا، عمیر نے صفوان کے بارے میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے گفتگو کی اور اس کے لیے امان طلب کی، آپؐ نے اسے صفوان کے لیے امان دے دی اسی لیے عمیر صفوان سے الشعیبہ میں ملا اور اُسے بتایا کہ اس نے اس کے لیے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے امان حاصل کر لی ہے اور وہ مکہ کی طرف آزادی اور امن کے ساتھ واپس جا سکتا ہے، لیکن صفوان مطمئن نہ ہوا اور اس نے عمیر کو بتایا کہ وہ اس وقت تک مکہ کو واپس نہیں جائے گا جب تک وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اس نشانی کو نہ دیکھ لے، جسے وہ خود پہچانتا ہو، عمیر بن وہب، مجبور ہو کر دوبارہ مکہ واپس آیا تاکہ وہ صفوان کے لیے امان کی نشانی لے جائے، نشانی رسولِ کریم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وسلم کا عمامہ تھا جسے عمیر لے کر صفوان کے پاس الشعبیہ میں واپس آیا اور صفوان مطمئن ہو کر مکہ واپس آ گیا ، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صفوان کو آزادی دے دی وہ کئی ہفتے تک شرک پر قائم رہا پھر اسلام لا کر بہترین مسلمانوں میں شامل ہو گیا۔

اب ہم واقدی کی زبان سے بنی جمع کے سردار صفوان بن اُمیہ کا قصہ سناتے ہیں ، واقدی بیان کرتا ہے کہ صفوان بن اُمیہ اپنے غلام یسار کے ساتھ الشعبیہ کی طرف بھاگ گیا اور یسار سے کہنے لگا تیرا بُرا ہو ، تو کسے دیکھ رہا ہے اس نے کہا یہ عمیر بن وہب ہے ، صفوان نے کہا ، میں عمیر کو کیا کروں ؟ خدا کی قسم یہ صرف مجھے قتل کرنے کے لیے آیا ہے اس نے میرے خلاف محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کی ہے اور ان سے مل گیا ہے ، صفوان نے کہا اے عمیر جو کچھ تو نے میرے ساتھ کیا ہے وہ تجھے کافی نہیں ہوا تو نے مجھ پر اپنے قرض اور عیال کا بوجھ لاد دیا ہے[1] اور پھر مجھے قتل کرنے کے لیے بھی آ گیا ہے ، عمیر نے جواب دیا ابو وہب میں تجھ پہ قربان ہو جاؤں میں بڑے نیکوکار اور صلہ رحمی کرنے والے شخص کی جانب سے تیرے پاس آیا ہوں ، عمیر نے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا تھا یا رسول اللہ میری قوم کا سردار اپنے آپ کو سمندر میں پھینکنے کے لیے باہر چلا گیا ہے اور اُسے خدشہ ہے کہ آپ اُسے امان نہیں دیں گے ، میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اُسے امان دے دیجیے ، آپؐ نے فرمایا میں نے اُسے امان دے دی ،

---

[1] اس میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ صفوان نے عمیر سے وعدہ کیا تھا کہ اگر وہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کر دے گا تو وہ اس کا قرضہ بھی ادا کرے گا اور اس کی ساتوں بیٹیوں کا بوجھ بھی اٹھائے گا۔

Marfat.com

عمیر نے اس کے پیچھے جا کر اُسے کہا کہ رسول اللہؐ نے تجھے امان دے دی ہے، صفوان نے جواب دیا خدا کی قسم میں اس وقت تک تمہارے ساتھ نہیں جاؤں گا جب تک تو وہ نشانی نہ لائے جسے میں پہچانتا ہوں، عمیر دوبارہ حضور علیہ السلام کے پاس آیا اور کہنے لگا یا رسول اللہ! میں صفوان کے پاس سے آیا ہوں وہ بھاگ کر اپنے آپ کو قتل کرنا چاہتا تھا میں نے اُسے بتایا کہ حضور علیہ السلام نے تجھے امان دے دی ہے، اس نے کہا جب تک تو میرے پاس حضور علیہ السلام کی وہ نشانی نہ لائے جسے میں پہچانتا ہوں اس وقت تک میں واپس نہیں جاؤں گا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ میرا عمامہ لے لو، عمیر یہ عمامہ لے کر اس کے پاس واپس آیا۔ یہ وہ چادر تھی جسے آپ نے فتح کے روز لپیٹا ہوا تھا یہ ایک یمنی چادر تھی، عمیر دوبارہ اس کی تلاش میں چادر لے کر آیا اور کہا ابو وہب میں تمہاری طرف بڑے نیکوکار اور صلہ رحمی کرنے والے بڑے حلیم اور بہترین شخص کے پاس سے آیا ہوں جس کی بزرگی تیری بزرگی، جس کی عزت، تیری عزت، جس کی حکومت، تیری حکومت ہے وہ تیرے ماں اور باپ کا بیٹا ہے (تیرے خاندان کا فرد ہے) اپنے دل میں خدا کو یاد کر، صفوان نے اُسے کہا مجھے قتل ہونے کا خوف ہے عمیر نے کہا، آپؐ نے مجھے دعوتِ اسلام دی ہے اگر تو رضامند ہو تو ٹھیک ہے وگرنہ وہ تجھے دو ماہ کی مہلت دیں گے وہ بہت وعدہ وفا کرنے والے اور نیکوکار ہیں، انہوں نے مجھے وہ چادر دے کر تیرے پاس بھیجا ہے جسے آپؐ نے لپیٹا ہوا تھا، کہا تو اُسے پہچانتا ہے صفوان نے کہا ہاں، تو عمیر نے وہ چادر نکالی تو صفوان نے کہا ہاں یہ وہی چادر ہے، پھر صفوان واپس آیا اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ گیا اس وقت آپ مسجد میں مسلمانوں کو عصر کی نماز پڑھا رہے تھے صفوان اور عمیر دونوں کھڑے ہو گئے تو صفوان نے پوچھا دن اور رات میں تم کتنی نمازیں پڑھتے ہو؟ عمیر نے

Marfat.com

کہا پانچ، اس نے کہا یہ نمازیں محمد صلی اللہ علیہ وسلم انہیں پڑھاتے ہیں؟ اس نے جواب دیا ہاں، جب آپؐ نے سلام پھیرا تو صفوان نے چلا کر کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم عمیر بن وہب آپ کی چادر میرے پاس لایا تھا اس کے خیال میں آپ نے مجھے اپنے پاس آنے کی دعوت دی ہے اگر میں اس بات سے رضامند ہوں تو ٹھیک وگرنہ آپؐ مجھے دو ماہ تک مہلت دیں گے آپ نے فرمایا ابو وہب نیچے اترو، صفوان نے کہا خدا کی قسم اس وقت تک نہیں اتروں گا جب تک بات مجھ پہ واضح نہ ہو جائے آپؐ نے فرمایا ہاں تو چار ماہ تک چلے پھرے گا تو صفوان نیچے اتر پڑا، اور رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہوازن کی طرف چلے تو صفوان بھی حالتِ کفر ہی میں آپؐ کے ساتھ گیا، آپؐ نے ایک آدمی کو اس سے عاریتہً ہتھیار مانگنے کے لیے بھیجا تو اس نے ایک سو زرہ مع سامان کے آپ کو عاریتہً دی اور پوچھا خوشی سے یا زبردستی؟ رسول اللہ نے فرمایا عاریتہً، جس کی ادائیگی ہم کریں گے تو اس نے ہتھیار عاریتہً دے دیے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا تو وہ انہیں اٹھا کر حنین کی طرف لے گیا اور حنین اور طائف کے معرکوں میں حاضر ہوا پھر رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم جعرانہ کی طرف واپس آئے، اسی اثناء میں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم اموالِ غنیمت کو دیکھتے پھرتے تھے اور صفوان بن امیہ بھی آپ کے ساتھ تھا، صفوان نے دیکھا کہ ایک گھاٹی اونٹوں، بکریوں اور مویشیوں سے بھری ہوئی ہے وہ مسلسل اس کی طرف دیکھنے لگا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسے دیکھ رہے تھے آپؐ نے فرمایا ابو وہب، یہ گھاٹی تجھے بہت اچھی لگتی ہے اس نے کہا ہاں، آپؐ نے فرمایا یہ گھاٹی اور جو کچھ اس میں ہے وہ سب تیرے لیے ہے تو صفوان نے اس وقت کہا، اس قسم کی بات تو کوئی نبی ہی گوارا کر سکتا ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد اس کے بندے اور رسول ہیں

Marfat.com

اور وہیں مسلمان ہو گیا ۔ [1]

عکرمہ بن ابو جہل کیسے اسلام لایا

عکرمہ بن ابو جہل مخزومی، یہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا شدید ترین دشمن تھا اس نے عداوت میں اپنے باپ کو بھی پیچھے چھوڑ دیا تھا مگر باوجود شدید عداوت رسول کے، اپنے باپ سے زیادہ عفیف تھا اور اس کی طرح فحش گو نہیں تھا بلکہ منطقی اور واضح بات کا صحیح وزن کرنے والا اور جلد قبول کرنے والا تھا، اس بات پر وہ واقعہ دلالت کرتا ہے ۔۔ جب فتح سے قبل ابو سفیان اور خالد بن ولید جھگڑ پڑے اور خالدؓ نے یہ آخری اعلان کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق پر ہیں تو ابو سفیان نے اس قول کی وجہ سے خالد پر حملہ کرنے کی کوشش کی، اس وقت عکرمہ ایک دانشور کے مقام پر کھڑا تھا جو رسول اللہ کے غلبہ اور فتح کی توقع رکھتا تھا اس نے خالدؓ اور ابو سفیان کے درمیان رکاوٹ بن کر ابو سفیان سے مطالبہ کیا کہ وہ خالد کو اس کے حال پر چھوڑ دے نیز کہا مجھے ڈر ہے یا توقع ہے کہ ابھی اگلا سال نہیں آئے گا کہ ہم اس دین میں داخل ہو چکے ہوں گے جس میں خالد داخل ہے، اس کے باوجود فتح کے روز، عکرمہ پر نفس میں راسخ جاہلی عصبیت غالب آگئی اور اس نے بغیر جنگ کیے مکہ کو جیش نبویؐ کے سپرد کر دینے کے ابو سفیانی معاہدے سے اتفاق نہیں کیا، بلکہ اس نے خندمہ میں قریش کی ایک جمعیت کے ساتھ مکہ کے جنوب میں خالد بن ولید کے دستوں سے مقابلہ کیا، اس مقابلہ میں صفوان بن امیہ اور سہیل بن عمرو بھی اس کے ساتھ شامل تھے جنہیں اس وقت شکست دے دی گئی ۔

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۵۳ ج ۲

عکرمہ کا یمن کی طرف فرار

مکہ میں داخل ہونے سے قبل عکرمہ بھی ان مطلوبہ اشخاص میں شامل تھا جن کے خون کو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح کہا تھا اور انہیں کعبہ کے پردوں کے ساتھ لپٹے ہونے کی حالت میں بھی قتل کر دینے کا حکم دیا تھا کیونکہ یہ لوگ اپنے جرائم کی وجہ سے قتل کے مستحق ہو چکے تھے ابھی اسلامی فوج کا مکہ پر قبضہ نہیں ہوا تھا کہ عکرمہ قتل کے خوف سے سوار ہو کر یمن جانے کے لیے جدہ کی طرف بھاگ گیا تاکہ سمندری راستے سے یمن چلا جائے، جدہ پہنچتے ہی اسے ایک کشتی مل گئی جو سمندر کے راستے سے جدّہ سے یمن جا رہی تھی یہ اس میں سوار ہو گیا ابھی کشتی عکرمہ کو براستہ سمندر یمن لے جانا ہی چاہتی تھی کہ اس کی وفادار بیوی اُم حکیم جدّہ کی بندرگاہ پر پہنچ گئی اور اس سے تقاضا کرنے لگی کہ وہ بھاگنے سے باز آ جائے اور اُسے یہ بھی بتایا کہ وہ امن و امان کے ساتھ مکہ واپس جا سکتا ہے۔

اُم حکیم کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عکرمہ کے لیئے امان حاصل کرنا

اُم حکیم ایک عقل مند عورت تھی جو ہند بنت عتبہ کے ساتھ فتح مکہ کے روز مسلمان ہوئی تھی اس نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے استدعا کی تھی کہ وہ اس کے خاوند عکرمہ کو معاف فرما دیں اور امان دے دیں اور اس کے قتل کے حکم کو کالعدم قرار دے دیں، اس نے عرض کیا یا رسول اللہ عکرمہ آپ کے خوف سے یمن کی طرف بھاگ گیا ہے، اُسے یہ خدشہ ہے کہ آپؐ اُسے قتل کر دیں گے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے امان دے دی۔ آپؐ نے فرمایا وہ امان میں ہے[1]، ام حکیم نے کر ہمت باندھ لی اور جدہ کی جانب

---

[1] مغازی الواقدی ص ۱۵۸ ج ۲

چل پڑی تاکہ اپنے خاوند کو بتائے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے امان دے دی ہے نیز اس سے مکہ واپس لوٹ آنے کی استدعا کرے، اس نے اپنے ساتھ جدہ تک اپنے ایک غلام کو ساتھ لیا جس نے اس کی مضطربانہ حالت سے فائدہ حاصل کرنا چاہا اور راستے کے دوران اسے پھسلانا چاہا لیکن وہ اسے وعدۂ فردا پر ٹالتی رہی۔ (وہ ایک عقل مند اور پاک دامن اور فاضل عورت تھی) یہاں تک کہ وہ بنو عک کے ایک عرب قبیلے کے پاس پہنچ گئی اور قبیلہ والوں کو اس کے بُرے فعل سے آگاہ کر کے اُسے گرفتار کرنے کے متعلق کہا انہوں نے اس کی مشکیں باندھ دیں اور اس کے کہنے کے مطابق اُسے اپنے پاس رکھا پھر اس نے اپنا سفر مسلسل جاری رکھا یہاں تک کہ جدہ کی بندرگاہ پر پہنچ گئی، عکرمہ کشتی پر سوار ہو چکا تھا، جب وہ سوار ہوا تو کشتی کے ملاحوں کے سردار نے جو مسلمان تھا، کہا کلمہ اخلاص کہو، عکرمہ نے کہا کیا کہوں؟ اس نے کہا کہو لا الہ الا اللہ، عکرمہ متعجب ہو کر کہنے لگا میں تو اسی سے بھاگ کر آیا ہوں، ابھی وہ کشتی کے ملاح کے ساتھ گفتگو کر رہا تھا کہ اس کی عفیفہ بیوی ام حکیم بنت الحارث بن ہشام بندرگاہ پہ کھڑی اسے بڑے اصرار سے پکارنے لگی، اے چچا کے بیٹے! میں تیرے پاس بڑے صلہ رحمی کرنے والے، نیکوکار اور بہترین شخص کی جانب سے آئی ہوں اپنے آپ کو ہلاک نہ کر وہ کھڑا ہو گیا اور اس سے وضاحت طلب کرتے ہوئے کہنے لگا کیا خبر ہے؟ ام حکیم نے جواب دیا میں نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے تمہارے لیے امان حاصل کر لی ہے عکرمہ نے کہا تو نے امان حاصل کی ہے؟ اس نے جواب دیا ہاں، عکرمہ نے اس کی تصدیق میں کوئی تردد نہ کیا اور کشتی کو چھوڑ کر خشکی پر آگیا اور اپنی بیوی کے ساتھ واپس آگیا، اس نے مکہ کی طرف واپسی کے دوران اپنے رومی غلام کے متعلق دریافت کیا تو اس نے اس کی ذلیل اور کمینی حرکت کے متعلق اُسے بتایا

Marfat.com

جب وہ اس جگہ پہنچا جہاں غلام بندھا پڑا تھا اس نے اسی وقت اُسے قتل کر دیا اور یہ اسلام قبول کرنے سے پہلے کا واقعہ ہے جب عکرمہ مکہ کے قریب آیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو عکرمہ کے اسلام لانے کی خوشخبری سُنائی آپ نے فرمایا عکرمہ تمہارے پاس مومن اور مہاجر ہو کر آئے گا پھر آپ نے اس کے باپ ابوجہل کو گالی دینے سے منع کر دیا اور فرمایا اس کے باپ کو گالی نہ دو، کیونکہ مُردہ کو گالی دینے سے زندہ کو تکلیف پہنچتی ہے اور وہ گالی میت تک نہیں پہنچتی، مؤرخین کہتے ہیں کہ عکرمہ نے اسلام لانے سے قبل اپنی بیوی سے ہمبستری کی خواہش کی تو اس نے انکار کیا اور کہا تو کافر ہے اور میں مسلمان ہوں وہ کہنے لگا جس بات نے تمہیں مجھ سے روکا ہے وہ بہت بڑی بات ہے۔

عکرمہ کے قبول اسلام کی خوشی میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کھڑا ہونا

مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عکرمہ آیا تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم خوشی سے اُٹھ کر عکرمہ کے پاس گئے۔ اس وقت آپؐ پر کوئی چادر نہ تھی پھر آپؐ بیٹھ گئے اور عکرمہ آپؐ کے سامنے کھڑا ہو گیا، اس کی بیوی نقاب اوڑھے ہوئے تھی، عکرمہ نے کہا اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس عورت نے مجھے بتایا ہے کہ آپؐ نے مجھے امان دے دی ہے آپؐ نے فرمایا اس نے سچ کہا ہے تجھے امان حاصل ہے، عکرمہ نے کہا آپؐ مجھے کس بات کی دعوت دیتے ہیں؟ آپؐ نے فرمایا میں تجھے دعوت دیتا ہوں کہ تو گواہی دے کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور میں اللہ کا رسول ہوں اور تو نماز قائم کرے اور زکوٰۃ دے پھر آپؐ نے اُسے بقیہ واجبات اسلام شمار کر کے بتائے عکرمہ نے کہا خدا کی قسم آپؐ نے مجھے حق

Marfat.com

کی اور اچھے کام کی طرف دعوت دی ہے آپؐ نے مجھے جس بات کی طرف دعوت دی ہے اس دعوت سے قبل بھی آپ ہم میں سب سے زیادہ راست گو اور نیکوکار تھے پھر کہنے لگا میں گواہی دیتا ہوں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمدؐ اللہ کے بندے اور اس کے رسول ہیں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بہت خوش ہوئے کیونکہ عکرمہ ان سرداروں اور لیڈروں میں سے تھا جن کا قریشی سوسائٹی میں بڑا اثر تھا اس پر مستزاد یہ کہ اسلام نے جنگ میں اپنے دشمنوں کے خلاف اس کی شجاعت سے ایک فعال طاقت کی طرح استفادہ کیا، عکرمہ نے مرتدین کی جنگوں میں جانبازی کے جو کارنامے دکھائے ہیں ان کا انکار نہیں کیا جا سکتا۔

عکرمہ مہاجر مجاہد

عکرمہ نے حق کی شہادت دینے کے بعد حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا پھر کیا؟ آپؐ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ اور حاضرین کو گواہ بنا کر کہو کہ میں مسلم مہاجر اور مجاہد ہوں، عکرمہ نے یہ بات کہی تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا آج جو چیز بھی میں کسی کو دوں تمہارے سوال کرنے پر میں تمہیں بھی دوں گا، عکرمہ نے عرض کیا، حضورؐ جو عداوت میں نے آپؐ سے روا رکھی ہے یا کوئی طریق عداوت وضع کیا ہے یا کسی مقام میں آپؐ سے ملا ہوں یا آپؐ کی موجودگی یا عدم موجودگی میں کوئی بات کہی ہے آپؐ مجھے یہ تمام باتیں بخش دیں تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ اس نے جو عداوت مجھ سے روا رکھی ہے یا تیرے نور کو بجھانے کے لیے جو طریق اس نے اختیار کیا ہے یا میری موجودگی اور غیر موجودگی اس نے جو میری اہانت کی ہے اُسے تو بخش دے عکرمہ نے عرض کیا یا رسول اللہ میں آپؐ سے خوش ہوں پھر کہنے لگا یا رسول اللہ، میں جو اخراجات راہِ خدا سے روکنے کے لیے کیا کرتا تھا خدا کی قسم میں اب اس سے دُگنا راہِ خدا میں خرچ کیا کروں گا، اور جو جنگیں راہِ خدا سے روکنے کے لیے لڑتا تھا

اب اس سے دگنی جنگیں راہِ خدا میں کروں گا پھر اس نے جنگ میں پوری طاقت خرچ کردی یہاں تک کہ شہید ہوگیا۔ آپؐ نے عکرمہ بن ابوجہل اور صفوان بن اُمیہ کو اُن کے پہلے نکاحوں پر ہی قائم رکھا۔[1]

مؤرخین کہتے ہیں کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ بشارتیں اور خواب دیکھے تھے اور بتایا تھا کہ عکرمہ بن ابوجہل بہترین مسلمانوں میں سے ہوگا، روایت ہے کہ عکرمہ کے قبولِ اسلام سے قبل آپؐ نے خواب میں دیکھا کہ آپؐ جنت میں ہیں اور وہاں آپؐ نے انگور کا ایک گچھا دیکھا جو آپ کو بہت بھلا لگا، آپؐ نے پوچھا یہ کس کے لیے ہے؟ کہا گیا یہ ابوجہل کے لیے ہے آپؐ پر یہ بات گراں گزری اور آپؐ نے فرمایا جنت میں مومن کے سوا کوئی داخل نہ ہوگا جب عکرمہ بن ابوجہل مسلمان ہوا تو آپؐ کو بہت خوشی ہوئی اور آپؐ نے اس انگور کے گچھے کی تاویل یہ کی کہ اس سے مراد عکرمہ ہے، عکرمہ نے قبولِ اسلام سے قبل ایک مسلمان سے مقابلہ کیا اور اُسے قتل کردیا تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا پڑے، آپ سے ایک انصاری نے دریافت کیا یارسول اللہ! آپؐ کو کس بات نے ہنسایا ہے حالانکہ ہمیں اپنے ساتھی کا دُکھ پہنچا ہے، آپؐ نے فرمایا مجھے اس بات نے ہنسایا ہے کہ یہ دونوں جنت کے ایک ہی مقام میں ہیں۔[2] آپؐ نے اس طرف اشارہ کیا کہ عکرمہ بھی عنقریب شہید ہوگا اور واقعتہً بھی یہی ہوا کہ عکرمہ پوری جانباز فورس کی قیادت کرتا ہوا معرکہ یرموک میں شہید ہوا۔

مفرور، ہبار بن الاسود کا قصہ ہبار بن الاسود جاہلیت میں بڑا فصیح اللسان

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۵۳ ج ۲، زاد المعاد ص ۲۹۸ ج ۲، سیرت حلبیہ ص ۲۱۶، ۲۱۷ ج ۲

[2] سیرت حلبیہ ص ۲۱۷ ج ۲

Marfat.com

تھا اور لوگوں کو، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف متحد کیا کرتا تھا نیز بڑا بد خلق اور بُرا آدمی تھا، اس کے دل میں رحم کا کوئی نام ونشان نہ تھا، جب حضرت زینبؓ دخترِ رسول نے اپنے والد سے ملنے کے لیے اپنے خاوند عاص بن ابی الربیع سے حاملہ ہونے کی حالت میں مدینہ کی طرف ہجرت کی تو ہبار بن اسود اطراف مکہ میں ان سے ملا۔ اور جس اُونٹ پر وہ سوار تھیں، اُسے آر چبھو دی وہ زمین پہ گر پڑیں پھر اس نے آپ کی پشت پہ نیزہ مارا، یہاں تک کہ آپ کا حمل گر گیا اور آپ ہمیشہ کے لیے خون جاری ہونے کی مریضہ بن گئیں اور یہ مرض آپ کو مرنے تک رہا۔ ہبار بن اسود حضرت زینبؓ اور ان کے جنین کی موت کا ذمہ دار تھا اس لیے یہ ان مطلوبہ دس آدمیوں میں سے تھا جن کے خون کو فتح کے روز حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح قرار دیا تھا اور وہ بھی جانتا تھا کہ اس کے متعلق موت کا حکم صادر ہو چکا ہے اس لیے وہ فتح کے روز مکہ سے بھاگ کر جنگل میں جاکر لوگوں کی نظروں سے اس خوف سے چھپ گیا کہ وہ حضورؐ کے کسی صحابی کے قابو میں نہ آجائے اور وہ اسے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق قتل نہ کر دے، ہبار مسلسل جنگل میں روپوش رہا یہاں تک کہ حنین میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوازن سے معرکہ ہوا اور آپ ان پر فتح حاصل کر کے اپنے اصحاب کے ساتھ مدینہ کی طرف واپس آئے، جب حالات پُر سکون ہو گئے اور تمام اہل مکہ اسلام میں داخل ہو گئے اور حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں قیام پذیر ہو گئے تو ہبار نے خود مدینہ جانے اور اپنے آپ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کر دینے اور ان سے عفو کی استدعا کرنے کا فیصلہ کیا چنانچہ وہ مدینہ گیا اور مسجد میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا آپؐ نے اسے پہچان لیا باوجودیکہ آپ نے اس کے قتل کا حکم صادر فرمایا تھا اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ اسے کوئی گزند نہ پہنچائے، کیونکہ آپ کو پتہ چل گیا تھا

Marfat.com

کہ یہ صرف اسلام کا اعلان کرنے کے لیے آیا ہے۔

واقدی نے ہبار کا قصہ بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ مجھ سے ہشام بن عمارہ نے انہوں نے سعید بن محمد بن جبیر بن مطعم انہوں نے اپنے باپ سے اور دادا سے بیان کیا ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ میں کہ میں جعرانہ سے واپسی پر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ان کے اصحاب میں بیٹھا ہوا تھا کہ ہبار بن اسود آیا جب لوگوں نے اس کی طرف دیکھا تو کہا یا رسول اللہ یہ ہبار بن اسود ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے بھی اسے دیکھ لیا ہے، بعض لوگوں نے اٹھ کر اس کی طرف جانا چاہا تو آپؐ نے انہیں بیٹھنے کا اشارہ کیا، ہبار نے کھڑے ہو کر کہا، یا رسول اللہ آپ پر سلامتی ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اور آپؐ اللہ کے رسول ہیں، میں آپؐ سے بھاگ کر تمام علاقے میں پھرا ہوں اور میں نے عجمیوں سے بھی ملنا چاہا پھر میں نے آپؐ کے فضل وکرم اور نیکی و درگزر کو یاد کیا جو آپ زیادتی کرنے والوں سے روا رکھتے ہیں، یا رسول اللہ ہم مشرک تھے، اللہ تعالیٰ نے آپ کے ذریعے ہمیں ہدایت دی اور ہلاکت سے بچایا، میری زیادتیوں اور ان تکالیف کو معاف فرما دیجیے جو آپ کو میری طرف سے پہنچتی رہی ہیں میں اپنے برے سلوک اور گناہ کا معترف ہوں تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں نے تجھے معاف کیا، اللہ تعالیٰ نے تجھ پر بڑا احسان کیا ہے کہ تیری اسلام کی طرف راہنمائی کی ہے اور اسلام ماقبل کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے[1]

حضرت زبیر بن العوام بیان کرتے ہیں کہ میں نے جب بھی حضور علیہ السلام کو ہبار کا ذکر کرتے دیکھا آپ کو اس پر غصہ آجاتا اور جب بھی حضور علیہ السلام کوئی سریہ بھیجتے

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۵۸ ج ۲

اُسے فرماتے کہ اگر تم ہبار پر قابو پاؤ تو اس کے ہاتھ پاؤں کاٹ دو اور پھر اس کو قتل کر دو، خدا کی قسم میں ہمیشہ اس کی جستجو میں رہا اور اس کے متعلق دریافت کرتا رہا، اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ اگر میں اُسے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ جانے سے قبل پکڑ لیتا تو اُسے قتل کر دیتا، پھر وہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور میں آپؐ کے پاس بیٹھا ہوا تھا وہ آپؐ کی خدمت میں معذرت کرنے اور کہنے لگا اسے محمدؐ جس نے آپؐ کو بُرا کہا اس کا بُرا ہو اور جس نے آپ کو تکلیف دی اُسے تکلیف ہو میں بھی آپؐ کے دشنام اور اذیت کے مقام پر تھا اور بالکل بے یار و مددگار تھا اللہ تعالیٰ نے میری مدد فرمائی اور اسلام کی طرف میری راہنمائی کی، حضرت زبیرؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتا رہا آپ ہبار کی معذرت پر حیاء کے باعث سر جھکائے بیٹھے رہے اور فرمایا، میں نے تجھے معاف کیا، اسلام ماقبل کے گناہوں کو معاف ختم کر دیتا ہے ہبار بڑا لسان آدمی تھا اور آپ کو بہت دشنام دیا کرتا تھا اسے پتہ چلا کہ آپ نے کسی سے انتقام نہیں لیا اور اُسے آپ کے حلم اور تکالیف کی برداشت کا علم ہوا تو اس نے کہا جس نے آپ کو بُرا کہا اُس کا بُرا ہو[1]

ابن الزبعری کا قبول اسلام

عبداللہ بن الزبعریٰ اور ہبیرہ بن ابی وہب، مکہ میں مشرکین کے سرداروں میں سے تھے اور بڑی شان کے مالک تھے، مگر ان کے متعلق ابن اخطل، ہبار بن اسود اور ابن منقذ کی طرح قتل کا حکم صادر نہیں ہوا تھا، اس کے باوجود یہ اپنی جان کے خوف سے فتح کے روز، مکہ سے بھاگ گئے، ابن الزبعریٰ نہایت عمدہ شاعر تھا اور رسولِ کریم

---

[1] مغازی الواقدی صفحہ ۸۸۹ ج ۲

صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو کیا کرتا تھا، ابن الزبعری اور ابن ابی وہب، جنوب میں نجران کی طرف بھاگ گئے اور قبیلہ بنی الحارث میں پناہ لے لی اور ان کے قلعہ میں داخل ہو گئے مگر اللہ تعالیٰ نے ابن الزبعریٰ کے دل میں اسلام کی محبت ڈال دی اور وہ نجران کو چھوڑ کر مکہ واپس آگیا اور حضورؐ سے معافی کی استدعا کی آپؐ نے اس کے اعلانِ اسلام کے بعد اُسے معاف فرما دیا، لیکن ابن ابی وہب اپنے عناد پر قائم رہا اور موت تک نجران میں مقیم رہا یہاں تک کہ شرک کی حالت ہی میں مر گیا۔

واقدی ان دونوں سرداروں کے نجران کی طرف بھاگنے کا واقعہ بیان کرتے ہوئے کہتا ہے کہ ہبیرہ بن ابی وہب اور ابن الزبعریٰ اکٹھے نجران کی طرف بھاگے اور نجران پہنچ گئے لیکن خوف سے نجات پائی یہاں تک کہ نجران کے قلعے میں داخل ہو گئے، ان سے پوچھا گیا کہ تمہارے پیچھے کیا ہوا ہے؟ کہنے لگے قریش قتل ہو گئے ہیں اور محمّد صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہو گئے ہیں اور خدا کی قسم ہم دیکھ رہے ہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے اس قلعہ کی طرف آ رہے ہیں تو بنو حارث بن کعب قلعے کی مرمت کروانے لگ گئے اور انہوں نے اپنے مویشیوں کو جمع کر لیا، مگر ابن الزبعریٰ کے دل میں اللہ تعالےٰ نے اسلام کی محبت ڈال دی اور وہ مکہ واپس آنے کے لیے تیار ہو گیا، اور اس کے ساتھی ہبیرہ بن ابی وہب نے اس سے پوچھا اے عم زاد تو کہاں جانا چاہتا ہے؟ اس نے جواب دیا خدا کی قسم، میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جانا چاہتا ہوں ہبیرہ نے کہا کیا تو ان کی پیروی کرنا چاہتا ہے اس نے جواب دیا خدا کی قسم ہاں ان کی پیروی کرنا چاہتا ہوں ابن وہب کہنے لگا کاش میں نے تیرے سوا کسی اور آدمی کی رفاقت کی ہوتی، خدا کی قسم مجھے تو یہ گمان بھی نہیں تھا کہ تو کبھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرے گا ابن الزبعریٰ نے کہا ہم کس بناء پہ بنی حارث بن کعب کے پاس مقیم رہیں اور میں اپنے عم زاد کو کس طرح چھوڑ دوں

Marfat.com

جو میری قوم اور میرے گھرانے کے ساتھ سب سے بہتر اور نیک سلوک کرنے والا ہے، ابن الزبعریٰ قلعہ سے اُتر کر رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آگیا آپ اس وقت اپنے اصحاب میں بیٹھے ہوئے تھے جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف دیکھا تو فرمایا یہ ابن الزبعریٰ ہے اور اس کے ساتھ ایک چہرہ ہے جس میں نورِ اسلام جلوہ گر ہے جب وہ آپ کے سامنے کھڑا ہوا تو کہنے لگا یارسول اللہ السلام علیکم، میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور آپ اس کے بندے اور رسول ہیں اور تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے اسلام کی طرف میری رہنمائی کی ہے میں نے آپ سے دشمنی کی اور لوگوں کو آپ پر چڑھا لایا اور میں آپ کی عداوت میں گھوڑے اور اونٹ پر سوار ہوا اور پیدل چلا، پھر میں آپ کے خوف سے بھاگ کر نجران چلا گیا اور میں کبھی اسلام کے قریب نہیں آنا چاہتا تھا پھر خدا تعالیٰ نے مجھ سے بھلائی کا ارادہ کیا اور میرے دل میں اسلام کی محبت ڈال دی اور مجھے اپنی ذلالت یاد آئی اور اس پتھر کی اتباع بھی یاد آئی جس کی عبادت کرنا اور جس کے لیے قربانی کرنا عقل مند کو فائدہ نہیں دیتا اور وہ یہ بھی نہیں جانتا کہ کون اس کی پوجا کرتا ہے اور کون نہیں کرتا، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمام تعریفیں اس خدا کے لیے ہیں جس نے اسلام کی طرف تیری رہنمائی کی ہے اور اسلام ماقبل کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے، ہبیرہ بن ابی وہب نجران ہی میں ٹھہرا رہا یہاں تک کہ مشرک ہونے کی حالت ہی میں مرا، اور اس کی بیوی اُمِ ہانی بنت ابی طالب نے مکہ میں اسلام قبول کر لیا[1]

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۴۸ ج ۲

حویطب بن عبد العزیٰ کا بھاگنا اور اسلام قبول کرنا

حویطب بن سادات قریش میں سے

تھا اور حدیبیہ کی تاریخی صلح کے مذاکرات میں قریشی وفد کا ایک ممبر تھا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا شدید ترین دشمن تھا، حویطب، حدیبیہ میں مسلمانوں اور مشرکین کے درمیان صلح کی دستاویز پر دستخط کرنے والا تیسرا شخص تھا فتح کے روز مشرکین کے جن لیڈروں کے متعلق قتل کا حکم صادر ہوا تھا، حویطب ان میں شامل نہیں تھا اس کے باوجود اسے اپنے قتل کا خوف دامن گیر تھا حالانکہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت ہدایات دی تھیں کہ فوج اہل مکہ میں سے سوائے ان دس آدمیوں کے جن کے قتل کا حکم صادر ہو چکا تھا اور کسی آدمی کو قتل نہ کرے، سب سے عمدہ اندازے کے مطابق قتل کا حکم صرف تین آدمیوں کے متعلق نافذ ہوا، باقیوں کو آپؐ نے معاف فرما دیا فتح کے روز حویطب بھاگ گیا اور مکہ سے چھپتے چھپاتے نکلا تو ابو ذرؓ غفاری نے اسے دیکھ لیا (یہ جاہلیت میں اس کے دوست تھے) جب ابو ذرؓ نے اُسے دیکھا تو اُسے بُلایا اور اس کے خوف کو کم کیا اور اُسے مکہ واپس آنے کو کہا اور اس سے عہد کیا کہ وہ ہر قسم کے بُرے سلوک سے امان میں ہو گا، مؤرخین نے بیان کیا ہے کہ فتح کے روز حویطب مکہ سے بھاگ کر عوف کے باغ میں جا چھپا۔ ابو ذرؓ اپنے کسی کام کے لیے اُدھر گئے تو یہ وہاں مل گیا، ابو ذرؓ کو دیکھ کر حویطب بھاگا تو انہوں نے اُسے بُلایا آجا تو امن میں ہے، وہ واپس آیا تو آپ نے اُسے سلام کیا پھر کہا تو امن میں ہے اگر تو چاہے تو میں تجھے رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے جاؤں اور اگر تو اپنے گھر جانا چاہتا ہے تو چلا جا، اس نے کہا کیا میرے گھر جانے کی کوئی سبیل ہے؟ کیا مجھے اپنے گھر پہنچنے سے قبل ہی قتل کر دیا جائے گا؟ یا میرے گھر میں داخل ہو کر مجھے مار دیا جائے گا، ابو ذرؓ نے کہا میں تجھے تیرے

Marfat.com

گھر پہنچائے دیتا ہوں پھر ابوذرؓ نے اس کے دروازے پر آواز دے کر کہا حویطب امان میں ہے اس پر حملہ نہیں کیا جا سکتا پھر ابوذرؓ نے واپس آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی، آپؐ نے فرمایا جن لوگوں کو میں نے قتل کرنے کا حکم دیا ہے کیا ان کے سوا ہم نے سب آدمیوں کو امان نہیں دی؟[1] اس بات سے عامری سردار حویطب بن عبدالعزیٰ کا خوف دُور ہو گیا اور اُسے قتل کا خدشہ نہ رہا، کیونکہ مسلمانوں نے قریش کے کسی آدمی سے تعرض نہ کرنے کے حکم کو از سرِ نو لوگوں تک پہنچا دیا سوائے ان آدمیوں کے جن کے قتل کا حکم آپؐ نے صادر فرمایا تھا، ان میں سے اکثر آپؐ کے پاس واپس آگئے اور آپؐ نے ان کے قتل کے حکم کو کالعدم قرار دے دیا اور وہ اسلام کی فوج بن گئے اور اُنہوں نے عکرمہؓ بن ابوجہل اور عبداللہؓ بن ابی سرحؓ کی طرح اسلام کی نصرت میں بہت کارنامے سرانجام دیے۔

کیا رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام قبول کرنیوالے لوگوں اور ان کی بیویوں کے نئے نکاح کیے؟

(قریشی مشرکین (جن میں ان کے لیڈر بھی شامل تھے)

میں سے بعض ایسے تھے جنہوں نے اپنی بیوی سے پہلے اسلام قبول کیا اور بعض اپنی بیویوں کے بعد مسلمان ہوئے اسلام نے ان کے اور ان کی بیویوں کے درمیان تفریق کروا دی، جب انہوں نے اپنے کفر کے بعد اسلام قبول کر لیا تو ان کی بیویاں ان کے پاس کیسے واپس آئیں؟ بعض علماء کا قول ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر بیوی کو نئے نکاح کے ساتھ پہلے خاوند کو واپس کیا اور بعض دُوسرے

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۵ ج ۲

علماء کا قول ہے کہ آپ نے انہیں جدید نکاح کے قوانین کے اجراء کے بغیر ہی پہلے نکاح پر قائم رکھا اور یہ دوسری رائے ہی زیادہ صحیح ہے کیونکہ یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی زینبؓ کو اس کے خاوند عاص بن ربیع کے اسلام قبول کرنے پر بغیر نکاح جدید کے واپس کیا تھا اسی طرح آپ نے فتح کے روز ساداتِ مکہ کو ان کی بیویاں بغیر نکاح جدید کے اسی نکاح پہ واپس کیں جو جاہلیت میں ہو چکا تھا۔

یزید بن حبیب، عطاء بن ابی رباح سے بیان کرتے ہیں کہ ابوسفیان بن حرب حکیم بن حزام اور مخرمہ بن نوفل نے اپنی بیویوں سے پہلے اسلام قبول کیا پھر عدت میں اپنی عورتوں کے پاس آئے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی نکاح پہ انہیں بیویاں واپس کر دیں اور صفوان اور عکرمہ کی بیویاں اپنے خاوندوں سے پہلے اسلام لائیں پھر ان کے خاوند مسلمان ہو گئے تو رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو ان کی بیویاں واپس کر دیں اس لیے کہ انہوں نے ان کی عدت میں اسلام قبول کر لیا تھا۔[1] رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ طریق ایک عام قانون اور آسان بنیادی اصول وضع کرتا ہے اور وہ یہ کہ جب دو کافر میاں بیوی اکٹھے اسلام لے آئیں یا ایک دوسرے سے پہلے اسلام لے آئے تو ان کا بغیر عدت کے اختتام کے اور نئے نکاح کیے میاں بیوی کی صورت میں رہنا جائز ہے اور یہ بات اسلام کی روادارانہ تعلیمات میں سے ہے جس سے بغیر کسی اُلجھن کے لوگوں کے سامنے اسلام کا دروازہ کھل جاتا ہے۔

حضرت حمزہؓ کے قاتل وحشی کو رسولِ کریمؐ کا معاف کرنا

وحشی جبیر بن مطعم حبشی غلام

---

[1] مغازی الواقدی ص۸۵۵ ج-۲

تھا اور یہ ان لوگوں میں شامل تھا جن کے خون کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مباح کیا تھا لیکن حضورؐ نے اس کے قتل کے حکم کو باطل قرار دے دیا اس نے آپؐ کی خواہش کے مطابق بتایا کہ اس نے آپؐ کے چچا حمزہ کو کیسے قتل کیا تھا ابن ابی سبرہ نے حسین بن عبداللہ سے اس نے عکرمہ بن ابی جہل سے اور اس نے حضرت ابن عباسؓ سے بیان کیا ہے کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کے ساتھ وحشی کے قتل کا حکم دیا تو مسلمان، وحشی کے قتل کرنے سے بڑھ کر اور کسی آدمی کے قتل میں زیادہ دلچسپی نہ رکھتے تھے، وحشی طائف کی طرف بھاگ گیا اور وہیں رہا یہاں تک کہ طائف کا وفد حضور علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو وحشی بھی آپؐ کے پاس آیا اور کہنے لگا میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اس کے بندے اور رسول ہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تو وحشی ہے؟ اس نے جواب دیا ہاں! فرمایا بیٹھ جاؤ اور مجھے بتاؤ کہ تم نے حمزہؓ کو کیسے قتل کیا۔ اس نے آپؐ کو بتایا تو آپؐ نے اُسے صرف اتنا فرمایا کہ میرے سامنے نہ آیا کرو، (یعنی میں اسد اللہ حمزہؓ کے قاتل کو دیکھنا برداشت نہیں کر سکتا، واللہ اعلم) وحشی کہتا ہے جب آپ کو دیکھتا تو آپؐ سے پوشیدہ ہو جاتا پھر لوگ مسیلمہ کے مقابلہ کے لیے نکلے تو میں نے مسیلمہ کی طرف جا کر اپنا برچھا اس کے آرپار کر دیا اور ایک انصاری نے بھی اُسے تلوار ماری اللہ بہتر جانتا ہے کہ ہم میں سے کس نے اسے قتل کیا[۱]

باوجودیکہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم	رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ کے مالداروں سے صحابہؓ کی مالی تنگی کو کم کرنے کے لیے قرض لینا

[۱] مغازی الواقدی ص ۸۶۳ ج ۲

نے مکہ کو بزور فتح کیا تھا اور آپؐ کی فوج نے اس پر قبضہ کر لیا تھا اور باوجود اس کے کہ آپؐ ایک فاتح کی طرح مکہ کے مغلوب مال داروں سے جو اموال چاہتے حاصل کر سکتے تھے، لیکن آپؐ نے ان سے بالجبر ایک درہم بھی نہ لیا، اور باوجود اس کے کہ آپؐ کی عام فاتح فوج کو غربت اور ناداری کی وجہ سے مال کی بہت ضرورت تھی مگر آپؐ نے ان مالداروں سے ڈیڑھ لاکھ درہم قرض لیا اور فوج کے محتاجوں پر تقسیم کر دیا پھر جب اللہ تعالیٰ نے حنین کے معرکہ میں آپؐ کو ہوازن پر فتح دی اور ان مشرکین سے بہت سا مال غنیمت حاصل ہوا تو آپؐ نے مکہ کے مال داروں کا قرض شکریہ کے ساتھ واپس کر دیا۔

واقدی بیان کرتا ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کے روز، عبداللہ بن ابی ربیعہ سے چالیس ہزار درہم قرض طلب کیا جو اس نے آپؐ کو دے دیا اور جب اللہ تعالےٰ نے آپؐ کو ہوازن پر فتح دی اور ان کے اموال آپؐ کو غنیمت کے طور پر دیے تو آپؐ نے یہ قرض ادا کر دیا اور فرمایا قرض کی جزا یہ ہے کہ اُسے شکریہ کے ساتھ ادا کیا جائے نیز فرمایا اللہ تعالیٰ تیرے مال اور اولاد میں برکت دے ——

واقدی بیان کرتا ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش کے تین آدمیوں سے قرض لیا، صفوان بن اُمیہ سے پچاس ہزار درہم، عبداللہ بن ابی ربیعہ سے چالیس ہزار درہم اور حویطب بن عبدالعزیٰ سے چالیس ہزار درہم، یہ کل رقم ایک لاکھ تیس ہزار درہم بنتی ہے آپؐ نے یہ رقم غریب صحابہ میں تقسیم کر دی، واقدی کہتا ہے کہ مجھے بنو کنانہ نے بتایا اور وہ لوگ فتح میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ آپؐ نے ان میں دراہم تقسیم کیے تو ایک آدمی کو پچاس سے کم و بیش درہم ملے اسی مال میں سے آپؐ نے کچھ مال بنی جذیمہ کی طرف بھیجا [1]

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۶۳ ج ۲

فتح مکہ کے روز، مکہ میں ہذیل کے ایک مشرک کے قتل پر حضورؐ کا ناراض ہونا۔

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوائے چند آدمیوں کے جن میں سے اکثر کو بعد میں آپؐ نے معاف فرما دیا تھا مکہ کے تمام باشندوں کو عام معافی کا حکم دے دیا اور فوج کے تمام جوانوں نے مکہ پر قبضہ کرنے کے دوران، کسی ایک مشرک کو بھی قتل نہ کیا اور حکمِ رسول کے مطابق قتل سے رُکے رہے رہاں ان لوگوں سے جنگ ہوئی جنھوں نے مکہ کے جنوب میں حضرت خالدؓ کے دستوں کے ساتھ مقابلہ کیا تھا مگر بعض جوانوں نے فوجی نظم و ضبط سے خروج کر کے رسول اللہؐ کے امان دے دینے کے بعد ہذیل کے ایک مشرک کو قتل کر دیا، جس سے حضور علیہ السلام نے غضب ناک ہو کر فوج کو جمع کر کے خطبہ دیا جس میں ہذلی مشرک کے قتل پر بُرا منایا اور اس کے اہل کو اس کی دیت دی، اس قتل کے سبب کا اصل باعث قبیلہ اسلم اور قبیلہ ہذیل کی دُشمنی تھی، جاہلیت میں ہذیل کے کچھ جنگ جو جن میں جنیدب بھی تھا، احمر باس کے قبیلہ سے جنگ کے لیے نکلے، احمر باس اسلم کا ایک ایسا شجاع آدمی تھا، جس کی طرف کوئی منہ نہیں کرتا تھا وہ اپنے قبیلے میں نہیں سویا کرتا تھا بلکہ اپنے قبیلے سے باہر جا کر سوتا تھا اور جب سو جاتا تو بڑی طرح خراٹے مارتا تھا جس سے اس کی جگہ کا پتہ چل جاتا تھا، جب کوئی قبیلہ ان کے پاس آتا تو وہ چلا کر کہتے احمر بأس تو وہ گھبرا جاتا اور اس پر شیر کی طرح جھپٹتا، جب یہ ہذلی جنگ جو ان کے پاس آئے تو جنیدب بن الادلع نے انہیں کہا: اگر قبیلے میں احمر بأس موجود ہوا تو پھر ان پر حملہ کرنے کی کوئی سبیل نہیں، وہ ایسے خراٹے مارتا ہے جو پوشیدہ نہیں رہ سکتے ذرا مجھے اس کے خراٹے سننے دو، اس نے کان لگا کر سُنا تو اس کے خراٹے سُن لیے اس نے اس کے پاس جا کر دیکھا تو وہ سویا ہوا تھا اس نے اُسے اس طرح قتل کر

دیا کہ اس کے سینے پر تلوار رکھ کر اس پر اپنا بوجھ ڈال کر اُسے مار ڈالا ۔ پھر انہوں نے قبیلے پر حملہ کر دیا، قبیلے نے احمر باسا کو آواز دی مگر وہاں کوئی چیز موجود نہ تھی احمر باسا قتل ہو چکا تھا، وہ قبیلے میں اپنا کام پورا کر کے واپس آ گئے تو لوگ اسلام کے کام میں لگ گئے فتح کے ایک روز بعد، جنیدب بن الادلع مکہ میں پھرتا پھراتا آیا لوگ پر سکون تھے، اُسے احمر باسا کے قبیلے اسلم کے ایک آدمی جندب بن اعجم اسلمی نے دیکھ لیا اور کہا جنیدب بن الادلع تو ہی احمر باسا کا قاتل ہے اس نے جواب دیا ہاں، تو جندب اس پر فوج چڑھا لایا سب سے پہلے اس نے خراش بن امیہ الکعبی سے ملاقات کر کے اُسے بتایا ۔ خراش تلوار لگا کر اس کے پاس آیا، لوگ اس کے ارد گرد جمع تھے کہ خراش نے آ کر کہا کہ اس آدمی سے الگ ہو جاؤ لوگوں نے خیال کیا کہ وہ انہیں ہٹانا چاہتا ہے تا کہ لوگ اس کے پاس سے واپس چلے جائیں، وہ اس سے پیچھے ہٹ گئے تو خراش بن امیہ نے اس پر تلوار سے حملہ کر دیا اور اس کے پیٹ میں گھسیڑ دی، ابن ادلع مکہ کی ایک دیوار سے ٹیک لگائے ہوئے تھا اس کی انتڑیاں اس کے پیٹ سے باہر نکل آئیں، اس کی آنکھیں اس کے سر میں چمک رہی تھیں اور اور وہ کہہ رہا تھا اے گروہ خزاعہ تم نے یہ حرکت کی ہے پھر وہ آدمی گر پڑا اور اسی وقت مر گیا[1]، واقدی کہتا ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے قتل کی بات سُنی تو آپؐ نے اس واقعہ پر بڑا مناتے ہوئے خطبہ دیا، یہ خطبہ فتح کے دوسرے روز ظہر کے بعد دیا گیا آپ نے فرمایا: اے لوگو! اللہ تعالیٰ نے مکہ کو زمین و آسمان اور شمس و قمر کی پیدائش اور ان دو پہاڑوں کے بنانے کے روز سے حرام قرار دیا ہے یہ قیامت کے روز تک حرام ہے کسی مومن کے لیے اس میں خونریزی

---

[1] مغازی الواقدی صـ۸۴۵ ج۲

Marfat.com

کرنا اور اس کا درخت کاٹنا جائز نہیں مجھ سے پہلے بھی یہ کسی کے لیے حلال نہ تھا اور نہ میرے بعد کسی کے لیے حلال ہو گا، میرے لیے بھی یہ دن کی صرف ایک ساعت حلال ہوا تھا پھر اس کی حرمت پہلے کی طرح ہو گئی ہے، جو حاضر ہیں وہ غائب لوگوں تک یہ بات پہنچا دیں۔ اگر کوئی کہے کہ اس میں رسول اللہ نے قتل کیا ہے تو اُسے جواب دو، کہ اللہ نے اسے اپنے رسولؐ کے لیے حلال کیا تھا تمہارے لیے حلال نہیں کیا اے گروہ خزاعہ، قتل سے اپنا ہاتھ اُٹھا لو، اگر قتل کوئی فائدہ کی چیز ہے تو قتل بکثرت ہو چکا ہے تم نے اس مقتول کو قتل کیا ہے خدا کی قسم میں اس کی دیت دوں گا، اور جو میرے اس جگہ ٹھہرنے کے بعد قتل کرے گا تو اس کے اہل کو اختیار ہو گا اگر چاہیں تو اپنے مقتول کے بدلہ میں قتل کریں اگر چاہیں تو دیت لیں اور جویریہ بنت الحصین نے عمران بن الحصین سے روایت کی ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میں کسی کافر کے بدلے میں مومن کو قتل کرنے والا ہوتا تو ہذلی کے بدلہ میں خراش کو قتل کرتا۔ پھر آپؐ نے خزاعہ کو حکم دیا کہ اس کی دیت دیں تو خزاعہ نے اس کی دیت دی۔ ہذلی مشرک کی دیت ایک سو اُونٹ تھی۔[1]

---

[1] مغازی الواقدی ص ۸۴۳ تا ص ۸۴۶ ج ۲

Marfat.com

خاتمہ

تجزیہ

(۱)

ہجرت کے چوتھے سال غزوہ خندق میں احزاب کی شکست کے بعد اور نجد میں غطفان کی مسلسل عسکری کارروائیوں کو کچلنے اور یہود کا قصہ تمام کرنے کے بعد (جو مدینہ کے پڑوس میں زبردست طاقت تھے) اسلامی فوج نے شدید فوجی کارروائیوں کے بعد اس دین کے بیج کو اچھی طرح گہرائی تک بو دیا اور نئی حکومت کی سیاسی اور فوجی بنیاد آہستہ آہستہ نمایاں ہونے لگی اور کامل استقرار کے شعوری نتیجہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جزیرہ عرب سے باہر شرق اوسط کے امراء اور ملوک کو دعوتِ اسلام دیتے ہوئے ان سے رابطہ قائم کیا بلکہ شام میں رومی شہنشاہیت کے اندر معرکہ آرائی ہونے لگی جہاں آپ کے اصحاب میں سے تین ہزار جانباز موتہ کے تاریخی معرکہ میں شامل تھے یہ معرکہ صلح حدیبیہ کے دوران میں قریش اور بنو بکر کے نقض عہد سے پہلے کا ہے۔

(۲)

یہود اور غطفان کا کانٹا نکال دینے کے بعد، مدینہ استقرار کی نعمت سے شاد کام ہوا اور تمام جزیرہ عرب میں کوئی ایسی جنگ جو دشمن قوت نہ تھی جس سے مسلمان خائف ہوتے ہاں دو عظیم قبیلے ایسے تھے جن کا معنوی، حربی اور سیاسی وزن قائم تھا اور وہ دو قبیلے یہ تھے :-

Marfat.com

(۱) قریش (۲) ہوازن۔

قریش حجاز کا عظیم ترین قبیلہ تھا اور بُت پرست عربوں کی نگاہ میں اس کی بڑی شان تھی جس کا دارالخلافہ مکہ معظمہ تھا وہ اپنے جوانوں، بنو بکری حلیفوں اور بقیہ کنانہ سے چھ ہزار جانبازوں کو جمع کر سکتا تھا۔

ہوازن، جنگی نقطہ نگاہ سے قریش سے بھی عظیم تر تھا، یہ تیس ہزار سے زیادہ جانبازوں کو جمع کر سکتا تھا۔ یہ حجازی اور نجدی قبیلہ تھا اس کی منازل حجاز میں حدود حرم سے لے کر نجد میں حدود غطفان تک پھیلی ہوئی تھیں جس سے اس کے بطون اور قبائل کی کثرت کا پتہ چلتا ہے اصل میں یہ عدنانی قبیلہ ہے یہ اور قریش ایک ہی اصل سے ہیں، مگر ہوازن، قریش سے صرف مُضر میں آکر ملتا ہے۔

(۳)

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے قریش اور ان کے حلیفوں اور پڑوسی کنانیوں سے جو بنو بکر میں سے تھے، معاہدہ صلح کیا تھا یہ حدیبیہ کی تاریخی صلح تھی جس سے آپ قریش سے کچھ وقت کے لیے مامون ہو گئے لیکن قریش نے اس صلح کو فقط ۲۳ ماہ بعد توڑ دیا حالانکہ اس کی مدت دس سال تھی، جس سے قریش اور مسلمانوں کے درمیان دوبارہ جنگی حالت قائم ہو گئی اور مسلمانوں کی صفوں میں قلق و اضطراب پیدا ہو گیا کیونکہ قریش از سرِ نو مسلمانوں کے خلاف دشمنانہ کاروائیاں کرنے لگے تھے، اس بات نے اسلامی چھاؤنی کو نئے سرے سے اپنی عسکری قوت کے جائزے پہ نظرِ ثانی کی دعوت دی وہ یہ تھی کہ وہ بڑی سختی اور احتیاط سے جنوب کی جانب جہاں ان کے بڑے دشمن (ہوازن اور قریش) کے علاقے پڑتے ہیں پوری محنت سے توجہ دے۔

(۴)

محمد صلی اللہ علیہ وسلم جہاں نبی، مرسل، ملہم اور مؤید من اللہ تھے، وہاں وہ

عسکری سیاست، دُور اندیشی اور عملی اقدام سے قبل نتائج کا اندازہ لگانے میں بھی زبردست مہارت والے آدمی تھے، جس بات سے مسلمان قریش کے معاہدہ صلح توڑنے کے بعد خوف محسوس کر رہے تھے آپ ان سے بھی زیادہ خوف محسوس کر رہے تھے کہ قریش ہوازن کے ساتھ اپنا آخری معاہدہ کریں گے اور یہ دونوں قبیلے اکٹھے ہو کر ایک فیصلہ کن معرکہ میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپؐ کے اصحاب کا سامنا کریں گے، اگر یہ بات ہو گئی تو مسلمانوں کو بڑی پریشانی اور خطرات لاحق ہو جائیں گے خدا لئے واحد ان کے نتائج کو بہتر جانتا ہے کیونکہ یہ دونوں قبیلے تیس ہزار جانبازوں سے زیادہ جوانوں کو جمع کرنے کی سکت رکھتے تھے اور مسلمان جبری بھرتی کے باوجود دس ہزار جانبازوں سے زیادہ آدمی اکٹھے نہ کر سکتے تھے، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ذمہ دار عسکری قائد تھے آپؐ نے قریش اور ہوازن کی عسکری قوت کا اندازہ لگایا کہ ان دونوں سے اکٹھے الگ الگ مقابلہ کرنا آسان بات نہیں اسلام کے حربی اصولوں اور اخلاقِ رسولؐ کے بنیادی اصولوں میں یہ بات شامل ہے کہ وہ کسی بھی مسلح جنگ کو ممکن حد تک کم از کم نقصان میں ختم کر دیں، بصورتِ دیگر آپ میدانِ کارزار میں دشمن کے ساتھ بعید ترین جنگی اسالیب کو کام میں لانے سے ہچکچاتے تھے اور یہ بات آپ اس وقت کرتے جب آپؐ مجبور ہو جاتے۔ جیسا کہ معرکہ بدر و حنین میں ہوا۔

(۵)

شاید آپؐ کی حربی سیاست میں کامیاب ترین سیاست وہ ہے جب آپؐ نے مکہ پر قبضہ کرنے کے لیے جنگ کا منصوبہ بناتے وقت اختیار کیا آپؐ نے شدید رازداری کا طریق اختیار کیا باوجودیکہ آپؐ نے عام لام بندی کا اعلان کر دیا تھا اور دس ہزار صحابہ کو اکٹھا کر لیا تھا پھر بھی یہ منصوبہ مخفی تھا حتےٰ کہ

Marfat.com

دستوں کے سالاروں کو اس کا علم نہ تھا کہ آپ کس طرف انہیں لے جانا چاہتے ہیں آپ کی فوج اور سالاروں کو اس وقت پتہ چلا جب وہ مکہ سے چار میل کے فاصلہ پر پہنچ گئے آپؐ نے مدینہ سے مکہ آنے والے راستہ کو بند کر دیا اور تمام جنوب کو بھی) اور کلی طور پر سفر کرنے کو روک دیا اور سفر سے روکنے کے لیے محافظ متعین کر دیے جس کے متعلق انہیں شبہ ہو جاتا وہ اسے گرفتار کر لیتے آپؐ کے رازداری کے منصوبہ اور جہت کے نہ بتانے میں دو باتیں ملحوظ خاطر تھیں (واللہ اعلم)

۱۔ پہلے درجہ میں اہل مکہ پر اچانک جا پڑ تا کہ انھیں پتہ ہی نہ چلے اور وہ تیاری وغیرہ بھی نہ کر سکیں اور پر غوغا جیش نبوی ان کو اپنے گھیرے میں لے لے اور وہ شکست کھا کر ان کے ہاتھوں میں گر پڑیں اور فریقین کے کسی قابل ذکر نقصان کے بغیر اسلامی جیش دشمن پر مکمل قبضہ کر لے۔

۲۔ دو عظیم دشمنوں ہوازن اور غطفان کو غم میں مبتلا کر دینا (جب ان دونوں کو یا ایک کو پتہ چلے کہ فوج مدینہ سے مارچ کر چکی ہے) اور انہیں پتہ نہ چلے کہ ان میں سے کس کے ساتھ جنگ کرنا مقصود ہے اور عملاً بھی یہی کچھ ہوا، قریش اور ہوازن کو پتہ ہی نہ چلا کہ کس کے ساتھ جنگ مقصود ہے ہاں اس وقت انہیں پتہ چلا جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کے مضافات میں پہنچ گئے ہوازن کو اس وقت پتہ چلا جب مکہ اسلامی جیش کے تسلط میں آ گیا کیونکہ جس جاسوس کو انہوں نے جیش نبویؐ کی نقل و حرکت کا جائزہ لینے کو بھیجا تھا وہ مسلمانوں کے انٹیلی جنس کے ہراول دستوں کے قبضہ میں آ گیا اور مکہ میں داخل ہونے تک ان کے قبضہ میں رہا لہٰذا ہوازن سے خبریں مخفی رہیں یہاں تک کہ مکہ فتح ہو گیا۔

بالآخر مکہ مسلمانوں کے قبضہ میں آ گیا اور اسلامی فوج بغیر کسی نقصان کے اس پر قابض ہو گئی، سوائے ان بیس پچیس آدمیوں کے جو فریقین کے قائدین کی مرضی

Marfat.com

بے بغیر مارے گئے اور یہ واقعہ اس وقت ہوا جب قریش کے کچھ بے اعتدال نوجوانوں نے حضرت خالدؓ کے دستوں سے مزاحمت کی اور مکہ کے جنوب میں ان کے مقابلہ میں ہتھیار اُٹھا لیے لیکن حضرت خالدؓ نے مختصر مدت میں اس مزاحمت کو کچل دیا اور مکہ میں اسلامی فوج کے لیے حالات دُرست ہو گئے، مکہ کی فتح نے جزیرۂ عرب کو ہلا کر رکھ دیا اور اس کے باشندے حیران رہ گئے کیونکہ وہ یہ توقع نہیں رکھتے تھے کہ جو شرک و بت پرستی کا سب سے بڑا روحانی قلعہ ہے اس آسانی کے ساتھ توحیدی فوج کے قبضہ میں چلا جائے گا اس اچانک فتح کے کیا عوامل تھے جسے اسلامی فوج نے حاصل کیا؟ حالانکہ اس ہمہ گیری اور اچانک سرعت کے ساتھ اس فتح کے حاصل ہونے کی توقع تو مسلمان بھی رکھتے تھے۔

(۷)

اس فتح کے بڑے عوامل مختصراً یہ تھے :-

۱۔ عقیدہ (۲) اچانک حملہ آور ہونا اور بے خبر رکھنا (۳) قریش کا تیاری اور مزاحمت منظم کرنے میں سہل انگاری سے کام لینا (۴) اہل مکہ کی اکثریت کے دلوں میں بُت پرستی کے عقیدہ کا کمزور ہونا اور اس کی راہ میں جان دینے سے گریز کرنا (۵) قریش کا ہوازن کو مستثنیٰ کر کے (جو مشرک ہونے کے باوجود ان کے حلیف نہیں تھے) مسلمانوں کی دشمنی میں اکیلے قائم رہنا۔

۱۔ عقیدہ کے لحاظ سے قریش کا اپنا عقیدہ تو تھا مگر وہ کمزور اور فاسد عقیدہ تھا جو شخصی مصلحت اور فردی رعایت کی بنیاد پر قائم تھا، سردارانِ قریش، عقیدۂ شرک کے لیے تعصب رکھنے کے باوجود اپنے دل کی گہرائیوں سے جانتے تھے کہ یہ ایک بے عقلی اور حماقت کی بات ہے لیکن یہ ایک موروثی عقیدہ تھا جس کی بقاء سے ان کی شخصی زعامت قائم رہتی تھی اور جس عقیدہ کی یہ حالت ہو اس سے تعلق رکھنے

Marfat.com

والے جب اپنے شخصی مصالح کی حفاظت نہیں کر سکتے تو اس عقیدہ سے بے رغبت ہو جاتے ہیں، مگر مسلمانوں کے عقیدہ کا تعلق شخصی مصلحت سے نہ تھا کہ اس عقیدہ سے تمسک یا سستی کی وجہ سے مصلحت کا بقا یا زوال ہو جاتا ہو بلکہ اس عقیدہ کے التزام سے مسلمان کی ہستی کا قیام ہے جس کے متعلق کوئی نزاع نہیں پایا جاتا... یہ اعتقاد دنیا میں مسلمان کی سعادت اور آخرت میں اس کی فلاح کا باعث ہے ان دونوں کو حاصل کرنے کے لیے اس عقیدہ سے وفاداری کرنے اور اس کی خاطر سب سے قیمتی چیز کو خرچ کرنے اور اس کا دفاع کے علاوہ اور کوئی راستہ نہیں، جیسے کہتے ہیں کہ اس عقیدہ کی نصرت سے سہل انگاری کرنا دنیا کی تباہی اور آخرت کی شقاوت ہے، اسی لیے اسلام کے صدرِ اوّل میں اسلامی عقیدہ کے دفاع کے لیے جاں نثاری، فداکاری اور جنگ میں نقصان کے ایسے نمونے پائے جاتے ہیں جن جیسے نمونے تاریخ نے اپنی ابتداء سے ریکارڈ نہیں کیے، عقیدہ کی نصرت کے سلسلہ میں بیٹے نے اپنے باپ کو اور باپ نے اپنے بیٹے کو قتل کرنے کی سعی کی[1]۔ اور قلیل مومنین نے بکثرت کفار کے سامنے وہ ثابت قدمی دکھائی کہ کفار کو تباہ کن اور رسوا کن شکست سے دوچار ہونا پڑا جیسے کہ بدر و حنین میں ہوا یا غزوۂ احزاب کی طرح انہیں رسوا کن ناکامی ہوئی، قریش مسلح تصادم کے میدانوں میں اسلامی عقیدہ کے تجربات کا سب عربوں سے زیادہ نشانہ بنے، اس وجہ سے یہ ایک بدیہی بات تھی کہ دس ہزار مسلمانوں میں گھر جانے کا علم ہو جانے کے بعد، جو مکہ کی اطراف میں پڑاؤ کیے ہوئے تھے، ان

---

[1] جنگ بدر کے روز حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے عبدالرحمٰن سے مبارزت طلبی کی جب کہ وہ مشرک تھا اور قریش کے ساتھ شامل تھا، لیکن وہ آپ کی مبارزت سے رک گیا۔

پر زلزلہ انگن رعب کا طاری ہو جانا اور شکست تسلیم کر لینا ایک ایسی بات تھی جس سے ان امور کے باعث جن کا ہم ذکر کر چکے ہیں، کوئی مفر نہ تھا۔ اہل مکہ کے اذہان سے مقاومت کے خیال کو دُور کرنے میں عقیدے کا بڑا دخل تھا وہ ہمیشہ ـــــ جب وہ بدر میں قوت و تعداد کے لحاظ سے زیادہ تھے ـــــ اپنے جاسوس عمیر بن وہب الجمحی کے بیان کا تذکرہ کرتے رہتے تھے اس نے اس تاریخی دن میں مسلمانوں کی فوج کا حال بیان کرتے ہوئے انہیں کہا مسلمان تین سو ہیں اور تم ایک ہزار ہو، لیکن میں نے یثرب کے اونٹوں پر تازہ موت کو سوار دیکھا ہے، موت ان میں سے کسی پر دست درازی نہیں کرے گی جب تک وہ تم میں سے کم از کم ایک آدمی کو قتل نہ کرے۔

ب ۔ رازداری اور اچانک حملہ کرنے کا منصوبہ۔ یہ تاریخ کے آغاز سے لے کر آج تک فتح کے اہم عوامل میں سے ہے، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس میں حد درجہ واضح کامیابی ہوئی، قریش کو ـــــ رازداری کے مضبوط منصوبہ کی وجہ سے ـــــ جیش نبوی کی نقل و حرکت کا پتہ ہی نہ چلا، یہاں تک کہ اس نے پتھر پھینکنے کی جگہ تک قیام کر کے رات گزاری، قریش کے جلد شکست تسلیم کرنے اور اس تجویز کو قبول کرنے کا یہ ایک اہم عامل ہے کہ مکہ کو کھلا شہر قرار دیا جائے اور اسلامی جیش بغیر کسی قتال اور مقاومت کے مکہ پر قبضہ کر لے، دونوں جانب سے ان باتوں کی بڑی پابندی ہوئی، سوائے اس جہت کے، جہاں حضرت خالدؓ، اپنے دستوں کی قیادت کر رہے تھے، جہاں انہیں قریشی اور بکری مشرکین سے کچھ مقابلہ کرنا پڑا جس کا اسی وقت قلع قمع کر دیا گیا۔

ج ۔ مسلمانوں کے مقابلہ میں قریش نے تیاری کرنے میں جو سہل انگاری سے کام لیا یہ ایک ایسا امر ہے جس نے ان بہت سے ماہرینِ حرب کو، جو عہد نبویؐ میں اسلام اور بُت پرستی کے معرکہ کی تاریخ کی پڑتال کرنے والے ہیں، حیرت میں

ڈال دیا ہے۔ باوجودیکہ قریش کو مدینہ سے اسلامی جیش کی نقل وحرکت کا علم حاصل کرنے میں ناکامی ہوئی پھر بھی انہیں یقین تھا کہ آپ کا جنگ کرنا یقینی امر ہے۔ جیسا کہ ابوسفیان بن حرب۔ نے انہیں صراحت سے بتا دیا تھا اور یہ جنگ نقض صلح کی تادیب میں تھی، جسے انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے حلیف خزاعہ کے ساتھ خیانت کرکے توڑا تھا لیکن اس کے اسباب کی حتمی معرفت کسی کو نہ تھی اس لیے انہوں نے کسی فوج کو اکٹھا نہ کیا اور نہ ہی جنگ کے مقابلہ کے لیے کوئی تیاری کی ہاں انہیں اس جنگ کے پیش آنے میں کوئی شبہ نہ تھا بلکہ قریش کے زعماء اور لیڈر اس بات کے متعلق غور وفکر کرتے رہتے تھے یہاں تک کہ جیش نبوی مضافات مکہ میں اچانک آ دھمکا، شاید تیاری کی رُو سے قریش کی عسکری سیاست کی یہ سب سے بڑی غلطی تھی ـــــ کہ انہوں نے اسلامی فوج کا مقابلہ کرنے میں ہوازن کے ساتھ رابطہ استوار نہیں کیا جو تیاری اور تعداد کے لحاظ سے نہایت زبردست دشمن تھا اور قریش کی طرح مسلمانوں کو ختم کرنے کی بڑی آرزو رکھتا تھا اور وہ ان سے ایک تیر کے فاصلہ سے زیادہ دُور نہ تھا یعنی ان کا پڑوسی تھا، کسی مؤرخ نے اس بات کا ذکر نہیں کیا کہ قریش نے ہوازن کے ساتھ جیش نبویؐ سے مقابلہ کے لیے کوئی عسکری معاہدہ کیا ہو، جس کے متعلق قریش کو علم تھا کہ اسلامی جیش اور ان کے درمیان، پھر اس کے اور ہوازن کے درمیان مقابلہ ہونا ایک حتمی بات ہے، اگر قریش عسکری معاہدہ کر لیتے تو فریقین کے درمیان جنگ کی نوعیت بدل جاتی، لیکن قریش نے اس بارے میں کچھ نہ کیا کیونکہ قریش اور ہوازن کے درمیان حرب فجار کے زمانے سے جو کنانہ اور ہوازن کے درمیان ہوئی، زبردست قبائلی دشمنیاں پائی جاتی تھیں، عموماً اللہ تعالیٰ مومنین کو جنگ کے شر سے کافی ہوگیا اور بغیر کسی قابل ذکر جنگ کے مکہ پر مسلمانوں کا مکمل قبضہ ہوگیا یہ بھلائی خدائی ارادہ کے ماتحت قریش

Marfat.com

اور مسلمانوں کے لیے ایک جیسی ثابت ہوئی، ابھی فتح مکہ پر چند ماہ بھی نہ گزرے تھے کہ تمام اہل مکہ برضا و رغبت حلقہ بگوش اسلام ہو گئے حتیٰ کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے شدید ترین دشمن عکرمہ بن ابوجہل، سہیل بن عمرو، صفوان بن امیّہ، ابوسفیان بن حرب اور عبداللہ بن سعد بن ابی سرح بھی اپنی خوشی سے اسلام میں داخل ہو گئے اور مسلمانوں کے سردار اور قائد بن گئے یہ اسلامی رواداری کا سب سے بڑا امتیاز ہے کہ حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ اسلام ماقبل کے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے، ہوازن جو مسلمانوں کا کھلا دشمن اور شدید ترین جنگی قوت کا مالک تھا اس نے قریش کی طرح مقابلہ میں سہل انگاری سے کام نہیں لیا بلکہ اس کے لیڈر مالک بن عوف نے بسرعت تمام بیس ہزار جانباز اکٹھے کر لیے اور فیصلہ کیا کہ مسلمانوں کو مکہ سے نکالنے اور قریش کی جگہ جو بغیر جنگ کے مسلمانوں کے مطیع ہو گئے ہیں، عربوں کو منصب قیادت دینے کے لیے جنگ کو مکہ میں منتقل کیا جائے ہوازن کے قبائل نے نجد کی اطراف اور حجاز کے علاقوں سے ایک پُرشور لشکر کے ساتھ مکہ کی طرف مارچ کیا، رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم بھی جلد مکہ سے ان کے مقابلہ کے لیے نکلے اور وادیٔ حنین میں وہ تاریخی معرکہ ہوا جس کا ذکر قرآن کریم میں آیا ہے جو ہمارے اس سلسلہ (اسلام کے فیصلہ کُن معرکے) کی نویں کتاب ہوگی۔ انشاء اللہ،

د۔ قریش کے دلوں سے بُت پرستی کے عقیدہ کا کمزور ہونا ایک ایسا واضح امر ہے جس کا آغاز صلح حدیبیہ سے ہوا۔ مسلمانوں کی فعالیت، پابندیٔ طریق، نیک شہرت، کامل اتحاد اور قریش اور ان کے بُت پرستی کے عقیدہ پر تعریفیں کرنے کے بارے سب سے پہلے متاثر ہونے والا شخص قریش کا حلیف اور مسلمانوں کی طرف ان کا ایلچی عروہ بن مسعود تھا جس نے زعمائے قریش کے سامنے اپنی تقریر میں کہا:۔

اے گروہِ قریش! میں کسریٰ، ہرقل اور نجاشی جیسے بادشاہوں

پاس گیا ہوں خدا کی قسم میں نے کسی کو محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے بڑھ کر مطاع نہیں پایا۔ خدا کی قسم وہ آپؐ کی طرف نہ تیز نظر سے دیکھتے ہیں نہ آپؐ کے پاس آواز بلند کرتے ہیں، کسی کام کے کرنے کے لیے ان کا اشارہ کر دینا ہی کافی ہے، میں نے لوگوں کا اندازہ لگایا ہے اچھی طرح جان لو کہ اگر تم نے تلوار چلانے کا ارادہ کیا تو وہ اُسے تمہارے لیے چلائیں گے، میں نے انہیں دیکھا ہے جب وہ اپنے آقا کی حفاظت کر رہے ہوتے ہیں تو انہیں کچھ پرواہ نہیں ہوتی کہ ان سے کیا سلوک کیا جا رہا ہے، خدا کی قسم! میں نے آپؐ کے ساتھ عورتوں کو بھی دیکھا ہے وہ ہر حال میں آپؐ کی حفاظت کریں گی اب بتاؤ تمہاری کیا رائے ہے؟

اسی طرح حویطب بن عبد العزیٰ بھی حدیبیہ کی تاریخی صلح میں قریش کے وفد کا ایک ممبر تھا اس نے بھی مسلمانوں کے حالات سے متاثر ہو کر ایک واضح بیان دیا جس سے مشرکین کے عقیدہ کی کمزوری اور آئندہ کے کسی مقابلہ میں مسلمانوں کے غلبہ پر ان کے یقین کا پتہ چلتا ہے، یہ غلبہ لازماً عقیدہ اسلامی کا ہوگا۔ حویطب نے حدیبیہ میں مسلمانوں کے بہترین حالات پر نظر کرتے ہوئے اپنے ساتھی مکرز بن حفص سے کہا، میں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں سے بڑھ کر آپس میں ایک دوسرے سے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبت کرتے نہیں دیکھا، میں تجھے کہتا ہوں، آج کے بعد جب تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں بزور داخل نہ ہو جائیں اُن سے کبھی انتقام نہ لینا، مکرز نے کہا میری بھی یہی رائے ہے، مسلمانوں کے حالات اور ان کے عقیدۂ توحید کو دیکھ کر یہ تاثر ترقی کرتا رہا یہاں تک کہ خود ساداتِ مکہ کے درمیان انشقاق پیدا ہو گیا، حالانکہ فتح مکہ سے قبل معاہدۂ صلح

Marfat.com

قائم تھا ان میں سے بعض بخوشی اسلام کو قبول کر لیتے، بعض مدینہ جا کر دین جدید کی چھاؤنی میں چلے جاتے، اس سے اس زمین میں سخت دھنساؤ پیدا ہو گیا جس پر بت پرستی کی عمارت گرنے سے پہلے زعمائے مکہ کے دلوں میں کھڑی تھی یہ خالد بن ولید جو قریشی سواروں کا سالار تھا، اور عمرو بن العاص جو قریش کا سیاست دان تھا ان کا مقابلہ ہی نہ کیا جا سکتا تھا اور عثمان بن طلحہ، جو قریش کے بریگیڈ کا میجر جنرل تھا ان سب نے فتح مکہ سے قبل مدینہ جا کر از خود اسلام قبول کیا اور حضور علیہ السلام کے سامنے اپنے قبول اسلام کا اعلان کیا، عقیدۂ بت پرستی کی کمزوری اور اس کمزوری کے متعلق سادات مکہ کے شعور پر، ان تصریحات سے زیادہ اور کوئی بات دلالت کرنے والی نہیں جو کوہ صفا کے پاس اس مقابلۂ تفاخر کے بعد بیان ہوئیں جو ابو سفیان اور خالد بن ولید کے درمیان ہوا جس میں حضرت خالدؓ نے قریش کو وضاحت سے کہا کہ دین اسلام ہی حق ہے

حضرت خالدؓ نے عمرۃ القضاء کے بعد اور فتح مکہ سے قبل، کوہ صفا پر کھڑے ہو کر کہا، اے گروہ قریش! یہ بات ہر عقل مند پر واضح ہو گئی ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نہ ساحر ہیں نہ کذاب، اور ان کا کلام رب العالمین کا کلام ہے، ہر عقل مند پر ان کی اتباع واجب ہے تو ابو سفیان نے غضب ناک ہو کر خالدؓ کے قول پر برا مناتے ہوئے ان پر حملہ کر دیا، عکرمہ بن ابو جہل نے ان دونوں کے درمیان روک بن کر ابو سفیان کو اس لہجے میں مخاطب کیا جو اس کے اس شعور پر دلالت کرتا ہے کہ مکہ میں بت پرستی کا خاتمہ قریب ہے، اس نے کہا ابن حرب اسے چھوڑ دیجیے مجھے خدشہ ہے کہ ابھی آئندہ سال نہیں آئے گا کہ ہم سب وہی کریں گے جو خالد نے کیا ہے۔

ھ۔ مسلمانوں سے مقابلہ کے میدان میں اکیلے قریش کا باقی رہ جانا ایک ایسا امر ہے جو حضور علیہ السلام کے اپنی فوج کے ساتھ مدینہ سے مارچ کرنے تک قائم

Marfat.com

تھا تقریباً حجاز کے تمام قبائل اسلام میں داخل ہو چکے تھے اور قریش کے بعد، سوائے قبیلہ ہوازن کے جس میں سے ثقیف بھی ہے اور کسی قبیلہ کا جنگی وزن باقی نہ رہا تھا لیکن قریش نے مسلمانوں سے مقابلہ کے لیے ہوازن سے کسی قسم کا رابطہ نہ کر کے اس کے موقف سے استفادہ نہیں کیا اس طرح اسلامی فوج نے یکے بعد دیگرے انفرادی طور پر سب کو زیر کر لیا، ابھی مکہ پر مسلمانوں کو قبضہ کیے نصف ماہ بھی نہیں گزرا تھا کہ ان کی فوج کو مکہ سے باہر ہوازن کی بیس ہزار فوج سے اُحد و حنین میں نبرد آزما ہونا پڑا اور ہوازن کو تباہ کن شکست ہوئی اور ہوازن کا سردار مالک بن عوف خود اسلام میں داخل ہو گیا، پھر ثقیف بھی مسلمان ہو گیا اس طرح حجاز کے تمام علاقوں میں بت پرستی کی مقاومت کا خاتمہ ہو گیا۔

Marfat.com

اسلام کے فیصلہ کن معرکے

فتح مکہ



نفیس اکیڈمی

اردو بازار - کراچی

Marfat.com